Caitiff (ka-tif) *n.* a coward or rascal.
بُزدل' اوباش' پاجی

Cajole (ka-jol) *v.i.* to wheedle; to persuade by flattery جھانسہ دینا' پھسلانا' چاپلوسی کرنا' میٹھی باتوں سے مطلب نکالنا

Cajolery (ka-jol-eri) *n.* Wheedling; flattery.
دغا' فریب' چاپلوسی' خوشامد

Cake (kak) *n.* A kind of sweet delicate bread.
کیک' ایک قسم کی میٹھی روٹی' ٹکیا' نان نما مٹھائی' میوہ دار نان یا کلچہ' کسی چیز کی ٹکیا جیسے صابن کی ٹکیہ
We had tea and cakes at 5 o'clock. ★ *Cakes and ale*, feasting and merry-making. عیش و عشرت' مجلس عیش و طرب ★ *To take the cake,* to win the honours. عزت حاصل کرنا

Calabash (kal′a-bash) *n.* A vessel made of dried ground-shell. لوکی' تونبا' سوکھا کدو' کلاباش

Calamitous (ka-lam′it-us) *adj.* Disastrous.
آفت زدہ' مصیبت کا مارا' تباہ کن' غم زدہ' مضرت رساں' پُر اندوہ' منحوس

Calamitously *adv.* in a calamitous way.
آفت زدہ انداز میں' تباہ کن طریقے سے' نحوست سے

Calamitousness *n.* آفت' مصیبت' نحوست

Calamity (ka-lam′it-i) *n.* great misfortune; affliction. آفت' مصیبت' تکلیف ' قہر' آفت سماوی

Calash (ka-lash′) *n.* hooded carriage. ہُڈ والی گاڑی

Calcareous (kal-ka-re-us) *adj.* containing chalk or lime. کھریا کا' چونے کا

Calceated (kal-se-a-ted) *adj.* shod; fitted with shoe. نعل بندھا ہُوا

Calcification *n.* Conversion into lime. چونے میں تبدیلی' چونا جمع ہو جانے سے کسی مادے میں تبدیلی کا عمل

Calcify *v.t.* & *i.* Convert into lime. چونے کی تہہ جما کر پتھر بنا دینا' چونا بنانا' چونا بن جانا

Calcimine *n.* سفیدی' سفید یا ہلکے رنگ کی پتائی جو چونے میں سریش اور پانی ملا کر تیار کی جاتی ہے

Calcimine *v.t.* سفیدی کرنا' سفیدی سے پتائی کرنا

Calcination (kalsi′na-shun) *n.* the act of pulverzing. سفوف بنانا ' کشتہ کرنا' راکھ کرنا

Calcine (kal-sin) *v.t.* to burn to ashes. راکھ کرنا' کشتہ بنانا' کشتہ مارنا

Calcined (kal-sind) *adj.* reduced to powder by heat. مارا ہوا' کشتہ کیا ہوا

Calcium (kal-si′um) *n.* the metalic basis of lime. چونا' کیلشیم

Calculable (kal-ku′la-bl) *adj.* that may be calculated. قابل شمار ' قابل پیمائش

Calculate (kal-ku′lat) *v.t.* to count or reckon; to estimate; to think. شمار کرنا' حساب کرنا' اندازہ کرنا' خیال کرنا

Calculating (kal-ku′la-ting) *adj.* scheming. منصوبہ باز

Calculation (kal-ku′la-shun) *n.* the art or process of calculating; estimate; forecast. گنتی' شمار' قیاس' پہلے سے سوچ ' اندازہ

Calculator (kal-ku′lat′er) *n.* one who calculates; reckoner. محاسب' شمار کنندہ' حساب و شمار کرنے والی مشین' وہ شخص جو اس مشین کو چلاتا ہے

Calculus (kal′ku-lus) *n.* highest branch of mathematics; (*Med.*) stonelike concretion which forms in certain parts of the body. حساب بذریعہ علامت' پتھری' حساب کی ایک شاخ ★ *Differential calculus.* فرق دکھانے والا حساب ★ *Integral calculus.* غیر مکمر حساب

Caldron, Cauldron (kawl′drun, kowl-drun) *n.* large kettle; boiler. دیگ' کڑھاؤ' پتیلا

Calefacient (kal-i-fa′shi-ent) *n.* substance that excites warmth. گرمی پہنچانے والی چیز

Calefaction (kal-i-fak′shun) *n.* state of being heated. تپش' گرمی' گرم کرنے یا حرارت پہنچانے کا عمل

Calefactory (kal-ifak′ter-i) *adj.* making hot. گرمی پیدا کرنے والا

Calendar (kal′en-dar) *n.* almanac; register; catalogue. جنتری' بہی کھاتہ' فہرست' تقویم' نظام تقویم

Calendar *v.t.* کیلنڈر میں اندراج کرنا' رجسٹر کرنا' فہرست بنانا

Calender (kal′en-der)❶ *v.t.* to press, cloth paper, &c. in a roller machine to smooth it. استری کرنا' چکنا کرنا' مشینی ابری ❷— *n.* roller machine for cloth, paper, etc. استری' رولر' بیلن مشین

Calendry (khl′end-der-i) *n.* the place where calendering is done. استری کرنے کی جگہ

Calends (kal′endz) *n.* first of month in ancient Roman calendar. رومیوں کے ہر مہینے کا پہلا دن

Calenture *n.* لُو' ایک قسم کا سرسامی بخار' تپِ شمسی' جاری بخار

Calescence *n.* بڑھتی ہوئی گرمی یا حرارت' شدت تپش

Calf (kaf) *n.* the young of the cow and of some other animals; of (of a buffalo); (of the leg); dolt. بچھڑا' کٹھڑا' پنڈلی' احمق' گوسالہ ' گائے کا بچہ ★ *Calf love.* بڑی عمر کی عورت کا نو عمر سے محبت کرنا ★ *Calf teeth.* دودھ کے دانت

Calf *n.* Hinder part of leg shank پنڈلی' ساق

Calfish *adj.* بے وقوف' سادہ لوح' بچھڑے کی طرح

Caliban *n.* Man of bestial nature. حیوان صفت انسان

Calibre (kal′i-ber) *n.* size of the bore of a gun; diameter; intellectual capacity. بندوق یا توپ کی نالی کی چوڑائی' قابلیت' قوت دماغ ' ذہانت

Calibred *adj.* ذہین' لائق' ذی وقعت' ذی اثر

Calico (kal′i-ko) *n.* cotton cloth esp. coarse printed cotton cloth. لٹھا' سوتی کپڑا' چھینٹ' دریس *Maria made her doll a dress of calico.*

Caligraphy, Calligraphy (kal-i′graf-i, kal-li′graf-i) *n.* beautiful writing. خوشخطی' خطاطی' خوش نویسی

Caliperz (kal-i′perz) *n. pl.* compassess with legs suitable for measuring the inside or outside diameter of bodies. گولائی ناپنے کا پرکار

Caliph (kal′if) *n.* official head of Islam. حضرت محمد صلعم کے جانشین' خلیفہ

Caliphate (kal′if-at) *n.* government of Caliph. خلافت

Calisthenic *adj.* ورزشی' حسن افزاء

Calisthenics *n.* خوش خرامی' توانائی کی ورزشیں

Calix *n.* کاسہ' پیالہ نما حصہ یا عضو

Calk *n.* گھُرنعل کا آگے کو نکلا ہوا حصہ جو پھسلن روکنے کے لئے ہوتا ہے' نعل سے مشابہ ساخت کی چیز جو ایڑی یا جوتے کے تلے میں لگی ہوتی ہے' کاک

Call (kawl)❶ *v.t.* to name; to demoninate; to summon or invite; to appoint; to proclaim; to affirm to be. نام رکھنا' بلانا' طلب کرنا' مقرر کرنا' ڈھنڈورا پیٹنا' یاد دلانا *Please call the doctor.* ❷— *v.i.* to cry out; to make short visit. پکارنا' ملاقات کرنا (بول چال) ★ *Call it quits,* عارضی طور پر کارروائی بند کرنا یا کام

ختم کرنا، تعطل کا شکار کرنا، کوئی تعلق قطع یا ختم کرنا

Call (kawl) *n.* summon or invitation; demand; cry; divine vocation; instrument to call birds, shrill-whistle; short visit. بلاوا، نیوتا، حکم، ہانک، حکم الٰہی، سیٹی، ملاقات *We heard a loud call for help from out in the water.* ★ *Call back n.* بازطلبی، صنعت کار کی طرف سے ناقص تختہ، اطلاع، اطلاعات کا بورڈ ★ *Call board n.* پیداوار کی بازطلبی ★ *Call boy n.* تھیٹر بچہ، بلارا ★ *Call down v.t.* ملامت کرنا، سخت سرزنش کرنا ★ *Call girl n.* قحبہ، طوائف، جس سے وقت و جگہ کے تعین کے لئے ٹیلیفون کیا جا سکتا ہے

Calling (kawl′ ing) *n.* occupation; profession. پیشہ، شغل، کسب، دھندا، کام

Callisthenics (kal-lis-then-iks) *n. pl.* exercises for the purpose of promoting gracefulness of body. جسم کی طاقت اور خوبصورتی بڑھانے کے لئے ورزش

Callosity (kal-los′ i-ti) *n.* hard swelling on the skin. گلٹی، ٹھیٹھ

Callous (kal′ lus) *adj.* hard; insensible; unfeeling. کڑا، مُردار، کٹھور *The callous general ordered the mules to be killed.*

Callousness (lal-lus-nes) *n.* induration; insensibility. سنگ دلی، بے رحمی، سختی، درشتی

Callow (kal′ lo) *adj.* unfledged; naked. بے بال و پر

Callus ❶ *n.* جلد کی سختی *The farmer had a callus on the palm of his hand where the handle of his hoe had kept rubbing.* ❷ *v.t.* سختی و موٹائی پیدا کرنا

Calm (kam) ❶ *adj.* still or quiet; serene; tranquil. خاموش، ساکن، صاف، بامن *The lake was so calm that it looked like glass.* ❷— *v.t.* to make calm; to quiet; to allay; دھیما کرنا، خاموش کرنا، تسکین دینا

Calmative *adj. & n.* تسکین بخش، مسکن

Calmly (kam-li) *adv.* quietly; cooly. چپکے سے، اطمینان سے

Calmness (kam-nes) *n.* stillness; serenity; (*pl.*) repose. خاموشی، قرار، صفائی، راحت، سکون

Calomel (kal-o-mel) *n.* mercurous chloride used as purgative. پارے کے کشتہ کا جلاب، رس کپور

Caloric (kal-o′ rik) *n.* beat. حرارت سے متعلق، حرارت

Calorific *adj.* heat producing. حرارت یا گرمی پیدا کرنے والا

Calorification *n.* heat generation. حرارت انگیزی

Calorify *v.t.* heat. گرمانا، حرارت پہنچانا

Calorimeter *n.* گرمی ناپنے کا آلہ، حرارت پیما

Calorimetry *n.* حرارت پیمائی

Calotte *n.* وہ ٹوپی جو پادری پہنتے ہیں، چھوٹا گنبد

Caltrap, Caltrop (kal-trap, Kal-trop) *n.* four-spiked iron ball thrown on the ground to main cavalry horses; kind of plants as star-thistle. سنگھاڑا ★ *Water-caltrop.* گوکھرو، ہاتھی کی چنگھاڑ

Calumet (kal-umet) *n.* a kind of a tobacco pipe. حقہ، فرشی حقہ، پنچوان، کلیامت

Calumniate (ka-lum-ni-at) ❶ *v.t.* to slander; to accuse falsely. تہمت لگانا ❷— *v.i.* to spread evil report. بُرا کہنا، کلنک لگانا، بہتان باندھنا، بدنام کرنا

Calumniation, Calumny (ka-lum-ni′ a-shun, ka′ lum-ni) *ns.* false accusation; malicious representation; slanderous report. تہمت، بدنامی، بدگوئی

Calumniator (ka-lum-ni′ a-tur) *n.* false accuser; slanderer. الزام لگانے والا، چغل خور، افترا پرداز بہتان تراش

Calumny *n.* slanderous report. بہتان، تہمت، بدگوئی، افترا

Calvados *n.* برانڈی شراب، سیب سے کشید کی جاتی ہے

Calvary *n.* گول گوتھا، وہ جگہ جہاں حضرت عیسیٰ مسیح کو صلیب پر چڑھایا گیا

Calve (kav) *v.i.* to bring forth a calf. بچہ دینا، بیانا

Calx (kal′ ks) *n.* (*pl.* **Calxes, or Calces**) (*Chem.*) lime or chalk; the substances of a metal or mineral which remains after being subjected to violent heat. کھریا مٹی، کشتہ، دھات کی راکھ

Cam *n.* ایک آلہ جس سے مسلسل دائری حرکت کو غیر مسلسل دائری یا آگے پیچھے کی دائری حرکت میں تبدیل کرتے ہیں، کیم

Camber *v.t. & i.* محدب بنانا، کمان کی طرح قدرے خم دار کرنا

Camber *n.* خم، کُب، تحدب

Cambist *n.* تبادلہ زر کا ماہر، مہاجن، صرّاف، ہنڈی کا بیوپاری

Cambric *n.* Fine white linen. سفید سوتی کپڑا، سفید سوتی رومال

Camel (kam′ el) *n.* large hornless ruminant long necked cushion-footed quadruped with (Arabian) one hump or (Bactrain) two humps. اونٹ، سانڈنی، شتر *He went across the Sahara on a camel. They can go without drinking water for many days.*

Cameleer (kam′ el-eer) *n.* one who drives or rides a camel. شتربان، اونٹ سوار، ساربان

Cameleon (ka-me-li′ on) *n.* same as **Chameleon**, a reptile of the lizard kind famous for changing its colour. کرکلا، گوکنان چھپکلی، گرگٹ

Cameline, Camelry, Camelcorps (ka-mal-in, ka-mal′ ri, ka-mal-krops) *ns.* troops on camels. سانڈنی، اونٹ کا رسالہ

Camelopard (ka-mel′ o-pard) *n.* the giraffe. گاؤ پلنگ، افریقہ کا ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں پچھلی سے لمبی ہوتی ہیں، زرافہ

Cameo (kam-eo) *n.* engraved gem in which the figure is carved. جواہر جس پر تصویریں کھدی ہوں

Camera (kam-e′ ra) *n.* judge's private chamber; photographing apparatus. جج کا پوشیدہ کمرہ، عکسی تصویر کھینچنے کا صندوق یا کمرہ، کیمرا، عکس گیر *When we go on our holiday, we take our camera so that we can take pictures.*

Cameral *adj.* سرکاری مالیات یا محاصل سے متعلق، عدالت یا مقننہ کے چیمبر سے متعلق

Cameralism *n.* نظریہ مالیاتی


Cameralist *n.* ماہر مالیات، تجارتی نظریہ کا حامل

Cameralistics علم مالیات، سرکاری مالیات کا علم

Camino real *n.* شاہراہ، جرنیلی سڑک

Camion *n*. ٹرک، چھکڑا، ٹھیلا، گڈا
Camlet (kam-let) *n*. stuff made of various mixtures of wood, silk, hair, &c., اونی، ریشمی کپڑا، ایک قیمتی کپڑا
Camomile (ka-mo-mil) *n*. a bitter plant used in medicine. بابونہ، بابونہ کی قسم کے پودے
Camouflage *n*. Artful concealment of military objects from enemy attack. فوجی تنصیبات کو دشمن کی نظر سے بچانے کا طریقہ
Camouflage *v.t. & i*. بھیس بدلنا یا چھپانا، بہروپ بھرنا، سوانگ رچانا *The soldier's covering of leaves was a good camouflage.*
Camp (kamp) ❶ *n*. ground on which an army pitch their tents; tents; army. لشکر گاہ، پڑاؤ، فوج ❷— *v.i.* to encamp or pitch tents. پڑاؤ ڈالنا، خیمہ زن ہونا
Campaign (kam-pan) *n*. large open field or plain. جنگ، معرکہ، مہم، جدوجہد، میدان *Once a year we have a Red Cross campaign.*
Compaigner (kam-pan′er) *n*. an old experienced soldier. ایک پرانا تجربہ کار سپاہی، مہم جو
Campanile *n*. گھنٹہ گھر، گھنٹہ مینار
Campanology *n*. جرسیات، گھنٹہ بجانے یا ڈھالنے کا فن یا اصول
Camper *n*. پڑاؤ ڈالنے والا، خیمہ زن
Campfire *n*. کیمپ میں تاپنے یا کھانا پکانے کے لئے آگ
Camphene *n*. کافورین، کافور سے تعلق رکھنے والے کئی تارپین مرکبات
Camphor (kam-fer) *n*. solid fragrant substance having medicinal properties. کافور *Mother uses balls of camphor in cupboards and drawers to keep moths away.*
Camphoraceous (kam-for′a-ci-us) *adj*. of the nature of camphor. کافور سا، کافوری، کافور سے متعلق
Camphorate (kam-for′at) *v.t.* to impregnate with camphor. کافور گھولنا، کافور میں بسانا
Campus *n*. احاطہ کالج، کیمپس، کسی کالج یا سکول کی زمین یا احاطہ
Can (kan) ❶ *n*. cup or vessel made of sheet-metal. کپا، کنستر *The boys tossed pebbles into a tin can.* ❷— *v.t.* to put up meat, fruit, etc. for preservation in cans. پھل گوشت وغیرہ ٹین میں مصالحہ دے کر رکھنا *The factory cans all kinds of fruits, vegetables, fish, meat and preserves.* **Can** (kan) *v. aux*. to be able; to have means. سکنا، لائق ہونا، طاقت رکھنا
Canada *n*. مغربی ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں ایک گہری تاریک وادی
Canada goose *n*. بڑا اور جنگلی ہنس
Canada rice *n*. کناڈی چاول، مرغابی کھاجا
Canaigre *n*. ترشک یا ڈاک نامی بوٹی کی ایک قسم
Canaille *n*. The rabble. نیچ ذات والے، سفلے، رذیل، کمینے، بدتمیز، بھیڑ، ہجوم
Canal (ka-nal) *n*. artificial watercourse for inland navigation; vein. نہر، جسم کی کوئی نالی *A canal makes it possible for boats to travel from one body of water to another.*

Canalisation (ka-nal′is-a-shun) *n*. the construction of canals. نہریں بنانا، نہریں نکالنا، نہریں جاری کرنا
Canard (ka-nard) *n*. an absurd story. بیہودہ کہانی، من گھڑت کہانی
Canary *n*. Song bird. زرد رنگ کی گانے والی چڑیا، ایک چھوٹا گانے والا پرندہ، زرد بلبل *Many people keep canaries as pets in wire cages in their homes.* ★ *Canary creeper,* زرد پھولوں کی بیل ★ *Canary seed,* کنگنی
Canaster *n*. Broken leaves of tobacco. تمباکو کا چورا
Cancel (kan′sel) *v.t.* to blot out a writing; to obliterate; to set aside; to frustrate; to nullify. قلم زد کرنا، قلم پھیرنا، مٹانا، کاٹنا، پونچھنا، ہٹا دینا، باطل کرنا، فسخ کرنا، نفی کرنا *We cancelled the party because I was ill.*
Cancellation (kan-sel-a′shun) *n*. obliteration. قلم زدگی، فسخ، اختصار، کاٹ، تنسیخ، منسوخی، حذف
Cancer (kan′ser) *n*. crabfish; (*Ast.*) fourth sign of Zodiac; virulent swelling or sore. کیکڑا، برج سرطان، ہکندر، سرطان کی بیماری. *Cancer causes many deaths.*
Cancered *adj*. ناسور صفت، سرطانی
Cancerous *adj*. سرطان کی طرح بڑھنے پھیلنے والی، سرطان صفت
Cancroid *adj*. سرطان نما، کیکڑے کی طرح، ناسوری سرطانی، جلدی سرطان.
Candelabrum (kan-de-la′brum). *n*. branched ornamented candlestic. فرشی جھاڑ، چل چراغ
Candescent *adj*. Glowing white. سفید روشنی دینے والا، اس قدر گرم کہ سفید روشنی دے
Candescene *n*. گرم تابانی، گرم سفید روشنی
Candid (kan-did) *adj*. frank; free from prejudice; ingenous; sincere. صاف دل، بے تعصب، شریف، صاف باطن
Candidly (kan-did′li) *adv*. uprightly, fairly openly. راستبازی سے، صاف، شفاف، کھلم کھلا
Candidate (kan-di-dat) *n*. person thought likely to gain any position. امیدوار، طالب، خواستگار، آرزومند *Mr. Ali is a candidate for mayor. He is standing for mayor.*
Candidature *n*. خواستگاری امیدواری
Candidness (kan′did-ness) *n*. ingenuousness. سچائی، خلوص، صاف دلی، صاف گوئی
Candied (kan′did) *adj*. preserved in sugar; flattering. قند ملا ہوا، خوشامد کا، شیریں
Candiot *n*. کینڈیا کا پیدائشی یا باشندہ
Candle (kan′dl) *n*. wax, tallow or other like substance surrounding a wick. موم بتی، روشنی، قندیل، کینڈل *We burn candles at a cake, in mosques, sepcial time, on birthday etc.* ★ *Candle fish n*. قندیل ماہی ★ *Candle foot n*. ایک فٹ کے فاصلے سے ایک مربع فٹ سطح پر موم بتی کی روشنی کی مقدار اکائی


CANDLE

★ *Candle power n.* قندیلی طاقت ★ *Candle stick n.* شمع دان، کوئی نوک دار چیز جس پر جلانے کے لئے موم بتی کو لٹکایا جاتا ہے *Candlesticks are made of glass, brass, wood, silver, and many other things.* ★ *Candle wood n.* کوئی بھی رال دار لکڑی جو شمع کے متبادل کے طور پر استعمال کی جائے

Candour (kan′dur) *n.* openmindedness; impartiality. صاف دلی، کھرا پن، غیر جانبداری راستبازی

Candy (kan′di)❶ *n.* crystallised sugar made by repeated boiling and slow evaporation. قند، مصری، کھانڈ کی مٹھائی، ٹافی، کینڈی *Candy is flavoured and often covered with chocolate or other coating.* ❷— *v.t.* and *i.* to preserve by coating with sugar to form into crystals. مربہ پکانا، قند چڑھانا، روادار بنانا *Mother had crystallized or candied fruits as a present.*

Candy tuft *n.* کینڈی ٹفٹ، قند خوشہ، ایک گچھے دار سدا بہار پھول

Cane (kan)❶ *n.* walking stick. بید یا بیت، چھڑی *The old man walks with a cane to lean on, because he is lame.* ❷— *v.t.* to beat with a cane. بید مارنا *He was caned for coming late.*

Cane brake *n.* بید کی گھنی روئیدگی، گھاس کی ایک قسم

Canella *n.* سفید دار چینی

Caner *n.* بید بننے والا، کرسیوں کی بید کے ساتھ بُنائی کرنے والا

Canine (ka′nin) *adj.* like or pertaining to a dog. کتے کی موافق، کتے کے متعلق، کلبی

Canine *n.* کچلی، حیوان کلبی، سگ، کتا، کتے سے متعلق کوئی امر، کچلی دانت

Caning (kan′ing) *n.* beating with a cane or stick. بید کی سزا

Canis Major *n.* جنوب میں ستاروں کا جھرمٹ

Canis Minor *n.* ستاروں کا جھرمٹ جو جوزا کے جنوب میں واقع ہے اور جسے کہکشاں کلب اکبر سے جُدا کرتی ہے

Canister (kan′is-ter) *n.* box usually of tin. کنستر

Canker (kang′ker)❶ *n.* a malignant ulcer; gangrene; larva that eats the buds of plants. ناسور، سڑنے والا گھاؤ، کیڑا جو پودوں کو کھا جاتا ہے، گھن ❷— *v.t.* to infect or pollute; to eat into; to destroy. سڑنا، کھا جانا

Cankerous (kang′ker-us) *adj.* corroding like kankers. سڑانے والا، کھانے یا گھلانے والا

Canned *adj.* ڈبہ بند، پہلے سے ریکارڈ شدہ (بول چال) نشے میں دھت، نوکری سے برطرف کیا ہوا

Cannibal (kan′ni-bal) *n.* & *adj.* man who eats human flesh. آدم خور، مردم خود


Cannibalism (kan′ni-bal-izm) *n.* the habits of a cannibal. مردم خوری، آدم خوری

Cannikin *n.* چھوٹا ڈبہ، پیالہ، لکڑی کی چھوٹی بالٹی، ڈولچی

Cannily *adv.* ہوشیاری یا چالاکی سے، عیاری سے

Canniness ہوشیاری، چالاکی، عیاری

Cannon (kan′un) *n.* great gun used in war. توپ *The soldiers fired the cannon at the fort.*



CANNON

1. Breech. 2. Touch-hole. 3. First reinforce 4. 'Dolphin' for handling gun 5. Second reinforce. 6. Bore. 7. Chase. 8. Muzzle. 9. Trunnion.

Cannonade (kan′un-ad)❶ *n.* continuous gunfire. گولا باری ❷— *v.t.* to bombard; to fire fast. گولا باری کرنا، توپیں داغنا

Cannoneer, Cannonier (kan′un-er, kan′un-ir) *ns.* one who manages cannon. گولا انداز، توپچی

Cannon fodder *n.* توپ کا ایندھن


Cannonry *n.* توپ چلانے کا عمل، گولہ اندازی، توپ خانہ

Cannula *n.* پچکاری یا جراحی نلکی یا قولہ

Cannular *adj.* نلکی نما، سوراخ دار، سوئی والی

Canny (kan′ni) *adj.* shrewd. چالاک، ہوشیار، عیار

Canoe (ka-noo′) *n.* boat made of the hollowed trunk of a tree. ڈونگا، ڈونگی، کشتی کی ایک قسم



CANOE

Canon (kan′un) *n.* law or rule; Holy Scriptures; a dignitary of the church; (*Print*) a large kind of type. قانون، شرع، جملہ، معتبر کتاب، ایک بڑے درجہ کا پادری، ایک قسم کا بڑا ٹائپ، معیار

Canonical (kan-on′ik-al) *adj.* according to the canon; regular; ecclesiastical. شرعی، دینی، مذہبی

Canonise (kan′on-iz) *v.t.* to enrol in the list of saints. ولی یا پیر قرار دینا

Canopy *n.* covering suspended or held over throne, persons &c. چھتر، سائبان، شامیانہ، چھجا

Canorous *adj.* Melodious. سُریلی آواز والا، خوش الحان

Canorously *adv.* رسیلے انداز میں

Canorousness *n.* موسیقیت، خوش الحانی، سُریلا پن

Cant (kant)❶ *n.* hypocritical or affected style or speech; the language peculiar to a sect; slang. فرسودہ باتیں، کسی فرقہ کا انوکھا محاورہ، بھنگڑ خانہ کی بات، بازاری زبان ❷— *v.t.* to speak in a conventional manner. اصطلاحی الفاظ استعمال کرنا ❸— *adj.* inelegant; vulgar. ناشائستہ، گنوار ★ *Can phrase.* دکھاوے کی باتیں، ظاہرداری، ریاکاری

Cantab *n.* A member of Cambridge University. جامعہ کیمبرج کا رکن

Cantakerous *adj*. Quarrelsome. حجتی' تکرار کرنے والا' جھگڑالو' بدمزاج' کائیاں

Cantakerousness *n*. حجت بازی' جھگڑالوپن ' بدمزاجی

Cantatrice *n*. گانے والی عورت خصوصاً "پیشہ ور مغنیہ' گائکہ

Canteen (kan-ten) *n*. tin vessel used by soldiers, to hold liquors; refreshment house for the soldiers. کنٹین' سپاہیوں کا شراب پینے کا برتن' پلٹن کا شراب خانہ

Canter (kant-er) *n*. one who makes hypocritical professions; moderate gallop. مکر سے روزگار کرنے والا' میٹھا پویا چلنا' پویہ رفتار

Cantharides (kanth-a-ridz) *n. pl*. blistering flies. مکھی جس کا لیپ بنتا ہے' ہسپانوی مکھی

Canthus *n*. گوشہ چشم

Canticle (kan-ti-kl) *n*. little song; hymn. گیت' بھجن

Cantle *n*. گوشہ یا کونا' جزو یا ایک حصہ' ایک ٹکڑا

Canto (kan′to) *n*. division of long poem. نظم کی کتاب کا ایک باب' مثنوی کا باب' نظم کا ایک حصہ

Canton (kan′tun) ❶ *n*. sub-division of country; clan. پرگنہ' ذات' ضلع ❷— *v.t*. to allot quarters for soldiers. چھاؤنی ڈالنا' ضلعوں میں تقسیم کرنا

Cantonment (kan′tun-ment) *n*. lodging assigned to troops; permanent military station. چھاؤنی' صدر

Canty *adj*. Happy. خوش و خرم' خوش پُر مسرت

Cantus *n*. ایک قسم کا کلیسائی گیت

Canvas (kan′vas) *n*. strong unbleached cloth of hemp or flax; sails of a ship. کرمچ یا ولایتی ٹاٹ' بادبان' ترپال' کینوس *Pictures painted with oil paints are often painted on canvas.*

Canvass (kan′vas) ❶ *v.t*. to sift; to examine; to discuss; to solicit votes from. چھان بین کرنا' امتحان کرنا' بحث کرنا' رائے مانگنا ❷— *n*. close examination; solicitation of votes. جانچ' کسی کے حق میں عوام کی رائے لیتے پھرنا

Canvasser (kan′vas-ser) *adj*. one who solicits anything. درخواست کنندہ ' طالب رائے' ووٹ کے لئے اصرار


Canyon *n*. Deep gorge with a stream. گہری وادی یا کھڈ جس میں نالہ بہتا ہو' درہ جس میں چشمہ بہتا ہو' آبی درہ *Sometimes there is a stream at the bottom of a canyon.*

Canzon *n*. کنزون' غنائی' نظم کی ایک شکل

Canzonet *n*. ٹھمری' ٹپہ' چھوٹا مختصر گیت

Caoutchouc *n*. ربڑ' قدرتی ربڑ' لچکیلا گوند ' کاؤ شوک

Cap (kap) ❶ *n*. article of dress for covering the head; top; the chief. ٹوپی' چوٹی' سردار ❷ *v.t*. ٹوپی پہننا' بندوق میں ٹوپی چڑھانا ★ *Cap the climax.* نقطہ عروج یا آخری حد سے بھی ماورا یا آگے جانا



CAP

Capability *n*. Undeveloped faculty. طاقت' بل' زور' استعداد' قابلیت ' لیاقت

Capable (ka′pa-bl) *adj*. having skill or ability to do; susceptible; intelligent. قابل' لائق' اہل' اثر پذیر' تیز فہم *Asif is capable of doing better work than he has done lately.*

Capableness, **Capability** (ka-pa-bil-nes, ka-pa-bil′i-ti) *ns*. capacity; fitness. استعداد' لیاقت ' اہلیت

Capacious (ka-pa′shi-us) *adj*. roomy; wide; extensive. کشادہ' فراخ' بہت پھیلا ہوا ' وسیع

Capaciousness (ka-pa′shi-us-ness) *n*. largeness; space. پھیلاؤ

Capacitance *n*. ظرفیت' موثر گنجائش

Capacitate (ka-pas′itat) *v.t*. to make capable; to qualify. قابل کرنا' لائق کرنا' اہل بنانا' گنجائش پیدا کرنا' اہلیت

Capacitor *n*. برقی کنڈنسر' آلہ تکثیف

Capacity (ka-pas-i-ti) *n*. power of holding or grasping a thing; room; power of mind; character; condition. سمائی' جگہ' سمجھ' چال ڈھال' حالت *The bottle has a capacity of one litre.*

Cap-a-pie *adv*. سر سے پا تک' پورے جسم پر' از سر تا پا' کل' تمام

Caparison (ka-par′i-sun) ❶ *n*. covering of a horse; rich cloth laid over a horse. جھول' زین پوش ❷ *v.t*. to dress prompously. آراستہ کرنا جھول ڈالنا

Caparisoned (ka-par′i-sun-ed) *adj*. arnamented; dressed prompously. سجا ہوا گھوڑا' آراستہ کرنا' مزین

Cape (kap) *n*. short cloak; sleeveless cloak; headland. گریبان' بے ہاتھوں کا لبادہ' راس' زمین *Some capes are long and some short.*

Capelin *n*. ایک چھوٹی خوردبینی مچھلی

Capella *n*. ایک چمکدار زرد رنگ کا ستارہ

Caper (ka′per) ❶ *n*. leap; skip; sportive action. کود' پھاند' کلیل *The horse was capering about in the field. We watched the capers of the lambs.* ❷— *v.t*. to leap about; to dance. کودنا' ناچنا' پھاندنا

Caperer (ka′per-er) *n*. one that capers; a dancer. اچھلنے کودنے والا' کلیلیں کرنے والا

Capillaceous (kap-il-la-se-us) *adj*. hairlike slender. بال سا مہین' بالوں جیسا' شعری' بہت تنگ' باریک

Capillaments (kap-il-la-ments) *n*. small hairs, that grow up in the middle of a flower. پھول کے بال

Capillary (kap′il-la-ri) *adj*. resembling a hair; fine. بال کی سی' شعری' بال سا باریک

Capital (kap′it-al) ❶ *adj*. relating to the head; involving the loss of the head; criminal in the highest degree; chief; excellent; deserving death. سر کا' گردن مارے جانے کے لائق' سنگین' بھاری' کلاں' بڑا' عمدہ'

سنگین ★ *Capital crime.* بڑھ کر، قتل کئے جانے کے لائق جرم ★ *Capital punishment.* پھانسی، سزائے موت ★ *Circulating or floating capital, goods, money, etc.* مال اسباب، روپیہ پیسہ ★ *To make capital out of.* کسی حکمت سے اپنا مطلب پورا کر لینا ❷— *n.* the hear or top part of a column or pillar; chief city of a country, metropolis; large letter; the stock, or money for carrying on business. ستون کی چوٹی، دارالسلطنت، بڑا حرف، پونجی، سرمایہ *Islamabad is the capital of Pakistan.* ❸ *v.t.*—**ize,** to convert into capital for money. جائیداد بیچ کے روپیہ رکھنا، نقدی کرنا *adv.*— **ly,** chiefly; principally; excellently; by capital punishment. خاص کر، بڑی خوبی کے ساتھ، پھانسی پا کر

Capitation (kap-it-a-shun) *n.* numbering of every head or indivdual; poll-tax. مردم شماری، سرشماری، ہر شخص پر محصول، فی کس، سرداری محصول

Capitol *n.* اجلاس گاہ، کانگرس، اجلاس گھر

Capitular *n.* کلیسائے کبریٰ کی جماعت کا ممبر، مذہبی جماعت سے متعلق

Capitulary *n.* مجموعہ قوانین، فرامین، قوانین، مذہبی فرمان

Capitulate (kap-pit′u-lat) *v.t.* to surrender on terms. شرط کے ساتھ اطاعت قبول کرنا *After a powerful bombardment by air, land and sea, the enemy capitulated.*

Capitulation (ka-pit′u-la-shun) *n.* a formal agreement; a surrendering on stipulated terms. عہد و پیمان، شرطوں پر مطیع ہونا، مشروط اطاعت

Capitulum *n.* ہڈی کا سر یا سرا، سرگل، گھنڈی

Capon (ka′pun) *n.* castrated cock. مرغ آختہ، خصی مرغا

Capote *n.* soldiers cloak with head. سپاہیوں کا ٹوپی والا لباس

Capped *adj.* کلاہ پوش، ٹوپی پہنے یا رکھے ہوئے

Capper *n.* وہ جو اوپر جائے، یا لے جایا جائے، جوئے باز

★ *Capric acid.* ایک بدبودار چکنا تیزاب

Caprice (ka-pres′) *n.* unaccountable change of mind or conduct; fancy; freak. امنگ، خیال، تلون مزاجی

Capricious *adj.* (ka-prish′i-us) humorous; خیالی، سنکی، موجی *n.*— **ness,** caprice; whimsicalness. موج، امنگ، اوندھی مت، متلون مزاجی

Capricorn (kap′ri-korn) *n.* one of the twelve signs of the Zodiac, like a horned goat. برج جدی، دسواں برج ★ *Tropic of Capricorn.* خطوط جدی

Caprifig *n.* خودرو انجیر، جنگلی انجیر، بز انجیر


Caprine (kap-rin) *adj.* of or pertaining to a goat. بکرا یا بکری سی، بز صفت، بکری کی طرح

Capsicum (kap-si-kum) *n.* the generic name of some tropical plants, chillies. لال مرچ، سرخ مرچ

Capsid *n.* خولیا، کسی وائرس کا لحمیاتی خول

Capsize (kap-siz) *v.t.* or *v.t.* to upset or overturn. الٹ جانا، پلٹ دینا، اوندھا کرنا، الٹ پلٹ کرنا

Capstan (kap-stan) *n.* cylinder with levers to wind up weight. جہاز میں چیزیں اٹھانے کی کل، چرخ، لنگر، کیپسٹن



CAPSTAN

Capstone *n.* منڈیر، کسی ڈھانچے یا عمارت کا انتہائی یا چوٹی کا پتھر

Capsule (kap-sul) *n.* dry seed case. ڈوڈا، دوا رکھنے والی کیپسول

Capsular *adj.* غلافی، ڈوڈیا، جھلی دار، جوف دار

Captain (kap-tin) *n.* chief; leader; naval or military commander. سردار، کھیا، سپہ سالار، رسالدار، سرخیل، صوبہ دار، قائد، کپتان *The captain of the ship gave the sailors their orders.*

Captaincy, Captainship (kap-tin′si, Kap-tin-ship) *ns.* the post of a captain. کپتان کا عہدہ، کپتانی

Caption *n.* Legal arrest. کسی مضمون یا کتاب کا عنوان، سرخی، قانونی گرفتاری

Captious (kap-shus) *adj.* fallacious; sophistical; peevish; critical; cavilling. دھوکا دینے والا، چڑچڑا، نکتہ چیں

Captiousness (kap-shus-nes) *n.* inclination to find fault. نکتہ چینی، عیب جوئی، حرف گیری

Captivate (kap′ti-vat) *v.t.* to charm. فریفتہ کرنا، موہ لینا

Captivating (kap-ti-vat′ing) *n.* charming. فریفتہ کرنے والی، لبھانے والی

Captivatingly *adv.* لبھانے والے انداز سے

Captivation *n.* دلربائی، دلبری، دلفریبی، سحرانگیزی

Captivator *n.* دلربا، دلبر، سحرانگیز

Captive (kap-tiv) *n.* prisoner of love or war; اسیر، گرفتار، جنگی قیدی *The captives in the prison camp had to wear chains.* ❷— *adj.* taken prisoner in war; charmed or subdued by anything. جنگ میں قید کیا ہوا، محبت یا کسی اور کے قابو میں ہونا

Captivity (kap-ti-vi-ti) *n.* confinement. servitude. نظربندی، غلامی، اسارت، اسیری، گرفتاری *Lions in the zoo are in captivity.*

Capture (kap-chur)❶ *n.* seizure; arrest; prize; thing captured. گرفت، پکڑنا، لوٹ، غنیمت، فتح، تسخیر، مال غنیمت *Nanna captured a butterfly in her hands. The enemy captured 50 men. After their capture, the men were sent to a far-away city.* ❷— *v.t.* to seize by force. چھین لینا، قابو میں کرنا

Capuchin (kap-u′chin) *n.* a friar; a woman's cloak. بیراگی، زنانہ لبادہ


Caputmortuum (ka-put-mor′tom) *n.* residium after distillation; worthless residue. تلچھٹ، گاد

Car (kar) *n.* chariot; small carriage of burden. بگھی، بہلی، کار، ریل کا ڈبہ، رتھ، گاڑی



CAR

Carabao *n.* آبی بھینس ، جل بھینسا
Carabine *n.* a kind of a gun. ایک قسم کی بندوق' قرابین
Carabineer *n.* soldier with carabine. قرابین سے مسلح سپاہی
Carafe (ka-raf) *n.* water bottle. شیشے کی صراحی *Father asked the waiter to bring a fresh carafe of water.*
Caramel *n.* جلی ہوئی شکر جو کھانے کو رنگ اور خوشبو دینے کے لئے استعمال ہوتی ہے *Most children like caramels.*
Caramelization *n.* شکر جلانے کا عمل
Carangid *n.* کرانگو' اس نام و جنس کی مچھلی یا اس سے مشابہ
Carapace *n.* کھپرا' خول جو جانوروں کی پشت پر ہو
Carat (ka′rat) *n.* weight of four grains. رتی' دو سو ملی گرام کے برابر وزن کا ایک معیاری پیمانہ' جواہرات تولنے کا وزن' قیراط *Father bought mother a beautiful 18-carat gold watch on her birthday.*
Caravan (kar-a′wan) *n.* company of travelers associated together for security in crossing the deserts in the east. قافلہ' کارواں *There were many camels in the caravan that set out across the desert.*
Caravaneer (ka-ra-van-eer) *n.* the leader of a caravan. قافلہ کا سردار' میر کارواں
Caravansary—sera (ka-ra-van′sari,—sera) *ns.* a kind of unfurnished inn where caravans stop. کاروانسرائے' مسافر خانہ
Caravel *n.* چھوٹا بادبانی جہاز
Caraway (ka′ra-wa) *n.* a plant with aromatic seeds used as tonic and condiments. ولایتی زیرہ' سیاہ زیرہ
Carbamic *adj.* ایک نامیاتی تیزاب سے متعلق
Carbamide *n.* مادہ پیشاب' یوریا
Carbazole *n.* ایک سفید قلمی مرکب جو تارکول سے حاصل ہوتا ہے
Carbide *n.* دھات کے ساتھ کاربن کا مرکب
Carbine, Carabin (kar-bin, ka-ra-bin) *n.* short fire-arm for cavalry use. کرابین' سوار کی بندوق
Carbon (kar-bon) *n.* pure charcoal. خالص کوئلہ' کاربن
Carbon copy *n.* کاربنی نقل' کسی بھی لکھی ہوئی یا ٹائپ کی ہوئی تحریر کی نقل جو کاربن کاغذ کی مدد سے تیار کی گئی ہو' کسی شخص یا چیز کا تقریبا" ٹھیک ٹھیک نقش ثانی
Carbonic (kar′bon′ik) *adj.* obtained from carbon. کوئلہ کا' کاربنی
Carboniferous (kar-bon-if′er-us) *n.* producing carbon. کوئلہ پیدا کرنے والا' کوئلے کا' کاربنی
Carbonization *n.*
Carbonize (kar-bon′iz) *v.t.* to convert into carbon by the action of fire. جلا کر کوئلہ بنانا' کاربن بنانا
Carbon paper *n.* کاربن کاغذ' نقل گیر کاغذ
Carbon tetrachloride *n.* ایک بے رنگ رقیق مادہ جو زہریلا ہوتا ہے اور جس میں سے بھاری بخارات نکلتے ہیں
Carbuncle (kar-bung-kl) *n.* a fiery red precious, stone; a malignant boil; pimple. لعل خوش رنگ' ایک مہلک قسم کا پھوڑا' مہاسا' دنبل' پھوڑا
Carbuncled (kar-bung′kld) *adj.* set with carbuncles. جڑاؤ' لعل جڑا ہوا' دُنبل دار
Carcass (kar′kas) *n.* dead body; the frame work of anything. جانور کی لاش' مُردار' بے سر کی لاش
Card (kard)❶ *n.* small piece of pasteboard for playing a game; (of the mariner's compass); (visiting); instrument with which wool or flax is combed. کھیلنے کا تاش' قطب نما کا تختہ' ملاقات کرنے کا ٹکٹ' سن یا اون دھننے کی دھنکی' کارڈ *The tickets used by the railway are little green cards.* ❷— *v.t.* to comb wool, &c.,; to unravel. دھننا' دھنکنا' کھولنا
Cardamom (kard-a-mom) *n.* capsules of certain tropical plants which form an aromatic pungent spice. الائچی
Carder (kard-er) *n.* one that cards wools. دھنیا
Cardiac *adj.* & *n.* of the heart. موج' طاقت بخش' مقوی' فم معدہ کے متعلق' قلبی' دل کے متعلق



CARDIGAN

Cardigan *n.* knitted woolen jacket with sleeves. بازوؤں والی بنی ہوئی اونی جیکٹ
Cardinal (kar-di-nal) *adj.* pre-eminent; fundamental. افضل' بنیادی ★ *Cardinal numbers,* opposite of ordinal numbers. ۱-۲-۳ وغیرہ ★ *Cardinal points,* east, west, north, south. چار سمتیں' شمال' جنوب' مشرق' مغرب ★ *Cardinal virtues,* justice, prudence, temperance and fortitude. چار خوبیاں' دُور اندیشی' انصاف' استقلال' اعتدال
Care (kar)❶ *n.* anxiety; attention; charge; object of care and regard. فکر' تردد' توجہ' احتیاط' آنکھوں کا تارا *Please take care when you cross the road.* ★ *Care of,* c/o. (in address). معرفت ❷— *v.i.* to be anxious; to have regard; to be inclined. فکر مند ہونا' پروا کرنا' چاہنا' خیال کرنا' تیمارداری کرنا
Career (ka-rer)❶ *n.* race-course; race; course; manner of life. گھڑ دوڑ کا میدان' دوڑ' پیشہ' طرز زندگی *Ali wants to take up medicine as a career when he grows up.* ❷— *v.i.* to gallop. تیز چلنا' سرپٹ جانا
Careful (kar-ful) *adj.* cautious. ہوشیار' محتاط *With careful steps, the old man crossed the road. Mother is careful of baby.*

Carefulness (kar-ful-nes) *n.* vigilance. چوکناپن، ہوشیاری

Careless (kar-les) *adj.* negligent. بے پرواہ *Careless drivers have accidents.*

Carelessly (kar-les′li) *adv.* negligently. غفلت سے

Carelessness (kar-les′nes) *n.* inattention. غفلت *Carelessness causes many mistakes.*

Caress (ka′res)❶ *v.t.* to fondle; to embrace. پیار کرنا، گلے لگانا ❷— *n.* fondling kiss; blandishment. پیار، چوماچاٹی، بوسہ لینا، ناز برداری کرنا

Caressingly *adv.* لاڈ سے، ناز برداری سے، پیار سے

Caret (ka′ret) *n* mark (٨) indicating that a word is left out. یہ نشان (٨) جو ظاہر کرتا ہے کہ کوئی لفظ اس مقام پر درج ہونا چاہئے

Caretaker *n.* قائم مقام، دربان، چوکیدار، محافظ، نگران

Care worn *adj.* پریشان حال، ماندہ، نڈھال، بے حال، زیادہ کام کرنے کی وجہ سے تھکن سے چُور

Cargo (kar-go) *n.* freight of ship. جہاز کا سامان *The ship was loaded with a heavy cargo.*

Caricature (kar-i-ka-tur)❶ *n.* ridiculous figure of a person; distorted picture. خندہ آور، بگاڑی ہوئی تصویر، مضحکہ خیز تصویر یا خاکہ ❷— *v.i.* to ridicule, exaggerate or distort by means of caricature. خاکہ اُڑانا، ہنسی اڑانا

Caries (ka′ri-ez) *n.* decay (of bones of teeth). بوسیدگی، کرم خوردگی

Carious (ka-ri′us) *adj.* decayed. بڑا بوسیدہ، کرم خوردہ

Cark *n.* concern. فکر، خدشہ، کھٹکا

Carking *adj.* burdensome. جان گداز، روح فرسا

Carman *n.* driver. گاڑی والا، گاڑی بان، ڈرائیور

Carminative (kar-min-a-tiv) *adj.* and *n.* medicine to relieve flatulence in the bowels. دافع باد، دافع ریاح

Carmine *n.* & *adj.* crimson pigment. قرمزی یا لال رنگ، گہرے سُرخ رنگ کا

Carnage (kar-naj) *n.* great slaughter esp. of man. خونریزی، قتل عام، کشت و خون، خون خرابا

Carnal (kar-nal) *adj.* fleshly; wordly; sensual; دنیاوی، جسمانی، نفسانی، حیوانی، شہوانی شہوت پرستی

Carnality (kar-nel-i-ti) *n.* lust. شہوت پرستی

Carnalize *v.t.* شہوانی لذت میں محو کرنا

Carnally *adv.* نفسانی نقطہ نظر سے، شہوت پرستی سے

Carnation (kar-na′shun) *n.* rosy pink colour; flesh colour. گلناری رنگ، گوشت کا سا رنگ

Carnauba wax *n.* کرنابی موم، موم جو کہ کارنوبا (برازیل) کے موی تار سے حاصل کیا جاتا ہے

Carnegie unit *n.* ثانوی سکول میں کسی درسی مضمون کے یک سالہ مطالعہ پر عطا کیا گیا اعزاز

Carnelian, Cornelian *n.* گہرے سُرخ رنگ کا قیمتی پتھر جو زیورات سازی میں استعمال ہوتا ہے

Carnival *n.* roitous rivalry. رنگ رلیاں، جشن، عیش و عشرت *At carnival time in many southern European cities the people put on masks and sing and dance in the street.*

Carnivora (kar-ni-vo-ra) *n. pl.* large order of flesh-eating animals. گوشت خور جانور

Carnivorous (kar-niv′o-rus) *adj.* flesh-eating. گوشت خور، گوشت کھانے والا

Carol (kar′ol)❶ *n.* song of joy or mirth. نغمہ، گیت *The choir sings carols at Christmas time. Birds carol in the spring.* ❷— *v.i.* to sing a carol. گانا ❸— *v.t.* to praise, or celebrate in song. گا بجا کر حمد و ثنا کرنا، نغمہ سرائی کرنا، الاپنا

Carom *n.* (بلیئرڈز) گیند کو چھڑی کی ایسی ضرب جس سے گیند یکے بعد دیگرے دو گیندوں سے ٹکرائے، اُس گیند جیسی حرکت جو چوٹ لگا کر لوٹ آئے

Carousal (kar-ooz′al) *n.* drinking-bout; noisy revel. مے نوشی، پی کر فساد کرنا، بدمستی

Carouse (kar-ooz′) *v.t.* to have a drinking bout. ڈٹ کے پینا، بدمستی کرنا، پی کر غل غپاڑا کرنا

Carouser (kar-ooz′ur) *n.* a hard drinker. بڑا شرابی

Carp *n.* a fresh water fish. ایک مچھلی جو عام طور پر تالابوں میں پائی جاتی ہے، سیم ماہی

Carp (karp) *v.i.* (with *at*) to catch at small faults or errors. عیب جوئی کرنا، نکتہ چینی کرنا، کھوٹ نکالنا

Carpal *n.* & *adj.* کلائی کی کوئی ہڈی

Carpenter (kar-per′tur) *n.* artificer in wood-work. بڑھئی، ترکھان، کارپینٹر *Father hired a carpenter to lay a new floor.*

Carpentering,—try (kar-pen′ter′ing,—tri) *ns.* business of a carpenter. بڑھئی کا کام

Carper (karp′ur) *n.* a caviller. نکتہ چینی کرنے والا، معترض

Carpet (kar′pet) *n.* thick woven fabric for covering floors, stairs, etc. غالیچہ، غالیچہ، فرش *We put a carpet on the living-room floor.* ★ **Carpet Bag** *n.* چٹائی والے کپڑے کا بنا ہوا سفری تھیلا ★ **Carpet Bag** *v.i.* کسی سیاسی فائدے کے لئے پرائی جگہ جا کر براجمان ہونا ★ **Carpet beetle** *n.* قالین حشرہ، غالی کھٹمل ★ **Carpet dance** *n.* سادہ ناچ، معمولی ناچ، وہ ناچ جس کے لئے پہلے سے کوئی تیاری نہ ہو ★ *On the carpet.* زیر غور چیز، زیر بحث مسئلہ

Carpetting *n.* فرش کا کپڑا

Carping *adj.* حرف گیر، نکتہ چیں، عیب جو، بدمزاج، معترض

Carpingly *adv.* بدمزاجی سے، عیب جویانہ طور پر، معترضانہ

Carriage (kar′rij) *n.* transportation; conveyance; vehicle; freight; behaviour. باربرداری، تانگہ، کرایہ، چال | *Motor-cars have now taken the place of carriages.*

Carrier (kar-ri′ur) *n.* conveyer; porter; messenger. لے جانے والا، مزدور، پیغام بر، قلی، مزدور ★ *Carrier nation.* تاجر قوم، تجارت پیشہ قوم جو دوسری قوموں کے لئے بحری تجارت کرے

Carrion (kar′i-un)❶*n.* dead putrefying flesh;

carcass. مُردہ یا سڑا ہوا گوشت، نعش ❷ *adj*. feeding on carrion. مُردار خوار



CARROT

Carrot (kar′ut) *n*. a plant haviug a tapering root of a reddish or yellowish colour, which is edible and sweet. گاجر، مشہور سبزی

Carry (kar′ri)❶ *v.t.* to bear; to convey; to drag; to effect; to capture; to achieve; to support; to have; to manage; to behave or demean. لے چلنا، اُٹھانا، گھسیٹ یا کھینچ کر لے جانا، کام نکالنا، قبضہ میں لانا، حاصل کرنا، تھامنا، رکھنا، انتظام کرنا، چلن چلنا ❷— *v.i.* (in the womb.) حاملہ ہونا ★ *Carry all before one.* بازی لے جانا ★ *Carry conviction.* خیال دوسروں کے ذہن نشین کرنا ★ *Carry into effect.* عمل میں لانا، پُورا کرنا

Carsick *adj*. حرکتی مریض، سفری بیمار

Carsickness *n*. حرکتی مرض، سواری روگ، سفری متلی

Cart (kart)❶ *n*. strong two-wheeled vehicle used in farming and for heavy goods. گاڑی، چھکڑا *A cart may be pushed by a person or drawn by a horse, donkey, or other animal.* ❷— *v.t.* ★ چھکڑے پر لاد کر لے چلنا ★ **Cart wright** چھکڑا بنانے والا ★ *Put cart before horse.* اُلٹی بات کرنا، اُلٹی گنگا بہانا **Cart fil.** جتنا گاڑی میں آسکے، چھکڑا بھر ★**Cart Wheel** *n*.

Cartage (kart′aj) *n*. act of carrying in a cart; the price paid for carting. گاڑی پر لدوا کر بھیجنا، لدوائی، باربرداری

Carte (kart) *n*. fencing position. ہول پیدا کرنے والا پینترا، تیغ بازی کا پینترا

Carte blanche (kart-blansh) *n*. full power. سیاہ سفید کا اختیار، کُلی اختیار دینا، کھلی چھٹی، مکمل اختیار

Cartel (kar′tel) *n*. an agreement for exchange of prisoner. قیدیوں کی تبدیلی کا عہد و پیمان، گٹھ جوڑ

Carter (kart′ur) *n*. one who drives a cart. گاڑی بان

Cartesian *adj*. کارتیسی ڈیکارٹ کے فلسفے کو اپنانے والا

Cartilage (kar-ti′laj) *n*. gristle; firm elastic tissue. کرکری چینی یا مرمری ہڈی


Cartilaginous (kar-ti′laj-in′us) *adj*. gristly. کرکری ہڈی کا

Cartogram *n*. نقشہ شماریات، کارٹوگرام

Cartographer *n*. نقشہ نگار، نقشہ نویس

Cartography *n*. نقشہ نویسی، نقشہ نگاری، نقشہ کشی جماعت

Cartomancy *n*. fortune telling by playing cards. تاش کے پتوں سے فال نکالنا، تاش جوتش




CARTOON

Carton *n*. کارٹن، گتے کا ڈبہ، ہدف کے مرکز میں سفید گول ٹکیہ

Cartoon (kar′toon) *n*. a pictorial caricature. مزاحیہ خاکہ، کارٹون *The children's comic has coloured cartoons in it.*

Cartoonist. مزاحیہ چربے اُتارنے والا، ہجویہ تصویریں بنانے والا، کارٹون بنانے والا

Cartouch,—e (kar′toosh,—i) *n*. case for holding cartridges. توش دان، کارتوس دان



CARTRIDGE

Cartridge (kar′trij) *n*. case made of paper, pasteboard, metal, etc., containing the charge for a gun. کارتوس *Cartridges are used in guns.* ★ *Cartidge paper n.* کارتوس بنانے کا کاغذ

Cartularly *n*. رجسٹر، قبالہ جات اور دیگر دستاویزات کا رجسٹر

Caruncle *n*. گومڑ، تھوڑا سا اُبھرا ہوا زائد گوشت یا بد گوشت

Carve (karv′) *v.t.* to cut into forms, devices, etc.; to make or shape by cutting. کندہ کرنا، کاٹ کر نقش بنانا، کاٹنا، مجسمہ بنانا *Many animal ornaments are carved out of wood. Mother carved the meat in the kitchen.* ★ *Carve one's way.* اپنے بل بوتے پر ترقی کرنا، اپنی طاقت بڑھانا

Carver (karv′ur) *n*. sculptor. بُت تراش *The wood-carver made little figures of people from wood.*

Carving (karv′ing) *n*. نقش و نگار

Cascade (kas′kad) *n*. water-fall. آبشار

Case (kas)❶ *n*. covering box or shealth; (*Print.*) receptacle for types. خول، غلاف، ٹائپ رکھنے کا خانہ دار لکڑی کا صندوق ❷— *v.i.* to supply with a case. غلاف چڑھانا، میان میں رکھنا، بند کرنا مرض

Case (kas) *n*. events; (*Law.*) cause in court; suit. (*Gram.*) the inflections of nouns; representation; subject of question or enquiry; person under medical treatment. ماجرا، مقدمہ عدالت، حالت اسم بحیثیت فاعلی یا مفعولی وغیرہ، تقریر گذارش، امر تصفیہ طلب، مریض جو ڈاکٹر کے زیر علاج ہو، کیس

Casemate (kas′mat) *n*. loopholed gallary, from which the garrison of a fort could fire upon an enemy who has obtained possession of the ditch.

گنبد، قبہ، گڑھ

Casement (kas'ment) *n*. window that opens on hinges. کھڑکی، جھروکا، دریچہ، آئنہ دار کھڑکی

Caseous *adj*. of or like cheese. پنیر صفت، پنیر کی مانند

Case worm *n*. غلافی مگس، خولی مکھی

Cash (kash)❶ *n*. ready money; coin; gold and silver. زر نقد، روپیہ پیسہ، کیش *I cashed a cheque at the bank*. ❷— *v.t.* to turn into or exchange for money. بھنانا، تڑانا ★ *Cash down*. نقد قیمت ادا کرنا ★ *Cash book*. کیش بک، نقدی کھاتا، رجسٹر نقدی

Cashew (ka-shoo) *n*. West Indian tree with kidney shaped fruit. کاجو، کاجو کا درخت

Cashier (kash-ier) *n*. one who has the charge of money; cash-keeper. خزانچی، فیم، کیشئر، خزانہ دار

Cashier (kash'er) *v.t.* to deprive of office; to dismiss from a post or office for bad conduct. نکال دینا، دور کرنا، کاٹ دینا، جواب دینا، چھڑا دینا، معزول کرنا

Cask (kask) *n*. a cylindrical vessel for containing liquors; barrel. پیپا *The grocer bought a cask of vinegar*.

Casket (kask'et) *n*. small chest or box for jewels or other small articles. تابوت، سنگاردان *The children gave their teacher a silver casket*.

Caslon *n*. پرانے طرز کا ٹائپ جو ٹائپ کے موجد ولیم کیسلن کے طرز پر بنایا گیا

Casque (Kask) *n*, hemet. فوجی ٹوپ، خود، مغفر

Cassation (kas-sa-shun) *n*. act of annulling. منسوخی، رد

Casserole *n*. ہانڈی یا تلنے کا برتن

Cassette *n*. کیسٹ، ایک قسم کا ٹیپ ریکارڈنگ کا کیسٹ

Cassia (kash'ya) *n*. inferior kind of cinnamon; (leves); (purging). دار چینی کا پیڑ، املتاس، تج پات

Cast (kast)❶ *v.t.* to throw; to shed; to emit; to overcome; to compute; to mould; to bring forth abortively. بہانا، پھینکنا، نکالنا، دے مارنا، نیچے لانا، حساب جوڑنا، سانچے میں ڈھالنا، ادھورا بچہ گرانا *The fisherman cast the fish-hoiod and bait into the water. Many parts of a motor-car are cast from metal*. ❷— *v.i.* (metal); to contrive; to consider; to twist. تدبیر کرنا، غور کرنا، مروڑنا ❸— *adj*. wrecked; dejected; (metal). بگڑا ہوا، مایوس، ڈھلا ہوا ❹— *n*. throw of anything; distance; (of the eye); mould; manner. ڈھال، دوری، بھینگاپن، سانچہ، وضع، طرز ★ *Cast down*. اداس یا دل گیر ہونا، افسردہ خاطر ہونا ★ *Cast lots*. نام نکالنا، قرعہ اندازی کرنا ★ *Cast off*. ترک کرنا، برطرف کرنا، نکال دینا ★ *Cast one's care upon*. اپنی بلا دوسرے کے سر ڈالنا ★ *Cast in eye*. آنکھ میں بھینگا پن ★ *Cast of features*. چہرے کی ساخت، مزاج کی رفتار

Castanet (kas-ta-net) *n*. dancer's chinking instrument. کھرتال، جھانجھ *The dancer kept time with castanets*.

Cast away *n*. & *adj*. reprobate. مردود، نکالا ہوا، نالائق، ناکارہ، نکما، گیا گزرا

Caste (kast) *n*. class or order of society; tribe. ذات، قوم، طبقہ، ذات پات

Castellan (kas-tel-lan) *n*. governor of a castle. قلعہ کا حاکم

Castellated (kas-tel-la-ted) *adj*. having turrets and battlements like a castle. مثل قلعہ، قلعہ نما


Castigate (kas'ti-gat) *v.t.* to chastise; to punish with blow or words. خوب گوشمالی کرنا، لعنت ملامت کرنا

Castigation (kas-ti-ga'shun) *n*. chastisement; severe punishment. تنبیہہ، گوشمالی، سرزنش، تادیب

Castigator (kas-ti-ga-tor) *n*. one who corrects. سزا دینے والا، سرزنش کرنے والا

Castilian *n*. اسپین کے شہر قستالیہ کا پیدائشی یا باشندہ قستالی

Casting vote *n*. ووٹ برابر ہونے کی صورت میں صدر یا اسپیکر کا فیصلہ کن ووٹ



CASTLE

Castiron *n*. لوہے کے ڈلے، ڈھلا ہوا لوہا

Castle (kas'l) *n*. fortified house or fortress;(in Chess). قلعہ، گڑھ *Castles had towers, high walls, and moats or water-ways about them to hold off enemies*. ★ *Castle-builder*. خیالی پلاؤ پکانے والا ★ *Castle in the air*. خام خیالی، ہوائی قلعے باندھنا

Castle (kasl) *v.t.* & *i*. move castle next to king. شطرنج میں بادشاہ اور رُخ سے حریف کے بادشاہ کو گھیرنا، مقابل کے بادشاہ کو رُخ بند کرنا

Castor (kas'ter) *n*. beaver. اود بلاؤ ارنڈ

Castor oil (kas'ter oil) *n*. an oil extracted from the palma christi, in the West Indies. ارنڈ کا تیل *Castor oil is taken as medicine to bring about a movement of the bowels*.

Castrate (kas'trat) *v.t.* to deprive the power of the generation. خصی کرنا، آختہ کرنا، طاقت ختم کرنا

Casual (kazh-u-al) *adj*. occasional. اتفاقی ★ *Casual labourer*. کبھی کبھی کام کرنے والا، بے قاعدہ مزدور، ہنگامی مزدور ★ *Casual poor*. ہنگامی امداد خواہ، وہ غریب جس کو کبھی کبھی امداد کی ضرورت ہو

Casually (kazh-u-a-li) *adv*. accidentally. اتفاقاً

Casualty (kazh-u-al-ti) *n*. accident; loss suffered from death or wounds. حادثہ، مصیبت *There were many casualties when the train crashed*.

Casualty insurance *n*. حادثاتی بیمہ

Casuist (kazh-u-ist) *n*. one who studies and resolves cases of conscience. مرشد، قیافہ شناس، مجتہد

Casuistry (kazh-u-is-tri) *n*. the science or skill of a casuist. اجتہاد، علم و فن تاویل، اخلاقی اصولوں پر گفتگو

Cat (kat) *n*. small domesticated carnivorous



CAT

quadruped. بلّی ★ *Cat nap.* تھوڑی دیر کرنا، کرسی پر بیٹھے بیٹھے سو جانا
★ *Cat's paw.* آلہ کار

Catachresis (kate-kre-sis) perversion. تحریف لفظی، لفظوں کے معنوں میں ردو بدل

Cataclasm *n.* deluge, political or social upheaval, disruption. ہیجان، سیاسی یا سماجی انقلاب، زور سے پھٹ پڑنا، زبردست دھماکہ

Cataclysm *n.* سیلاب، طوفان، پانی کا کناروں سے اوپر بہاؤ، شدید اور اچانک طبعی عمل جس سے زمین کی سطح پر تبدیلیاں واقع ہوں

Catacomb (kat-a'kom) *n.* subterranean gallery with side recesses. ہوادار زمین دوز قبرستان، کہف، تہ خانہ

Catadromus *adj.* descending to lower depth to spawn. مچھلیوں کی قسم جو انڈے دینے کے لئے دریائی تہ میں اتر جاتی ہیں، مُردوں کے رکھنے کا تہ خانہ

Catalectic *adj.* & *n.* (شاعری) اخارج بحر، بے وزن، سکتہ دار

Catalepsis, Catalepsy (kat-a-lep-sis, Kat-a-lep-si) *n.* disease in which trances occur. سکتہ، غشی، ایک اعصابی بیماری

Cataleptic (kat-a'lep-tik) *adj.* pertaining to catalepsy. متعلق مرگی، بے ہوش، مرگی کا مرض

Catalogue (kat-a-log) *n.* alphabetical complete list. فہرست کتب یا دیگر اشیاء کی فہرست، رجسٹر کیٹلاگ

Catalyst *n.* عمل انگیز


Catamite *n.* لڑکا جسے لواطت کے لئے رکھا جائے، مفعول

Catamnesis *n.* مریض نامہ، مریض کی بیماری اور علاج کی روداد

Catamount *n.* بلّی کے خاندان کا جنگلی درندہ، پہاڑی بلّی

Cataplasm (kat'a-plazm) *n.* a plaster or poultice. پولٹس، ضماد، لیپ

Catapult (kat-a'pult) *n.* ancient engine for hurling stones or darts; boy's shooting contrivance of forked stick and elastic. پتھر چلانے کا آلہ، غلیل، گوپھن *The body broke a window with his catapult.*



CATAPULT

Cataract (kat-a-rakt) *n.* waterfall; opacity of the pupil. آبشار، جھرنا، موتیا بند *We watched the cataract plunging down over the precipice into the valley below.*

Catarrh (ka-tar') *n.* inflammation of mucous membrane; cold in the head. زکام، نزلہ *Last winter father suffered so badly from catarrh that he had to visit a doctor.*

Catastrophe (ka-tas-tro'fe) *n.* great calamity or disaster; winding up of the plot in drama; final event. آفت، مصیبت، ناٹک کا خاتمہ، قیامت، انجام بد، تباہ کن واقعہ

Catawba *n.* گہرا سرخ رنگ، انگور، انگوری شراب

★ *Cat bird.* ★ گربانگ، امریکی طوطی *Cat boat.* ایک بادبانی کشتی

Catch (katch) ❶ *v.t.* to take hold of; to seize; to trap or ensnare; to take a disease by infection; to understand; to charm. تھامنا، پکڑنا، باندھ لینا، پھانسنا، لگ جانا، سمجھنا، اثر لینا *Traps are used to catach some animals.* ❷— *v.i.* to lay hold of; to be contagious; to be entagled or fastened in anything. لینا، پکڑنا، اڑ کے لگنا، پھنس جانا، بندھ جانا ❸— *n.* seizure; thing caught; prey; choking; sudden advantage taken; prize. پکڑ، شکار، پھندا جو گلے میں پڑتا ہے، سونے کی چڑیا ★ *Catch at a tartar.* اپنے سے زبردست مقابلہ کرنا ★ *Catch one's breath.* سانس روک لینا، حیرت زدہ ہونا، دم سادھ لینا

Catching (kach'ing) *adj.* contagious; infectious; attractive. چھوت یا ہوا سے لگنے والی، دل کش، مسحور کن

Catchy (kach'i) *adj.* easily caught up. آسانی سے پکڑ لینے کے لائق، دلکش، مغالطہ انگیز

Catechist (kat'ik-ist) *n.* one who catechises; a teacher. سوال کرنے والا، عیسائی مذہب کا منادیا واعظ، مکالماتی مدرس

Catechize (kat'e-kiz) *v.t.* to instruct orally by questions and answers; interrogate. بذریعہ سوال و جواب تعلیم دینا، سوال کرنا، جرح کرنا

Catechism (kat'e-kizm) *n.* a book or manual of elementary instruction by questions and answers. سوال و جواب کی کتاب، درس بذریعہ سوال جواب

Catechu (kat'e-shoo) *n.* an astringent substance extracted. کتھا، خشک، زمنی

Categorical (kat'e-gor-ik-al) *adj.* absolute; positive. مطلق، قطعی، بے لاگ، غیر مشروط

Categorically (kat'e-gor-ik-al-i) *adv.* absolutely positively. صاف صاف، سیدھے طور سے، مطلقاً

Categorize (kat'-e-go-ri-z) *v.t.* to classify in a list. جنس وار کرنا، گروہ بندی کرنا

Category (kat'e-gor-i) *n.* class or order; order of ideas. قسم، زمرہ، سلسلہ خیالات، درجہ طبقہ گروہ

Cater (ka'ter) *v.t.* to provide food, entertainment, etc.; to purvey. ضروریات مہیا کرنا، کھانا کھلانا *This magazine caters for the people who like art.*

Caterer (ka'ter-er) *n.* a provider of victuals. فراہم کنندہ، حاجت رساں، بھنڈاری، خانساماں، باورچی، ہوٹل کا مالک

Cateress *n.* وہ عورت جو کھانا مہیا کرے

Caterpillar *n.* سنڈی، لاروا، پھل روپ

Catgut *n.* guts made of twisted intestines.

تانت، آنتیں، تانت والے آلات موسیقی

Cathartic (kath′art′ik)❶ *adj*. purgative. دست آور، جلابی ❷— *n*. purgative medicine. جلاب

Cathedral (kath-ed′ral) *n*. the principal church of a diocese. بڑا گرجا *A cathedral contains the bishop's throne.*

Catherinewheel (kath′e-rin-whel) *n*. rotating firework; window. کیتھرین پہیہ، کھڑکی گھومنے والی آتشبازی

Catholic (kath′ol-ik)❶ *adj*. universal or general; liberal. عام، آزاد ❷— *n*. a member of the church of Rome. رومن کیتھولک مذہب کا ماننے والا، فراخ دل

Catholican *n*. تریاق، تمام بیماریوں کا واحد علاج

Catholicism (kath′ol-ik-izm) *n*. liberality of views; the doctrines of the R.C. church. بے تعصبی، رومی کلیسا کی تعلیم اور رسوم، کٹر عیسائی پن، رومن کلیسا کے طریقہ کار

Colly *v.t.* کوئلے کے گرد غبار سے سیاہ کرنا

Collyrium (kol-lir′um) *n.* a term for various kinds of eye-salve or eye-wash. آنکھ میں ڈالنے کا لوشن یا عرق، سرمہ

Colocynth *n.* bitter apple, ground plant. تلخ سیب، کڑوا کھیرا، خیار تلخ، اندراتن، حنظل

Cologne *n.* کولون، سنگھار کا خوشبودار پانی

Colon (ko-lun) *n.* the mark (:) used to indicate a distinct clause of a sentence. انگریزی میں پڑھنے میں ٹھہراؤ کا یہ (:) نشان ، بڑی آنت کا حصہ

Colonel (ker-nel) *n.* highest regimental officer. پلٹن کا بڑا افسر، کرنیل ، فوج کا سردار، کمیدان

Colonial (ko-lo-ni-al) *adj.* and *n.* pertaining to a colony; inhabitant of a colony. نئی بستی کا، نئی بستی کا باشندہ

Colonise (ko-lo-niz)❶ *v.t.* to migrate and settle in. نئے ملک میں جاکر آباد ہونا ❷— *v.t.* to establish a colony in. نو آبادی میں لوگوں کو بھیجنا، نئی بستی بسانا

Colonnade (kon-on- nad) *n.* series of columns with entablature placed at regular intervals. برابر دوری پر ستونوں کی قطار ، ستون بندی

Colony (ko-lo-ni) *n.* body of persons who form a fixed settlement in another country; a settlement abroad. کالونی، نو آباد کاران جو پردیس میں جا کر بسے ، نو آبادی *A colony of French people live in the southern part of Africa .*

Colorific *adj.* producing colour. رنگ چھوڑنے والا، رنگ فشاں، رنگ آور، رنگ سے متعلق

Colossal (ko-lo-sal) *adj.* gigantic. قوی ہیکل، دیو سا

Colossus (ko-lo-zus) *n.* gigantic statue. دیو قد مورت

Colour, Color (kul′ ur)❶ *n.* appearance which bodies present to the eye; appearance of blood in the face; disguise; pretext; paint; kind; (*pl.*) flag, ensign or standard. رنگ، کیفیت، نمک، صورت، قسم، روغن، بہانہ، نشان، جھنڈا، عَلَم ★ *Primary colours,* three colours giving all others by mixture *viz.*, red and green and violet or with painters red, blue and yellow, *secondary colours.* ۳ رنگ، لال، پیلا اور نیلا جن سے اور دوسرے رنگ بنتے ہیں، جو سیکنڈری رنگ کہلاتے ہیں ❷— *v.t.* to put colour on; to dye; to paint; to give a specious appearance; to render plausible; to misrepresent; to pulliate. رنگنا، رنگ چڑھانا، رنگ لگانا، ملمع کرنا، ظاہرا" قابل اعتبار بنا دینا، چشم پوشی کرنا ❸— *v.i.* to show colour; to blush. شرم کھانا، لجانا، سرخ ہونا

Colouration, Colouring (kul′er-a-shun, kul-er′ing) *n.* act of applying colour to misrepresentation; specious appearance. رنگاوٹ، اوپری ٹیپ ٹاپ، رنگدار بنانا

Colourless *adj.* dull. روکھا، پھیکا، بے رنگ، بے لطف، غیر جانبدار، بے کیف، بے اصول *The bashful boy told the story in a colourless voice, without emphasizing anything.*

Colporteur (kol-por-chur) *n.* pedlar, selling tracts and religious books. مذہبی کتابوں کی پھیری لگانے والا

Colt (kolt) *n.* young of horse; an inexperienced person. بچھیرا، اناڑی، ناتجربہ کار ★ (*Met.*) wantonness. لڑکپن، چنچل پن ★ *To have a colt's tooth in one's head.* سینگ کٹا کر بچھیروں میں شامل ہونا

Colter, Coulter (kol-ter, kowl-ter) *n.* the sharp pointed foreiron of a plough. ہل کا لوہا، ہل کا پھالا

Colt hood *n.* بچھیرا پن

Coltish (kolt-ish) *adj.* wanton; frisky. چنچل، البیلا

Colubrine (ko-lu-brin) *adj.* cunning; crafty. سانپ سا، چالاک ، سانپوں سے متعلق

Colugo *n.* اڑنے والا میمون یا لیمور

Columbary (ko-lum-ba′ri) *n.* a dovecot; a pigeon house. کابک، ڈابلی، کبوتر خانہ، مقبرہ سے مشابہ عمارت

Columbia *n.* امریکہ کا تانیثی (مونث) نام

Columbine *adj.* کبوتر یا فاختہ کی طرح یا اس سے متعلق

Columbite *n.* سیاہ رنگ کا قلمی معدن جو لوہے اور کولمبیم کا مرکب ہے


Column (kolumn) *n.* pillar; and upright body or mass like a column; body of troops drawn up in deep file; perpendicular row of lines in a book, newspaper, &c. فیل پایہ، ستون، مینار کسی چیز کا ستون نما ڈھیر، صف، خانہ، کالم *You are now reading the left-hand column of this page.*

Columnal, Columner (ko-lum-nal, ko-lum-ner) *adjs.* formed in columns. کھمبا، ستون سا

Coma (ko-ma)❶ *n.* deep sleep. خواب غفلت، طویل بے ہوشی

Comatose (kom-a′tos) *adj.* drowsy. بے ہوش

Comb (kom) *n.* a toothed instrument for separating



COMB

and cleaning hair, wool, flax, &c.; the crest of a cock; the structure of wax in which bees store honey. کنگھی، کنگھا، تاج، کلغی، شہد کا چھتا *Itrat combed her hair.* ★ *Crop comb.* سر میں لگانے کی کنگھی ❷— *v.t.* to comb; (wool or cotton.) کنگھی کرنا، تومنا

Combat (kom′bat)❶ *v.i.* to fight; to contest; to oppose. لڑنا بھڑنا، مقابلہ کرنا ❷— *n.* contest; duel;

opposition. لڑائی' جھڑپ' کشمکش' ٹکراؤ
Combatant (kom-bat′ant) *adj.* & *n.* having actual fighting as function. لڑاکا' جنگی سپاہی' جنگجو
Combative (kom-ba′tiv) *adj.* pugnacious or disputatious. لڑائی یا مقابلہ کا شوقین لڑاکا
Combe, Comb, Coomb *n.* تنگ وادی یا گہرا گڑھا' گھاٹی' ڈھلان
Comber *n.* دُھنیا' روئی یا اُون کو صاف کرنے والی مشین یا مشین کار' طویل اور خم کھاتی ہوئی موج
Combinable *adj.* وہ جو جوڑا جا سکے' اتحاد یا اتصال کے قابل' اتصال پذیر
Combination ((kom-bina′shun) *n.* union of individual things; alliance; confederacy; conjunction; conspiracy. میل' ایکا' عہد و پیمان' اتصال
Combine (kom-bain)❶ *v.i.* to come into close union; to unite; to agree; to unite chemically and form a new compound. ملنا' متحد ہونا' متفق ہونا *If you combine blue paint and yellow paint, you will have green paint.* ❷— *v.t.* to join together; link closely; to bring into union; to coalesce. ملانا' گانٹھنا' ایک کرنا' متحد کرنا' شریک کرنا جوڑنا
Combined (kom′bind) *adj.* united; joint. متحد' جڑا ہوا
Combings (kom-bings) *n. pl.* hairs combed off. بال جو کنگھی کرنے میں گریں
Combust *adj.* سیارے کی سورج سے اتنی قربت کی وہ نظر نہ آئے' سوختہ والا' بھڑک اُٹھنے والا' شعلہ خو' احتراق پذیر
Combustibility *n.* آتش انگیزی' اشتعال پذیری
Combustible (kom-bus′ti-bl) *adj.* liable to take fire; inflammable; excitable. آتش گیر' بھک سے اُڑ جانے
Combustion (kom-bus-yun) *n.* burning; ignition. سوختگی' جلنے کی حالت' آتش گیری' افروختگی
Come (kum) *v.i.* to draw near; to approach; to arrive; to happen; to ensue; to result from; to accrue; to recover; (fruit &c.) to submit. آنا' پہنچنا' واقع ہونا' انجام ہونا' ہوش میں آنا' بکنے لگنا' مطیع ہونا' پیدا ہونا ★ *To come of,* to be descended from; to result from. ★ *To come in contact with,* to come into close union with. ملاقات ہونا ★ *Come into force,* to become operative. عمل در آمد ہونا ★ *To come over,* to obtain great influece with; to fascinate. مفتوح کر لینا' غالب آنا ★ *To come out,* to be republished. مشہور کرنا ★ *Come on,* سامنے آؤ ★ *To come out of,* نکل آنا ★ *To come round,* to return to friendship. مان جانا ★ *To come to,* to amount. (مبلغ) ہوتا ہے ★ *Come what may,* whatever may happen. جو ہو سو ہو ★ *To come to oneself.* ہوش میں آنا ★ *To come to a bad end,* بدنامی سے مرنا ★ *To come to a standstill,* to be stopped. بند ہو جانا ★ *To come to an understanding,* to amicably agree upon. باہم میل ہو جاتا ہے ★ *To come to blows,* to come to violence. گتھم گتھا ہونا
Comedian (ko-me′dian) *n.* actor or writer of comedies. بھانڈ' سوانگ کا لکھنے والا' طربیہ اداکار *The comedian in the variety show told funny jokes and stories.*
Comedy (kome′di) *n.* dramatic piece of a pleasant or humorous character, originally accompanied with dancing and singing. ہنسی کا سوانگ' طربیہ' کامیڈی
Comely (kum′li) *adj.* pleasing in appearance; good-looking; handsome; decent; becoming. خوش اندام' خوبصورت' خوش شکل' سجدار' زیبا' دلکش *Itrat is a comely girl.*
Comestible (kum-mest′i-bl) *adj.* eatable. خوردنی' غذا
Comer *n.* one that comes. نووارد' آنے والا
Comet (kom′et) *n.* a heavenly body belonging to the solar system having a nucleus surrounded by a luminous envelope, and often a luminous tail or train. دُم دار ستارہ' تارہ *Comets move about the sun.*
Comfit (kum′fit) *n.* sweetmeat made of fruit and sugar, &c. الائچی دانہ' خشک مٹھائی
Comfort (kum′fert)❶ *v.t.* to relieve from pain or distress; to console; to soothe; to invigorate; to revive. آرام دینا' ڈھارس دینا' تسکین دینا' تقویت دینا' تازہ کرنا ❷— *n.* relief; consolation; encouragment; satisfaction. آرام' تسلی' تشفی' آسودگی' تسکین' اطمینان
Comfortable (kumfer-tabl) *adj.* imparting or enjoying comfort. تسکین بخش' آرام دہ' آسودہ' خوشحال
Comfortabler (kum-for-tab′ler) *n.* one that gives consolation; a knit woollen tippet. تشفی دینے والا' گلوبند
Comforter *n.* one who consoles. غم خواہ' تسلی دینے والا
Comfortless *adj.* dreary. بے آرام' رنجور' دکھی
Comfy *adj.* (بول چال) آرام دہ' اطمینان بخش
Comic (kom′ik) *adj.* relating to the comedy; mirth-provoking; droil. ناٹکی' سوانگی' ہنسانے والا' مسخرہ
Comical (kom-i-kal) *adj.* divering; funny. ہنساور' طربیہ' مضحکہ خیز' مزاحیہ *The comedian told many comical stories.*
Comity (kom-i-ti) *n.* courtesy. تواضع' احترام' اخلاق' تعظیم ★ *Comity of nations,* friendly recognition of each other's laws and usages. بین الاقوامی احترام
Comma (kom-a) *n.* in punctuation, the point (,) which marks the smallest division of a sentence; brief interval. جملہ میں بہت کم ٹھہرنے کا یہ نشان (،) دوسرے کی تصنیف یا قول کو دکھانے کا یہ نشان ('') کاما
Comma bacillus *n.* ہیضے کے جراثیم
Command (kom-and)❶ *v.t.* to order; to govern; to control; to be at the head of; to overlook; to get

at pleasure. کمانڈ، ارشاد کرنا، حکومت کرنا، قابو میں کرنا، سرداری کرنا،
اونچا ہونا، جب چاہے لے سکنا ❷— *n.* order; exercise of authority; control; حکم، حکومت، قابو، اختیار

Commandant,—er (kom′dant,—er) *n.* officer who has the command of a place or a body of troops. سپہ سالار، سیناپتی، سردار، کمانڈنٹ، جنگی حاکم

Commandeer (kom-an-der) *v.t.* to compel military service. فوجی ملازمت میں جبراً بھرتی کرنا، سکہ جمانا

Commanding (kom-and′ing) *adj.* exalted or impressive of ability, etc. نہایت موثر، تحکمانہ

Commandment (kom-mand′ment) *n.* precept. اللہ کا حکم، حکم الٰہی ★ *Ten Commandments,* the ten Mosaic laws. دس احکام جو اللہ نے حضرت موسیٰؑ کی معرفت دیئے، احکام عشرہ

Commando *n.* party called out for military service. جمعیت، فوجی دستہ، کمانڈو، منتخب دستہ کا سپاہی، چھاپہ مار

Command pilot *n.*
امریکی فضائیہ میں ہوابازی کی اہلیت کا سب سے اعلیٰ درجہ

Commemorate (kom-mem-o-rat) *v.t.* to celebrate; to preserve the memory of. منانا، یادگار قائم کرنا

Commemoration (kom-memo-ra-shun) *n.* preserving the memory of; memorial. یادگار، عرس

Commence (kom-mens′)❶ *v.t.* to begin; to originate; to enter upon. شروع کرنا، پیدا کرنا، داخل ہونا
The meeting will comence at 3 p.m. ❷— *v.i.*
شروع ہونا، ابتدا ہونا، آغاز ہونا

Commencement (kom-mens′ment) *n.* beginning; origin. شروع، آغاز، ابتدا، بسم اللہ

Commend (kom-end) *v.t.* to entrust for safe-keeping; to praise; to send greetings; to recommend. سونپنا، تعریف کرنا، سلام کرنا، سفارش کرنا

Commendable (kom-end′a-bl) *adj.* laudable; praiseworthy. قابل تعریف لائق ستائش، پسندیدہ

Commendation (kom-end′a-shun) *n.* praise; declaration of esteem; favourable mention; greetings. تعریف، قدر منزلت، سفارش، تسلیمات، تعریف و توصیف

Commendatory *adj.*
تعریفی رنگ میں پیش کیا گیا، توصیفی، سفارشی

Commensal (kom-en′sal) *adj. & n.* eating at the same table; a messmate. ایک ہی میز پر یا چوکے میں کھانے والا

Commensurable (kom- en-su-ra-bl) *adj.* having a common measure; measurable by the same standard; proportionate; (of numbers) divisable without remainder by the same quantity.
ہم انداز، ہم مقدار، مناسب، ایک عدد پر برابر تقسیم ہو جانے والا

Commensurableness *n.* ہم عیاری، ہم مقداری، ہم نسبتی وغیرہ

Commensurably *adv.* ہم مقداری سے، توافق سے

Commensurate (kom-en-su-rat) *adj.* of the same measure with; in proportion with. ہم انداز، موافق

Commensuration (kom-en-su-ra-shun) *n.* reduction of some things to some common measure.
ہم وزنی، ہم نسبتی

Comment (kom-ent) *v.i.* to write explanatory notes (upon a text); to make remarks.
شرح لکھنا، حاشیہ چڑھانا، رائے دینا، توضیح کرنا، تفسیر لکھنا

Commentary (kom-en-ta-ri) *n.* book of notes.
تفسیر، شرح، خلاصہ، کمنٹری، توضیح

Commentator (kom-en-ta-tur) *n.* one who explains; (of the Vedas). مفسر، شارح، کمنیٹر، حاشیہ نویس

Commerce (kom′ers) *n.* exchange of merchandise on a large scale; trading; traffic; intercourse; fellow-ship. سوداگری، تجارت، میل ملاپ، سنگت، لین دین، کامرس
There is much commerce between England and the United States. ★ *Chamber of Commerce.*
انجمن سوداگراں، چیمبر آف کامرس

Commercial (kom-er-sh-al) *adj.* relating to trade. تجارتی، کمرشل ★ *Commercial college.* مدرسہ عالیہ
★ *Commercial credit.* تجارتی ساکھ ★
Commercial usage. بازار کا دستور ★ *Commercial establishment.* تجارتی ادارہ

Commercially *adv.* تاجرانہ نقطہ نظر سے، تجارتی حیثیت سے

Commination (kom-i-na′shun) *n.* threatening.
دھمکی، خدا کا قہر، عذاب الٰہی کی پیش گوئی، ملامت

Commingle *v.t. & i.* mingle together.
گھل مل جانا، ملنا، باہم ملنا، امتزاج کرنا، ملانا، گڈمڈ کرنا

Comminute *v.t.* چھوٹا یا باریک کرنا، پیسنا، پاوڈر بنانا، تکا بوٹی کرنا

Comminute *adj.* سفوف، چورا

Comminution *n.* تقسیم، ٹکرے کرنے، باریک کرنے یا پیسنے کا عمل، سفوف سازی

Commiserate (kom-iz′er-at) *v.t.* to feel; to show, express pity for; to sympathise; to condole with.
ترس کھانا، رحم کرنا، اظہار افسوس کرنا
ہمدردی کرنا، دوسروں کے ساتھ ماتم کرنا، غم کرنا

Commiseration (kom-iz′er-a-shun) *n.* concern for the sufferings of others; pity. ترس، ہمدردی، غم خواری

Commissariat(kom-is-sa′ri-at) *n.* food and store department of army. لشکر کے رسد کا محکمہ

Commissary (kom′is-er-i) *n.* deputy; delegate; officer charged with supply of food &c., for body of soldiers.
افسر جس کے اختیار میں فوج کی رسد پہنچانے کا اختیار ہو

Commission (kom-ish-′un)❶ *n.* act of committting; perpetration; writing; conferring certain powers; warrant; authority; charge; percentage paid in a transaction; allowance; services entrusted; company of persons. ارتکاب حرکت، سند، پروانہ، اختیار، مقدور، دلالی، آڑھت، سونپا ہوا کام، جماعت، وفد
❷— *v.t.* to empower; to authorize; to appoint.

اختیار دینا' وکیل کرنا' مقرر کرنا ' روانگی دینا' اجازت دینا
★ *Commission agent.* آڑھتیا' دلال ★ *Commissioned officer.* ذی اختیار' افسر' کمشن آفیسر

Commission-aire *n*. uniformed messengers. لندن کے وظیفہ یاب' بارودی ہرکارے' فوجی ملازموں کی جماعت کارکن

Commissioner (kom-ish-un-er) *n*. a member of a permanent Government board or other commission; representative of supreme authority in a district or Government department. حاکم ضلع' اہل کمیشن' کمشنر 'نائب مامور' منتظم

Commit (kom-it) *v.t.* to entrust; to consign; to do or perpetrate; to endanger; to imprison; to pledge. سپُرد کرنا' سونپنا' کرنا' ارتکاب کرنا' مصیبت یا خطرہ میں ڈالنا' قید خانہ بھیجنا' قول دینا ★ *To commit to memory,* to learn by heart. زبانی یاد کرنا ★ *To commit to oneself to,* to pledge or bind oneself. اپنے کو پابند کرنا

Commitment (kom-it-ment) *n*. order for sending to prison. قید خانے بھیجنے کا حکم' قید' وابستگی' احساس ذمہ داری

Committee (kom-it′te) *n*. persons especially appointed to manage any business. کمیٹی' پنچائیت
★ *Committee of the whole.* کل ایوان کی مجلس یا کمیٹی

Commix *v.t.* & *v.i.* ملنا' ملانا' مخلوط کرنا

Commixture *n*. ترکیب' مرکب' آمیزش ' آمیزہ

Commode (kom-od) *n*. a small side board; close-stool. دیوار سے لگے ہوئے تختے کی الماری' پاخانہ کی چوکی

Commodious (komo′di-us) *adj*. convenient; serviceable; spacious; suitable. آرام دہ' کام کا کھلا ہوا' پھیلا' موافق ' گنجائش دار' فراخ

Commodiousness (kom-od-i-us′nes) *n*. convenience; profit. آرام' نفع ' کشادگی' وسعت' فراخی

Commodity (kom-od′i-ti) *n. pl.* articles of traffic; goods. مال' اسباب ' کار آمد شے

Commodore *n*. naval officer above captain. میر بحریہ کا ماتحت' عہدہ دار' قائم مقام' صدر ناخدا ' کموڈور

Common (kom′un)❶ *adj*. belonging to several; general; of or for all; ordinary; usual current; easy to be had; abundant; frequent; of little value; of low degree. عام' مشترک' سب کا' بالعموم' معمولی' چلتا ہوا' آسانی سے مل جانے والا' اکثر' حقیر' ادنیٰ' کامن ★ *Common sense,* normal understanding. سوجھ بوجھ ★ *Common law,* the written law based on usage. قدیم رواج ★ *To make common cause with.* سے مل جانا
❷— *n*. public ground or pasturage; (*pl.*) the common people; lower house of Parliament. عام' چراگاہ' میدان' عوام الناس' پارلیمنٹ کا دوسرا درجہ ★ *Short commons;* insufficient supply of rations خوراک کی کمی ★ *In common with,* equally with others. ساجھے میں ★ *Common room.* بیٹھنے کا کمرہ' بیٹھک' عام لوگوں کی نشست کا کمرہ

Commonalty (kim′un-al-ti) *n*. the general body of the people without any distinction, rank or authority. عوام الناس

Commonly (kom′un-li) *adv*. frequently usually. اکثر' عموماً' بالعموم' عام طور پر

Commonplace *n*. anything common. روز مرہ کی' خاص خاص باتیں جو لکھ لی جائیں' پیش پا افتادہ سُنی سُنائی' معمولی' گھٹیا

Common place *v.t.* & *i.* extract or utter common places. اقتباس کرنا' نقل کر رکھنا' سُنی سنائی باتیں کہنا

Commonweal *n*. عوام کی فلاح' فلاح عامہ

Common wealth (kom′un-welth) *n*. the people; a form of government in which the power rests with the people. کسی قوم کی سیاسی تنظیم' عوام الناس' سلطنت جمہوری' دولت مشترکہ' کامن ویلتھ

Commorient (kom-o-ri-ent) *adj*. dying at the same time. ایک ہی وقت مرنا

Commotion (kom-o′shun) *n*. violent motion or agitation; tumult; disturbance; perturbation. زلزلہ' ہل چل' بلوہ' فتنہ' بے قراری

Communalism *n*. جُداگانہ انتخاب کا نظریہ' قومی خود مختاری کا طریقہ' فرقہ وارانہ خود مختاری کا اصول

Commune (kom-un)❶ *v.t.* to converse or talk together; to have intercourse. بات چیت کرنا' بولنا چالنا
★ *To commune with one's self.* دل سے مشورہ لینا
❷— *n*. friendly talk; the common people. دوستانہ بات چیت' عوام ' سماج' برادری اور انتظامی علاقہ

Communicable (kom-u-ni-ka-bl) *adj*. that may be imparted. قابل اظہار' کہنے کے لائق' متعدی' چھوت کی

Communicant *n*. ابلاغ کرنے والا' بات پہنچانے والا' خبر دینے والا' عشائے ربانی میں شرکت کرنے والا' گرجا کا رکن

Communicate (kom-u′ni-kat)❶ *v.t.* to give a share of; to impart; to reveal; to give information; to give; to bestow. پہنچانا' کہنا' ظاہر کرنا' اطلاع دینا' دے ڈالنا *A pilot communicates with an airport by radio.* ❷— *v.i.* to be connected; to have communication; to have intercourse. متعلق ہونا' خط و کتابت کرنا' ربط ضبط کرنا ' راہ نکالنا

Communication (kom-un-i-ka′shun) *n*. the act of imparting; intercourse; correspondence; means of coming and going; connection; information. دینا یا پہنچانا' آمد و رفت' خط و کتابت'؛ مواصلات' تعلق ' پیغام رسانی

Communicative (kom-u-ni-ka-tiv) *adj*. ready to impart information; not reserved. بتانے یا خبر دینے کو تیار' ملنسار ' پیغام رساں

Communion (kom-un-i-un) *n*. sharing; fellowship; intercourse; interchange of thoughts. باہم دل کی باتیں کرنا' راز و نیاز' باہمی تعلق یا رابطہ

Communique *n*. اعلامیہ' سرکاری اطلاع یا اعلان

Communism *n*. vesting of property in the community. اشتمالیت' اشتراکیت' مساوات' مال و دولت کو مشترک ملکیت بنانے کا اصول یا اس کی حمایت

Communist *n*. اشتمالیت پسند' اشتراکیت ' کیمونسٹ

Communistic *adj.* اشتمالی' اشتراکی

Communitarian *n.* اشتمالی یا اشتراکی سماجی کارکن

Community (kom-u-niti) *n.* common possession or enjoyment; the public; society. مشارکت' رعایا' جماعت' کسی علاقے کی پوری آبادی' برادری' فرقہ' طبقہ' بستی

Commutable (komut-abl) *adj.* that may be exchanged. قابل تبدیل ' مبادلہ پذیر

Commutation *n.* commuting. عوض' معاوضہ' ہیراپھیری' قیمت' مبادلہ' تبدل' تبدیلی کا عمل

Commutator *n.* person or thing that commutes. حاکم مجاز تبدل' بدلنے والا' تانبے کا ایک پرزہ جو برقی رو کو مختلف سمت میں بدلنے کے لئے لگاتے ہیں ' آلہ تبدیل

Commute (kom-ut) *v.t.* to exchange; to exchange penalty for one less severe. بھاری سزا کو ہلکی سزا سے بدل دینا ' مبادلہ کرنا

Comose *adj.* بالیائی' کثیرمُو' ریشیا' سموری

Compact (kom-pakt) *adj.* fastened or packed together; solid; firm; thick; brief; pithy. کسا' ٹھوس' مضبوط' گھنا' مختصر' گودے دار ❷— *n.* agreement. عہد و پیمان ❸— *v.t.* to press closely together. دبا کر جمانا ★ *General Compact.* عام رضامندی

Compactness (kom-pakt-nes) *n.* closeness; firmness. گاڑھاپن' گھناپن' بستگی' جماؤ

Companion (kom-pan-yun) *n.* comrade; one who associates with another; partner. ساتھی' ہم صحبت' شریک

Companionable (kom-pan-yun-abl) *adj.* agreeable. ملنسار' خوش صحبت' یارباش' لائق صحبت

Companionate *adj.* رفیقوں کا یا رفیقوں کی طرح ' دوستوں کا

Companionship (kom-pan-yun-ship) *n.* fellowship; association. رفاقت' صحبت ' ہم نشینی' سنگت

Companionway *n.* جہاز کے عرشے سے نیچے کیبن کی طرف جانے والے راستے سے گھری ہوئی جگہ


Company (kum-pa-ni) *n.* the state of being with some one; body of men; partnership; corporation; assembly; crew of a ship; subdivision of a regiment. سنگت' انجمن' شراکت' پنچایت' شہری ' انجمن' رفقا' سپاہیوں کا دستہ' کمپنی *I am lonely if I have no company. We have company for dinner tonight.* ★ *Company manners.* مصنوعی اخلاق' محض دکھاوے کے اخلاق ' ظاہری اخلاق ★ *I sin in good company.* ارتکاب گناہ میں اچھے اچھے میرے ساتھ ہیں ' مجھ سے بہتر لوگ یہ کام کر چکے ہیں ★ *Joint stock Company.* ' چند منتخب افراد کی جماعت' مشترکہ سرمایہ کی دوکان ★ *Weep for Company.* کسی کو روتا دیکھ کر رونا' کسی کے غم میں شریک ہونا

Comparable (kom-pa-ra-bl) *adj.* susceptible of comparison as of like kind (with); illustrable by reference to. ہم پلہ' برابر کی ٹکر کا' ہم رتبہ' تقابل پذیر

Comparative (kom-para-tiv) *adj.* estimated by comparison; relative. متناسب' نسبتی' تقابلی' بالموازنہ' متقابل

Comparatively (kom-para-tiv-li) *adj.* relatively. بہ نسبت ' نسبتاً' مقابلتاً

Compare (kom-par) *v.t.* to measure or estimate one by another; to bring together in order to find out resemblances or differences; to present as similar. مقابلہ کرنا' موازنہ کرنا' نسبت یا تشبیہ دینا *The boys compared three knives.* ★ *To compare to.* برابر ہونا ★ *To compare with.* مقابلہ کرنا ★ *Beyond Compare.* لاثانی' بے مثال



COMPASSES

COMPASSESS AND DIVIDERS

1. Bow compasses. 2. Beam-compass. 3. Dividers

Comparison (kom-pari-zun) *n.* comparative estimate; likeness; simile; illustration. مقابلہ' مشابہت ' تجنیس ' مثال' مماثلت' تقابل *A train is slow in comparison with a plane.*

Comparison sheet *n.* تفصیلی فرد' بنیادی حقائق

Compart *v.t.* divide into compartments. درجوں میں تقسیم کرنا' الگ الگ حصے کرنا

Compartment (kom-part-ment) *n.* partition as of railway carriage, building, etc. کوٹھی' کمرہ ' ڈبہ' خانہ

Compass (kom-pas) ❶ *n.* circuit or circle; going or moving round; boundary; reach; extent. چکر' گھیرا' سرا' حد' پہنچ' وسعت ' گھماؤ ★ *Pair of compasses*, V-shaped hinged instrument for describing circles on paper etc. کمپاس' پرکار ★ *Mariner's compass*, magnetised needle used in steering ships. قطب نما ❷— *v.t.* to pass or go round; to surround; to beseige; to bring about; to intend; to accomplish. چکر لگانا' گھیرنا' گھیرا ڈالنا' قابو میں لانا' دل میں ٹھاننا' پورا کرنا

Compassion (kom-pa-shun) *n.* pity; fellow feeling; sympathy. ترس' دردمندی' ہمدردی ' رحم

Compassionate (kom-pashu-nat) *adj.* pitiful; tender-hearted. دردمند' رحم دل — *v.t.* to pity. رحم کرنا

Compassionately (kom-pashu-nat-li) *adv.* mercifully. رحم کرکے ' دردمندانہ' رحمدلانہ طور پر

Compathy *n.* دوسروں کے غم اور خوشی میں شرکت' غم گساری
Compatibility, Compatibilitiness (kom-pati-bil-i-ti, kom-pa-ti-bil-i-ti-nes) *n.* congruity. موافقت' میل مطابقت' مناسبت' موزونیت' ہم آہنگی
Compatible (kom-pat-ibl) *adj.* consistent; agreeable; congruous. مطابق' موافق' مناسب' موزوں
Compatriot (kom-pat-ri-ot) *n.* fellow-country man. ہموطن ' وطنی' دیس کا
Compeer (kom-per) *n.* one who is like another companion. ہمجولی' ساتھی ہم رتبہ' شریک
Compel (kom-pel) *v.t.* to drive or urge on forcibly; to constrain; to oblige. زبردستی کرنا' دبانا' مجبور کرنا 'دھکیلنا *The rain compelled us to come into the house.*
Compellation *n.* کسی شخص کو مخاطب کرنے کا عمل یا طریقہ' خطاب' القاب یا عہدہ' تسمیہ' اصطلاحی نام
Compendious (kom-pendi-us) *n.* brief summary. مختصر' خلاصہ ' تفصیل کا اجمال' جامع
Compendium (kom-pendi-um) *n.* shortening or bridgement; epitome; abstract. اختصار' خلاصہ' انتخاب
Compensable *adj.* تلافی یا معاوضہ کا حقدار' قابل تلافی
Compensate (kom-pen-sat) *v.t.* to remunerate; to reward suitably; to indemnify. معاوضہ دینا' انعام دینا' نقصان پورا کرنا
Compensation (kom-pen-sa-shun) *n.* recompense; indemnification. معاوضہ' ہرجانہ ' تلافی ' محنتانہ ' اجرت
Compensatory (kom-pen-sa-to-ri) *adj.* affording compensation. ہرجانہ بھرنے والا' تلافی کرنے والا' تعدیلی
Compere (kom-per) *n.* one who introduces items in a show. تعارف کرانے والا *v.t.* تعارف کرانا
Compete (kom-pet) *v.t.* (*with*), to strive with another; to rival; to contend for a prize. ہمسری کرنا' مسابقت کرنا' انعام کے لئے مقابلے میں حصّہ لینا *The brothers competed in the race.*
Competence, Competency (kom-pe-tens, kom-pe-tensi) *n.* ability; power; fitness: sufficiency for the necessaries of life. قابلیت' مجاز' اختیار' اوقات بسری' ضروریات کے لئے کافی ' استعداد' صلاحیت' موزونیت
Competent (kom-pe′tent) *adj.* sufficient; adequate; qualified; able; rightfully belonging. موزوں' بس' لائق' قابل' حسب الحق اہل ★ *Competent authority.* ذی اختیار
Competently (kom-pe-tent-li) *adv.* reasonably. معقول طور سے ' مسابقت سے' موزونیت سے
Competition (kom-pe-ti-shun) *n.* common strife for the same object. مقابلہ' برابری' مسابقت' رقابت
Competitive (kom-pe-ti-tiv) *n.* pertaining to compensation. برابری کا' ایک جیسا ' مقابلے کا
Competitor (kom-pe-ti-tor) *n.* one who competes. مقابلہ کرنے والا' مدمقابل' حریف' رقیب' ہم چشم

Compilation *n.* compiling. ترتیب' تدوین' تالیف
Compile (kom-pil) *v.t.* to write by collecting the materials from other books; to put together. تالیف کرنا' جمع کرنا' ترتیب دینا ' تدوین کرنا
Compiler (kom-piler) *n.* one who compiles. مولف
Complacence, Complacency (kom-pla-sens, kom-pla-sensi) *n.* tranquil pleasure; selfsatisfaction; civility; complying manners. آسودہ خاطری' دلجمعی' خوشی' لطافت' آسودگی' خوش خلقی ' اطمینان
Complacent (kom-pla-sent) *adj.* showing satisfaction; pleased; kindly. آسودہ' خوش' خلیق ' مطمئن
Complacently *adv.* خوش خلقی سے' اطمینان سے' خوش دلی سے
Complain (kom-plan) *v.i.* to express dissatisfaction with; to state grievance; to make a charge. شکایت کرنا' فریاد کرنا' نالش کرنا' بڑبڑانا' دکھڑا کہنا *Father never complains about the food we eat. He thinks it is all right.*
Complainant (kom-pla-nant) *n.* one who raises a suit; plaintiff. مدعی' فریادی' شکایت کرنے والا ' نالشی' دادخواہ
Complaint (kom-plant) *n.* utterance of grievance; formal accusation; ailment. دکھڑا' شکوہ' دہائی' علالت' شکایت' کمپلینٹ ★ *To lodge a complaint.* نالش دائر کرنا
Complaisance (kom-pla-sans) *n.* civility; courtesy. اہلیت' مروت ' انکساری' ملائمت' آدمیت
Complaisant (kom-plas-ant) *adj.* desirous of pleasing. خوش خلق 'ملنسار' صاحب مروت
Complected *adj.* جلد کا رنگ
Complement (kom-ple-ment) *n.* that which fills up a deficiency; accessory. مددگار' تکمیل کرنے والا' تکملہ
Complementary (kom-ple-men-tar-i) *adj.* completing. پورا کرنے والا ★ *Complementary angle.* زاویہ تکملہ' زاویہ تکملہ' متمم زاویہ ★ *Complementary colours.* تکمیلی یا اتمامی رنگ
Complete (kom-plet) ❶ *adj.* having all its parts; entire; finished. مکمل' پورا' سالم *She stopped when her work was complete.* ❷— *v.t.* to perfect. پورا کرنا 'مکمل کرنا' ختم کرنا' انجام کے پہنچنا
Completely (kom-plet′li) *adv.* fully. مکمل طور پر
Completeness, Completion (kom-plet-nes, kom-ple-shun) *ns.* accomplishment; fulfilling. اتمام' تکمیل' اختتام ★ *Draws to completion.* ختم ہونے کو ہے
Complex (kom-pleks) *adj.* consisting of various parts or elements; intricated; complicated. مرکب' مخلوط ' پیچیدہ' کمپلیکس' مختلف الاجزا
Complexion (kom-plek′shun) *n.* colour of the skin esp. of the face; general appearance; disposition; temperament. صورت' رنگ' خصلت' مزاج

Complexity (kom-pleks′ i-ti) *n*. intricacy. پیچیدگی ، الجھاؤ

Complexness *n*. پیچیدگی ، الجھاؤ

Compliance (kom-pli-ans) *n*. action in accordance with request, command, &c.; obedience. تکمیل حکم، فرماں برداری ، بجا آوری ، اطاعت ، رضامندی تابع ، حکم ماننے والا

Compliant (kom-pli-ant) *adj*. disposed to comply; yielding. فرماں بردار، صاحب سلوک

Complicacy *n*. complexity. الجھاؤ، پیچیدگی

Complicate (kom-pli-kat) *v.t.* to mix up with other things; to make intricate; to involve. ملانا، پیچیدہ کرنا، پھنسانا ، الجھانا، مخلوط کرنا

Complicated *adj*. پیچیدہ ، الجھا ہوا، مشکل

Complication (kom-pli-ka′shun) *n*. involved condition; entanglement; complexity. الجھاؤ، پیچیدگی

Complicity *n*. partnership in an evil action. سازباز، سازش، کسی برے کام میں شرکت

Complier *n*. حکم کی تعمیل کرنے والا

Compliment (kom-pli-ment) ❶ *n*. expression of regard or praise; greeting. تعریف، آداب، بندگی ❷— *v.t.* to praise; to flatter; to pay a compliment to. تعریف کرنا، خوشامد کرنا، آداب بجالانا

Complimentable *adj*. قابلِ توصیف، قابل ستائش

Complimentary (kom-pli-ment-a-ri) *adj*. expressive of praise. توصیفی ، تعریفی، اعزازی

Complimenter *n*. تعریف کرنے والا، مداح، تسلیم کرنا، اتباع کرنا

Complimentingly *adv*. احتراماً، خوشامدانہ، مودبانہ

Comply (kom-pli) *v.i.* (*with*) to yield to the wishes of another; to consent to. دوسرے کی مرضی کو پورا کرنا، حکم کی تعمیل کرنا، ماننا ، قبول کرنا

Component (kom-pon′ent) ❶ *adj*. constituent; essential. ترکیبی جز، لازمی ❷— *n*. one of the elements of a compound. جزو، حصہ

Comport *v.t. & i.* conduct , behave. موافق ہونا، موافق کرنا، متفق ہونا، ملنا مطابق کرنا، اختیار کرنا

Compose (kom-poz) *v.t.* to form by putting two or more parts or things together: to place in proper order; to set at rest; (*Print.*) to set or place types in order for printing; to originate or write, as author; to set music. جوڑنا، مرکب کرنا، ترتیب دینا، تسکین کرنا، ٹائپ یا چھاپے کے حروف بٹھانا، تصنیف کرنا، راگ نکالنا *Some people compose music; others compose poems. Hot chocolate is composed of hot milk, chocolate, and sugar.*

Composed (kom-pozd) *adj*. calm; tranquil. مطمئن، پرسکون ★ *To be composed of.* ملا ہوا ہونا

Composedly (kom-pozd′li) *adv*. calmly: with out agitation. استقلال سے ، اطمینان سے ، دلجمعی

Composedness, Composure (kom-poz-ed-ness, kom-po′zhur) *n*. calmness; sedateness; tranquility; self-possession. اطمینان، سنجیدگی، امن چین، استقلال، سکون، دلجمعی

Composer (kom-poz-er) *n*. an author esp. of a piece of music. راگ مرتب یا ایجاد کرنے والا، مصنف، کمپوزر

Composite (kom-poz′it) *adj*. made up of two or more distinct parts; compounded. مرکب، ملا جلا، مخلوط

Composition (kom-po-zi′shun) *n*. act of putting together; mixture; formation; art of literary production; a certain percentage which creditors agree to accept in lieu of the full payment of bankrupt's debts; arrangement. آمیزش، ملاوٹ، ساخت، تصنیف، طبع، جزوی ادائیگی مزاج ، دواسازی، کمپوزیشن، انشا پردازی

Compositive *adj*. combining. جوڑنے والا، ملانے والا، پیوستہ کرنے والا

Compositor (kom-poz′it-er) *n*. one who puts together or sets up types for printing. چھاپے کے حروف بٹھانے والا، کمپوزیٹر

Compos mentis *adj*. صحیح العقل، صحیح دماغ کا

Compost *n*. مخلوط کھاد ، ملغوبہ، مخلوط شے

Composure *n*. calmness. تسلی، دلجمعی، اطمینان، سکون

Compotation *n*. tipping together. ساتھ کھانا پینا، ہم مشربی

Compotator *n*. ہم مشرب، وہ شخص جو دوسروں کے ساتھ مل کر شراب پیئے ، ہم پیالہ

Compote *n*. پھلوں کا مربہ

Compound (kom′pownd) ❶ *v.t.* to mix or combine; to adjust by agreement; to settle amicably. مرکب کرنا، فیصلہ کرنا، باہمی فیصلہ کرنا، کمپونڈ ❷— *v.i.* to agree or come to terms. راضی نامہ کرنا ★ *Compound interest.* سود در سود ❸— *n*. mixture; the enclosure in which houses stand; enclosure round a house or factory. آمیزش، آنگن احاطہ

Compounded (kom-pownd-ed) *adj*. made up of several ingredients combined. مرکب، مخلوط، آمیزہ

Comprehend (kom-pre-hend) *v.t.* to seize or take up with the mind; to understand. سمجھنا، ادراک کرنا

Comprehensible (kom-pre-hen-si-bl) *adj*. intelligible. قابلِ فہم، سمجھ آنے والا

Comprehension (kom-pre-hen′shun) *n*. faculty of understanding; intellect. سمجھ، فہم، ادراک، سوجھ بوجھ

Comprehensive (kom-pre-hen′siv) *adj*. comprising much; having the quality of power of understanding much; extensive. کشادہ، جامع، ذہین

Comprehensiveness (kom-pre-hens-iv-nes) *n*. intensiveness of scope. پھیلاؤ، وسعت، جامعیت

Compress (kom-pres) ❶ *v.t.* to squeeze together; to condense. دبانا، دبوچنا، دبا کر چھوٹا کرنا ❷— *n*. soft folds of linen, &c., formed into a pad and used in surgery to apply any requisite pressure to any part. گدی، بندھن، زخم پر رکھنے کی پٹی

Compressed (kom-pres′t) *adj*. squeezed; embraced. دبا ہوا' مختصر کیا ہوا

Compressible (kom-pres′i-bl) *adj*. yielding to pressure دبنے یا دبانے کے قابل' پچکنے والا

Compression (kom-presh′un) *n*. act of bringing parts near; condensation. دباؤ' سمٹاؤ' داب' اختصار

Compressive (kom-pres′iv) *adj*. able to compress. دباؤ کے لائق' دباؤ کی طاقت کا حامل

C

Compressor *n*. داب مشین' داب آلہ' کمپریسر' دبانے والا' بھینچنے والا

Comprise (kom-priz) *v.t.* to comprehend or include within itself; to contain; to sum up. شامل کرنا' شامل رکھنا' جوڑنا' ترکیب دینا

Compromise (kom-pro-miz)❶ *v.t.* to settle dispute by mutual concession; to endanger one's reputation. باہم رفع دفع کرنا' اپنی یا کسی کی شہرت کو خطرہ میں ڈالنا ❷— *n*. mutual concession; pledge. رفع دفع' باہمی صلح

Comptroller (komp-tro-ler) *n*. controller; an examiner of the accounts of collectors of public money. خزانہ کا افسر' محاسب اعلیٰ' ناظر حسابات

Compulsion (kom-pul′shun) *n*. constraint; obligation; force; violence. دباؤ. ' مجبوری' جبر' زبردستی

Compulsive *adj*. tending to compel. زبردستی یا جبر پر مائل' مجبور کن' لازمی' اضطراری

Compulsory (kom-pul-sor-i) *adj*. obligatory. بالجبر' لازمی

Compunction (kom-punk′shun) *n*. uneasiness of conscience; regret; pity. تاسف' پچھتاوا' ندامت' پشیمانی' افسوس' تجم' ضمیر کی خلش' بے اطمینانی

Compunctious *adj*. پشیمان' نادم' متاسف' غمگین' متاسف

Computability *n*. شماریت' حسابت' حساب پذیری

Computable *adj*. قابلِ حساب' لائق شمار


Computation (kom-pu-ta′shun) *n*. estimation. تخمینہ

Computational *adj*. حسابی' تخمینی

Computative *adj*. قابل حساب' لائق شمار

Compute (kom′put) *v.t.* to reckon; to calculate; to count. گننا' حساب کرنا' گنتی میں لانا' شمار کرنا' تخمینہ لگانا

Computer (kom-pu′ter) *n*. a calculator. شمارندہ' کمپیوٹر' حساب جوڑنے کا آلہ ★ *Computer programme n*.



COMPUTER

کے ذریعے سوال کا جواب یا مسئلے کا حل معلوم کرنے کا طریقہ

★ *Computer Science n*. کمپیوٹر کی ساخت اور طریقہ کار ودیگر تکنیکی امور کا علم

Comrade (kom-rad) *n*. close companion; associate. یار' ساتھی' دوست' ہمدرد' کامریڈ' رفیق' ہمدم

Comsat *n*. (*abbr* of communication sattellite.) مواصلاتی سیارہ' مشینی سیارہ

Con (kon) *contraction* of L. *contra=against;* تردید' ردوبدل' اختلاف ★ *Pros and cons*, for and against. حق میں اور برخلاف' بحثا بحثی

Con (kon) *v.t.* to study carefully; to commit to memory. سیکھنا' غور سے دیکھنا' حفظ کرنا' جہاز کو سیدھا چلانا

Concave (kon-kav)❶ *n*. hollow; incurved. کھوکھلا' قوس' محراب ❷— *n*. a vault. محراب دار

Concavity (kon-kav-i-ti) *n*. the inside cavity; hollowness of a round body. جوف' کھوکھلا پن' قعر

Conceal (kon-sel) *v.t.* to keep secret; to disguise. مخفی رکھنا' ڈھانپنا' پوشیدہ رکھنا' اخفا کرنا

Concealment (kon-sel-ment) *n*. secrecy; hiding place. اخفا' روپوشی' جائے پوشیدگی' پردہ داری

Concede (kon-sed) *v.t.* to admit; to grant. تسلیم کرنا' قبول کرنا' منظور کرنا' اجازت دینا

Conceit (kon-set) *n*. pleasant, fantastical, or affected notion; fancy; vanity; over estimate of one's self. خیال خام' برجستہ خیال' خودبینی *The boy's conceit caused people to dislike him. He thought too highly of himself.* ★ *in one's own conceit.* کسی کی ذاتی رائے میں ★ *out of conceit.* دلچسپی باقی نہ رہنا' بیزار ہو جانا

Conceited (kon-set′ed) *adj*. vain. مغرور' خودبین' خود پسند

Conceivable (kon-sev′a-bl) *adj*. that may be conceived, understood or believed. خیال میں لانے کے لائق' قابل فہم' قرین قیاس

Conceive (kon-sev)❶ *v.t.* to admit into the womb; to realize in the mind; to imagine. حاملہ ہونا' قیاس میں آنا' سوچنا' ادراک کرنا ❷— *v.i.* to , become pregnant. حاملہ ہونا' امید سے ہونا

Concentrate (kon-sen-trat)❶ *v.t.* to bring towards a common centre; to bring into a close union; to condense. ہم مرکز کرنا' ایک نقطہ پر جمع کرنا' ایک نقطے پر لانا ❷— *v.i.* to employ all one's power or attentio upon. خیال جمانا' توجہ مرکوز کرنا

Concentration (kon-sen-tra′shun) *n*. conden sation; the keeping of a mind fixed o something. ہم مرکزی' اجتماع' دل کا جماؤ' یکسوئی

Concentric (kon-sen-trik) *adj*. havin common centre esp. of circles one enclosin another. ہم مرکز' ایک مشترک مرکز کے گرد

Concept *n*. general notion. جو چیز ذہن میں ہو' معلوم' تصور' قیاس' تخیل

Conception (kon-sep-shun) *n*. thought; pregnancy.

خیال، تصور، حمل، تشکل

Concern (kon-sern) ❶ *v.t.* to relate or belong to; to effect or interest; to have to do with; to make uneasy; to affect. تعلق یا سروکار رکھنا، غرض یا شوق رکھنا، سروکار رکھنا، فکر کرنا، اثر کرنا *When Itrit was late, mother was concerned about her.* ★ *To concern oneself,* to interfere. دخل دینا ❷—*n.* business; importance; anxiety; interest; regret. کاروبار، اہمیت، تردد، تعلق، پچھتاوا

Concerned (kon-sern′ed) *adj.* having connection with; interested; anxious; grieved.
سروکار رکھنے والا، غرض مند یا شوقین، متفکر، فکر مند

Concerning (kon-sern′ing) *prep.* regarding. بابت

Concernment (kon-sern-ment) *n.* an affair; inportance; anxiety. کام، ضرورت، فکر، تعلق، تشویش

Concert (kon-sert) ❶ *n.* agreement; union; co-operation; symphony; musical entertainment.
میل، یکتائی میل کی کارروائی، ہم سازی، سنگت کرنا
❷— *v.t.* to frame or devise together. مل کر تدبیر کرنا

Concerted *adj.* mutually arranged. فیصلہ شدہ، طے کردہ، متفقہ

Concertina *n.*
باجا جو دونوں ہاتھوں سے دھونکنی کی طرح دبانے سے بجتا ہے، کنسرٹینا

Concertino *n.* مختصر سازینہ

Concession (kon-se-shun) *n.* conceding; grant; privilege. رعایت، عطا، حق مراعات، منظوری

Concessionaire *n.* one who is granted concession.
اجارہ دار، مراعات یافتہ

Concessive *adj.* ❶ مائل بہ رعایت، متعلق بہ رعایت، رعایت کرنے والا
❷ (*Grammar*) ایسا حرف یا فقرہ جو کسی رعایت کا اظہار کرے

Conch (kongk) *n.* shell. سنکھ، کوڑا، گھونگا مچھلی

Conchiferous *adj.* صدفیہ، کھپریلا، سنگ پشت

Conchology (konk-o-lo′ji) *n.* the science of shells.
علم ناقوس، صدفیات، گھونگوں کا علم

Conciliate (kon-si-li′at) *v.t.* to win over; to pacify; to render friendly; to modify.
منالینا، اپنا کرلینا، راضی کرلینا، دشمن سے دوست بنالینا، نرم کرنا

Conciliation (kon-si-li-a-shun) *n.* concilement; pacification. اختلاط، ملنساری، تسکین، مصالحت، اتفاق

Conciliatory (kon-si-li-a′to-ri) *adj.* tending to reconciliation. دلکش، مصالحت ساز، مصالحانہ

Concinnity (kon-sini′ti) *n.* neatness of literary style. فصاحت و بلاغت، نزاکت، خوبی، زور بیان کی مثال

Concise (kon-siz) *adj.* brief in expression; short.
مجمل، تھوڑا، مختصر، بلیغ، جامع

Conciseness (kon-siz-nes) *n.* shortness; brevity.
اختصار، اجمال، بلاغت

Concision *n.* mutilation. اختصار، قطع وبرید، تخصیص

Conclave (kon-klav) *n.* any close assembly. خفیہ جلسہ
مجلس خاص، جلسہ گاہ

Conclude, (kon-klud) ❶ *v.t.* to terminate; to determine; to infer. ختم کرنا، ارادہ کرنا، نتیجہ نکالنا، بند کرنا
❷— *v.i.* to end; to be inferred. تمام ہونا، نتیجہ نکلنا

Conclusion (kon-klu′zhun) *n.* the end; inference.
اختتام، نتیجہ، خاتمہ، اخیر، حاصل

Conclusive *adj.* decisive. فیصلہ کن، قطعی، دو ٹوک، فیصل

Conclusiveness *n.* اختتامیت، قطعیت

Concoct (kon-kokt) *v.t.* to digest; to prepare or mature; to plan; to make up a mixture. گھڑنا، تحلیل کرنا، پختہ کرنا، تدبیر کرنا، دوائی ملا کر گاڑھا نکالنا

Concoction (kon-kok′shun) *n.* digestion to the stomach; act of planning; preparation of a medical prescription, etc.
تدبیر، بناوٹ، نسخہ کی تیاری

Concomitance (kon-kom′it-ans) *n.* co-existence.
باہمی لازم و ملزوم ہونے کی حالت

Concomitant (kon-kom-it-ant) ❶ *adj.* accompanying; concurrent; conjoined with. ہم رکاب، شامل، شامل حال، لازم و ملزوم ❷— *n.* accessory accompaniment. لازمہ، لاحق

Concord, Concordance (kon-kord, kon-kord′ans) ❶ *n.* the state of being of the same heart or mind; harmony; combination of notes which is pleasant to the ear. مطابقت، ہم آہنگی ❷— *v.i.* to agree; to harmonize. میل کھانا، یک سرا ہونا

Concordant (kon-kord′ant) *adj.* harmonious; agreeing; correspondent. ہم آہنگ، موافق، مطابق

Concourse (kon′kors) *n.* crowd; assembly of persons or things running or drawn together.
ہجوم، جماعت، مجمع، بھیڑ، انبوہ، اجتماع

Concrescence *n.* حصوں یا خلیوں کا ایک ساتھ نشوونما پانا، ہم بالیدگی، باہم نمو، ہم نموئی، ہم بالیدگی ہم روئیدگی

Concrete (kon-kret) ❶ *adj.* united in a mass; opposite to abstract; existing to material form.
منجمد، خاص کسی چیز کا، جو محسوس کیا جاسکے ★ *Concrete noun.* اسم ذات ★ *Concrete number.* عدد بالمعدود مثلاً "تین پیڑ"
❷— *n.* a compact mass of gravel, stone, lime, sand, &c. جمایا ہوا روڑا پتھر چونا بلور وغیرہ

Concretion (kon-kre′shun) *n.* a formation into a mass. ڈلا، انجماد، پتھری

Concubinage *n.* cohabiting of man and woman not married. ناجائز جنسی تعلق، آشنائی، یارانہ

Concubinary *adj.* & *n.* living in or sprung from concubinage. داشتہ پن، آشنا یا داشتہ کا، حرام کا، ولدالزنا

Concubine (kon′ku-bin) *n.* a woman who lives with a man but who is not his wife; kept mistress. داشتہ عورت، مدخولہ، باندی

Concupiscence (kon-ku′pis-ens) *n.* violent desire; lust. شہوت، شدید جنسی خواہش، مستی، نفسانی خواہش

Concupiscent (kon-ku-pi-sent) *adj.* lustful.

شہوت پرست، غیر معمولی جنسی خواہش کا حامل، شہوتی

Concur (kon-kur) *v.i.* to unite in opinion.
متفق الرائے ہونا، اتفاق ہونا، ہم آہنگ ہونا

Concurrence (kon-kur′ens) *n.* agreement; combination; union of mind; consent.
اتفاق رائے، ایکا، یک دلی، منظوری، مطابقت، ہم آہنگی

Concurrent (kon-kur′ent) *adj.* united; joint, working together. شریک، ہم پہلو، ہم عہدہ، متحد

Concurrently (kon-kur-ent-li) *adv.* in a agreeing manner. ساتھ ساتھ، بالاتصال، ہمراہ، پے بہ پے، صدمہ

Concuss *v.t.* shake violently.
دھمکی دینا، دباؤ ڈالنا، صدمہ پہنچانا، زور سے جھنجھوڑنا

Concussion (kon-kush′un) *n.* violent shaking; shock. لغزش، چوٹ، دھکا، صدمہ

Condemn (kon-dem) *v.t.* to pronounce guilty; to censure or blame; to sentence to punishment; to pronounce unfit for use.
ملزم قرار دینا، عیب لگانا، فتویٰ دینا، ناقابل ٹھہرانا، مذمت کرنا

Condemnable (kon-dem-na-bl) blameable; culpable. قابل مذمت، ملامت کے لائق، قابل الزام

Condemnation (kon-dem-na′shun) *n.* sentence of punishment; censure. حکم سزا، اظہار ناپسندی

Condemned (kon-demd) *adj.* pronounced to be wrong; guilty or useless. زیر فتویٰ، ردی، مسترد کیا ہوا

Condemner *n.* ملامت، مذمت یا رد کرنے والا

Condensation (kon-den-sa-shun) *n.* act of condensing or thickening. گاڑھاپن، انجماد، تکثیف

Condense, Condensate (kon-dens, kon-den-sat) *v.t.* to compress or reduce by pressure into smaller compass; to consolidate; to thicken; to abridge. دبا کر چھوٹا کرنا، منجمد کرنا، گاڑھا کرنا، مختصر کرنا، یا خلاصہ کرنا — *v.i.* to grow thick or close. گاڑھا ہونا

Condenser (kon-den-sar) *n.* a vessel for condensing air. گاڑھا کرنے والا ایک آلہ آلہ تکثیف، کنڈنسر

Condescend (kon-des-send) *v.t.* to descend willingly from a superior position; to stoop; to act kindly to inferiors. انکسار کرنا، جھکنا، نیچے مرتبہ والوں پر کرم کرنا ★ *To condescend upon.* بے الزام کرنا

Condescending *adj.* coming down. منکسر المزاج انکساریا
تواضع کرنے والا، متواضع، خلیق، شفیق، کرم فرما

Condescendingly *adv.* متواضعانہ، منکسرانہ، ازروئے انکسار

Condescension (kon-de-sen-shun) *n.* affability to inferiors; graciousness; courtesy.
بندہ نوازی، التفات، تواضع، فروتنی کرم فرمائی

Condign (kon-din) *adj.* adequate; well-merited.
واجب، لائق، مستوجب، مستحق سزاوار، شایاں

Condiment (kon-di-ment) *n.* thing used to give relish to the food; sauce. مصالح، ذائقہ دینے والی چیز، مصالحہ

Condisciple *n.* ہم درس، ہم جماعت، ہم مدرسہ

Condition (kon-di-shun) *n.* stipulation; bond; the state in which things exist. لازمی، خاصہ، شرط، عہد نامہ، حالت، ڈھنگ *Her teeth are in good condition.*

Conditional (kon-di-shun-al) *adj.* implying terms; made with limitations. شرطی، مشروط، شرطیہ، منحصر

Conditionally (kon-di-shun-al-i) *adv.* with certain limitations. کسی شرط پر، مشروط طور پر

Conditioned (kon-di-shund) *adj.* having qualities or properties good or bad. مشروط، بُرا بھلا، محدود

Condolatory (kon-do-la-tori) *adj.* expressing condolence. غم خوار، تعزیتی، متاسفانہ، ہمدردانہ

Condole (kon-dol) *v.i.* to express sympathy to one in grief. ماتم پرسی کرنا، ہمدردی کرنا

Condolence, Condolement (kon-do-lens, kon-dol-ment) *n.* expression of grief for another.
ماتم پرسی، ہمدردی، تعزیت کرنا، افسوس کرنا

Condoler (kon-do-lar) *n.* دکھ میں شریک، تعزیت کرنا والا

Condonation (kon-do-na-shun) *n.* forgiveness.
معافی، چشم پوشی، اغماض، صرفِ نظر

Condone (kon-don) *v.t.* to pardon; to overlook.
معاف کرنا، چشم پوشی کرنا، صرف نظر کرنا، درگزر کرنا

Conduce (kon-dus) *v.i.* to lead; to contribute; to tend to some end; to further.
رجوع ہونا، سہارا دینا، سبب ہونا، بڑھانا، ممد ہونا، مددگار ہونا

Conducement (kon-dus-ment) *n.* tendency. میلان

Conducive (kon-du-siv) *adj.* tending to promote.
مائل، راجع، ممد، باعث

Conduciveness *n.* رجوع، میلان

Conduct (kon-dukt) ❶ *n.* leading; management; behaviour; treatment. اہتمام، رہنمائی، سلوک، طرز عمل *Our teacher praised our good conduct.* ❷— *v.t.* to lead; to behave oneself in specified way; to manage (choir; or band; affair). سلوک کرنا، سربراہی کرنا *The chairman conducts our club meetings.* ❸— *v.i.* to behave. چال چلنا *The boy's conduct themselves well.*

Conduction (kon-duk-shun) *n.* transmission of heat, etc., through a conductor. پہنچانا، ایصال، ترسیل

Conductor (kon-duk-ter) *n.* leader; manager; that which has the property of transmitting electricity, heat &c. پیشوا، پہنچانے والا، کارندہ، موصل، کنڈکٹر


Conduit (kon-duit) *n.* channel or pipe to lead or convey water. موری، نالی، پائپ، آب گزر

Conduplicate *adj.* مستوی، دوتہا، لمبا لمبا تہہ کیا ہوا، دوہرا تہہ کیا ہوا

Conduplication *n.* تہہ کرنے کا عمل، دو تہہ کاری

Cone (kon) *n.* solid body or figure having a circle for its base, rising regularly, while it reaches to a point or vertex; fruit of pine or fir.
صنوبر کا درخت، مخروط، کون، مخروطہ، مخروطی پھل

Cone flower *n.* گل پنج ہزاری' زرد ڈیزی کا پودا



CONE

Conelrad *n.* کونل ریڈ' ریڈیو کا ہنگامی نشریاتی نظام

Conenose *n.* مخروطی ناک

Coney, Cony *n.* ایک یورپی خرگوش

Confab بحث' بات چیت

Confabulate *v.t.* Converse. بات چیت کرنا' گفتگو کرنا

Confabuiation *n.* سخن سازی' قصہ خوانی' گفتگو' بات چیت

Confection (kon-fek-shun) *n.* fruit or medicine prepared with sugar; sweetmeats; preserve. مربہ' شیرینی' مٹھائی' خمیرا' معجون' گلقند وغیرہ

Confectioner (kon-fek-shu-ner) *n.* one who makes confections. حلوائی' مربہ ساز' کنفکشنر

Confectionery (kon-fek-shu-nari) *n.* a confectioner's shop; sweetmeat in general. حلوائی کی دکان' مٹھائی' پیسٹری' کیک' شیرینی

Confederacy (kon-fe-de-rasi) *n.* alliance; league. ایکا' اتحاد' اجتماعی حکومت' کنفڈریسی

Confederate (kon-fe-de-rat)❶ *adj.* leagued together; allied. شریک' رفیق ❷— *n.* ally; compliance. دوست' ساتھی ❸— *v.t. & i.* to unite in a league. متحد ہونا' اتحاد کرنا' شریک ہونا' شریک کرنا

Confederation (kon-fe-de-ra-shun) *n.* a league alliance esp. of princess; permanent union of severeign states for common external action. اتحاد' عہد و پیمان' متحدہ ریاستیں' وفاق' کنفڈریشن

Confer (kon-fer)❶ *v.t.* to bestow. عطا کرنا ❷— *v.i.* to consult. صلاح و مشورہ کرنا

Conferee (kon-fe-re) *n.* one conferred with. جس سے بات چیت کی جائے' کوئی چیز عطا کی جائے' معطی

Conference (kon-fe-rens) *n.* discussion; an appointed meeting for consultation. مباحثہ' مشورہ کے لئے جلسہ' مشاورت' کانفرنس

Conferment (kon-fer-ment) *n.* conferring of honours, etc., عزت کے خطاب دینا

Confess (kon-fes) *v.i.* to acknowledge fully esp. something wrong; to own; to hear the confession of; to reveal. اقرار کرنا' تسلیم کرنا' اقرار سننا' ظاہر کرنا' اعتراف کرنا

Confessedly (kon-fes-ed-li) *adj.* without denial. بے شک' معترفانہ' بلاشبہ

Confession (kon-fe-shun) *n.* avowal; acknowledgment of sins. اقبال' اعتراف' اقرار

Confessional (kon-fesh-nal) *n.* the seat or enclosed recess where a priest hears confession. پادریوں کا کمرہ' اعتراف گاہ

Confessor (kon-fes-or) *n.* one who confesses; a priest who hears confession. گناہوں کا اقرار کرنے والا

Confidant (kon-fi-dant) *n.* bosom friend; one entrusted with secrets. دوست' معتمد' رازدار

Confide (kon-fid)❶ *v.i.* to trust wholly or have faith; to rely upon. اعتبار کرنا' بھروسہ کرنا *Furqan confided his plan to Sonia.* ❷— *v.t.* to entrust. سپرد کرنا

Confidence (kon-fi-dens) *n.* reliance; assurance of mind boldness; private talk; (*pl.*) secret. بھروسہ' یقین' دلیری' خفیہ بات چیت' بھید *I am telling you this news in confidence.* ★ **Confidence game** *n.* کاروبار اعتماد' اعتماد حاصل کرکے دھوکہ دینا ★ **Confidence man** *n.* اعتماد حاصل کرکے دھوکا دینے والا

Confident (kon-fi-dent) *adj.* trusting fully; positive; bold. پورا بھروسہ رکھنے والا' بے شک' مستقل' دلیر

Confidential (kon-fi-den-shal) *adj.* secret. خفیہ *What Itrit told Mother is confidential.*

Confidentially (kon-fi-den-shali) *adj.* without fear of miscarriage. بلاخوف' اعتماد سے

Configuration *n.* Conformation. ترتیب اجزاء' وضع' ہیئت' ستاروں کی اضافی ترتیب اور مخصوص مقام

Configure *v.t.* خاص ہیئت میں بنانا یا ترتیب دینا' بنانا' ساخت کرنا' تشکیل دینا' تشکیل کرنا

Confine (kon-fin)❶ *n.* (*gen.* in *pl.*) border; boundary. سرحد ❷— *v.t.* to border; to limit; to enclose; to imprison; to restraint. باندھنا' حد باندھنا' گھیرنا' قید میں ڈالنا' روکنا' پابند کرنا

Confined (kon-find) *adj.* limited; imprisoned; narrow. محدود' قید' تنگ' صاحب فراش حالت زچگی میں

Confinement (kon-fin-ment) *n.* imprisonment; seclusion; restraint. جیل خانہ' خلوت' روک' حالت زچگی

Confirm (kon-ferm) *n.* to establish more firmly; to strengthen; to ratify; to render certain; to sanction. قائم کرنا' مستحکم کرنا' تصدیق کرنا' تحقیق کرنا' منظور کرنا' منظوری دینا' توثیق کرنا' یقین دلانا

Confirmation (kon-fer-ma-shun) *n.* making firm or sure; convincing; sanction; establishment. استحکام' پکا حکم' منظوری دینا

Confirmative (kon-fer-ma-tiv) *adj.* having power to confirm. پکا کرنے کی طاقت رکھتا ہوا

Confirmatory, Confirmed (kon-fer-ma-tori, kon-firm-d) *adj.* corroborating. تصدیق کرنے والا' تصدیقی

Confirmed *adj.* پکا' سخت' مصدقہ' جما ہوا' توثیق شدہ' مستقل' ثابت' قائم

Confiscable (kon-fis-ka-bl) *adj.* liable to forfeiture. لائق قرقی' قابل ضبطی

Confiscate (kon-fis-kat) *v.t.* to appropriate to the public treasury (by way of penalty); to seize private property as by authority. ضبط کرنا' قرق کرنا

Confiscation (kon-fis-ka'shun) *n.* forfeiture of property (as punishment). قرقی' ضبطی

Confiture *n.* مربہ' مٹھائی' محفوظ کردہ پھل

Conflagrant (kon-flag-rant) *adj*. burning. جلتا ہوا

Conflagration (kon-flag-ra′shun) *n*. great burning on fire. شعلہ زنی ، آتش زدگی

Conflate *adj*. مخلوط ' ملا جلا

Conflation *n*. اختلاط ' مختلف عناصر کو ملانے یا ضم کرنے کا حاصل یا عمل ' مخلوط عبارت یا متن

Cue (ku) *n*. the tail or end of any thing; a hint; a straight rod used in playing billiards; the last word of an actor's speech. انتہا ' اشارہ ' ایما ' انا ' کھیلنے کی چھڑی ' پہلے نقال کے کلام کا آخری لفظ ' دوسرے کی باری

Cuff (kuf) *n*. a blow with the open hand; a slap; the end of the sleeve. طمانچہ ' تھپڑ ' کف *The cuffs of father's old shirt were badly worn.*


Cuirass (kwi-ras) *n*. a breast-plate. زرہ بکتر ' چار آئینہ ' جوشن

Cuirassier (kwi-rais-er) *n*. a solder in an armour. زرہ بکتر پوش سپاہی ' جوشن پوش

Cuisine (kwi-zen) *n*. the kitchen; style of cooking. باورچی خانہ ' مطبخ ' طرز طباخی ' کھانا پکانا


Culdesac (kul-de-sak) *n*. blind ally; a trap.

بند گلی' جال' دام' اندھی گلی' کوچہ سربستہ' پوٹلی' تھیلی
Culinary (kul-i-nar-i) *adj*. belonging to the kitchen. متعلق باورچی خانہ
Cull (kul) *v.t.* to select from others. چننا' انتخاب کرنا
Cullender (kul-en-der) *n*. a draining vessel. چھلنا' چھلنی' غربال
Cullis (kul-is) *n*. a gutter in a roof. پرنالہ' نالی' موری
Cully (kul-i) ❶ *n*. a mean dupe. بھولا' سادہ دل
❷— *v.t.* to deceive meanly. فریب دینا
Culm (kulm) *n*. stalk. کوئلے کا غبار' نرسل' پودا
Culminate (kul-mi-na't) *v.i.* to be in the meridian. کمال عروج کو پہنچنا
Culmination (kul-mi-na'shun) *n*. the transit of a planet through the meridian; the top or crown. کسی سیارے کا خط نصف النہار پر ہونا' چوٹی' نقطہ عروج' اوج
Culpable (kul-pa-bl) *adj*. censurable; faulty; blamable. قصوروار' ملزم' بدکردار' سزا کا مستوجب
Culprit (kul-prit) *n*. a criminal; offender; felon. مجرم' گناہ گار' قصوروار' خطاوار' عاصی
Cult (kult) *n*. religious belief; ceremonies. مذہب' رسوم' دینی رسوم' مسلک' مذہبی پرستش کا نظام
Cultivate (kul-ti-vat) *v.t.* to till; to foster; to breed; to improve by labour; to produce; to study. کاشت کرنا' بونا' قائم رکھنا' درست کرنا' تربیت یا تہذیب دینا *He works all day cultivating his vegetable garden.* ★ *To cultivate the friendship.* رفاقت پیدا کرنے کی کوشش کرنا ★ *To cultivate the intellect.* ذہانت کو ترقی دینا
Cultivation, Culture (kul-ti-va'shun, kul-tur) *n*. art or practice of cultivating; tillage; making a person's powers better by practice; fostering; care; refinement. کاشتکاری' زراعت' تہذیب' اصلاح
Cultivator (kul-ti-va'tur) *n*. one who tills; an agriculturist. کاشتکار' کسان' مزارع ★ *Hereditary cultivator.* موروثی کاشتکار ★ *Non-resident cultivator.* غیر حاضر کاشتکار
Cultrate, Cultrated *adj*. چاقو نما' نوک دار
Cultural *adj*. تہذیبی' ثقافتی' کلچر یا تمدن کا یا اس سے متعلق
Culture *n*. ثقافت' تہذیب' کلچر
Cultured *adj*. مہذب' متمدن' روشن خیال' شائستہ' تربیت یافتہ
Cultureless *adj*. غیر متمدن' غیر مہذب' غیر تربیت یافتہ
Culvert (kul-vert) *n*. an arched drain. محراب والی موری
Cumbent (kum-bent) *adj*. reclining. مڑا ہوا' جھکا ہوا
Cumber (kum-ber) *v.t.* to clog; to embarrass; to obstruct. پریشان کرنا' ستانا' روکنا' گھیرنا
Cumbersome, Cumbrous (kum-ber-sum, kum-brus) *adj*. burdensome; weighty; troublesome; oppressive. وزنی' بھاری' سخت' بوجھل
Cumbrance (kum-brans) *n*. burden; clog; hindrance. بوجھ' بار گراں' رکاوٹ
Cumulate (ku-mu-lat) *v.t.* to amass; to heap; to gather. ڈھیر لگانا' جمع کرنا' اکٹھا کرنا' ذخیرہ کرنا
Cumulation (ku-mu-la-shun) *n*. act of amassing; accumulation. اجتماع' انبار' ذخیرہ' ڈھیر
Cumulative (ku-mu-la-tiv) *adj*. forming a mass; augmenting. حصوں سے مل کر بنا ہوا' افزائش پذیر' اجتماعی' اضافی ★ *Cumulative argument.* دلیل پر دلیل ★ *Cumulative evidence.* ثبوت پر ثبوت ★ *Cumulative medicine.* دوائی جس کا اثر بار بار کھائی دے ★ *Cumulative punishment.* سزائے متعدد
Cumulus *n*. heap. افق کی گھٹائیں' ڈھیر' انبار
Cunning (kun-ing) ❶ *adj*. skilful; knowing; crafty; sly. چالاک' عیار' فریبی ❷— *n*. skill; artifice; craft; slyness. ہنر' حکمت' عیاری' مکاری' چالاکی
Cup (kup) ❶ *n*. small drinking vessel; cupful; cupping-glass. پیالہ' کٹورا' شیشہ و ساغر' جام ★ *Cup and can.* جام و صراحی' یار غار' ساغر ★ *To be in one's cup.* مست ہونا ★ *A beggar's cup.* کشکول' کاسہ ★ *Cup bearer.* ساقی ❷— *v.t.* to bleed by scarification and cuppingglass; to supply with cups. سینگی سے خون لینا' دور چلنا' جام دینا



CUP


Cupboard (kub'urd) *n*. a case with shelves. الماری ★ *Cupboard love.* غرض کی دوستی ★ نعمت خانہ
Cupcake *n*. پیالہ کیک' چھوٹا کیک
Cupel *n*. پیالہ نما کٹھالی
Cupid (ku-pid) *n*. the god of love. کام دیو' حضرت عشق' کیوپڈ' محبت کا دیوتا
Cupidity (ku-pi-diti) *n*. eager desire to possess something; covetousness. طمع' حرص' لالچ' لوبھ
Cupola (ku-pola) *n*. arched roof; a dome. قبہ' گمٹ' گنبد



CUPOLA


Cupping-glass (kup-ing-glas) *n*. glass used for drawing blood. سینگی' خون لینے کا آلہ
Cupreous (kup-re-us) *adj*. consisting of copper. تانبے کا' تانبے کے رنگ کا
Cur (kur) *n*. a degenerate dog; surly man; mongrel. گھوڑا' پاجی' نکما' رذیل' آوارہ کتا' نکما
Curable (ku-rabl) *adj*. that admits of remedy. علاج پذیر' قابل شفا' پاگل کتا

Curacy *n.* نائب پادری کا عہدہ
Curassow *n.* امریکی فیل مرغ
Curate (ku-rat) *n.* a clergyman who assists the rector or vicar of a parish. پادری کا نائب
Curative (ku-ra-tiv) *adj.* that which cures.
Curative *a. (ku ra tiv)* that which cures. شفا بخش، شافی
Curb (kurb)❶ *n.* part of a bridle; restraint. ہاتھ کی اٹکاؤ، ضبط، روک *We stood on the curb and waited for the bus.* ❷— *v.t.* to bridle; to restrain; to check; to control; to hinder; to restrict. لگام دینا، تھامنا، قابو کرنا *Kamran tried to curb his anger.*
Curd (kurd) *n.* a coagulated milk. دہی، میٹھا جغرات
Curdle (kurdl) *v.t.* & *i.* to coagulate; to congeal; to thicken. جمنا، جمانا، بستہ ہونا یا کرنا، دودھ کا پھٹنا
Cure (kur)❶ *n.* a remedy; healing; restoration to health; spiritual charge. علاج، تندرستی، شفا، صحت *Aspirin is a cure for headache* ★ *To make a wonderful cure.* اعجاز مسیحائی کرنا ❷— *v.t.* to heal; to remedy; to preserve; to prepare for preservation by drying, salting etc. تندرست کرنا، خشک کرکے یا نمک چھڑک کر محفوظ رکھنا
Cureless (kur-les) *adj.* incurable. لاعلاج
Curer *n.* معالج، شفا دینے والا، علاج کنندہ
Curettage *n.* جراحی طریق علاج
Curette *n.* جراحی کا چمچی نما آلہ، جرافہ
Curfew (kur-few) *n.* a bell formerly rung in the evening as a signal to the inhabitants to take up their fires and retire to rest. سونے کے واسطے شام کا گھنٹہ، کرفیو، باہر نکلنے کی پابندی، خانہ بندی
Curio *n.* rare objects of art. کاریگری کا نادر نمونہ، انوکھی شے، نایاب چیز
Curiosity (ku-rio-sity) *n.* a strong desire to see something; inquisitiveness; rarity; novelty. راز جوئی، تجسس، شوق تحقیق، عجیب چیز
Curious (ku-ri-us) *adj.* inquisitive; bare; singular; nice. نادر، عجیب، عمدہ، حیرت انگیز، متجسس
Curl *n.* ringlet of hair; flexure; wave; twist. زلف، شکن، چھلا، زلف، شکن ❷— *v.t.* to form into ringlets; to twist; to crisp; to coil; to ripple. پیچیدہ، پیچ و تاب دینا، بل ڈالنا، گھنگریالے بنانا
Curlew (kur-lu) *n.* a long-billed water fowl. پن ڈوبی، کراکل، لمبی چونچ والا پانی کا پرندہ


CURLEW

Curly (kur-li)*adj.* having curls; tending to curl. پیچدار، گھنگرو والا، گھنگریالا
Curmudgeon (kur-mu-je-un) *n.* an avaricious fellow; miser. لالچی، کنجوس
Currant (kur-ant) *n.* a shrub and its fruit. خشک یونانی کشمش، مویز، منقیٰ

Currency (kur-ensi) *n.* circulation; current value; the money of a country, both coin and paper. چال، رواج، گردش، سرکاری ہنڈی، کرنسی، رائج سکہ، کاغذی سکہ
Current (kur-ent)❶ *adj.* running rapidly; circulating; now passing; common. رواں، چلتا ہوا، جاری، کرنٹ ❷— *n.* a running stream. آب رواں، سلسلہ
Currently (kur-ent-li) *adv.* commonly. عموماً، علی العموم
Curricle (kuri-kal) *n.* a chase of two wheels with two horses. دو پہیے اور دو گھوڑوں کی گاڑی



CURRICLE

Curriculum (kuri-ku-lum) *n.* a race-course of study. مقررہ کتابوں کی فہرست، نصاب تعلیم
Currier (ku-re-er) *n.* a dresser of leather. چرم ساز، دباغ
Curry (kuri) *n.* & *v.t.* dish of meat cooked with spices. شوربہ دار سالن، سالن، سالن پکانا، شوربہ بنانا، کھرچنا
Curry (kuri) *v.t.* to dress tanned leather; to rub and clean. چمڑا کمانا ★ *Curry favour.* خوشنودی حاصل کرنا، چکنی چپڑی باتیں کرکے کام نکالنا، خوشامد کرنا
Curry-comb (kuri-kom) *n.* a comb to clean horses. کھریرا


CURRYCOMB

Curse (kurs) ❶ *v.i.* to wish evil against; to execrate; to vex; to imprecate. لعنت بھیجنا، بددعا دینا، پھٹکارنا، کوسنا ❷— *v.i.* to use profane language; to swear; کوسنا، قسم کھانا ❸— *n.* imprecation of evil; malediction; torment. غضب، لعنت، بددعا، آفت، عذاب، پھٹکار
Cursed *adj.* damnable. نگوڑا، قابل نفرت، کمبخت، ملعون
Cursive (kur-siv) *adj.* careless; hasty. بے پروا، سرسری ★ *A cursive hand.* شکستہ خط
Cursorial *adj.* having limbs adopted for running. سبک پا، سبک رفتار، پھرتیلا، چالاک
Cursory (kur-sori) *adj.* done quickly or carelessly; hasty. جلد یا بے پروائی سے کیا ہوا، سرسری، جلد ★ *Cursory view glance.* چلتی نظر، نظر اجمالی
Curt (kurt) *adj.* brief; concise; short. مختصر، کم، تیز ★ *A curt answer.* تیز یا روکھا جواب
Curtail (kur-tal) *v.t.* to cut short; to abridge; to diminish. کم کرنا، کاٹنا، مختصر کرنا
Curtailment *n.* چھانٹ، تخفیف، قطع و برید، اختصار، کمی
Curtain (kur-tan) *n.* a hanging cloth for a bed or window. پردہ، چلمن ★ *Behind the curtain,* out of sight. پوشیدہ، پردہ یا اوجھل میں، اوٹ میں ★ *Curtain*

lecture, a reproof given on bed by a wife to her husband. تعلیم خلوت' بیوی کی نصیحت' پس پردہ یا خلوت میں سرزنش ★*To raise the curtain,* to begin. شروع کرنا



CURTAIN

Curtate *adj.* مختصر کیا ہوا یا گھٹایا ہوا' تلخیص شدہ

Curtilage *n.* (قانون) گھر سے متعلق زمین' مضافات خانہ' گھر کی اراضی' صحن


Curvature (kur-va-tur) *n.* crookedness; curve. خم' پیچ' کجی' گولائی' خمیدگی' جھکاؤ

Curve (kurv)❶ *n.* anything bent. جھکاؤ' پیچ ❷— *v.t.* to bend; to inflect; to crook. جھکاؤ' لچانا' خم دینا *The road ahead curved round the lake.*

Curvet (kur-vet) *n. & v i* a leap; frolic; prance. جست' کود' پھاند' اچھلنا' جست لگانا' پھاندنا

Cushat (kushat) *n.* حلقہ دار' فاختہ

Cushion (ku-shun) ❶ *n.* a stuffed bag to sit or recline upon. گاؤ تکیہ' گدی' مسند' کشن ❷—*v.t.* to furnish with cushions. مسند لگانا' گدی لگانا



CUSHION

Cushy *adj.* سہل' آرام دہ اور آسان

Cusk *n.* ایک خوردنی سمندری مچھلی

Cusp *n.* راس' پہلی رات کے چاند کا کنارا

Cuspidal *adj.* of a cusp. نعل نما' ہلالی' قرنی

Cuspidate (kus-pi'dat) *v.t. & adj.* to point; to sharpen. تیز کرنا' نوکدار بنانا' نوکیلے سرے کا

Cuspidor *n.* اُگالدان

Custard (kus-tard) *n.* a composition of milk, eggs, sugar, etc. فیرنی کی قسم کی شیرینی' کسٹرڈ ★ *Custard apple.* شریفہ' ایک پھل

Custodian (kus-to-di'an) *n.* one who has care of a public building; superintendent. داروغہ' محافظ' کسٹوڈین

Custody (kus-to-di) *n.* guardianship; imprisonment; confinement. حفاظت' حراست' حبس ★ *To commit to close custody.* سپرد حوالات کرنا ★ *In close custody.* حراست میں

Custom (kus-tum) *n.* habitual practice; usage; fashion; habitual buying of goods; (*pl.*) a tax on goods. کسٹم' عادت' رسم' رواج' روش' لین دین' محصول' لگان *Greeting friends by shaking hands is an old custom.*

Customary (kus-tum'ari) *adj.* according to custom; habitual; conventional; holding or held by custom. معمولی' رسمی' بادستور' رواجی' دستوری

Customer (kus-tum-er) *n.* one who buys goods from the same place; purchaser. گاہک' خریدار' کسٹمر

Custom-house (kus-tum-hows) *n.* the place where customs or taxes on goods coming into a country are paid. چنگی گھر' پرمٹ کی چوکی' کسٹم ہاؤس

Cut (kut)❶ *v.t.* to make an incision; to sever; to chop; to hew; to crave; to shun; to divide a pack of cards; to deduct. چیرنا' قطع کرنا' قلم کرنا' تراشنا' تاش کاٹنا' منہا کرنا ★ *To cut down,* to reduce; to retrench. گھٹانا' کم کرنا ★*To cut against,* to operate against. خلاف عمل کرنا ★ *To cut off,* to sever from the other parts; to bring to an untimely end; to interrupt. کاٹ ڈالنا' قبل از وقت تمام کر دینا' روکنا ★*To cut out,* to fashion; to shape. وضع کرنا' بنانا ★ *To cut short,* to a bridge. مختصر کرنا ★ *To cut up,* to cut in pieces; to criticise severely; to affect greatly. ٹکڑے ٹکڑے کرنا' نکتہ چینی کرنا' دل پر چھ جانا ★ *To cut off with a shilling,* to disinherit an heir. وراثت سے خارج کرنا ★ *To cut a figure,* to make a display. نمائش کرنا ★ *To cut a joke,* to crack a jest. مذاق کرنا ★ *Cut and dry,* ready for use. تیار ★ *To cut open,* to open with a knife. چھری سے کاٹنا ★ *Cut and come again.* کھاؤ جتنا چاہو ★ *Cut glass.* نقشی گلاس ★ *To be cut out for.* قابل ہونا' استعداد رکھنا ★ *To cut capers.* الول کلول کرنا ❷— *n.* a gash; stroke; slight; groove; division; engraving; style; (*pl.*) a lot. زخم' تھپڑ' تحقیر' کناؤ' ٹکڑا' کندہ' تصویر' قسمت

Cutaneous (ku-tan-e'us) *adj.* relating to the skin. کھال کا' جلدی' جلد سے متعلق

Cutback *v.t.* تخفیف کرنا' کمی کرنا' سرا کاٹ کر چھوٹا کرنا' چھانٹی کرنا

Cutback *n.* تخفیف' کمی' پیداوار میں کمی یا کٹوتی' (طلب کم ہونے کی وجہ سے)

Cuticle (ku-ti-kl) *n.* a superficial covering. جھلی' پوست

Cutlass (kut-las) *n.* a broad curved sword. شمشیر' سیف

Cutler (kut-ler) *n.* a maker of knives and edged tools. چاقو چھری تیز کرنے والا' کارد فروش

Cutlery (kut-ler'i) *n.* cutting instruments in general; business of a cutler. کاٹنے کا اوزار' چھری چاقو بنانے کا پیشہ' کٹلری

Cutlet (kut-let) *n.* a piece of meat cut off for boiling. گوشت کا ٹکڑا جو پکانے کے لئے کاٹا جائے

Cut-purse (kut-pars) *n.* a pick pocket. جیب کترا

Cutter (kut-er) *n.* one who, or an instrument which cuts; a light, fast-sailing vessel. کاٹنے والا' ایک ہلکا تیز جہاز


Cut-throat (kut-throt)❶ *adj.* one who cuts throat; assassin; ruffian. قاتل' خونی ❷— *adj.* murderous; cruel. گردن مار' بے رحم' سفاک' جلاد

Cuttie (kut-ti) *n.* a worthless woman. نکمی عورت

Cutting (kut-ing)❶ *n.* incision; clip; chip, twig. کٹوائی' کاٹ' قتلا' قلم' شاخ ❷— *adj.* sharp; sarcastic; dividing; chilling. کاٹنے والا' تیز' افسردہ کرنے والی


C

Cuttle (kut′l) *n*. a foul-mouthed fellow. بدزبان شخص
Cwt *n*. a hundred weight. انگریزی وزن' باون کلو
Cyanic *adj*. blue. سائنک' نیلا' نیلگوں
Cyanosis *n*. blue discolouration.
آکسیجن کی خون میں کمی' یرقان' یرقان اسود' سیاہ یرقان
Cycle (si-kl) *n*. an imaginary circle or orbit in the heaven; periodical space of time; a bicycle. سائیکل' چرخ' دَور' چکر' گردش *The cycle of the seasons is one of nature's miracles.*
Cyclic (si-klik) *adj*. relating to a cycle. متعلق چرخ یا دور
Cycloid (si-klo′id) *n*. a geometrical curve.
ایک شکل ہندسی 'مستدیر' دائرہ نما' دوری
Cyclone (sik-lon) *n*. violent rotatory wind.
طوفان و گردباد بگولا *A cyclone uprooted the trees.*
Cyclopaedia (si-klo-pe′di-a) *n*. a dictionary of arts and sciences; circle of knowledge.
علم و ہنر کی لغت 'قاموس' دائرۃ المعارف' دائرہ المعارف' مخزن علوم
Cyclopean (si-klo′p-an) *adj*. vast; terrific giant-like. ہولناک' مہیب' عفریتی' جناتی' بہت بڑا
Cyclops (si-klops) *n*. one of the fabled race of




CYCLOPS

giants living in Sicily with one eye in the middle of the forehead. خیالی ایک آنکھ والا دیو 'ایک یونانی افسانوی دیو
Cyclostyle *n*. & *v.t*. apparatus printing copies.
ایک کل جس سے قلمی تحریر کی نقلیں نکالتے ہیں' سلیٹ چھاپہ
Cygnet (sig-net) *n*. a young swan. ہنس کا بچہ 'جوان ہنس
Cylinder (si-lin-der) *n*. a long, circular body, of uniform diameter; a roller. لمبا گول' اسطوانہ' بیلن' سلنڈر
Cylindric, Cylindrical (si-lin-drik, si-lin-dri-kal) *adj*. having the shape of a cylinder. نل دار ' اسطوانی
Cymar (kim-ar) *n*. a slight covering. اوڑھنی' دوپٹہ
Cymbal (sim-bal) *n*. a dish-shaped musical



CYLINDER



CYMBAL

instrument of brass used in pairs. جا بجھ' مجیرا کرتال
Cynic (sin-ik) *n*. a morose man; a misanthrope. خشک مزاج آدمی
Cynical (sin-ik-al) *adj*. churlish; snarling.
سگ خو' روکھا' ترشرو' کلبی' نیکی کا منکر
Cynosure (sin-o-sur) *n*. the constellation of the Lesser Bear; centre of attraction or admiration.
مرکز کشش' منظر' قطبی تارا' دبِ اصغر پرکشش' مرکز توجہ' مرجع نظر
Cypher (sif-er) *n*. the figure O; a secret writing.
صفر' رمزنویسی ' رمز نگاری
Cypres *n*. & *adv*. (قانون) تا امکان حسب وصیت
Cypress (si-pres) *n*. a genus of coniferous tree.
شمشاد کا درخت 'صنوبر' سرو
Cyst (sist) *n*. a bag containing morbid matter.
پیپ کی تھیلی 'آبلہ' مثانہ' کیسہ' پھکنا
Czar (zar) *n*. the emperor of Russia.
شہنشاہ روس کا لقب پرانا لقب (متروک) زار
Czarina (za-ri-na) *n*. the empress of Russia.
ملکہ روس کا لقب' زارینہ ' زار کی بیوی' روسی ملکہ
Czarowich, Czarowitz (zaro-wich, zaro-witz) *n*. the eldest son of the Czar. روس کا ولی عہد'

D

D (de) *n.* The fourth letter of the English alphabet, the second note of natural major scale. انگریزی حروفِ تہجی کا چوتھا حرف، فطری سرگم کا دوسرا سُر، ۵۰۰ کے لئے رومن ہندسہ، درجہ جو طالب علم کی کمزوری ظاہر کرتا ہے

Dab (dab)❶ *v.t.* to strike gently with something moist or soft; to besmear; to slap. پچارہ پھیرنا، چھینٹا مارنا، تھپتھپانا، تھوپنا *She dabbed her eyes with a handkerchief,* ❷— *n.* an expert; an artist; a gentle blow. تھپکی، ہنرمند آرٹسٹ، اُستاد ★ *To be a dab at.* کسی بات میں اُستاد ہونا


Dabber *n.* That which dabs. تھپکنے والا، پچکارنے والا، پھُرَیری

Dabble (dab-l)❶ *v.i.* to spatter; to sprinkle; to smear; to wet. چھڑکنا، پچارا دینا، تر کرنا، بھگو دینا ❷— *v.i.* to play in water, as with the hand; to meddle; to trifle; to work superficially. پانی میں کھیلنا، ادھورہ کام کرنا، پانی میں چھپ چھپ کرنا اُوپری یا سرسری طور سے کرنا

Dabbler (dab-lar) *n.* one who dabbles; meddler; quack. پانی میں کھیلنے والا، اناڑی، نیم حکیم

Dabchick (dab-chik) *n.* water bird. بطخ، مُرغی

Dabster (dabs-tar) *n.* one who is expert; an adept. ہنرمند، چالاک



DACE

Dace (das) *n.* small fresh water fish. ایک قسم کی مچھلی

Dacker (da-kur) *v.t.* to search, as for stolen goods. تلاش کرنا، آوارہ پھرنا، اِدھر اُدھر گھومنا

Dacoit (da-koit) *n.* robber. ڈاکو، راہزن، قزاق

Dacoity *n.* Gang robbery. ڈکیتی، راہزنی، قزاقی

Dacron *n.* ڈیکرون، ایک مصنوعی ریشہ جو سُکڑنے اور شکنوں سے محفوظ ہوتا ہے، اس ریشے کا بنا ہوا کپڑا

Dactyl (dak-til) *n.* a poetic foot; consisting of one long syllable and two short ones. شعر کا ایک وزن

Dactylology (dak-ti-lolo-ji) *n.* the art of communicating thoughts by the fingers. اُنگلیوں سے بات چیت کرنا، انگشتی اشاریات

Dad, Daddy (dad, dadi) *n.* father. باپ، والد *Naila calls her father Daddy.*




DAFFODIL

Daffodil (da-fo-dil) *n.* a plant with yellow flowers. نرگس کی قسم کا ایک پھول، آبی نرگس

Daffy *adj.* بے وقوف، احمق، مخبوط الحواس

Daft (daft) *adj.* insane, silly; foolish. خبطی، پاگل، بے وقوف

Dagger (dag-ar) *n.* short sword; a mark of reference. [†] خنجر، کٹار [†] حوالہ دینے کا نشان



1 2 3 4

DAGGERS

★ *To look daggers.* غیظ و غضب سے دیکھنا، پھاڑ کھانے کو دوڑنا *To be at daggers drawn,* to be bitterly hostile.

جانی دشمن ہونا

Daggle (dag-al) *v.t.* to drag on wet ground; to trail in the dirt. گیلی زمین پر گھسیٹنا، لتھیڑنا، آلودہ کرنا یا ہونا

Daggle-tail (dajal-tal) *n.* a filthy person. غلیظ شخص

Dahabeah *n.* دریائے نیل میں چلنے والی سنہری رنگت کی کشتی

Dahoon *n.* جنوبی امریکہ کی سدا بہار جھاڑی یا درخت، گل معطی

Daily (dali) *adj.* daily paper; happening every day; diurnal; every day; day by day روزانہ اخبار، یومیہ، روزمرہ، ہر روز، دن بدن، ڈیلی *The milkman comes daily to our house.*

Dainties (dan-tez) *n.* (*pl.*) choice morsel; sweet dish; a dalicacy. نفیس چیز، نعمت، مزیدار، لذیذ، خوش ذائقہ اشیاء

Daintiness (dan-ti-nes) *n.* dalicacy; fastidiousness; fineness of taste. نزاکت، خوش دماغی، نفاست پسندی، لذت

Dainty (dan-ti) *adj.* delicious; nice; elegant; delicate; fastidious. لذیذ، مزے دار، نفیس، لطیف ★ *Dainty maketh dearth.* تکلیف میں ہے تکلیف، سراسر ★ *To make dainty.* نزاکت دکھانا

Daiquiri *n.* لیموں کے رس اور شکر سے تیارہ کردہ مشروب

Dairy (dari) *n.* the place where milk is kept and made into butter and cheese. پنیر اور مکھن بنانے کا گھر، ڈیری


Dairy farm *n.* ڈیری فارم، دودھ گھر، شیر خانہ، وہ مزرعہ جو بنیادی طور پر دودھ کی پیداوار کے لئے وقف ہو

Dairy farmer *n.* شیر خانہ دار، شیر ساز، ایسے مزرعہ میں کام کرنے والا

Dairy farming *n.* شیر خانہ داری، شیر سازی

Dairying *n.* شیر خانہ کا کاروبار

Dais *n.* a raised platform at the upper end of a dining hall; a raised seat. شہ نشیں، چبوترہ



DAIS



DAISY


Daisy *n.* a vernal flower. ڈائس بابونہ، گُلِ داؤدی، گل بہار

Dale (dal) *n.* a valley; a low place between hills. وادی، گھاٹی، پہاڑیوں کے درمیان نشیبی جگہ، درہ

Dalliance (dali-ans) *n.* inter-changing of caresses; act of fondness; flirtatious effection. راز و نیاز، اخلاص، نخرہ، تساہل، ٹال مٹول

Dally (dali) *v.i.* to fondle; to delay; to trifle away time. بوس و کنار کرنا، وقت ٹالنا، تاخیر کرنا، اٹھلانا

Dam (dam)❶ *n.* a bank of earth to stop the flow of water; a mother of brutes. پشتہ، بند، ڈاٹ یا ڈیم، روک *Father built a dam in the brook to make a swimming pool.* ❷— *v.t.* to shut up by moles. پشتہ یا بند باندھنا



DAM

Damage (dam-aj)❶ *n. pl.* (*Law.*) the value in money of what is lost or injured; mischief; loss; harm; injury. تاوان، ہرجہ، نقصان، ٹوٹا، ضرر، ہرجانہ *The fire has badly damaged the house.* ★ *To assess damages.* تشخیص کرنا ★ *Damages for defamation of character*: حرمت بہا، ہرجہ ازالہ، حیثیت عرفی ❷— *v.t.* to injure. توڑنا، بگاڑنا

Damager *n.* ضرر رساں، نقصان پہنچانے والا، مضرت رساں

Damaging *adj.* نقصان دہ، مضر، ضرر رساں

Damask, (Damasuc) (damask) *n.* silk cloth; cotton or wool cloth, with figures woven on it made at Damascus. بوٹیدار کپڑا، جامدانی، چکن، مشجر

Damask rose *n.* گہرا گلابی یا گلاب جیسا رنگ، دمشقی گلاب

Dame (dam) *n.* woman; schoolmistress. بیگم خاتون، بانو

Damn (dam) *v.t.* to condemn; to doom. ملعون کرنا، دوزخ میں بھیجنا، ملامت کرنا، پھٹکارنا، مطعون کرنا

Damnable (dam-na-bl) *adj.* odious; deserving to be condemned. نفرتی، لعنتی، قابلِ ملامت، ملعون لعنتی

Damnation (dam-na-shun) *n.* eternal punishment in hell. عذاب، غضب یا لعنت دوامی

Damnatory *adj.* موجب لعنت، ملامت کا سبب، موجب عذاب

Damned *adj.* سزا رسیدہ، معلون، مکروہ، لعنتی

Damnify (dam-ni-fi) *v.t.* to cause injury. نقصان پہنچانا

Damp (damp)❶ *adj.* moist; humid; dejected. سیلابی، نم، افسردہ *The air that blows in from the sea is damp.* ❷— *v.t.* to moisten; to depress; to cast down one's spirits; to moist. دلگیر کرنا، مرطوب کرنا ❸— *n.* moisture; air; depression. نمی، تری، دلگیری

Dampen *v.t.* گیلا کرنا، تر کرنا، پژمردہ کرنا، ہمت شکنی کرنا، نم آلود کرنا *Our clothes were a little dampened when we were caught in a sudden shower.*

Damper *n.* Person or thing that depresses. پژمردہ کرنے والا، افسردہ کرنے والا، پیانو کی آواز کو مدھم کرنے والی گدی، گیلا کرنے والے، بھوبل میں پکائی ہوئی روٹی، آفسٹ چھپائی میں پانی والا رولر


Dampness (damp-nes) *n.* moisture; humidity. نمی، رطوبت، تری

Damsel (dam-sal) *n.* a maiden; a young unmarried girl. نوجوان کنواری، دوشیزہ، باکرہ، ناکتخدا

Damson (dam-sun) *n.* a kind of plum first found at Damascus. آلو بخارا، آلوچہ

Damson-cheese *n.* آلو بخارے کا مربہ
Dance (dans)❶ *v.i.* to jump; to move with measured steps. کودنا، ناچنا، رقص کرنا، ڈانس *After School we are going to dance in a ring on the lawn.* ★ *To dance attendance,* to wait with obsequiousness; (as, the poet was made to) ★ *dance attendance* (upon the king.)خوشامد سے خدمت کرنا ★ *I will make him dance without a pipe.* دیکھو کیسا نچاتا ہوں ★ *He dances well to whom fortune pipes.* بے ناچ انہیں کا سچا ہے بخت جنہوں کا اچھا ❷— *n.* a regulated movement of the feet. ناچ، رقص
Dancer (dan-sar′) *n.* one who dances; dancing master; a teacher of dancing ناچ سکھانے والا، ڈانسر، ناچنے والا *The older girls are good dancers.*
Dandelion *n.* Yellow flowered plant with dented leaves. لکروندا، ایک زرد پھول جس کے پتے دندانہ دار ہوتے ہیں *Children like to gather dandelions in the spring.*
Dander *n.* Temper, anger. (بول چال) غصہ، خفگی، ناراضگی، بدمزاجی
Dandle (dan-dal) *v.t.* to fondle; to toss on the knees. کھلانا، گھٹنوں پر اچھالنا، جھلانا، لاڈ کرنا
Dandriff, Dandruff (dand-rif, dand-raf) *n.* scaly scurf on the head. بفا، سکارف، خشکی، پپڑی
Dandy (dan-di) *n.* a fop; cox comb. بانکا، چھیلا
Dandyism (dan-di-izm) *n.* quality of a dandy; fop-ishness. بانکاپن، چھیلاپن
Dane (dan) *n.* a native of Denmark ڈنمارک کا باشندہ
Danger (dan-jar) *n.* risk; peril; insecurity; fear. خطرہ، اندیشہ *The busy road is a danger to small children. When floods come in the spring, there is great danger. People may be injured or lose their homes.*
Dangerous (danj-rus) *adj.* full of danger; risky. پرخطر، ہولناک، خطرناک، خوفناک *It is dangerous to play with matches. One may get burned.* ★ *A dangerous character* پکا بدمعاش، شہدا
Dangle (dan-gal) *v.i.* to swing about; to hang loose. جھولنا، پیچھے گھومنے والا *A long chain dangled from the back of the lorry.*
Dangler (dang-lar) *n.* one who hangs about women. عورتوں کے پیچھے گھومنے والا، جھولنے والا
Daniel *n.* Upright Judge. پورا انصاف کرنے والا، عاقل، عادل
Dank (dank) *adj.* damp; moist; humid. نم، تر
Dankish *adj.* سیلا، نم آلود
Danseuse *n.* پیشہ ور رقاصہ
Daphne *n.* غار کا پودا
Dapper (dap-ar) *adj.* little and active; smart in dress and appearance. ناٹا اور چالاک، صاف، ستھرا، پھرتیلا
Dapperling (dap-er-ling) *n.* a little person; a dwarf. بوٹا، ناٹا
Dapple (da-pal)❶ *v.i.* to streak; to spot; to variegate. دھبے ڈالنا، ابلق کرنا ❷— *adj.* marked with various colours. رنگ برنگ، ابلق، چتکبرا، چتکبرا
Darbies *n.* Hand cuffs. ہتھکڑی
Darby *n.* کنی، کرنڈی، پلستر کی سطح کو ہموار کرنے والا اوزار
Darby and Joan. *n.* بوڑھے میاں بیوی ایک دوسرے کے عاشق
Dare (dar)❶ *v.i.* to venture; to defy; to have the courage; to defy. جرات کرنا، ہمت کرنا، للکارنا، خم ٹھونکنا *He challenged him to see if he would really dare it.* ❷*v.t.* to defy; to challenge. مقابلہ چاہنا، للکارنا
Dare devil ❶ *n.* احمقانہ طور پر نڈر، مشہور، غیر محتاط طور سے ❷ *adj.* نڈر، بے باک، نڈر شخص
Dare say *v.t., v.i.* کسی چیز یا کام کو ممکن سمجھنا، فرض کرنا، اتفاق کرنا
Daring (dar-ing) *adj.* courageous; bold. دلیر، شجاع
Dark (dark) *adj.* wanting light; not fair, mysterious; evil; obscure; gloomy. اندھیرا، کالا، پوشیدہ، برا، غمگین، تاریک، نامعلوم، غیر معروف *When it is completely dark, one cannot see.* ★ *The dark,* *n.* darkness. تاریکی ★ *The dark ages.* زمانہ جہالت *Dark sayings.* معمے دار مقولے ★ *Dark looks.* شرارت نما چہرہ ★ *Dark deeds.* خبیثانہ افعال ★ *The dark half of a month.* بدی، اندھیرا ★ *Dark deeds.* برے افعال ★ *Pitch dark.* گھپ اندھیرا ★ *Dark horse.* خلاف توقع جیتنے والا گھوڑا
Darken (dark′en) *v.t. & i.* to make dark or black; to cloud; to perplex; to render dim; to sully. اندھیرا چھانا، اندھیرا ہونا یا اندھیرا کرنا، تاریک ہونا، پوشیدہ کرنا، اداسی چھانا
Darkly (dark-li) *adv.* obscurely. کم نمائی سے، دھمکی کی نگاہ سے
Darkness *n.* جہالت، ظلمت، تاریکی *People cannot see well in darkness.*
Darksome (dark-sum) *adj.* cheerless; gloomy; obscure. دل اداس کرنے والا، تاریک، غمگین
Darky-ki *n. & adj.* Of dark colour. حبشی، سانولے رنگ کا آدمی، ملیح، سانولا
Darling (dar-ling) *adj.* favourite; dearly; beloved. عزیز، محبوب، لخت جگر *Our baby is darling.*
Darn (darn) *v.i.* to mend holes in clothes by sewing. رفو کرنا، مرمت کرنا *Sana darned the toe of her stocking.*
Darner (darn-er) *n.* one who darns. رفوگر
Darning (darning) *n.* the act of repairing holes by filling in threads with a needle. رفوگری
Dart (dart)❶ *n.* a weapon thrown by the hand; javelin; a missile. برچھی، نیزہ، تیر *When Father*

opened the door, the dog darted into the house. ❷— *v.t.* to throw a dart to shoot; to hurl suddenly. تیر پھینکنا، چلانا، مارنا




DART

Darter *n.* One who darts. جھپٹنے والا، تیر چلانے والا، تیرانداز ایک قسم کی مچھلی، ایک قسم کی آبی چڑیا

Dash (dash) *v.t.* to fling; to throw violently; to shatter; to frustrate; to abash; to adulterate: to break; to knock: to obliterate. پٹکنا، ٹکرانا، پھینکنا، توڑنا، ہمت توڑنا، تباہ کرنا، شرمندہ کرنا، ملانا *A shower of rain dashed our hopes for a picnic.* ★ *To dash about,* to run about. دوڑ جانا ★ *To dash against,* strike against. ٹکر کھانا ★ *To dash along,* to run quickly. جلدی جانا ★ *To dash at,* to make a sudden attack on. حملہ کرنا ★ *To dash aside,* to put aside. برطرف کرنا، الگ کرنا ★ *To dash away,* to run away; to cast off. کھلانا، ڈال دینا ★ *To dash off,* to make anything rapidly. جلد تیار کرنا ★ *To dash through thick and thin.* اندھا دھند منہ اٹھائے چلنا

Dash (dash) *n.* a blow; a sudden onset; admixture; a mark (—) at a break in a sentence; a vain show. ٹھوکر، حملہ، دھاوا، یہ نشان (—) نمائش ★ *To cut a dash.* اپنے کو بنانا، دکھانا

Dashboard *n.* آلات گیر، ڈیش بورڈ، ہوائی جہاز یا موٹر گاڑی میں اگلی


DASHBOARD

نشستوں کے سامنے شیشے کے نیچے کا تختہ جس پر اوزار وغیرہ رکھتے ہیں

Dashing *adj.* Brilliant. شیخی باز، بھڑکیلا، پرجوش، شان دکھانے والا

Dastard (dast-erd) *n.* a poltroon; a coward. ڈرپوک، پست ہمت، بزدل، گھٹیا

Dastardly (dast-erd-li) *adj.* meanly; timidly; cowardly. بزدلانا، بمفسدانہ

Data (da-ta) *n.* (*pl.*) facts given or admitted. طے کی ہوئی بات، معلومات، مفروضات

Datamation *n.* صنعت معلومات بندی، خودکار معلومات بندی

Data Processing *n.* معلومات بندی، عمل کاری معلومات

Date (dat)❶ *n.* the precise time of any event; duration; the fruit of the palm-tree. تاریخ، زمانہ، وقت، خرما، چھوہارہ، کھجور، ڈیٹ *When we write letters we date them at the top of the first page.* ★ *A bill after date.* میعادی ہنڈی ★ *Out of date.* پرانا، بے چال، آوٹ آف ڈیٹ *v.t.* to fix the time of. تاریخ لکھنا ★ *Dated, adj.* مورخہ ★ *Dater, n.* تاریخ متعین کرنے والا ★ *Out of date.* متروک، فرسودہ ★ *Up to date.* تا تاریخ، جدید، تازہ ترین ★ *Predate.* قبل از وقت، دستاویز سے قبل کی تاریخ ڈالنا ★ *Post date.* تاریخ مابعد، اگلی تاریخ ڈالنا

Date palm (dat-pam) *n.* the genus of palms bearing dates. کھجور کا درخت

Dative (da-tiv) *n.* in grammar, the case that signifies the person to whom a thing is given. مفعول بہ، مفعولی حالت، حالت نصبی

Datum (da-tum) *n.* a known or assumed fact. جانی یا مانی ہوئی بات، مفروضہ، امر معلومہ

Daub (dawb)❶ *v.i.* to smear plaster; to paint coarsely. لیسنا، پوتنا، آلودہ کرنا، داغ لگانا ❷— *n.* a smear; a coarse picture. دھبہ، اناڑی کی مصوری

Daughter (daw′ter) *n.* a feminine child. لڑکی، بیٹی، دختر ★ *Daughter-in-law,* son's wife. بیٹے کی بیوی ★ *Step-daughter,* the daughter of one's husband or wife by a previous marriage. سوتیلی بیٹی ★ *Daughters and fish are no keeping wares.* بیٹیاں اور مچھلیاں رکھنے کی چیز نہیں

Daunt (dant) *v.t.* to make to fear; to intimidate; to frighten. ڈرانا، بے دل کرنا

Dauntless (dant′les) *adj.* intrepid; fearless; bold. نڈر، بے خوف، بے دھڑک، جری

Dauntlessness *n.* بے خوفی، بے باکی، دلیری، بہادری

Dauphin *n.* انقلاب فرانس سے پہلے ولی عہد فرانس کا خطاب

Daven Port *n.* بڑا صوفہ یا دیوان جسے پلنگ میں تبدیل کیا جا سکتا ہے

Davy *n.* Statement on oath. بیان حلفی، حلف نامہ ★ *Davy-Jone's locker.* پانی کی قبر، قبر دریا ★ *Davy lamp.* کان کنوں کا حفاظتی چراغ جس سے آگ لگنے کا اندیشہ نہیں ہوتا

Daw (daw) *n.* a jackdaw. ایک قسم کا کوا

Dawdle (daw′dl) *v.t.* to waste time; to trifle. وقت برباد کرنا *The teacher told him to hurry up and not to dawdle.*

Dawn (dawn)❶ *v.i.* to glimmer; to begin to grow light in the morning; to be visible. تڑکا ہونا، شروع کرنا، شگفتہ ہونا، جوانی *Do you get up at dawn?* ❷— *n.* the break of day; beginning. فجر، تڑکا، شروع

Day (da) *n.* the time between the rising and setting of the sun; twenty-four hours; age; victory. دن، یوم، زمانہ، عمر، فتح، ڈے *There are seven days in a week. There are 24 hours in a day.* ★ *Day*

of judgment, the doomsday. روز قیامت ★ *Lack-a day,* alas. افسوس ★ *A red letter day,* a holiday. چھٹی کا دن ★ *Days of grace,* Three days allowed to the debtor after a bill is due. رعایتی دن ★ *A nine day's wonder,* a subject of astonishment for a short time. چار دن کا قصّہ ★ *Day in and day out,* all day long. تمام دن ★ *Advancing day.* چڑھتا دن ★ *One's days being numbered.* گور کنارے لگنا' قریب المرگ ★ *The other day.* کچھ دن ہوئے ★ *To win the day,* (to gain the victory; to be successful فتح مند ہونا' کامیاب ہونا

Day-book (da-book) *n.* a trader's journal. روزنامچہ' ڈے بک' بہی' ڈائری

Day-break *n.* the first appearance of day in the morning. فجر' سویرا' تڑکا' طلوعِ صبح

Day-dream (da-drem) *n.* a visionary fancy; reverie; castle in air. بیداری کا خواب' خیالی پلاؤ' ہوائی قلعے

Day-labourer (da-lab-ur-er) *n.* one who works by the day. روز کی مزدوری پانے والا' یومیہ مزدور

Day-light (da-lit) *n.* the light received from the sun. سورج کی روشنی' دن کی روشنی' فجر' تڑکا

Day-time (da-tim) *n.* the time in which there is light. دن کا وقت' دن

Daze (daz) *v.t.* to confuse; to bewilder; to dazzle. پریشان کرنا' ہکا بکا کر دینا' چندھیانا

Dazzle (daz'l) *v.t.* to surprise with brilliancy; to overpower with light. چندھیانا' *The bright lights of the car dazzled me.*

Dazzling *adj.* درخشندہ' چمکتا ہوا' درخشاں' خیرہ کُن

Deacon (de'kn) *n.* an officer who attends to the secular affairs of the church. کلیسیا کے دنیاوی کام کا منتظم

Deactivate *v.t.* بے عمل کرنا' بے کار کرنا' بے اثر کرنا

Dead (ded)❶ *adj.* lifeless; wanting spirit or vigour; gloomy; motionless; dull; monotonous; useless. مُردہ' مُردار' سنسان' بے حرکت' اُداس' سُست' ہمزاد' بیکار *The town is very dead on Sundays.* ★ *The dead.* مرحومین' متوفین' جو گزر چکے ہوں' رفتگان ★ *Dead ahead.* ناک کی سیدھ میں ★ *Dead night.* آدھی رات ★ *A dead level.* میدان ★ *A dead calm.* مُردنی ★ *A deadshot.* ماہر نشانچی ★ *Dead sleep.* مُردہ سی نیند' خوابِ غفلت ★ *To come to a dead stop.* رُک جانا ❷— *adj.* thoroughly; completely. سراسر' ازحد ★ *To be dead against,* to be opposed to. برخلاف ہونا ★ *Dead beat,* utterly failed. شکست فاش کھائے ہوئے ★ *A dead loss,* a complete loss. پورا گھاٹا' مکمل نقصان ★ *Dead drunk,* intoxicated to such an extent as to be perfectly powerless. نشے میں چور ★ *A dead letter,* a law that is out of use; a letter lying at the post office for which no one applies. غیر نافذ قانون قانون منسوخ شدہ' خط جس کا کوئی طالب نہ ہو

Deadbody (ded-bodi) *n.* a corpse. لاش' نعش' میت

Deaden (ded'n) *v.t.* to cause death; to deprive of force; to make spiritless. مارنا' کمزور کرنا' سُست کرنا' شل کرنا' بے آب کرنا

Dead-end *adj.* بند راستہ' بند گلی' ایک سرے پر بند کیا ہوا

Dead hand *n.* (قانون) زمین کا دائمی پٹہ یا اجارہ

Deadline *n.* حدِ آخر' مقررہ حد' انتہائی خط' حتمی وقت

Deadlock *n.* تعطل

Deadly (ded-li) *adj.* mortal implacable. مُہلک' جان لیوا' ہلاہل' سخت' تباہ کن

Deadmarch (ded-march) *n.* a funeral march. غمگین راگ' جو مُردہ کو دفنانے کے ساتھ بجاتے ہیں

Deadness (ded'nes) *n.* سستی' افسردگی ★ *Deadness of the affections.* افسردہ دلی ★ *Deadness of an eye.* ضعفِ بصارت

Deaf (def) *adj.* without hearing; unwilling to hear. بہرا' بے پروا *Some people are so deaf they cannot hear at all.* ★ *To turn a deaf ear to,* to pay no head to. توجہ نہ دینا

Deafen (def-en) *v.t.* to make deaf. بہرا کرنا

Deafness (def-nes) *n.* want of power to hear. بہرا پن

Deal (del)❶ *v.t.* to trade; to transact business; to distribute; to behave. بیوپار کرنا' حصّہ کرنا' سلوک کرنا' برتنا *Mother dealt out the biscuits to the children.* ❷— *n.* a major part; quantity; distribution; fir-wood. حصّہ' تقسیم' صنوبر کا تختہ ★ *A great deal.* بہت سارے' بہت کچھ

Dealer (del-er) *n.* one who deals; trader. بیوپاری' سوداگر' ہول سیلز ڈیلر ★ *A double dealer.* ریاکار' مکار

Dealing (del-ing) *n.* transaction; treatment. کاروبار' تجارت' سلوک ★ *Double dealing,* duplicity. ریاکاری ★ *Fair dealing.* سچا معاملہ ★ *Plain dealing; unfair dealing.* ایمان کا سودا' بے ایمانی کا سودا

Dean *n.* Head of Cathedral. بڑا پادری' بڑے گرجے کا افسرِ اعلیٰ' (یونیورسٹی میں) کسی شعبہ کا صدر (کالج میں) طلباء کا نگران' ڈین

Dear (der) *adj.* beloved; costly; scarce; valuable. پیارا' عزیز' خوشگوار' گراں' نادر' ڈیر ★ *Dear as the apple of the eye.* آنکھ کی پتلی یا تارا ★ *Dear bought experience.* سیکھی ہوئی بات

Dearly (der-li) *adj.* earnestly; heartily; at a high price; charming. دل و جان سے' ازحد مہنگا' شوق سے ★ *To sell one's life dearly.* مار کے مرنا ★ *To love dearly.* کسی کو عزیز رکھنا یا چاہنا

Dearness (der-nes) *n.* fondness; love; scarcity; high price. محبت' گرانی' مہنگائی' اشتیاق

Dearth (derth) *n.* famine; want; scarcity. کال' قحط

Deary *n.* پیارا یا محبوب

Death (deth) *n.* mortality; extinction of life. موت، مرگ *Accidents cause many deaths.* اجل ★ *At death's door,* one on the point of death. قریب مرگ ★ *Death agony,* the struggle often preceding death. جانکنی، نزع ★ *Death bed.* بستر مرگ ★ *Death bell,* the passing bell. کوس رحلت ★ *Death blow.* کاری چوٹ یا ضرب ★ *Death damp,* a cold sweat preceding death. موت کا پسینہ ★ *Death rattle.* موت کی خرخراہٹ ★ *Death throe,* the dying agony. نزع ★ *Death token,* a sign of impending death. موت کی علامت ★ *Death warrant,* an order for the execution of a criminal. موت کا پروانہ ★ *To put to death.* مار ڈالنا ★ *To snap from death's jaw.* موت کے منہ سے بچنا ★ *One's death bed.* جان بلب

Deathless (deth-les) *adj.* immortal; not subject to death. لازوال، امر، لایزال، لایموت

Debacle (de-ba-kl) *n.* bursting; breaking up; sudden flood or violent rush of water. ٹوٹ جانا، سخت طغیانی، اچانک تباہی

Debar (de-bar) *v.i.* to exclude; to check; to hinder. خارج کرنا، روکنا، ممنوع قرار دینا، باز رکھنا

Debark *v.t. & i.* بحری یا ہوائی جہاز سے اترنا، ساحل پر اترنا یا ساحل کی طرف جانا

Debarment *n.* اخراج، محرومی، رکاوٹ، ممانعت

Debase (de-bas) *v.t.* to lessen in value; to degrade; to adulterate. تخفیف کرنا، کم قدر کرنا، درجے میں کم کرنا

Debasement (de-bas-ment) *n.* act of debasing; degradation. کم قدری، تذلیل، ہیٹی، ذلت

Debatable (de-bat-a'bl) *adj.* decided; disputable. قابل بحث یا عذر، بحث طلب

Debate (de-bat) ❶ *n.* discussion wordy contest; a controversy; a dispute. تقریر، مکالمہ *We debated having a picnic on the last day of school.* ❷— *v.t.* to discuss; to controvert; to dispute. حجت کرنا، فیصلہ کرنا، بحث کرنا، استدلال کرنا

Debater *n.* بحث کنندہ، باحث

Debauch (de-bawch) *v.i.* to seduce; to corrupt; to revel. بدمستی کرنا، بگاڑنا، بے حرمتی کرنا، زنا کاری کرنا

Debauchee (de-bawche) *n.* viciously sensual person; a person given over to intemperance; a drunkard. تماش بین، شرابی، تماش بین، عیاش، اوباش، بدکار

Debauchery (de-bawch'er-i) *n.* licentiousness; intemperance. عیاشی، اوباشی، بدکاری، زنا کاری

Debenture (de-ben-chur) *n.* a written form given by a person or company supplying goods to show a claim for money lent. تمسک، قرض لی ہوئی رقم کا سرٹیفکیٹ، دستاویز قرض

Debilitate *v.t.* to weaken to make feeble. ناتواں کرنا، کمزور کرنا، مضمحل کرنا، لاغر کرنا

Debilitation *n.* کمزور کرنے یا بنانے کا عمل

Debility *n.* weakness; infirmity; feebleness. کمزوری، ضعف، ناتوانی، اضمحلال، نقاہت

Debit ❶ *n.* the debtor side of an account-book. دین، قرضہ ❷— *v.t.* to charge with debt; to enter on the debit side. نام لگانا، ذمہ لکھنا

Debonair *adv.* well-bred; elegant; gay; courteous in manners; gentle. خوش طبع، خلیق، خوش مزاج، خوش اخلاق

Debouch (de-bowch) *v.t.* to come out of a confinement or defiles. خلیج، تنگ جگہ یا گھاٹی سے نکلنا

Debris *n.* wreckage; fragments of rocks; rubbish. چٹان کے ٹکڑے، چورچار، ملبہ، کھنڈر

Debt (det) *n.* what one owes to another. قرض، دین ★ *Bad debt,* irrecoverable loan. غیر ممکن الوصول قرض ★ *To pay the debt of nature,* to die مرنا ★ *Over head and ears in debt,* deeply immersed in debt. بال بال قرض دار ★ *Debt bearing no interest.* ہتھ اُدھار ★ *To pay the debt of honour.* جوا کا قرضہ ادا کرنا ★ *To incur a debt.* قرض دار ہونا

Debtor (de-tor) *n.* one who owes money. قرض دار، مقروض

Debug *v.t.* مشکلات دور کرنا، ازالہ کرنا

Debunk *v.t.* پول کھولنا، بھانڈا پھوڑنا، قلعی کھول دینا

Debut (de-but) *n.* first appearance before the society or public. شروع، دوشیزہ کا سوسائٹی میں پہلا تعارف

Decade *n.* ten-years. دھائی، دس سال

Decadence (de-ka-dens) *n.* declension. گراوٹ، زوال

Decagon *n.* a figure with ten sides and angles. دس پہلوؤں والی شکل، معشر

Decalogue *n.* the ten commandments given by God to Moses. دس احکام جو خداوند تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کو دیئے تھے

Decamp (de-kamp) *v.i.* to shift the camp; to depart; to move off. روانہ ہونا، بھاگ جانا، غائب ہونا، خیمہ اٹھانا

Decampment (de-kamp-ment) *n.* etc of decamping. روانگی، کوچ، فرار، روپوشی

Decanoic acid *n.* کیپرک تیزاب جو ناریل کے تیل یا مکھن سے حاصل ہوتا ہے

Decant (de-kant) *v.t.* to pour off gently from one vessel into another. نتھارنا، انڈیلنا

Decanter (de-kan-ter) *n.* a vessel made for liquor. شیشہ، مینا، صراحی، سبو، بوتل

Decapitate *v.t.* to cut off the head; to behead. قتل کرنا، سر قلم کرنا، گردن مارنا

Decapitation (de-ka-pi-ta-shun) *n.* the act of beheading. قتل، گردن زنی، سربریدگی

Decapod *n.* دس پاؤں رکھنے والا (جانور)، دہ پایہ

Decare *n.* ڈیکا آر، پیمائش کا اعشاری پیمانہ جس میں مربع کا ایک ضلع ۱۰ آر کا ہوتا ہے، جب کہ ایک آر ۱۰۰ میٹر کے برابر ہوتا ہے

Decastere *n.* دس مکعب میٹر کا اعشاری پیمانہ، ڈیکا سٹیر

Decay (de-ka)❶ *v.i.* to decline; to wither; to lose excellence. زائل ہونا' سڑنا' مرجھانا ❷— *n.* decline; falling off; gradual failure. زوال' بوسیدگی' شکست وریخت

Decease (de-sez)❶ *v.i.* to die. مرنا ❷—*n.* death. موت

Deceased (de-sez-d) *adj.* dead. مردہ' مرحوم' متوفی' آنجہانی

Deceit *n.* cheat; fraud. دھوکا' دغا' حیلہ *It was deceit on Aman's part to sell the broken bicycle by pretending it was new.*

Deceitful (de′set′fool) *adj.* full of deceit; fraudulent. دغاباز' فریبی' مکار' دھوکا باز' حیلہ گر

Deceitfully (de′set-foo-li) *adv.* in a deceitful manner; fraudulently. دغابازی سے' فریب سے' دھوکے سے

Deceive (de-sev′) *v.t.* to lead to error; to persuade of what is false; to disappoint. فریب کرنا' ناامید کرنا' جھانسا دینا' دھوکا دینا' دغا کرنا

Deceiver *n.* دغاباز' مکار' چالباز

Decelerate *v.t.* کسی چیز کی رفتار کم کرنا' اسراع کم کرنا

Deceleration *n.* اسراع یا رفتار کی کمی

December (de-sem′ber) *n.* the 12th month of year. دسمبر' آخری انگریزی مہینہ

Decemvirate (de-sem′vi-rat) *n.* a government by ten rulers. دس حکام کی جماعت

Decency (de′sen-si) *n.* modesty; propriety; requirement of good taste. شرم' شعور' معقولیت' شائستگی

Decennary, Decennium (de-sen′ari, de-sen-nium) *n.* a period of ten years. دس سال' دس سالہ مدت' دہائی' عشرہ

Decennial (de-sen′i-al) *adj.* happening after every ten years. دس سالہ' ہر دس سال کے بعد ہونے والا

Decent (de-sent) *adj.* having decency; suitable; modest; tolerable. باسلیقہ' باحیا' شائستہ' معقول

Deception (de′sep-shun) *n.* act of deceiving; misleading. دغابازی' فریب' دھوکا' مکاری

Deceptive (de-sep-tiv) *adj.* one that deceives or misleads; false. دھوکے میں ڈالنے والا' دغاباز' فریبی

Decide (de-sid′)❶ *v.t.* to settle to; to determine; to bring to an end; to resolve. فیصلہ کرنا' قصد کرنا' تجویز کرنا *The policeman decided to let the man go.* ❷— *v.i.* to give judgment. تہیہ کرنا' فیصلہ دینا

Decidedly (de-sid′ed-li) *adv.* in a decided manner-indisputably. البتہ' لاکلام' قطعاً' صریحاً' پختہ عزم سے

Deciduous (de-sid′u-us) *adj.* not evergreen; falling off every year. چند روزہ' ناپائیدار' عبوری' بے ثبات

Decimal (des′i-mal) *adj.* tenth part; counted by tens. اعشاریہ ★ *Decimal fractions.* کسر اعشاریہ ★ *Recurring decimal.* کسر متواتر


Decimate (des′i-mat) *v.t.* to take out the tenth part. دسواں حصہ لینا' عشر لینا

Decipher (de-si-fer) *v.t.* to explain, to make out, to unfold; to unravel; to interpret. بیان کرنا' حل کرنا' ظاہر کرنا' رمز کشائی کرنا' تشریح کرنا

Decision (de-si′zhun) *n.* act of deciding; settlement; conclusion; judgment; firmness of purpose. تجویز' رائے' ثابت قدمی' فتویٰ' آخری رائے

Decisive (de-si′siv) *adj.* conclusive; final; positive. قطعی' اخیر' فیصلہ کن' دوٹوک

Deck (dek)❶ *v.i.* to dress; to adorn; to set off; to cover. پوشاک پہنانا' آراستہ کرنا ❷— *n.* the floor of a ship. جہاز یا کشتی کا عرشہ' جہاز کی تختہ بندی



Deck Chair *n.* folding chair that you can take outside. کھلے میں بیٹھنے کی کرسی ★ *To clear the deck,* to prepare a ship for action. جہاز کو لڑائی کے واسطے تیار کرنا

Declaim (de-klam) *v.t.* to make a set speech in public. خطاب کرنا' وعظ دینا' تقریر کرنا ★ *Mere declaim.* خالی لفظی

Declaimer (de-klam′er) *n.* one who declaims; one who speaks for rhetorical display. تقریر کرنے والا' خطیب

Declamation (de-klam-a′shun) *n.* a set speech in public; a discourse. تقریر' وعظ' جوشیلی خطابت

Declamatory (de-klam-a-tor-i) *adj.* appealing to passions; regarding a speech. ترغیب دہ' نفسانی' جذباتی

Declaration (dek-la-ra′shun) *n.* act of declaring; affirmation. بیان' اقرار' اعلان' اقرار نامہ' محضرنامہ

Declaratory (dek-la-ra-tor-i) *adj.* clear; explanatory; affirmative. توضیحی' مظہر' تصریحی' استقراری' علانیہ

Declare (de-klar) *v.t.* to decide in favour of; to proclaim; to lay open; to make known; to affirm. اظہار کرنا' مشہور کرنا' واضح کرنا *When Kamran came home from ground after playing football, mother declared that she had never seen such a dirty boy.*

Declass *v.t.* برادری سے خارج کرنا یا رتبہ ختم کرنا

Declassify *v.t.* رازداری سے خارج کرنا' غیر مخفی کرنا

Declension (dek-len′shun) *n.* descent; declination; variations of nouns; non-acceptance. نشیب' زوال' گردان' نامنظوری' ڈھلان

Declinable (de-klin-a-bl) *adj.* fit to be declined. قابلِ زوال' نشیبی' گردان کے قابل

Declination (de-klin-a-shun) *n.* act of declining; deviation from; inflection of nouns. انحراف' تجاوز' تصریف

Decline (de-klin)❶ *v.t.* to refuse; to shun انکار کرنا' پرہیز کرنا *Attendance at school declined during the bad weather.* ❷— *v.i.* to decay; to lead downwards. زوال ہونا' جھکنا ❸— *n.* decay; consumption. تنزل' تپ دق

D

Declivity (de-kliv-i-ti) *n.* gradual descent, declination downwards. اُتار' ڈھال' نشیب ' جھکاؤ

Decoct (de-kokt) *v.t.* to digest; to prepare by boiling; to boil down. ہضم کرنا' جوش دینا' اُبالنا عرق نکالنا

Decoctible (de-kok-ti′bl) *adj.* fit to be boiled. جوش دینے کے قابل ' عرق نکالنے کے قابل

Decoction (de-kok-shun) *n.* a preparation made by boiling; act of boiling. جوشاندہ' جوش ' اُبال

Decollate (de-kol-at) *v.t.* to behead. گردن مارنا' سر قلم کرنا

Decolour (de-kol′ur) *v.t.* to deprive of colour; to bleach. بے رنگ کرنا' رنگ اڑانا

D

Decompose (de-kom-poz)❶ *v.t.* to resolve into original elements. جُدا کرنا' متفرق کرنا ❷— *v.i.* to rot. اجزا کا علیحدہ ہونا' سڑنا' گلنا

Decomposition (de-kom-po-zi′shun) *n.* putrefication; separation of parts; dissolution. بوسیدگی' سڑن' مرکب کے حصوں کی تفریق ' سڑاند

Decompound *v.t.* مرکب در مرکب کرنا' تحلیل کرنا

Decompress *v.t.* دباؤ دور یا ختم کرنا

Decompression *n.* دباؤ ختم کرنے کا عمل

Decontaminate *v.t.* آلودگی ختم کرنا' صاف کرنا

Decor *n.* سجاوٹ' زیبائش' طرز آرائش

Decorate (dek-o-rat) *v.t.* to adorn; to embellish;



DECORATE

to beautify. سنوارنا' زینت دینا *The soldier was decorated for bravery.*

Decorated *adj.* آراستہ' مزین' سجاہوا ' تمغہ یافتہ

Decoration (dek-o-ra-shun) *n.* embellishment badge of distinguished service. سجاوٹ' زیبائش' نمایاں خدمت کا تمغہ

Decorator *n.* ماہر آرائش ' آرائشی زیبائش کار' تزئینی کپڑا

Decorous (de-kor-us) *adj.* proper; decent; becoming. لائق' خوش اسلوب ★ *Decorous behaviour.* شائستہ اطوار ★ *A decorous pretext.* معقول بہانہ

Decorticate (de-kor-ti-kat) *v.t.* to strip off the bark; to peel. چھلکا اُتارنا ' پوست' اتارنا

Decorum (de-ko-rum) *n.* decency; propriety. سلیقہ' امتیاز ' ادب آداب' آداب مجلس

Decoy (de-ko′i)❶ *v.t.* to ensnare; to entrap; to inveigle. دام میں لانا' فریب دینا' پھانسنا ❷— *n.* allure; trap. دھوکا' دام' پرندوں کے پکڑنے کی جگہ ' جال

Decrease(de-krez)❶*v.i. & t.* to be diminished; to grow less; to lessen. کم ہونا' گھٹنا' کم کرنا' گھٹانا ❷ — *n.* diminution; reduction. تخفیف' کمی

Decree (de-kre)❶ *v.i.* to determine judicially; to ordain. حکم کرنا' ڈگری صادر کرنا' فیصلہ سنانا ❷— *n.* a decision of court; determination; edict; law; foreordination. عدالتی فیصلہ' فرمان قضا مشیت الٰہی

Decrement (de-kre-ment) *n.* gradual decrease; a failing off. کمی' تخفیف' تقلیل' گھٹاؤ

Decrepit (de-kre-pit) *adj.* infirm; worn out with age. ضعیف العمر' پیر' نحیف' ناتواں' ناکارہ

Decrepitate (de-kre-pi-tat) *v.t.* to crackle in the fire. آگ کا تڑکنا ' چٹخنا' چٹخانا

Decrepitude (de-kre-pi-tud) *n.* old age; broken down with age; the state of being broken. پیری' کمزوری ' فرسودگی' ضعیف ' ناتوانی' پیرانہ سالی

Decrescent (de-kre-sent) *adj.* wanting; decreasing. کم ہوتے ہوئے' زوال پذیر' گھٹتا چاند

Decretal (de-kre-tal)❶ *adj.* pertaining to the decree. متعلق یا متضمن ڈگری ❷— *n.* the Pope's decree. پوپ کا فرمان یا فیصلہ' حکمنامہ

Decrial (de-kri-al) *n.* a clamorous censure. بدنامی

Decrial *n.* مذمت' بُرائی کرنے کا عمل

Decrier *n.* عیب جو ' مذمتی' علامتی

Decrown (de-krown) *v.t.* to deprive of the crown. تخت سے اُتارنا ' معزول کرنا

Decry (de-kri) *v.t.* to condemn; to censure; to cry down; to depreciate. کم قدر کرنا' حقیر کرنا' مذمت کرنا' نقص نکالنا' عیب لگانا

Decumbent (de-kum-bent) *adj.* recumbent; prostrate. جُھکا ہوا' لیٹا ہُوا ' دراز' افتادہ

Decuple (de-ku-pal) *adj.* tenfold. دہ چند' دس گنا

Dedecorate (de-de-ko-rat) *v.t.* to reproach; to disgrace. بدنام کرنا ' ملامت کرنا

Dedicate (de-di-kat) *v.t.* to devote to; to address a book to a friend or patron; to consecrate. کسی کے نام تصنیف کرنا' انتساب کرنا *The writer dedicated his new book of stories to all the little children.*

Dedication (de-di-ka-shun) *n.* act of dedicating; an address to a patron; or a friend; consecrating. نذر کسی کے نام تصنیف' وقف' تہدیہ انتساب

Dedicatory (de-di-ka-tori) *adj.* pertaining to dedication. تقدیسی' نامزدگی ' انتساب' نذر

Deduce (de-dus) *v.t.* to derive by logical process. حاصل کرنا' بات پیدا کرنا' نتیجہ نکالنا ' استخراج یا استنباط کرنا


Deducible (de-du-si-bl) *adj.* capable of being deduced or inferred. قابل دریافت' منتج ' قابل استخراج

Deduct (de-dukt) *v.t.* to take out; to subtract.

کم کرنا' منہا کرنا ' منفی کرنا' وضع کرنا' نتیجہ اخذ کرنا
Deductible *adj*. قابل تفریق' وضع کرنے کے لائق ' قابل منہائی
Deduction (de-duk-shun) *n*. an inference; conclusion; abatement; subtraction. نتیجہ' کمی ' قیاس
Deductive (de-duk-tiv) *adj*. deducible. قیاس' استخراجی
Dee (de) *n*. a pocket book; detective. جیبی کتاب' خفیہ
Deed (ded) *n*. an action; a writing to convey property; exploit; performance; fact. فعل' انتقال دستاویز' دستاویز' جائیداد' اصلیت' کام' کار ★ *Deed of acquittance*. فارغ خطی' خلاصی نامہ ★ *Deed of disinheritance*. طلاق نامہ ★ *Deed of endowment*. ہبہ نامہ' وقف نامہ ★ *Deed of gift*. تولیت نامہ ★ *Deed of surrender*. لادعویٰ ★ *Mortgage Deed*. رہن نامہ ★ *Title deed*. قبالہ ★ *Deed of saying*. جیسا کہنا ویسا کرنا
Deedless *adj*. بے عمل' بے واقعہ' خالی از عمل' کارنامے کے بغیر
Deem (dem)❶ *v.t.* to think; to judge; to regard. سمجھنا' خیال کرنا' غور کرنا ❷— *n*. opinion; judgment; supposition. رائے' دانست' گمان ★ *Deem highly of*. بہت اچھی رائے رکھنا
Deep (dep)❶ *adj*. far down from top; low; profound; wise; strongly coloured; intricate; grave; far back from the front; intense. گہرا' نیچا' عمیق' متعلق' عالی' تیز' شوخ رنگ' دقیق' بھاری' بہت نیچے' پیچیدہ' دور' نہایت سخت' بے حد' پرلے سرے کا ❷— *adv*. intensely; profoundly . دل سے' بدرجہ کمال' نہایت
Deep (dep) *n*. the ocean; sea; an abyss; anything incomprehensible. محیط' سمندر' گڑھا' نشیب' دقیق
Liquidation (lik-wi-da′ shun) *n.* the act of adjusting and settling debts. تصفیہ حساب کتاب، کاروبار کا خاتمہ
Liquor (lik′ur) *n.* strong drink; any fluid substance. شراب، عرق، محلول، مائع، شراب پینا
Liquorice *adj.* & *n.* root used in medicine. ملیٹھی، ملیٹھی کی جڑ
Liquorish *adj.* fond of liquor. شراب کا شوقین شراب کا رسیا
Lira *n.* Italian momentary unit. لیرا، اٹلی کا نقرئی سکہ
Lisp (lisp)❶ *v.t.* & *i.* to speak imperfectly. تتلانا، لکنت کرنا، بچوں کی طرح تلفظ کرنا ❷— *n.* a defective articulation. تتلاہٹ، لکنت
Lispingly (lisp′ ing-li) *adv.* pronouncing imperfectly. تتلاتے ہوئے، لکنت کے ساتھ، تتلا کر
Lissome (lis′um) *adj.* little; flexible; light; nimble. سُبک، نرم، لچیلا، تیز، پھرتیلا
List (list)❶ *n.* a catalogue; strip of cloth; ground enclosed for race or combat; arena; desire; pleasure. فہرست، کپڑوں کی دھجی، کشتی کا میدان، خواہش، خوشی *Our teacher wrote a list of spelling words on the blackboard.* ❷— *v.t.* to sew together; to enclose for combat; to enrol; to engage in the public service; to listen. ملا کر سینا، لڑائی کے واسطے، گھومنا، فہرست میں درج کرنا، مائل کرنا، خوش کرنا، سُننا *Mother listed the groceries she expected to buy.* ❸— *v.i.* to incline; to enlist; to desire; to please. خواہش کرنا، فہرست میں داخل کرنا، مائل کرنا، خوش کرنا
Listen (lis′ n) *v.i.* to hearken; to attend; to obey; to yield to advice. سُننا، متوجہ ہونا، کان لگانا، حکم ماننا، نصیحت ماننا *The teacher told us to listen to what he had to say.*
Listener *n.* سامع، سُننے والا *Azhar is a good talker and also a good listener.*
Listerine *n.* an antiseptic solution. ایک جراثیم کش دوا، زہر مار دوا، لسٹرین
Listless (list′ les) *adj.* vacant; inattentive; careless. خالی، بے عقل، کم توجہ، معطل، بے پروا
Listlessness (list′les-nes) *n.* inattention; heedlessness; carelessness. غفلت، بے خبری، بے حسی
Litany (lit′a-ni) *n.* a solemn form of supplication in public worship. عیسائیوں میں عام عبادت کا ایک طریقہ
Literacy *n.* ability to read and write. پڑھنے اور لکھنے کی قابلیت، خواندگی
Literal (lit′ ur-al) *adj.* not metaphorical; according to the letter. لغوی، لفظی، لفظ بہ لفظ، ہو بہو
Literator *n.* literary man. ذی علم شخص، مصنف، عالم، معمولی مدرس
Literary (lit′ur-ar-i) *adj.* engaged in literary pursuits; pertaining to literature; versed in literature. متعلق بہ علم، علم پیشہ، فاضل *Writing books is a literary work.*
Literate (lit′ ur-at) *adj.* educated; learned. تعلیم یافتہ، عالم، علماء، پنڈت لوگ، اخواندہ
Literature (lit′ur-a-tur) *n.* the class of writings; literary productions on a given subject; erudition; learning. علم ادب، علم انشا، انشا پردازی، انشا گری *In school, all the pupils study literature.*
Literaty (lit′ ur-a-ti) *n.* (*pl.*) learned men. علماء، فضلا
Litharge (lith′arj) *n.* the semi-vitrified oxide of lead. مُردہ سنگ، سیسے کا آکسائڈ
Lithe (lith) *adj.* pliant; easily bent; flexible. ملائم، لچیلا، نرم، لچکیلا، لچکدار
Litheness *n.* لوچ، لچک، نرمی **Lithesome** *adj.* نرم
Lithic (lith′ik) *adj.* pertaining to or made of stone. پتھر کا، سنگین، پتھریلا، پتھر سے متعلق
Lithically *adv.* سنگین طور پر، پتھریلے پن سے
Lithium *n.* لیتھیم، ایک نقرئی رنگ کا نرم فلزی عنصر
Lithograph (lith′o-graf) *n.* a print from a writing on stone. پتھر کا چھاپا، پتھر پر نقش کر کے چھاپنا
Lithographic (lith-o-graf′ik) *adj.* produced by lithography. پتھر کے چھاپے کا، لیتھو گرافی کا
Lithography (li-thog′ra-fi) *n.* the drawing or writing on stone from which the impressions can be taken in ink. پتھر کا چھاپہ، لیتھو، لیتھو گرافی، سنگی طباعت
Lithoid, Lithoidal *adj.* پتھریلا، سنگی، سنگ نما
Lithology (lith-ol′o-ji) *n.* the science of nature of stones. پتھروں کا علم، حجریات، علم الاحجار
Lithomancy (lith′o-man-si) *n.* prediction by stones. پتھروں کے ذریعہ سے فال گوئی
Lithophagous (lith′of-a-gus) *adj.* one who eats

stones. پتھر کھانے والا
Lithotomy (lith-ot′ o-mi) *n.* the operation of cutting of stone in bladder. مثانہ کے اندر پتھروں کے کاٹنے کا ہنر
Lithontriptic *adj.* & *n.* that breaks up stone in bladder. مثانہ کی پتھری توڑنے والی دوا
Lithotrity *n.* crushing stone in bladder. مثانہ کی پتھری کو چُورا چُورا کر دینا
Litigable *adj.* متنازعہ فیہ، مقدمہ بازی کے قابل، قانونی مقدمے کے تحت، قابلِ مرافعہ
Litigant (lit′ i-gant) *adj.* contesting at law; contending in law. مقدمہ باز، عدالت میں لڑنے والا، اہلِ مقدمہ
Litigate (lit-i-gat) *v.t.* to be a part in a lawsuit. نالش کرنا، مقدمہ کرنا، دعویٰ کرنا مقدمہ کرنا
Litigation (lit′ i-ga′ shun) *n.* carrying on a suit in a court of law; a suit at law. نزاع عدالت، مقدمہ بازی
Litigator *n.* مقدمہ لڑنے والا
Litigious *adj.* مقدمے بازی کا یا اس سے متعلق، مقدمے بازی کا شوقین، مقدمے بازی کا عادی، جھگڑالو، مقدمہ باز
Litmus *n.* لٹمس، ایک نیلا رنگنے والا مادہ تیزابوں کی جانچ کا مادہ
28 **Litmus paper** *n.* لٹمس کاغذ، لیبارٹری میں استعمال ہونے والا کاغذ، سیاہی چوس
Litre *n.* unit of capacity in metric system. سیال چیزوں کے ناپ کا پیمانہ، لیٹر
Litter (lit′ ur) *n.* a vehicle with cushion carried by men or bearers; coarse bed of straw for animals to rest upon; rubbish; a brood of animals; a condition of disorder. پالکی، ڈولی، گھاس کا بستر، جانوروں کے سونے کے لئے، کوڑا کرکٹ، انتشار، جانوروں کا بچے جننا *The children cut out pictures and made a litter all over the floor.*
Litterateur *n.* literary man. عالم، ادیب، مصنف
Little (lit′ l) *adj.* not much; insignificant; narrow; weak; small; brief. کم، حقیر، مختصر، کمزور، چھوٹا *Elephants are big, but ants are little.* ★ *A little.* ذرا سا، قدرے، کچھ
Littleness (lit′ l-nes) *n.* insignificance; smallness. خفت، کمی، تنگی، قلّت، کوتاہی، چھوٹا پن
Littoral (lit′ or-al) *adj.* on the sea-shore. سمندر کے کنارہ پر، کنارہ پر، ساحلی، ساحل کے قریب
Liturgy (lit′ ur-ji) *n.* a form of public worship; the established ritual of a church; book of common prayer. عیسائیوں کی عبادت کی کتاب، کسی گرجا کی مقررہ عبادت
Livable *adj.* fit to live in. رہنے کے قابل، جس کے ساتھ نباہ ہو سکے، قابلِ برداشت، قابلِ سکونت
Live (liv)❶ *v.i.* to subsist; to have life; to dwell; to reside; to enjoy life; to feed; to pass one's time. کھانا، گزران کرنا، ٹھہرنا، زندہ رہنا، جینا، بود و باش کرنا، سکونت کرنا *Sheep live on grass and babies live on milk.* Plants, animals, and people live. ★ *To live like a prince.* امیرانہ گزران کرنا
❷— *adj.* active; burning; living; vivid. زندہ، جلتا ہوا، چمکیلا *Only a few live trees were left after the fire.* **Live and learn.** زندگی بھر علم حاصل کرنے میں مصروف رہو ★ **Live and let live.** جیو اور جینے دو ★ **Live in a small way.** خاموشی اور سادگی سے گزارہ کرنا ★ **Live well.** اچھی زندگی گزارنا
Livelihood (liv′ li-hood) *n.* maintenance; means of support روزی، وجہ معاش، معیشت، رزق
Liveliness (liv′ li-nes) *n.* activity; sprightliness; animation. چستی، زندہ دلی، چالاکی، خوشدلی
Livelong (liv′ long) *adj.* whole; all; tedious. سارا، تمام، طویل، بھاری، کُل، سخت
Lively (liv′ li) *adj.* brisk; spirited; life-like, living; gay; vivid; strong. تازہ دم، خوش دل، جاندار، زندہ، چالاک، منہ سے بولتا ہوا، مضبوط *Sadia's lamb is lively.*
Liver (liv′ ur) *n.* who lives; a dweller; the organ of the body which secretes bile. جاندار، ذی روح، رہنے والا، کلیجہ، جگر، کبد *The livers of many animals are used as food.* *Hot liver.* عاشق مزاجی
Liverish *adj.* کلیجی رنگ کا، تیز مزاج، جگر کا مریض
Livery (liv′ ur-i) *n.* the uniform worn by servants; deliverance; delivery of possession. نوکروں کی پوشاک، وردی، رہائی، سپردگی، حوالگی
Livestock (liv-stok) *n.* cattle, horses, etc. مویشی، گھوڑے وغیرہ *The farmer sold his live-stock.*
Livid (liv′ id) *adj.* discoloured; black and blue; of a lead colour. بدرنگ، کالا و نیلا، سیسہ کے رنگ کا
Living (liv′ ing) *n.* creature; livelihood; maintenance. گزران، اوقات بسری، جاندار، جانور، روزی، معاش، وجہ معاش *Good living.* اچھی زندگی *Plain living and high thinking.* سادہ زندگی اور بلند خیالی
Living room. *n.* رہائشی کمرہ
Lixiviate *v.t.* separate in soluble and insoluble constituents. دھونا، کھنگالنا، نتھارنا
Lixiviation *n.* نتھار کر غیر محلل اجزاء علیحدہ کرنا
Lizard (liz′ ard) *n.* a reptile. چھپکلی *Lizards have long, scaly bodies and long tails, but short legs.*
L
Llama *n.* لاما، چھوٹے قد کا اونٹ نما جانور


LLAMA

Llano *n.* وسیع چٹیل میدان
Lo (lo) *int.* behold; look. دیکھو
Loach *n.* small fresh water fish. لوچ، ایک قسم کے میٹھے پانی کی مچھلی
Load (lod)❶ *n.* a weight; cargo; charge of a gun; a burden. بوجھ، وزن، بار، دباؤ، توپ کا لقمہ *The two men loaded the furniture on to the van. The wagon is carying a load of hay.* ★ *Load of guilt.* پاپ کی گٹھڑی ★ *Load of sorrow.* غم و الم ❷— *v.t.* to

freight; to burden; to bestow in great abundance. بوجھ لادنا' بار کرنا' کثرت سے دینا *The men loaded the lorry with stones.*

Loaded *adj.* بوجھل' بھرا ہوا یا لادا ہوا

Loader *n.* لادنے والا' بھرنے والا

Loading *n.* بھرائی' لدائی' لادنے کا عمل

Loadstar (lod′star) *n.* the guiding star; pole star. ستارہ قطب' رہنما ستارہ ' شمالی ستارہ

Loadstone (lod′ston) *n.* the magnet. سنگ مقناطیس' چمک پتھر' آہن کش ' معدنی مقناطیس

Loaf (lof)❶ *n.* a lump of baked bread; a conical mass of refined sugar. نان' صاف کیا ہوا چینی کا ڈلا' ڈبل روٹی *Mother bought two loaves of bread and sliced them to make sandwiches.* ❷— *v.t.* to loiter about. سیر گشت کرنا' آوارہ گردی کرتے پھرنا

Loafer (lof′ur) *n.* a lazy fellow who picks up a living anyhow. آوارہ' کاہل وجود' نکھٹو' بدمعاش' لوفر

Loam (lom)❶ *n.* marl; a rich earth. چکنی مٹی' پنڈول ❷— *v.t.* to cover with loam. چکنی مٹی یا پنڈول سے پوتنا

Loan (lon) *n.* that which is lent; a permission to use; lending. قرض' دین' ادھار *The farmer gave us the loan of his cart.*

Loanee. مقروض

Loaner. قرض دینے والا

Loath (loth) *adj.* averse; unwilling; backward. ناراض' بددل' کشیدہ' روگرداں *Azhar was loath to tell a lie.*

Loathe (loth) *v.t.* to abhor; to detest; to scorn; to hate; to feel disgust at. کراہیت کرنا' نفرت کرنا *Mother loathes people who are dishonest.*

Loathing *n.* تنفر' نفرت' کراہت' گھن

Loathly *adj.* & *adv.* disgusting. نفرت انگیز

Loathsome (loth′sum) *adj.* odious; disgusting. نفرت انگیز' ناگوار' مکروہ

Lob (lob)❶ *v.t.* to let fall lazily. اچھالنا ❷— *n.* a dull person. سست آدمی


Lobby (lob′i) *n.* an opening before a room; ante-chamber. جلوخانہ' پیش دالان' ڈیوڑھی' لابی *Men may smoke in the lobby of the museum, but not inside.*

Lobe (lob) *n.* a part of the lungs; the lower part of the ear. پھیپھڑے کا ایک حصہ ' کونا' بناگوش' کان کی لو

Loblolly (lob′lol-i) *n.* gruel. دلدل' کیچڑ' پتلا دلیا

Loblolly-man or boy (lob′lol-i-man,i-boi) *n.* surgeon's attendant. ڈاکٹر کا نوکر

Lobster (lob′stur) *n.* a crustaceous fish. جھینگا مچھلی



LOBSTER

Lobsters are good to eat.

Lobster-eyed موٹی اور کھلی آنکھوں والا

Lobworm *n.* large earth-worm used as fishing bait. بڑا کیچوا جس کو مچھلی کے چارے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے

Local (lo′kal) *adj.* of a particular place, province or region; not general; part. مقامی' کسی خاص جگہ یا صوبہ کا' مختص المقام *A local train stops at all the stations.*

Localise (lo′ka-liz) *v.t.* to fix in a definite place. مختص المقام کرنا' کسی جگہ پر مقرر کرنا' کسی جگہ سے منسوب کرنا

Localism (lo′kal-izm) *n.* a local idiom; affection for a place. کسی جگہ کا خاص محاورہ' انس مقامی مقامیت پسندی

Locality (lo-kal′i-ti) *n.* position; situation; existence in a place. مقام' جگہ' کسی جگہ رہنا *Azhar lives in a different locality from Omer.*

Locally (lo′kal-i) *adv.* with respect to place. از روئے موقع' مقامی طور پر


Locate (lo′kat) *v.t.* to settle in a place; to place; to state locality of. کسی جگہ رہنا' کسی جگہ رکھنا' جگہ بتانا *Azhar lost his knife and did not locate it for a week.*

Location (lo-ka′shun) *n.* place; act of locating. موقع' جگہ' مقام *The location of the castle on a high hill.*

Loch (loh) *n.* an arm of sea; lake. کھاڑی' جھیل' شاخ بحر

Lock (lok) ❶ *n.* a device to fasten doors, etc.; fastening; tuft of hair; enclosure to confine water; part of gun. قفل' تالا' لٹ' زلف' کاکل' گیسو' پانی جمع کرنے کا احاطہ' بندوق کا گھوڑا *Grandfather put a lock on the barn door.*

★ *Lock of wool.* اون کا گالا



LOCK

★ *To place in a lock up.* ❶ حوالات میں بند کرنا ❷— *v.i.* to confine; to fasten with a lock and key; to encircle; to embrace closely. بند کرنا' قفل لگانا' گھیرنا' احاطہ میں کرنا' بغل گیر کرنا *We lock our doors at night.*

Locker *n.* small cupboards reserved for individual use. مقفل کرنے والا انفرادی استعمال کے لئے چھوٹی الماریاں' لاکر *The children hang their coats in lockers.*

Locket (lik′et) *n.* a small lock; catch; little gold case worn as an ornament. قفل' کمانی' چھوٹی سی پہننے کی چیز' لاکٹ' زیور کی قسم *Lockets are worn on chains that fasten about the neck.*

Lock out *n.* تالا بندی' ہڑتال

Locksmith (lok′smith) *n.* one who makes or mends locks. تالا بنانے والا' قفل ساز' تالوں کی مرمت کرنے والا

Lock-up (lok′up) *n.* a custody; temporary prison.

حوالات ' قید خانہ ' مقفل کرنے کا عمل

Loco *n.* engine. انجن

Locoism, Loco-disease *n.* گھوڑوں ' مویشیوں کی ایک بیماری

Locomotion (lo-ko-mo′shun) *n.* the act or power of moving from place to place.
حرکت ' قوتِ رفتار ' نقل مکان ' چال ' نقل و حرکت

Locomotive (lo-ko-mo′tive) ❶ *n.* steam-engine on wheels. دخانی پہیہ دار کل ' ریل کا انجن ' دود کش ' سٹیم انجن ❷— *adj.* not stationary; moving from place to place. چلنے والا ' متحرک *Locomotive person.* جس کے پاؤں میں چکر ہو ' ہروقت سفر کرنے والا

Locum-tenens (lo′kum-ten′enz) *n.* a substitude; one who temporarily acts for another.
عوض ' قائم مقام

Locus *n.* locality or exact place. محل وقوع ' موقع محل

Locus standi مداخلت کا حق ' مسلمہ حیثیت

Locust (lo′kust) *n.* a migratory winged insect. ٹیڑی ' ٹڈا ' ملخ ' ٹڈی *Locusts often destoy farmer's crops.* ★ *Locust fly,* بھنبیری

Locution (lo-ku′shun) *n.* speech; discourse.
کلام ' تقریر ' وعظ ' انداز خطابت ' اسلوب بیان ' طرز تکلم

Locutory *n.* conversion room in monastry. گفتگو کا کمرہ

Lodestar, Loadstar *n.* رہنما ستارا ' قطب ستارا ' وہ ستارا جو راستہ دکھاتا ہے ' وہ چیز جس پر توجہ مرکوز ہو ' شمالی ستارہ

Lodge (loj) ❶ *n.* a small country residence; temporary habitation; hut; place in which Freemasons assemble. چھوٹا دیہاتی مکان ' کوئی چھوٹا سا بنگلہ یا مکان جو باغ یا سیرگاہ میں ہو ' مسکن ' گھر ' جھونپڑا ' اہل فری میسن کے جلسہ کا مکان ' جادو گھر ' لاج *Father went hunting and stayed at his friend's huting lodge in the country.* ❷— *v.i.* to rest for a time; to dwell; to reside. بسیرا لینا ' رہنا ' سکونت کرنا ' رات بھر ٹھہرنا *We lodged in a boarding-house for a week.* ❸— *v.t.* to fix in the heart; to deposit; to harbour
دل نشیں کرنا ' دل میں جگہ دینا ' جی بٹھانا ' رکھنا ' رہنا ' ٹکانا ' پناہ دینا


Lodgement (loj′ment) *n.* a deposit; act of lodging. ٹھہراؤ ' اقامت ' مقام ' قیام ' جماؤ ' سکونت گاہ

Lodger *n.* کرایہ دار مہمان ' مقیم

Lodging *n.* رات گزارنے کی جگہ عارضی قیام کی جگہ *You can get lodgings at Mrs Azhar's house.*

Loft (loft) *n.* upper floor; elevation. بالاخانہ ' اٹاری ' کوٹھا ' بلندی ' چھت ' منزل ' قیام ' بام *Grandmother has an interesting trunk in the loft.*

Lofty (loft′i) *adj.* majestic; high; proud; dignified. ★متکبر ' مغرور ' بارتبہ ' عالی ' رُعب دار ' اونچا ' مرتفع ' بلند *Lofty style.* اعلیٰ درجہ کی عبارت **Loftily** *adv.* بلندی سے ' غرور سے ' شان سے ' عالی دماغی سے **Loftiness** *n.* بلندی ' رفعت ' عظمت ' تمکنت ' غرور ' تکبر



LOG

Log (log) *n.* a bulky piece of timber; an apparatus for measuring the velocity of a ship. گیلی ' جہاز کی رفتار کا اندازہ کرنے کا آلہ *Robinson Crusoe lived in a cabin made of logs.*

Logarithm (log′a-rithm) *n.* a mathematical term.
لوگارتھم ' لوکارسم ' حساب کے فارمولے

Log-book (log′book) *n.* a book for memoranda kept by the captain of a ship or a public teacher.
یادداشت کی کتاب ' روزنامچہ ' جہاز لاگ بک

Loge *n.* سائبان یا احاطہ ' تھیٹروغیرہ میں باکس (کٹہرا)

Logger *n.* درختوں کی کٹائی میں مشغول ' درخت کاٹنے اور بھیجنے والا ' ٹریکٹر جو درختوں کی کٹائی پر لگایا گیا ہو

Logger-head (log′gur-hed) *n.* a dunce; blockhead. گاودی ' خر دماغ ' بے وقوف ' کندۂ ناتراش ★*To fall to loggerheads.* ہاتھا پائی کرنا ' لڑائی کرنا

Logic (loj′ik) *n.* the science of reasoning correctly. منطق ' عام استدلال ' بحث

Logical (loj′ik-al) *adj.* discriminating; used in logic; according to the rules of logic.
تمیز کرنے والا ' منطقی ' منطق میں مستعمل ' باقاعدہ ' منطق کے مطابق

Logically (loj′ik-al-i) *adv.* in a logical manner.
ازروئے منطق ' بہ دلائل ' منطقی انداز سے

Logician (lo-jish′an) *n.* a person skilled in logic.
منطقی ' منطق دان

Logogram *n.* sign representing a word in short hand. علامت ' نشان ' رمز ' (مختصرنویسی میں) علامت لفظ

Logomachy (lo-gom′a-ki) *n.* a war of words; contention about words.
الفاظ پر تکرار ' مباحثہ الفاظ ' نزاعِ لفظی ' لغوی بحث

Logwood (log′wood) *n.* a red heavy wood employed in dyeing.
ایک قسم کی سرخ بھاری لکڑی جو رنگنے کے کام میں آتی ہے ' پتنگ

Loin (loin) *n.* part of body between foreskirts and hip-bone. کمر ' کولھا **Loin cloth.** *n.* لنگوٹ ' لنگوٹی

Loiter (loi′tur) *v.i.* to saunter; to linger; to delay; to spend time idly. بیہودہ پھرنا ' دیر کرنا ' ہرزہ گردی کرنا ' سستی کرنا ' مکھیاں مارنا *Do not loiter in the hall.*

Loll (lol) ❶ *v.t.* to thrust out the tongue. زبان نکال دینا ' زبان لٹکائے رہنا *Sit up, Do not loll about in your seat.* ❷— *v.i.* to recline; to act lazily to put out the tongue. لیٹے رہنا ' سستی سے لیٹے رہنا ' سستی سے کام کرنا ' پڑا رہنا

Lone *adj.* solitary. بے یار و مددگار ' تنہا ' اُداس *The man was a lone figure in the street.*

Loneliness (lon′li-nes) *n.* love of retirement;

solitude. تنہائی، گوشہ نشینی، خلوت، گزینی، تجرد پسندی

Lonely (lon′li) *adj*. unfrequented; solitary. تنہا، اکیلا، اُجاڑ، مجرد، خلوت کا، سنسان *Anam felt lonely when the other children were in school.*

Lonesome (lon′sum) *adj*. dismal; solitary; secluded from society. تنہا، اُداس، سنسان، اکیلا *The soldier was lonesome when he thought of home.*

Long (long)❶ *adj*. distant; extended; tedious. دُور دراز، لمبا، طول طویل، کشادہ، وسیع، فراخ، اُکتانے والا، تکلیف دہ *The snake is a metre long. The ruler is one foot long.* ★ *Long views,* فراخ خیالات ★ *In the long run,* in the ultimate result. انجام کار ★ *Long and the short,* the sum and the substance. قصّہ مختصر، القصّہ ★ *To draw the long bow,* to exaggerate. مُبالغہ کرنا، بڑھا کر کہنا ★ *To have a long head.* عالی دماغ ہونا ❷— *adv*. all along; through the whole; to a great extent in space or time. برابر مدت تک، عرصہ تک، فاصلے تک، بہُت مدّت پہلے ★ *Long after.* بڑی دیر بعد ★ *Long ago.* بہُت دن ہوئے ★ *Long before.* بہُت دیر پہلے ❸— *v.i.* to desire eagerly. مُشتاق ہونا، ترسنا، جی چاہنا *The sick man longs to go home. Long family.* بڑا کنبہ *Long tongue.* باتونی پن *Take long views.* دُور رس نتائج پر غور کرنا *Long-eared.* احمق، بے وقوف، گاودی، نا سمجھ

Longeval (lon-je′val) *adj*. long lived. عمر درازی، بڑی عمر کا


Longevity (lon-jev′i-ti) *n*. long life. بڑی عمر، درازی عمر

Long-headed (long′hed′ed) *adj*. far-sighted; shrewd. دُور اندیش، پیش بین، زیرک، دانا

Longing (long′ing) *n*. an earnest wish; eager desire. آرزو، خواہش، رغبت، تمنا، چاہ، اشتیاق

Longish *adj*. لمبا سا

Longitude (lon′ji-tud) *n*. length; the distance east



LONGITUDE (lines)

or west of any place from certain fixed point. طول، درازی، لمبائی، طول البلد

Longitudinal *adj*. of length, of longitude. طول البلد کا

Long-range *adj*. (مستقبل کی) لمبی زد، طویل فاصلے، طویل فاصلوں اور طویل مدّت سے متعلق

Longshoreman *n*. گودی کا مزدور

Long shot *n*. وہ کام جس میں کامیابی کی اُمید کم ہو، لیکن کامیابی کی صُورت میں منافع بہُت زیادہ ہو

Long sighted (long′sit′ed) *adj*. far-seeing; able to see things at a great distance. دُور کی چیز دیکھنے والا (نزدیک کی کم) دُور اندیش، عاقبت اندیش

Longsome *adj*. طوالت کی بناء پر بیزار کُن، اُکتا دینے والا

Longsomely *adv*. بیزار کُن طور پر

Longsomeness *n*. بیزار کُن طوالت، بیزاری

Long-suffering *adj*. متحمل، طویل مدّت سے تکلیف اُٹھانے والا

Long-term *adj*. طویل المعیاد، صابر، لمبی مدت کا

Long-winded (long′wind′ed) *adj*. long-breathed. بڑے دم کا، دُم دار، دراز دم، لمبی دم والا

Loo (loo) *n*. a game at cards. تاش کا ایک کھیل

Looby (loob′i) *n*. a lubber; an awkward fellow. اناڑی، بے سلیقہ، کام چور، گنوار، بھدا شخص


Look (look)❶ *v.i.* to direct the eye toward an object; to gaze; to mind; to search out; to front; to face; to see narrowly; to watch; to observe; to appear. آنکھ اُٹھا کر دیکھنا، نظر ڈالنا، دیکھنا، اُمید کرنا، انتظار کرنا، خیال کرنا، تلاش کرنا، چوکسی یا خبرداری کرنا، لحاظ کرنا، نظر آنا، معلوم ہونا، سامنے ہونا، مقابلہ کرنا *You must look both ways before you cross a road. Look at the sunset.* ★ *To look after,* to take care of. نگہبانی کرنا ★ *To look blank,* to be confounded. رنگ فق ہو جانا، گھبرا جانا ★ *To look down upon,* to hate. نظر حقارت سے دیکھنا ★ *To look for,* to search; to expect. ★ تلاش کرنا، اُمید کرنا *To look in or into,* to examine; to scrutinize. جانچنا ★ *To look out,* to be on the watch. ہوشیار یا خبردار رہنا ★ *To look through,* to see or understand perfectly. اچھی طرح دیکھنا ★ *To look to,* to take care of; to expect from. مدِ نظر رکھنا، کسی سے توقع رکھنا ★ *To look up to,* to look upward. نظر اُٹھانا، عزت کی نظر سے دیکھنا ❷— *n*. the act of looking; view; cast of countenance; aspect. صُورت، شکل، حال، ظاہر، چھب، نظر، نگاہ *The stranger gave us a long look.*

Looking-glass (look′ing-glas) *n*. a miror. آئینہ *Mother looks into a looking-glass when she does her hair.*


Lookout (look′owt) *n*. a watch; watch man; view; place of observation. نگہبانی، نگہبان، نگاہ، چوکسی، دیکھنے کی جگہ *The policeman's look-out is a high tower.*

Loom (loom)❶ *n*. a tool; weaver's frame; the handle of an oar. کپڑا بُننے کی مشین، ایک اوزار، جولاہے کا راچھ، چپّو کا حصّہ جو کشتی کے اندر ہوتا ہے *Arif's great-grandmother made cloth for her family's clothes on her loom.* ❷— *v.i.* to appear large and indistinct at a distance. دُور سے بڑا دکھائی دینا

Loomery *n*. place for keeping ducks. مُرغابی خانہ



LOOM



LOOP

بطخوں کے پالنے کی جگہ

Loon (loon) *n.* a rascal; rogue. بدذات' بدمعاش' پاجی' شُہدا

Loop (loop) *n.* a dorible in a rope; noose. کمند' پھندا *A pencil line, a rope, or a thread, when curved round so that it closes or crosses, forms a loop.*

Looper *n.* cater pillar. ایک کیڑا جو رینگتے وقت جسم کو دوہرا کرتا ہے' سلائی مشین کا پُرزہ' بخیہ کرنے کی سوئی

Loop-hole (loop′ hol) *n.* secret means of escape; an aperture. بھاگنے کا چور راستہ' حیلہ' روشندان ' روزن' راہ فرار

Loose (loos) ❶ *v.t.* to set free; to remit; to unbind; to relax. ڈھیلا کرنا' کھولنا' آزاد کرنا' معاف کرنا *One end of the dog's leash is loose.* ★ *To break loose,* to escape from control. نکل بھاگنا' توڑ کر بھاگنا ❷— *adj.* not crowded; not rigid; not tight; not close; free; dissolute; vague; unbound. بکھرا' ڈھیلا' کھلا ہوا' مبہم' گمراہ' بدچلن' ابتر' آزاد' چھٹا ہوا' پھولا ہوا' بے روک' پھسپھسا

Loosen (loos′ n) *v.t.* to free from restraint; to relax; to separate. آزاد کرنا' الگ کرنا' ڈھیلا کرنا *The boy ate so much that he had to loosen his belt.*

Looseness (loos′ nes) *n.* a flux; state of being loose. ڈھیلا پن' کشادگی' جریانِ شکم' اسہال' بے قاعدگی' بد چلنی

Loot (loot) *v.t.* plunder. لوٹنا *The thieves looted the store.*

Lop (lop) *v.t.* to separate; to cut off; to prune. جُدا کرنا' کاٹ ڈالنا' کُترنا' قلم کرنا' کاٹنا' تراشنا

Lop *v.i. t. & n.* hang limply. ڈھیلا لٹکنا' بے ڈھنگے طریقے سے بیٹھنا یا کھڑا ہونا' دبکنا

Lope *v.i. n.* long bounding stride. لمبے لمبے قدم بڑھانا' چھلانگیں بھرنا' چھلانگ' ڈگ *See the horse lope.*

Lop-eared *adj.* جس کے کان لٹکتے ہوں

Loppy *adj.* لٹکتے کان والا

Lop-sided *adj.* one side lower than the other. ناہموار' غیر متوازن *Sadia's picture of the chair is lop-sided.*

Loquacious (lo-kwa′ shus) *adj.* noisy; talkative. بکواسی' باتونی' گپی' فضول گو ' بسیار گو' بہت بولنے والا

Loquacity (lo-kwas′ i-ti) *n.* talkativeness; garrulity. فضول گوئی' بکواس ' یا وہ گوئی' ہرزہ سرائی

Lord (lord) ❶ *n.* a baron; superior; ruler; husband; the Supreme Being. سردار' شوہر' خاوند' حاکم' لارڈ' مولا *The man is lord of all he owns.* ❷— *v.i.* to rule arbitrarily; to domineer. حکومت کرنا' تحکم کرنا' خاوندی کرنا

Lordliness (lord′ li-nes) *n.* haughtiness; high station. تکبر' صاحبی' امیری' سرداری' نوابی' تمکنت ' وقار

Lordling (lord′ ling) *n.* a little lord. چھوٹا لارڈ' نواب

Lordly (lord′ li) *adj.* grand; like a lord; haughty. مغرور' متکبر' عظیم الشان' حاکمانہ ' نوابانہ ' باوقار' پُر تمکنت

Lordosis *n.* طب ' ریڑھ کی ہڈی کا اندر کی جانب غیر معمولی ٹیڑھا پن

Lordotic *adj.* ریڑھ کی ٹیڑھ سے متعلق' قطائی

Lord's day (lordz′ da) *n.* Sunday. اتوار' یکشنبہ

Lordship (lord′ ship) *n.* domain; power; a title of address to a nobleman. بادشاہت' صاحبی' سرداری' خاوندی' اختیار' حضور' خداوند نعمت' جناب عالی ' نوابی' سرکار

Lore (lor) *n.* wisdom; erudition; knowledge. تعلیم' علم' فضل و ہُنر' نصیحت' عقل

Loricate (lor′ i-kat) *v.t.* to encrust; to cover with a coating; to cover over. کپڑا چڑھانا' مڑھنا' ڈھکنا' گِل حکمت کرنا

Lorication (lor-i-ka′ shun) *n.* a protective covering. غلاف' لیپ' زرہ پوشی

Lorn (lorn) *adj.* forsaken; lost; lonely. تنہا' گیا گزرا' بے کس' متروک

Lorry *n.* (ریل کا) چھکڑا (موٹر کا) ٹرک یا چھکڑا



LORRY

Lose (looz) *v.i.* to be deprived of; to miss; to fail to obtain; to cease to view; to waste; to forfeit; to cease to possess. ضائع کرنا' محروم ہونا' گنوانا' کھونا' محروم کیا جانا' تلف کرنا' بھولنا' برباد کرنا' نہ پانا' گم کرنا *If you lose your pencil, you will have to use a pen.* ★ *To lose heart,* to become dispirited or discouraged. ہمت چھوڑنا ★ *To lose one's self,* to become bewildered; to lose one's way. گمراہ ہونا' گھبرا جانا ★ *To lose one's temper,* to become angry. آپے سے باہر ہونا ★ *To lose sight of,* to omit; to overlook. فروگزاشت ہو جانا' نہ دیکھنا ★ *To lose one's way,* to go astray. راستہ بھول جانا' گمراہ ہونا ★ *To lose ground,* پسپا ہونا ★ *To lose no time.* موقع ہاتھ سے نہ دینا

Loss (los) *n.* waste; privation; injury. نقصان' تباہی' زوال' بربادی' کمی' گھاٹا' زیاں *The storm caused great loss of property.* ★ *To be at a loss.* حیران ہونا' تذبذب میں ہونا ★ *To bear a loss,* to make up a loss. ٹوٹا بھرنا

Lost (lost) *adj.* forfeited; not to be found remained; assembly not visible; wasted. برباد' فوت شدہ' ہارا ہوا' گیا ہوا' بے خبر' اُڑایا ہوا' گم کردہ' غائب' ضائع کیا ہوا *Anila lost her books yesterday.* ★ *Lost to all shame.* حیا کا برقع اتار دیا' بے شرمی کا برقع ڈال دیا ★ *Lost to all sense of honour.* عزت کا ذرا خیال نہیں

L

Lot (lot) *n.* a quantity; fortune; distinct parcel; state; chance; share; fate; die. حصّہ، قسمت، گروہ *Our team has had a lot of luck recently.* بھیڑ بھاڑ، پاسا، لاٹ، حالت، دانا ★ *Prior to the lots being knocked down.* قبل اہتمام نیلام ★ *To draw lots.* قرعہ نکالنا ★ *To fall to one's lot.* پلے پڑنا، قسمت میں آنا ★ *To pay scot and lot.* حسب حیثیت دینا ★ *To cast in one's lot with.* کسی کے ساتھ رہنے لگنا اور اس کے بھلے بُرے میں شریک ہونا

Lothario *n.* liberatine. عیاش آدمی، اوباش، بدقماش، بدکار

Lotion (lo′shun) *n.* a medicinal wash. گھاؤ وغیرہ دھونے کی دوا *When we go on the beach we rub sun-lotion.*

Lottery (lot′tur-i) *n.* a distribution of prize by lot. چٹھی، قرعہ اندازی *We had a lottery to raise money for the club.*

Lotus (lo′tus) *n.* the water lily. کنول

Lotus-eater. کاہل، سُست

Lotus-eating. آرام طلبی، عیش پرستی

Lotus-land. وہ جگہ جہاں کاہلی اور بے کاری سے بسر ہو

Loud (lowd) *adj.* boisterous; noisy; emphatical. پُرشور، تند، غوغائی، پُرزور، تاکیدی، تیز *The wind blew the door shut with a loud noise.*

Lough (lok) *n.* a lake. خلیج، کھاڑی، جھیل

Lounge (lownj) *v.t.* to stroll; to loll; to spend time indolently. سستی میں وقت گزارنا، ٹانگ پھیلائے پڑے رہنا *We lounged about until it was time to go out.*

Lounger *n.* ٹہلنے والا، نکما، بے کار، آوارہ گرد

Lounging *adj.* ٹہلتا ہوا

Loupe *n.* ایک چھوٹا شیشہ جو چیزوں کو بڑا بنا کر دکھاتا ہے

Lour, Lower *v.i.* & *n.* frown. گھورنا، ماتھے پر بل ڈالنا

Louse (lows) *n.* a parasitic insect infesting human hair and skin. ڈینگر، جوں، طفیلی کیڑے

Lousy (low′si) *adj.* contemptible; low; infested with lice. کریہہ، حقیر، جوئیں بھرا ہوا، جوؤں والا

Lout (lowt) *n.* a bumpkin; a mean fellow. گنوار، پاجی، اناڑی، کمینہ، بے سلیقہ، دبنگ

Lout *v.i.* (تذلیل) جھکنا یا خم کھانا، عاجزی سے جھکنا

Loutish *adj.* بے سلیقہ، ناتراشیدہ، بے ڈھنگا

Loutishly *adv.* اناڑی پن سے، بے ڈھنگے پن سے

Loutishness *n.* اناڑی پن، بے ڈھنگا پن

Louver *n.* domed erection with an opening to let smoke out. دود کش، دھواں خارج کرنے کا میناری، چمنی

Lovable (lov′a-bl) *adj.* amiable; worthy of love. محبوب القلوب، پیارا، ہردل عزیز *We have a lovable baby. She is easy to love.*

Love (luv) ❶ *v.t.* to regard with affection; to like. عزیز رکھنا، محبت کرنا، چاہنا، پسند کرنا *Mother has a great love for baby.* ❷— *n.* courtship; affection; person loved; fondness. چاہ، پیار، محبت، تعشق، محبت، عشق *I love reading. I get pleasure from it.* ★ *Reciprocal love.* دو طرفہ محبت ★ *To make love to.* محبت ظاہر کرنا

Love apple (luv′-ap′l) *n.* tomatoes. ولائتی بینگن، ٹماٹر

Loveliness (luv′li-nes) *n.* amiableness; beauty. دلکشی، دلبری، نزاکت، حسن، محبوبی، خوبصورتی، معاشقہ، عشق بازی

Lovely (luv′li) *adj.* pleasing; charming; amiable; enchanting. دل فریب، دلچسپ، دلکش، محبوب، دلربا، خوبصورت، پیارا *Mother has a lovely new hat.*

Lover (luv′ur) *n.* friend; one who loves. دوست، عاشق

Love-song (luv′song) *n.* a song expressing love. غزل، غزل عاشقانہ، عشقیہ گیت

Loving-kindness (luv′ing -kind′nes) *n.* tender regard. لطافت، شفقت، رحمت، مہر، رحم، محبت امیز ہمدری

Low (lo) ❶ *adj.* humble; subdued; not elevated; base; cheap; dejected; in poor circumstances. فروتن، آہستہ، دھیما، پست، نیچا، کمینہ، پاجی، ارزاں قیمت، اُداس، تنگ، کنگال، غریب *Trees are tall, but bushes are low.* ★ *Low bred,* bred in a degraded condition. نیچ ذات، کمینہ ★ *Low spirited,* dejected or depressed; not lively. پژمردہ، کم ہمت، ہمت ہارا ہوا ★ *Low land, n.* land which is low. نشیب زمین، ترائی ❷— *v.i.* to bellow as an ox. بیل کی طرح ڈکارنا

Lower (low′ur) *v.t.* or *i.* to reduce in value; to let down; to humble; to decrease; to fall. کم قیمت کرنا، خفیف کرنا، کم ہونا، گھٹانا، پست گرانا، دبانا *Mother lowered the blinds to keep out the sun.*

Lowermost (lo′ur-most) *adj.* lowest. سب سے نیچا

Lowliness (lo′li-nes) *n.* meanness; humility. کمینہ پن، فروتنی، انکساری، کم مائگی، خفت، عجز، انکسار

Lowly (lo′li) *adj.* humble; meek; not high; mean; unpretending. احقر، کمینہ، غریب، عاجز، پست، حلیم، فروتن، کم مایہ، نیاز مند

Low-minded (lo′mind′ed) *adj.* mean-minded; vulgar. سفلہ مزاج، فرومایہ، کمینہ دل، کم ہمت

Lowness (lo′nes) *n.* low birth; depression; humility. کمینگی، رزالت، انکساری، افسردگی، گراوٹ

Loyal (loi′al) *adj.* devoted; true; faithful to a prince or superior. وفادار، نمک حلال، صادق، ایماندار *Alia is a loyal friend. You can always count on her.*

Loyalist (loi′al-ist) *n.* one who is faithful to his sovereign or country. وفادار، شاہ پرست

Loyalty (loi′al-ti) *n.* faithfulness; allegiance; fidelity. نمک حلالی، ایمانداری، خیرخواہی، وفاداری، اطاعت

Lozenge (loz′enj) *n.* a small cake of flavoured sugar; a rhomb. قرص شکر، معجون، میٹھی ٹکیا

Lubber (lub′ur) *n.* a clown; heavy, clumsy fellow. گنوار، بھدا شخص، پھوہڑ، سُست، بیوقوف شخص

Lubberly (lub′ur-li) *adv.* awkwardly; clumsily. بھدے پن سے، بھونڈے پن سے، کام چوری سے

Lubricant *adj.* & *n.* چکنائی، تیل، گریس، چربی

Lubricate (lu′bri-kat) *v.t.* to apply oil or greasy substance to; to make smooth. چکنا کرنا ' چپڑنا *Father had our car lubricated so that it would run smoothly.*

Lubrication *n.* چکناہٹ ' چکنائی

Lubricative *adj.* چکنا ' چکنائی والا

Lubricator *n.* چکنا کرنے والا ' چکنانے والا

Lubricious, lubricious *adj.* چکنا ' پھسلواں ' روغنی ہموار یا ملائمت کا حامل ' غیر یقینی ' گریزاں ' غیر مستقل ' شوخ ' آوارہ ' بے ثبات

Lubriciously *adv.* پھسلواں ' انداز سے ' شوخی سے

Lubricity (lu-bris′i-ti) *n.* instability; smoothness: slipperiness. ناپائیداری ' چکناپن ' پھسلاہٹ چکناہٹ

Lucarne *n.* دریچہ ' کھڑکی اوپر کی منزل کی کھڑکی ' روزن

Lucent (lu′sent) *adj.* replendent; bright. درخشاں ' روشن ' چمکیلا ' تاباں ' تابندہ ' شفاف

Lucernal (lu′sur-nal) *adj.* pertaining to a lamp or candle. چراغ یا بتی کے متعلق

Lucid (lu′sid) *adj.* easily understood; transparent; clear; bright. چمکیلا ' صاف ' روشن ' آسان ' واضح ' صریح ' سلیس *Lucid interval* اثنائے ہوش ' وہ وقت جب مریض اپنے ہوش میں ہو۔

Lucidity (lu-sid′i-ti) *n.* clearness; brightness. شفافی ' چمکیلا پن ' صفائی ' آسانی ' وضاحت معقولیت

Lucifer (lu′si-fur) *n.* Satan; the planet Venus; a friction match. شیطان ' ابلیس ' زہرہ ' دیا سلائی

Luck (luk) *n.* a good fortune; fate; chance. خوش قسمتی ' اتفاق ' بھاگ ' نصیب ' قسمت *It was just by luck that I found the money.* ★ *I wish you luck.* آپ کی بہرہ وری چاہتا ہوں ' بہرہ اندوز رہیے ★ *To be in luck.* بیدار قسمت ہونا ' نصیب جاگنا

★ *Just my luck.* ہائے ری قسمت ' مجھے اپنی بدنصیبی سے یہی اُمید تھی

Luckily *adv.* خوش قسمتی سے ' حسن اتفاق سے ' بھاگ سے

Luckless (luk′les) *adj.* unfortunate. بدبخت ' کم نصیب

Lucky (luk′i) *adj.* prosperous; fortunate; successful. اقبال مند ' طالعمند ' مُبارک ' خوش نصیب ' بہرہ مند *The sailor was lucky to reach shore in the leaky boat.*

Lucrative (lu′kra-tiv) *adj.* profitable; gainful; paying; remunerative. منفعت بخش نفع بخش ' سودمند ' نافع ' نفع آور

Lucre (lu′kur) *n.* profit; gain in money. منافع ' فائدہ

Lucubrate (lu′ku-brat) *v.i.* to study in candle light. چراغ کے سامنے پڑھنا ' عالمانہ انداز میں تحریر کرنا

Lucubration (lu-kubra′shun) *n.* anything composed by night; nocturnal study. رات کی تحریر ' رات کے وقت کا پڑھنا مطالعۂ نیم شب

Luculent (lu′ku-lent) *adj.* luminous; clear; lucid. چمکتا ہوا ' تاباں شفاف ' صاف ' روشن ' ' نورانی ' پُرانوار

Ludicrous (lu′di-krus) *adj.* comic; sportive; laughable. خندہ آور ' مسخرانہ ' ہنسانے والا ' مضحکہ خیز ' بیہودہ


Ludicrously (lu′di-krus-li) *adv.* in a laughable comic or droll manner; sportively. مسخراپن سے

Luess *n.* contagious disease, plague. وبا ' متعدی مرض ' طاعون ' آتشک

Luff (luf) *n.* the side of a ship toward the wind. جہاز کا وہ حصہ جو ہوا کے سامنے ہو ' باد رُخ

Lug (lug)❶ *v.t.* to drag; to haul. کھینچنا ' گھسیٹنا ' تاننا *Azhar's dog lugged a big boot into the living-room.* ❷— *n.* a weight; lobe of the ear; handle of a vessel. وزن ' کان کی لو ' بناگوش ' دستہ

Luggage (lug′gaj) *n.* baggage. گٹھڑی ' سامان ' سفری سامان



LUGGAGE

اسباب ' صندوقچہ *Mother packed our luggage.*

Lugubrious (lu-gu′bri-us) *adj.* mournful. غمگین ' اُداس ' رنجیدہ ' محزون ' مغموم ' رنجیدہ

Lukewarm (luk′wawrm) *adj.* indifferent; coal; tepid. بے پروا ' لاتعلق ' شیر گرم ' نیم گرم ' سرد مہر *Baby drinks milk that is lukewarm; it is neither too cool nor too hot.*

Lull (lul)❶ *n.* a temporary quiet or calm. عارضی خاموشی ' سکون ' راحت یا آسائش *After the crash, there was a lull. All was quiet and still.* ❷— *v.t.* to subside; to quiet; to compose. خاموش کرنا تھپکی یا لوری گا کر چپ کرانا ' تسکین دینا *Mother lulled the child to sleep.*

Lullaby (lul′a-bi) *n.* song to quiet babies. لوری ' بچوں کے سلانے کے گیت

Lumbago (lum-ba′go) *n.* a rheumatic affection of the muscle about the loin. درد کمر ' چک ' کنٹھیا ' وجع المفاصل

Lumber (lum′bur)❶ *n.* anything useless and cumbrous; timber. بے کام کی چیز ' کباڑ ' کوڑا ' کڑی تختہ ' کاٹھ کباڑ *There is a lot of lumber in the attic.* ★ *Lumber house or room.* کباڑ خانہ ' وہ گودام جہاں نکمی چیزیں پڑی ہوں ❷— *v.t.* to heap together in disorder. انبار لگانا ' کوڑا لگانا ' ڈھیر لگانا ❸— *v.i.* to move; to rumble heavily. زور سے چلنا ' گڑگڑانا ' قدم رکھنا

Luminary (lu′min-ar-i) *n.* one who illustrates any subject; any body that gives light; specially one of the heavenly bodies. روشنی دینے والی چیز ' علم اور دانش کی روشنی پھیلانے والا ' سورج چاند یا ستارے وغیرہ

Luminiferous *adj.* transmitting light. ضیاء بخش

Luminosity *n.* درخشندگی ' تابندگی ' روشنی ' تابانی ' کوئی روشن چیز ' چمک

Luminous (lu′min-us) *adj.* bright; clear; shining. درخشاں ' روشن ' چمکیلا *A certain kind of paint which*

shows up in the dark is called luminous paint.

Luminously *adv.* تابندگی سے' روشن دماغی سے

Luminousness *n.* تابانی' درخشانی' روشن دماغی

Lummox *n.* کند ذہن اور بے ڈھنگا شخص

Lump (lump)❶ *n.* the gross; a small mass of matter of no definite shape. ڈھیلا' ڈلا *A lump of earth fell off the lorry.* ★ *In the lump.* اکٹھا ❷— *v.i.* to take in gross; to throw into a mass. ڈھیر لگانا' تھوک خریدنا *The gravy lumped because it was not stirred well.*

Lump in the throat. جذبات کے جوش سے دم رُکنا

Lump *n.* uncouth leaden-blue fish. ایک سُرمئی رنگ کی بھدی مچھلی

Lumper *n.* labour employed for loading and unloading. جہاز کے مزدور ' مال اتارنے اور لادنے والے

Lumpish (lump'ish) *adj.* stupid; bulky; dull. بے وقوف' بڑا' جسیم' موٹا اور بھدا

Lumpishly *adv.* احمقانہ طور پر

Lumpishness *n.* کند ذہنی' حماقت' بھدا پن' بھاری پن' بیوقوفی' سستی

Lumpy (lump'i) *adj.* full of lumps. گٹھیلا' گانٹھ والا

Lunacy (lu'na-si) *n.* derangement; insanity. خبط' جنون' پاگل پن ' دیوانگی' سودا

Lunar (lu'nar) *adj.* resembling the moon; pertaining to the moon. چاند کا' متعلق بہ ماہ' چاند کی مانند

Lunar eclipse *n.* چاند گرہن ★ *Lunar politics* جنونی سیاست ' ناقابل عمل مسائل


Lunatic (lu'na-tik) *adj.* mad; insane. دیوانہ' پاگل *Lunatics are sent to mental hospitals, where they are cared for properly.* ★ *Lunatic asylum.* پاگل خانہ ' دماغی مریضوں کا ہسپتال

Lunation (lu-na-shun) *n.* lunar month. ایک چاند رات سے دوسری چاند رات تک کا زمانہ' قمری مہینہ

Lunch (lunsh) *n.* a slight refreshment between breakfast and dinner. دوپہر کا کھانا *We eat lunch at noon.*

Luncheon. تیسرے پہر کا ناشتہ ' ظہرانہ *Mother invited some of her friends in for luncheon.*

Lune (lun) *n.* anything in the shape of a crescent or half-moon. ہلالی شکل کی کوئی شے


LUNG

Lung (lung) *n.* the organ of respiration. پھیپھڑا

Lunge (lunj) *n.* a sudden thrust. تلوار کی ضرب' کھونچا

Lunt (lunt) *n.* a quick match for firing cannon. توپ داغنے کا فتیلہ یا توڑا

Lunular (lu'nu-lar)❶ *adj.* shaped like a new moon. بہ شکل ہلالی ' ہلالی شکل کا

Lupine (lu'pin) *n.* plant. مصری پودا ❷— *adj.* wolfish; ravenous. بھیڑیے جیسا' گرگ سیرت' پھاڑ کھاؤ' درندہ ' خونخوار

Lurch (lurch)❶ *n.* a forlorn position; a sudden roll of a ship to one side. جہاز کا یکایک یکطرف ہو جانا ★ *To leave in the lurch,* to leave in a difficult position. پریشانی کی حالت میں چھوڑ جانا ★ *To lie at lurch,* to lie in wait. گھات میں بیٹھنا ❷— *v.i.* to play tricks. دھوکا دینا' بہلاوا دینا

Lurcher (lurch'ur) *n.* a dog that lies in wait for game; a poacher. گھات لگانے والا' ایک قسم کا شکاری کتا' شکاری جانور چرانے والا

Lure (lur) *n.* an enticement. لالچ' طمع' پھسلاہٹ *The lure of the cinema drew Azhar to town.*

Lure (lur) *v.t.* to entice. بہکانا' ورغلانا' پھسلانا' جھانسا دینا' لبھانا' للچانا *The boys lured the rabbit into the barn by holding out a carrot.*

Lurid (lu'rid) *adj.* gloomy; ghastily pale. دھندلا' پیلا' زرد' خوفناک و حشتناک خیرہ کن

Lurk (lurk) *v.t.* to remain concealed; to keep out of sight; to be in wait; to lie hid. پوشیدہ ہونا' گھات میں رہنا' دبکنا' چھپا رہنا *The boys lurked in the bushes, waiting to see the rabbit come out.*

Lurking-place (lurk'ing-plas) *n.* a den; a hiding place; ambush; ambuscade; retreat. گھات کی جگہ' کمین گاہ

Luscious (lush'us) *adj.* delicious; sweet. خوش ذائقہ' شیریں' لذیذ' مزے دار ' رسیلا' خوشگوار

Lush *adj. n. v.t. & i.* luxuriant. گھنا' سرسبز' شاداب' شراب پینا' شراب پلانا' عمدہ شراب

Lushy *adj.* drunk. مدہوش' مست' پیے ہوئے

Lust (lust) *n.* animal like passion; carnal appetite. مستی' کام' جنسی' بھوک' ہوس

Lusterware *n.* چمکیلی اور رنگ برنگ سطح کے ظروف

Lustful (lust' fool) *adj.* lewd; inordinate; sen impure. نفس پرست' پُرشہوت' تماش بین ہوا و ہوس کا دلدادہ

Lustfully *adv.* شہوت سے' آرزومندی سے

Lustfulness *n.* شہوت پرستی' آرزومندی

Lustily (lust'i-li) *adj.* stoutly; vigorously. زور سے' مضبوطی سے' توانائی سے

Lustiness *n.* طاقت' توانائی' تندرستی' قوت' زور' جوش' مضبوطی

Lustral (lus'tral) *adj.* used in purification. پاک کرنے والا' صاف کرنے والا ' مطہر

Lustrate (lus'trat) *v.t.* to purify. صاف کرنا' پاک کرنا

Lustration (lus-tra'shun) *n.* purification by water. پانی کی صفائی ' تطہیر' طہارت' پاکی

Lustre (lus'tur) *n.* a candle-stick; frame; renown; brightness; gleam; radiance; brilliancy.

شمع دان، شہرت، روشنی، نام آوری *The maid polished the furniture to a high lustre.*

Lustring (lus′tring) *n.* a stout, glossy kind of silk cloth. ایک قسم کا ریشمی کپڑا


Lustrous (lus′trus) *adj.* bright; luminous; shining. چمکیلا، روشن، منور، چمک دمک والا، درخشاں

Lustrum (lus′trum) *n.* a space of five years. نوروز، پانچ سالہ، پانچ برس کا زمانہ

Lusty (lust′i) *adj.* bulky; stout; healthful; vigorous. موٹا تازہ، ڈیل ڈول کا تندرست، طاقتور

Lusus naturae *n.* اعجوبہ، بدہیئت شخص، جانور یا پودا، عجیب الخلقت

Lute (lut) *n.* a musical instrument with strings. طنبورہ، بین، ستار، رباب، بربط



LUTE

Luxate (luks′at) *v.t.* to dislocate; to put out of joint. جوڑ اکھاڑنا یا ٹالنا، جوڑ اتارنا، بے ٹھکانے کرنا

Luxation (luks-a′shun) *n.* dislocation; a putting out of joint. بے جگہ ہونا، جوڑ کا اتر جانا، ٹلنا، موچ

Luxuriance (lug-zu′ri-ans) *n.* exuberance; growth; rank. زیادتی، کثرت، افراط، فراوانی، بہتات

Luxuriant (lug-zu′ri-ant) *adj.* exuberant in growth; abundant. کثرت سے، بہ افراط، فراواں، گھنا، کثیر

Luxuriate (lug-zu′ri-at) *v.i.* to live luxuriously; to indulge to excess; to grow to superfluous abundance. عشرت سے رہنا، بہت زیادہ ہونا، کثرت سے ہونا

Luxurious (lug-zu′ri-us) *adj.* given to luxury; furnished with luxuries; voluptuous; enslaved to pleasure. نفس پرست، جشن باز، آراستہ، عشرت کا غلام، عیاش، پُرتکلف

Luxury (luk′su-ri) *n.* a delicacy; voluptuousness; a free indulgence in rich food, dress or furniture; sensuality. عیش و عشرت، لگژری، نفس پرستی، اچھا کھانا پینا، مزیدار شے، اچھی طرح رہنا *The rich man lives in luxury.*

Lycanthropy (li-kan-thro-pi) *n.* a kind of insanity in which the patient imagines him-self to be a wolf. ایک قسم کی دیوانگی جس میں مریض اپنے کو بھیڑیا سمجھتا ہے

Lyceum (li-se′um) *n.* a literary institute; a house appropriated to instruct by lectures. عوامی درسگاہ

Lychnobite (lik′no-bit) *n.* one who works by night and sleeps by day. وہ جو رات کو کام کرے اور دن کو سوئے، شب بیدار

Lydian (lid′i-an) *adj.* effeminate; soft; pertaining to ancient Lydia. نرم، کمزور، قدیم ★ *Lydian stone.* کسوٹی کا پتھر

Lye (li) *n.* water impregnated with alkaline salt. کھاری پانی *Lye is a deadly poison.*

Lying (li′ing) *adj.* telling lies. دروغگو، جھوٹا، لیٹا ہوا، پڑا ہوا

Lymph *n.* ❶ (poet) pure water صاف پانی، آب زلال ❷ exudation from sore. زخم کی ریزش


Lymph (limf) *n.* a colourless fluid in animal bodies. لمف، ناقابل انجماد جسمانی رطوبت

Lymphatic (lim-fat′ik) *adj.* sluggish; phlegmatic. لمف کے متعلق، بلغمی مزاج، لمفاوی مزاج

Lyncean *adj.* keen sighted. تیز نگاہ، تیز نظر، سیاہ گوش، بن بلاؤ

Lynch (linsh) *v.t.* to inflict punishment of death without the form of law. بے قاعدہ سزائے موت دینا

Lynx (lingks) *n.* a wild animal of the cat kind, noted for its keen sight. بڑی تیز نظر والا *The hunter shot a lynx.* ★ *Lynx-eyed.* بن بلاؤ، تیز نگاہ والا، سیاہ گوش



LYRE

Lyre (lir) *n.* a kind of harp much used by the ancients; a stringed instrument of music. بین، سرود، بربط، لائر

Lyric (lir′ik) *adj.* pertaining to a harp; to odes or poetry sung to a harp. بین کا، بربط کا گانے کے قابل *The words of songs are the lyrics.* ★ *Lyric poetry.* گیت، نغمہ، سرود

Lyrist (lir′ist) *n.* one who plays on the lyre. بربط نواز، بین کار، غنائی شاعر

M

M (em) *n*. The thirteenth letter of the English alphabet.
انگریزی حُروف تہجی کا تیرھواں حرف' ایک ہزار کے لئے رومن ہندسہ

Ma *n*. (abbr of mamma) mother. ماں' اماں' امی' امی جان

Mab (mab) *n*. in mythology the queen of fairies.
پریوں کی ملکہ 'خواب لانے والی

Mac (mak) *n*. son. فلاں' برساتی (کوٹ)' بیٹا

Macabre *adj*. gruesome, suggesting death.
بھیانک' موت کا نقشہ' آنکھوں کے سامنے لانے والا' مہیب' ہیبت ناک

Macadamise (mak-ad′am-iz) *v.t.* to cover a road or path with small broken stones.
سڑک پر کنکر جمانا' روڑی بچھانا' کنکریٹ ڈالنا

Macaroni (mak-a-ro′ni) *n*. a fop; a kind of edible paste. چھیلا' البیلا' بانکا' میدے کی سویاں *Have you ever eaten marcaroni cooked with tomatoes and cheese?*

Macaroon *n*. biscuit of ground almonds. باداموں کا بسکٹ

Macaw *n*. a kind of parrot with gay plumage, long tail aud harsh voice. دُم دار طوطا' خوش رنگ طوطا

Maccaboy, Maccoboy, Maccabaw *n*. مُعطر نسوار


Mace (mas) *n*. an insignia of authority; a club; a cue. عصا' انٹا کھیلنے کی چھڑی' لاٹھی' نیزا' بلم' جائفل کا پوست' جاوتری

Macebearer *n*. عصابردار

Macerate (mas′ur-at) *v.t.* to steep almost to solution; to make lean; to mortify.
بھگو کر گلانا' تحلیل کرنا' دُبلا کرنا' مارنا یا دبانا' کوٹنا' نرم کرنا

Maceration (mas-ur-a′shun) *n*. mortification; the act of reducing to leanness. نفس کشی' تحلیل' ریاضت

Machete *n*. خنجر' چُھرا' ایک بڑا چاقو



MACHETE


Machiavelli (*mak-i-a-veli*) *n*. unscrupulous schemer. ایک اطالوی سیاست دان میکیاولی' دورُخا' عیار' چالباز' زمانہ ساز

Machinate (mak′i-nat) *v.t.* to plot; to form a scheme. عیاری کرنا' تدبیر کرنا' سازش کرنا

Machination (mak-i-na′shun) *n*. an artful design; a contrivance. سازش' بندش' ریشہ دوانی' جوڑ توڑ

Machine (ma-shen′) *n*. a complex instrument contrived to lessen human labour; an engine; a person who acts only as other tells him.
آلہ جر ثقیل' انجن' انتظام' بناوٹ صنعت' کل' آلہ' وہ شخص جو دُوسرے کی مرضی پر چلے' مشین *Some machines, such as carpet sweepers, are simple and other hand.*

Machine gun *n*. مشین گن' خود کار ہتھیار' جو تیز



MACHINE GUN

رفتاری سے مسلسل گولیاں چلانے کی صلاحیت رکھتا ہے

Machinery (ma-shen′ur-i) *n*. machines collectively; complicated routine; the working of parts of a machine. کل کے سب پُرزے' کل کی ترکیب' مشینیں' دستور العمل *It takes machinery to make a motor-car.*

Machinist (ma-shen′ist) *n*. one skilled in machines; a constructor of machines. کل بنانے والا' آلہ ساز' ماہر اصول کل و آلات' کل کا ماہر' مشینری بنانے کا ماہر' مشین ساز

Machismo *n*. مظاہرہ مردانگی (مبالغہ آمیز)' مردانہ یقین دہانی

Mackerel *n*. a sea-fish. ایک سمندری مچھلی

Mackerel-sky. نیلی اور روپہلی دھاریوں والے بادل' آسمان لکہ دار

Mackintosh (mak′in-tosh) *n*. a water-proot overcoat so called from the inventor. برساتی جامہ

Mackintoshed *adj*.
مومیایا ہُوا' واٹر پروف بنایا ہُوا' پانی روک' واٹر پروف

Mackle, macule ❶*n*. دوہری چھپائی یا کسی اور وجہ سے چھپائی کا دھبا' دھندلا پن یا دھبا ❷ *v.t. & i.* دھباڈالنا یا دھبا پڑنا

Macle *n.* جفت بلور' جفت کرسٹل خصوصاً" چپٹا" ہیرے کا جفت کرسٹل

Macrame (ma-kra-mi) *n.* trimming of knotted thread. بٹے ہوئے دھاگے کی جھالر' حاشیہ 'میکریم

Macrocephalous (mak-ro-sef' a-lus) *adj.* having a large head. بڑے سروالا 'کلاں سر

Macrocosm (mak' ro-kozm) *n.* the whole world or visible system. عالم' دُنیا' سنسار' کائنات' عالم اکبر' تنظیم

Macrocosmic *adj.* کائناتی

Macrocosmically *adv.* کائناتی طریقے سے' بڑے پیمانے پر

Macrograph *n.* جلی خط' بڑا بڑا لکھا ہوا' قدآدم یا اس سے بڑی تصویر یا فوٹو

Macrology (mak-rol' o-ji) *n.* a tedious multiplicity of words. فضول گوئی' کلام درازی' کلام لایعنی

Macron (mak-ron) *n.* (*Gram.*) Mark placed over vowel to show that it is long. (گرامر) بزاند' مدکلاں' آواز کو کھینچنے کا نشان' افقی خط

Macula *n.* dark spot in the sun. آفتاب کا سیاہ داغ' داغ دھبّا' جلد کا داغ یا دھبّا 'خال

Maculate (mak' u-lat) *v.t.* to sully; to stain. داغ لگانا' دھبّا ڈالنا 'داغنا' داغدار کرنا' آلودہ کرنا

Maculation (mak-u-la' shun) *n.* a spot. دھبّا' داغ

Macule *n.* جلد کا داغ' کلف' دھبّا' سیاہی' چھپائی کا دھبّا

Mad (mad) *adj.* insane; infatuated; disordered in the mind; furious. پاگل' دیوانہ' برہم' جنونی' شیدا' آگ ببولا' سودائی' فریفتہ' مفتوں' غضب ناک *The miser went mad when he lost his money.*

Madam (mad' am) *n.* a term of address for lady. میڈم 'میم صاحب' خانم صاحب' بیگم' بی بی' خاتون *The assistant said to mother, "May I help you, madam?'*

Madame *n.* French form of madam. مادام' خاتون' محترمہ' عزت کا فرانسیسی خطاب جو اُس عورت کے لئے استعمال ہوتا ہے جو انگریز یا امریکی ہو' شادی شدہ

Madcap (mad' kap) *n.* a wild thoughtless rash person. مجنوں' وحشی طبع' شورید 'غصیلا' جنونی' بے دھڑک

Madden (mad' dn) *v.t.* & *i.* to make or become mad. پاگل ہونا یا پاگل کرنا' سودائی ہونا طیش میں لانا

Made (mad) *p.p.* of make, suited; fit; fortunate. ★مصنوع' بناوٹی' جوڑا ہوا' جوڑ وازلائق' ٹھیک' مناسب' خوش نصیب *A made dish.* دوبارہ یا دہرے طور پر بنایا گوشت

Madeira (ma-de' ra) *n.* a highly-esteemed wine made in Maderia. مڈیرا کی شراب 'سفید انگوری شراب

Mademoiselle (mad-mwa-zel') *n.* miss; addressing title for a girl. ناکتخدا' لڑکی 'کنواری 'کنیا' آنسہ

Madly (mad' li) *adv.* foolishly; furiously. وحشیانہ طور سے' بے وقوفی سے' جنونی انداز میں' مشتعل ہو کر

Madman (mad' man) *n.* a lunatic. پاگل' دیوانہ' مجنوں

Madness (mad' nes) *n.* insanity; distraction; extreme folly; derangement; craziness; lunacy. دیوانہ پن' سودا' خبط' حد درجہ کی بے وقوفی 'اضطراب' شوریدہ سری

Madonna (ma-don' a) *n.* a term of address; the Virgin Mary or her picture. بی بی صاحبہ' حضرت مریم یا اُن کی تصویر

Madrigal (mad' ri-gal) *n.* a pastoral song. گنوار گیت' کجری' رس گیت' لوک گیت 'شبانی نظم

Maffick *v.i.* exalt riotously. خوشیاں منانا' رنگ رلیاں منانا

Magazine (mag-a-zen') *n.* an arsenal; a building in which to store provision and arms, etc.; a periodical publication. گودام' میگزین' اسلحہ خانہ' گنجینہ' اخبار' رسالہ *Some magazines are published once a week, some once a month, etc.*

Maggot (mag' ut) *n.* grub; a worm; fancy; whim. ایک قسم کا کیڑا' خیال' موج' لہر *Some maggots turn into flies.*

Maggoty (mag' ut-i) *adj.* whimsical; full of maggots. خیالی' لہری' من موجی' کیڑوں سے بھرا ہوا

Magi (ma' ji) *n. pl.* Eastern philosophers. مجوسی

Magic (maj' ik) *n.* the art of enchantment; the art of producing effects by superhuman means; sorcery. جادو' علم تسخیر' ٹونا' سحر' جادوگری' افسون *In olden times people believed in magic.*

Magical (maj' ik-al) *adj.* done by sorcery; pertaining to magic; perfomed by spirits; necromantic. جادوگیرانہ' ارواح کے ذریعہ سے کیا گیا' طلسماتی' پُرافسوں' سحری

Magically (maj' ik-al-i) *adv.* by magic. جادو سے' سحر سے 'شعبدہ بازی سے' ساحرانہ طور پر

Magician (ma-jish' an) *n.* one professedly skilled in magic. جادوگر' ساحر' طلسم ساز *The magician pulled a rabbit out of father's hat.*

Magisterial (maj-is-te' ri-al) *adj.* despotic; lofty; authoritative; proud. خود مختار' عالی' حاکمانہ' متکبر' مغرور

Magisterially (maj' is-te' ri-al-i) *adv.* proudly. متکبرانہ طور سے' تحکمانہ انداز سے

Magistracy (maj' is-tra-si) *n.* body of magistrates; the dignity of a magistrate. کچہری' فوجداری' زمرہ حاکمان' مجسٹریٹان' زمرہ' عہدہ مجسٹریٹ کا عہدہ

Magistrate (maj' is-trat) *n.* a public civil officer invested with executive or judicial authority. مجسٹریٹ' حاکم 'ناظم فوجداری' حاکم عدالت

Magna Charta (mag' na-kar' ta) *n.* the great charter obtained from King John in 1215 A.D. مگنا کارٹا' حقوق جو انگلستان کے لوگوں کو بادشاہ جان سے ملے

Magnanimity (meg-na-nim' i-ti) *n.* generosity; greatness of mind. بلند ہمتی' عالی دماغ' دریا دلی' فیاضی' بلند نظری

Magnanimous (mag-nan' i-mus) *adj.* great of mind; elevated in soul; brave; generous; chivalrous; liberal. عالی حوصلہ' بلند ہمت' اُولوالعزم' دلیر' شجاع

Magnanimously (mag-nan′i-mus-li) *adv*. bravely; nobly. دلیرانہ' بلند حوصلگی سے' فیاضی سے' عالی ظرفی سے

Magnate (mag′nat) *n*. a man of rank and wealth; a noble. شہرت مند شخص' دولت مند' امیر' شریف' صاحبِ ثروت

Magnesia (mag-ne′shi-a) *n*. a white alkaline earth used medicinally.
ایک قسم کی سفید مٹی جو دوا میں استعمال کی جاتی ہے' میگنیشیا

Magnesium *n*. metallic element in magnesia.
ایک معدنی عنصر' سفید قسم کی مٹی ، میگنیشیم

Magnet (mag′net) *n*. the loadstone. پتھر' سنگ مقناطیس' آہن ربا *We can pull pins out of a pin-cushion with a magnet.*

Magnetic (mag-net′ik) *adj*. attractive; possessing the quality of attracting iron.
جاذب' آہن' ربائی کی خاصیت رکھنے والا' مقناطیسی

Magnetise (mag′net-iz) *v.t. & i.* to render magnetic. مقناطیسی قوت دینا' جذب کرنا' کھینچ لینا

Magnetism (mag′net-izm) *n*. attraction; the science which treats of the properties of the magnet. قوت مقناطیسی' مقناطیسی کشش' وہ علم جو مقناطیسی مظاہر سے بحث کرتا ہے' مقناطیسیت

Magnetometer *n*. مقناطیسیت پیما' مقناطیسی قوت ناپنے کا آلہ

Magnetomotive. مقناطیسی اثر پیدا کرنے والا' ایسے اثر سے متعلق

Magnetone *n*. جوہری ذرات کے مقناطیسی معیار اثر کو ناپنے کی اکائی' مقنطیہ' مگنی ٹون

Magnifiable *adj*.
بڑھائے جانے کے قابل' تکبیر پذیر' قابلِ تکبیر' قابلِ کلاں نمائی

Magnific (mag-nif′ik) *adj*. noble; great.
عظیم' شریف' عالیشان

Magnification *n*. مبالغہ کاری' بڑا کرنے کا عمل' بلند کرنے کا عمل

Magnificence (mag-nif′i-sens) *n*. splendour.
رونق عظمت' شان و شوکت' تزک و احتشام' کروفر' جاہ جلال

Magnificent (mag-nif′i-sent) *adj*. grand; full of splendour; pompous. شاندار' عظیم الشان' عمدہ' عالیشان' باشکوہ *The opera house is magnificent.*

Magnificently (mag-nif′i-sent′li) *adv*. grandly; splendidly. جاہ و جلال سے' شان و شوکت سے' شاہانہ

Magnifier *n*. کلاں نما' چیزوں کی ظاہری جسامت کو بڑھا کر دکھانے والا آلہ

Magnify (mag′ni-fi) *v.t.* to make great; to exaggerate; to praise highly; to enlarge; to augment; to amplify; to extol; to glorify. بڑھانا' سراہنا' مبالغہ کرنا' مدح کرنا' بڑھا کر کہنا' تعریف کرنا *Gandmother's glasses magnify things.* ★ *To magnify one's self,* to show great pride. گھمنڈ دکھانا ★ *Magnifying glass.* بڑا دکھانے والا شیشہ

Magniloquent (mag-nil′o-kwent) *adj*. speaking pompously; pompous in words.
بڑے بڑے الفاظ استعمال کرنے والا' لفاظ' مبالغہ گر

Magnitude (mag′ni-tud) *n*. bulk; dimension; importance; size; greatness.
قد و قامت' وسعت' ضخامت' اہمیت' مصاحت' بزرگی' عظمت

Magnolia *n*. ایک خوش رنگ پتوں اور پھولوں والا درخت

Magnum opus *n*. شاہکار' کسی فنکار یا ادیب کا بہترین کام یا شہ پارہ

Magpie (mag′pi) *n*. a well-known chattering bird.
غوغائی' مینا' نیل کنٹھ' باتونی شخص

Magus *n*. member of ancient Persian priestly caste. آتش پرست' قدیم مجوسی پجاری' ساحر' جادوگر

Mah-jongg, mah-jong *n*. چین کا ایک کھیل

Mahl stick, maulstick *n*. مال اسٹک' عصائے توازن' توازن قائم رکھنے والی چھڑی جسے مصور یا نقاش اپنے ایک ہاتھ میں رکھتا ہے

Mahogany (ma-hog′a-ni) *n*. a hard wood of a reddish colour. مہاگنی' ایک قسم کی سخت سرخ رنگ کی لکڑی *Mother has a mahogany table.*

Maid (mad) *n*. a female servant; unmarried woman; virgin. کنیز' مزدور لڑکی' کنواری' لونڈی' خادمہ *A young woman who is not married.*

Maiden (mad′n) ❶ *n*. a virgin; unmarried woman; a machine for washing linen; an instrument. ناکتخدا' کنواری' باکرہ' ریشم' دھونے کی کل' ایک قتل کرنے کا آلہ *Father went on the ship's maiden voyage. It was the ship's first trip.* ❷— *adj*. unpolluted; innocent; fresh; pertaining to maid. نیا' کنوارہ' باکرہ' اچھوتا' معصوم' دوشیزہ ★ *Maiden speech,* firsh speech. ابتدائی کلام ★ *Maiden sword.* نامستعمل تلوار ★ *Maiden fortress.* نامفتوح قلعہ

Maidenhood (mad′n-hood) *n*. freshness; virginity; uncontaminated state. کنوارپن' اچھوتا پن' دوشیزگی

Maidenly (mad′n-li) ❶ *adj*. modest; gentle. حیادار ❷— *adv*. in a maiden-like manner. کنواریوں کی طرح

Maid-servant (mad-sur′vant) *n*. a female servant.
نوکرانی' خادمہ' ملازمہ' لونڈی' باندی' کنیز

Mail (mal) ❶ *n*. a bag for the conveyance of letters; armour. ڈاک کا تھیلا' جوشن' زرہ بکتر *Anam received a great deal of mail on her birthday.* ❷— *v.t.* to prepare for transmission by mail; to post; to arm with mail. ڈاک کے ذریعے بھیجنا' زرہ بکتر پہننا *Azhar went to the corner to mail the letter.* ★ *Mail-clad,* زرہ پوش' بکتر پوش

Mail-coach (mal-coch) *n*. a coach that carries the mail. ڈاک کی گاڑی *The highway man held up the mailcoach near Railway station.*

Maim (mam) *v.t.* to mutilate; to cripple; to injure. عضو بے کار کرنا' زخمی کرنا' لنگڑا کرنا' مجروح کرنا *If you play in the street, a car may strike you and maim you.* ❷— *n*. a crippling; mutilation; lameness. لنج کرنا' قطع عضو' لنگڑا پن

Main (man) *adj*. important; leading; principal.

خاص' مقدم' ضروری' بڑا' اصلی' عظیم' فراخ' اہم *A railway line serving such towns is called a main line.* —*n.* the whole; all one's strength; the ocean; a chief drain; the continent. کُل' سب' پوری طاقت' بحرِ اعظم' بڑا نالہ' براعظم ★ *With might and main,* with full strength. خوب زور سے' دِل توڑ کر

Mainland (man′land) *n.* the continent; adjoining island. براعظم' نزدیکی جزیرہ *When we lived on the island for the summer, we had to row to the mainland to buy food.*

Mainly (man′li) *adv.* chiefly; principally. خاص کر' خصوصاً' بیشتر' اکثر *The fisherman's catch was mainly perch. Most of the fish he caught were perch.*

Mainmast (man′mast) *n.* the principal or middle mast in a ship. جہاز کا اصلی یا بیچ کا مستول *During the gale the mainmast of the yacht was snapped in half.*

Mainor (ma′nur) *n.* act or fact esp. of theft. چور ڈھور' مال مع مجرم

Mainprize (man′priz) *n.* bail. ضمانت' حاضر ضامنی پر رہائی

Mainstay (man′sta) *n.* chief support. اصلی' سہارا' تکیہ' آسرا' سب سے اہم شخص

Mainstem *n.* مرکزی سڑک' بڑا راستہ' گزرگاہ

Main stream *n.* عام رجحان' سرگرمی' بڑا دھارا' بڑی ندی

Maintain (man′tan) *v.t.* to justify; to preserve in some particular condition; to vindicate; to continue; to bear the expense to support with food; to assert. جائز رکھنا' ثابت کرنا' جاری یا رواں رکھنا' خرچ اٹھانا' سربراہی کرنا' کھانے کی خبرلینا' پرورش کرنا' قائم رکھنا' دعوے سے کہنا *Grandfather maintains a large farm.*

Maintenance (man′te-nans) *n.* means of support; defence; continuance; sustenance. پرورش' روزی' محافظت' قیام' پائیداری' مقدمہ کی پیروی روپے سے

Maize (maz) *n.* a corn. مکئی *Maize is used as an*



MAIZE

article of food all over the world.

Majestic (ma-jes-tik) *adj.* sublime; stately. پُرشکوہ' عظیم الشان' شاہی' رعب والا' دبدبے والا' پُروقار

Majestically (ma-jes′tik-al-i) *adv.* with grandeur; with dignity. شان و شوکت سے' جاہ و حشمت سے' کروفر سے' رعب داب سے' پروقار انداز سے

Majesty (maj′es-ti) *n.* grandeur; dignity; the title of an emperor, king of queen. مرتبہ' شکوہ' بزرگی' عظمت' رُعب' خطاب سلطان بادشاہ یا شہزادی کا' حضرت' قبلہ عالم' جہاں پناہ' اعلیٰ حضرت *The music of the hymn had great majesty.*

Major (ma′jur)❶ *adj.* more important; elder; greater. اہم' ضروری' بڑا *We spent the major part of our holidays at grandmother's.* ❷— *n.* a person of full age; officer in rank above a captain. بالغ' میجر' فوجی حاکم جو کپتان سے اوپر ہوتا ہے' افسر' میجر

Major-domo (ma′jur-do′mo) *n.* a steward; the manager of a large household. گھر کا نوکر' داروغہ محل سرا' خانساماں

Major general *n.* میجر جنرل' بریگیڈیئر سے بڑا اور لیفٹیننٹ جنرل سے چھوٹا فوجی افسر

Majority (ma-jor′i-ti) *n.* the military rank of a major; greater number; full age. میجر کا عہدہ' بلوغت' کثرت *The majority of children in town go to our school.*

Majuscular *adj.* بڑے حُروف سے متعلق' جلی حُروف کا

Majuscule *adj.* بڑا' جلی' بڑے نمایاں اور موٹے حُروف کا' حروف میں لکھا ہُوا

Make (mak)❶ *v.t.* to create; to form; to mould; to execute; to produce something false; to perform; to compel; to do; to commit; to operate; to gain; to reach; to bring into any state; to suffer; to intend for. ہستی میں لانا' ساخت کرنا' ڈھالنا' گھڑنا' عمل کرنا' بنانا' نقلی بنانا' ایجاد کرنا' نکالنا' مجبور کرنا' کرانا' انجام دینا' ارتکاب کرنا' موزوں کرنا' حاصل کرنا' موثر ہونا' کمانا' نفع اُٹھانا' سہنا' بھرنا' ارادہ کرنا *Many boys like to make model aircraft.* ❷*v.i.* to tend; to contribute; to appear. جُھکنا' راغب ہونا' آگے بڑھنا' دینا' پہنچانا' میسر ہونا' معلوم ہونا' نظر آنا ★ *To make amends for,* to make good for. تلافی کرنا' بھرنا ★ *To make away.* مار ڈالنا' قتل کرنا' بدلنا ★ *To make believe,* to pretend. بہانہ کرنا ★ *To make a cat's paw of one.* کسی سے اپنا کام نکلوالینا ★ *To make from.* کسی سے بچنا یا بھاگنا ★ *To make off.* ناگہاں چلے جانا ★ *To make good,* to indemnify; to fulfil. تلافی کرنا' نقصان بھرنا' پُورا کرنا' وفا کرنا ★ *To make headway.* ترقی کرنا ★ *To make light of.* ہلکے جاننا' حقیر سمجھنا ★ *To make merry.* ضیافت دینا' توضع کرنا ★ *To make little,* to treat as insignificant. حقیر سمجھنا ★ *To make much of,* to consider of great value. قدر کرنا' بڑا سمجھنا ★ *To make neither head nor tail of a thing,* to understand nothing at all. بالکل نہ سمجھ سکنا ★ *To make after,* to pursue. پیچھا کرنا ★ *To make off,* to depart hastily. چلدینا' بھاگ جانا ★ *To make over to,* to deliver. حوالے کردینا ★ *To make shift,* to contrive with such means as are available. کام چلانا ★ *To make short work with,* to kill; to make an end of. خاتمہ کرڈالنا' مار ڈالنا ★ *To make the best of a bad*

bargain, to use bad circumstances to best accounts. گلے پڑی کو نبھانا ★ *To make faces,* to mimic. مُنہ بنانا ★ *To make way,* to make progress; to open a passage. ★ ترقی دینا' راستہ نکالنا *To make free with.* بلا تکلف پیش آنا ★ *To make up with.* ★ کسی سے صلح یا میل کر لینا ★ *To make a clean breast of.* صاف کہنا یا بیان کرنا ★ *To make a new departure.* ★ نیا طریقہ اختیار کرنا ★ *To make a virtue of necessity.* مجبوری کے کام کو ظاہری طور سے اس طرح کرنا کہ گویا دِل کی خوشی ہے ★ *To make both ends meet,* to live economically and so as to keep within income. کفایت شعاری سے کے اندر گزارا کرنا ★ *To make one's mark.* ★ناموری حاصل کرنا ★ *To make one's self at home.* تکلف نہ کرنا' اپنا گھر سمجھنا ★ *To make up for.* معاوضہ ادا کرنا' بدل لینا ★ *To make with.* ایک رائے ہونا
❸— *n.* workmanship; form.
کاریگری' ساخت' شکل' ترکیب' مزاج' سرشت

Makebate (mak' bat) *n.* one who excites contentions. فتنہ انگیز' لڑائی کرنے والا' مفسد

Make-believe, make-belief *n.*
افسانہ' من گھڑت بات' بننے والا یا بہروپ بھرنے والا' بہانہ ساز' ظاہر داری' آنکھوں میں دھول جھونکنے کا عمل' غیر حقیقی' مصنوعی

Make-do *v.i.* کم سے کم یا متبادل مواد سے کام چلانا

Make-do *n.*❶ متبادل' عموماً عارضی یا کم حیثیت
*adj.*❷ عارضی یا متبادل نوعیت کا

Maker (mk' ur) *n.* the creator; one who makes.
خالق' پیدا کرنے والا' کاریگر' بنانے والا' صانع

Makeshift (mak' shift) *n.* a temporary expedient.
متبادل یا عارضی انتظام عام طور پر ہنگامی حالت میں

Maladapted *adj.* ناموزوں' نامناسب' جو کسی خاص حالت یا صورت حال کے لئے موزوں نہ ہو

Maladjustment *n.* faulty adjustment.
عدم مطابقت' بے ترتیبی' بے آہنگی' ابتری' ناسازگاری

Maladministration (mal-ad-min-is-tra' shun) *n.* bad management of public affairs. بد عملی' بدانتظامی

Maladroit *adj.* clumsy, bungling. اناڑی' پھوہڑ' بدسلیقہ

Malady (mal' a-di) *n.* sickness. مرض' عارضہ' فساد و آزار

Malafide (mal' a-fid' a) *adv.* in bad faith. بے ایمانی سے

Malaise *n.* بیماری سے پہلے بے چینی' بے قراری' طبیعت کی بے کیفی' بیماری کا وہم' بے اطمینانی

Malapert (mal' a-purt) *adj.* impudent; forward; bold; suacy. گستاخ' بے ادب' شوخ' بے لحاظ' بدتمیز

Malaprop *n.* & *adj.* بے تُکا' ناموزوں' بے محل' لفظ کا غلط استعمال

Malapropian *adj.* بے موقع' بے محل' نامناسب' بے تکا

Malapropism *n.* الفاظ کا بے موقع' بے تکا اور غلط استعمال

Malapropos (mal-ap-ro-po') *adj.* out of place.
بے موقع' بے محل

Malaria (ma-la' ri-a) *n.* a kind of disease; noxious exhalation; poisonous air.
ابخرات' فاسد ہوا جو بخار کا باعث ہو' ملیریا' موسمی بخار

Malarious (ma-la' ri-us) *adj.* affected by malaria; unhealthy. بخاری' ہوائی' مضرِ صحت' ملیریا سے متعلق

Malcontent (mal' kon-tent) *n.* one who is discontented. ناراض' ناخوش' بیزار' انتظام حکومت سے ناراض و نامطمئن

Male (mal)❶ *adj.* relating to the sex that begets off spring. مذکر *A cock is a male chicken.* ❷— *n.* one of the sex that begets offspring. مرد' نر' نرینہ

Malediction (mal-e-dik' shun) *n.* a curse; evil speaking; execration; imprecation. بددُعا' لعنت

Malefaction (mal-e-fak' shun) *n.* a crime.
گناہ' جُرم' فعل بد' بُرا کام' بدکاری' غلط کام

Malefactor (mal-e-fak' tur) *n.* an evil-doer.
گناہ گار' مجرم' بدکار' بدمعاش' غلط کار' غنڈا

Maleficent *adj.* harmful. نقصان دہ' مضر' تکلیف دہ' مجرمانہ

Malevolence (mal-ev' o-lens) *n.* evil disposition towards another; ill-will. بدخواہی' بغض' عداوت' حسد

Malevolent (mal-ev' o-lent) *adj.* wishing evil; ill-disposed. بدخواہ' کینہ ور' بدباطن' خبیث' منحوس' بدعنوان

Malfeasance *n.* official misconduct.
بدعنوانی' ناجائز فعل' رشوت ستانی (سرکاری ملازمین کی)

Malformation *n.* faulty formation. ناقص بناوٹ

Malfunction *n.*❶ عمل پذیری میں جزوی یا کلی ناکامی' بد عملی' خرابی' ناقص کام یا عمل
*v.i.*❷ فرض کی ادائیگی یا کام کرنے میں پوری طرح یا جزوی طور پر ناکام ہونا

Malice (mal' is) *n.* spite; malevolence; grudge; deliberate mischief; ill-will. عداوت' کینہ' بداندیشی' لاگ

Malicious (mal-lish' us) *adj.* harbouring ill-will; ill-disposed; envious. بدخواہ' حاسد' کینہ ور' بدباطن

Maliciously (ma-lish' us-li) *adv.* with ill-will.
بداندیشی سے' بدنیتی سے' عداوت سے' خبیثانہ' معاندانہ

Malign (ma-lin) *v.i.* to defame; to regard with envy; to harm: to speak evil of; to vilify.
ذلیل کرنا' حسد سے دیکھنا' نقصان پہنچانا' بدنام کرنا' تہمت لگانا

Malignancy (ma-lig' nan-si) *n.* malice; bitter enmity; virulence: unfavourableness.
بدخواہی' عداوت خیانت' خصومت' کینہ' سختی' اختلاف' بغض

Malignant (ma-lig' nant) *adj.* virulent; dangerous to life; malicious. زہر آلودہ' سخت بداندیش' مُہلک' خبیث

Malignity (ma-lig' ni-ti) *n.* virulence; deeprooted spite; bitter enmity towards another.
عداوت' سختی' بغض' خصومت' کینہ' خباثت' دشمنی

Malinger (ma-ling' gur) *v.t.* to feign illness.
بیماری کا بہانہ کرنا' دانستہ بیمار پڑنا

Malingerer (ma-ling' gur-ur) *n.* one who shirks his duty by pretending illness.
کام نہ کرنے کے لئے بیماری کا بہانہ کرنے والا


Malison (mal' i-zn) *n.* a curse. بددُعا' لعنت

Mall (mawl)❶ *n*. a kind of hammer; wooden beetle; public walk. میخ چوب' موگرا' سیر گاہ ❷— *v.t.* to beat with something heavy; to bruise. کوٹنا' بھاری چیز سے ٹھونکنا' کچلنا' سخت زدوکوب کرنا

Mallard (mal'ard) *n*. the wild duck. جنگلی بطخ

Malleable (mal'e-a-bl) *adj*. capable of being shaped with the hammer. پیٹنے سے بڑھنے کے قابل' ملائم

Mallet (mal'et) *n*. a kind of wooden hammer. موگرا' موگری' لکڑی کا ہتھوڑا *We use mallets with long handles to hit the ball in croquet.*


MALLET

Mallow *n*. wild plant with hairy stem and leaves. ایک جنگلی پودا جس کا تنا اور پتیاں روئیں دار ہوتی ہیں' خطمی' خبازی

Malm *n*. مام' کلسی مٹی' نرم دودھیا چاک مٹی' مٹی اور چاک کا مرکب

Malmaison *n*. kind of cornation. ایک سُرخ رنگ کا پھول

Malnourished *adj*. کم درجے یا ناکافی خوراک پانے والا' کم خوراکی کا شکار' کمزور

Malnutrition *n*. insufficient nutrition. غذا کی کمی' بدغذائی' ناقص غذا' سوء تغذیہ' ناکافی خوراک

Malodor *n*. بدبو' سڑاند' تعفن

Malodorous *adj*. evil smelling. متعفن' بدبودار

Malpractice (mal-prak'tis) *n*. immoral conduct; evil practice. بدچلنی' بدمعاشی' بدرویہ' بددیانتی' بدعنوانی

Mal practitioner *n*. بدعنوان' بددیانت' خائن' غلط کار' ناجائز کام کرنے والا

Malt (mawlt) *n*. barley or other grain steeped in water and fermented and dried in a kiln. بوزہ' جو کی شراب *Malt is used in making some kinds of drinks.* ★ *Malt worm*, a tippler. شرابی

Malta *n*. بحیرہ روم کا ایک جزیرہ کا نام' مالٹا

Maltreat (mal-tret') *v.t.* to treat roughly; to abuse. بدسلوکی کرنا' بُری طرح سے پیش آنا' غلط استعمال کرنا

Maltreatment (mal-tret'ment) *n*. abuse; ill-usage. بدسلوکی' غلط استعمال' برا برتاؤ' بدسلوکی

Maltster (mawlt'stur) *n*. one whose occupation is to make malt. بوزہ ساز' شراب بنانے والا' شیرہ ساز

Malversation (mal-vur-sa'shun) *n*. evil conduct; improper behaviour; misconduct; fraud; embezzlement; fraudulent tricks; corruption in office. بدچال چلن' بدکرداری فریب' دغابازی' خیانت' رشوت ستانی

Mamba *n*. مامبا' جنوبی افریقہ کا ایک مُہلک چھریرا شجری سانپ

Mamelon *n*. گول پہاڑی' گول بلند ٹیکرا' ٹیلا' چھوٹی سی گومڑا' ابھار

Mamilla *n*. nipple of female breast. پستان کا مُنہ' سرپستان' بھٹنی

Mamma (mam-ma') *n*. a fond word for mother. ماں' اماں' مادر' ماما' مائی' ممی' پستان

Mammal (mam'mal) *n*. an animal that suckles its young. پستان دار جانور' دودھ پلانے والا جانور *Man is a mammal. Cats, dogs, bears and whales are other examples* of mammals.

Mammalia (mam-ma'li-a) *n. pl.* the great class of animals which suckle their young by teats. پستان دار جانور' دودھ پلانے والے جانور

Mammary (mam-mar'i) *adj*. of the breast. پستان کا' چھاتی کا' پستانی' پستان سے مشابہ

Mammon (mam'un) *n*. riches; wealth; the god of riches. دولت' مال' لکشمی دیوی' مایہ' لالچ' حرص

Mammonist (mam'un-ist) *n*. a worldling; one devoted to gain. زرپرست' بندہ زر' دنیا پرست

Mammoth (mam'uth)❶ *adj*. very large. عظیم *It was a mammoth task to rebuild the burnt city.* ❷— *n*. an extinct species of elephants. ایک قسم کا ہاتھی جو آج کل مفقود ہے

Man (man)❶ *n*. a human being; the male sex; male servant; mankind; husband; one of manly strength or virtue; individual. انسان' آدمی' مرد' آدم زاد' نوکر' شوہر' مرد' جوان' فرد' شخص *Boys grow up to be men.* ❷— *v.t.* to furnish with men; to fortify. آدمی بھرنا' مستحکم کرنا *The ship was manned by a crew of 50.* ★ *Man of letters*, a learned man. عالم' پنڈت' مولوی ★ *Man-of-war*, a government vessel employed for the purposes of war. جنگی جہاز ★ *Be one's own man.* آزاد ہونا' خود مختار ہونا ★ *Man about town.* بے فکرا' شریف ★ *Man handle.* بُرا سلوک کرنا ★ *Man in the moon.* فرضی شخص ★ *Man in the street.* عام آدمی

Manacle (man'a-kl) *v.t.* to handcuff, to shackle. بیڑی ڈالنا' ہتھکڑی لگانا' بیڑی پہنانا' زنجیر ڈالنا

Manacles (man'a-klz) *n. pl.* handcuffs. ہتھکڑی

Manage (man'aj) *v.t.* or *i.* to husband; to conduct ;to contrive; to administer; to direct. اہتمام کرنا' نگرانی کرنا' انتظام کرنا' چلانا' رہنمائی کرنا' بندوبست کرنا *Suqlain managed the horse well at the show.*

Manageable (man'aj-a-bl) *adj*. tractable; governable. مطیع' سیدھائے جانے کے قابل' فرمانبردار' آسان' قابل انتظام

Management (man'aj-ment) *n*. practice; body of directors; manner of conducting; administration. بندوبست' انتظام' حکمت عملی' مدبرین *With careful management, you can make your money last all the week.*


Manager (man'aj-ur) *n*. a director; a superintendent; intriguer. منتظم' کفایت شعار کارکن' سازش کرنے والا' منیجر *Father is the manager of the shoe shop.*

Managerial *adj*. منیجر کا' منتظمانہ' انتظامی

Manana *n*. آنے والا کل' مستقبل' فردا' لیت و لعل' التوا

Man-at-arms *n*. مسلح سوار' سپاہی' پُوری طرح اسلحہ سے لیس سپاہی

Manatee *n*. sea-cow. ایک سبزی خور بحری جانور' سمندری گائے
Manciple (man′si-pl) *n*. a surveyor. ٹھیکیدار' داروغۂ رسد
Mandamus *n*. judicial writ to inferior court.
روبکار عدالت عالیہ' عدالت ماتحت کو عدالت بالا کا حکم' حکم نامہ' پروانہ
Mandarin *n*. small flat deep coloured orange.
کنو' چھوٹی چپٹی نارنگی' نارنجی رنگ' ملک چین کا عامل
Mandatary *n*. one to whom a mandate is given.
جس شخص کو بذریعہ حکم کوئی اختیار دیا جائے' مختار' صاحب فرمان
Mandate (man′dat) *n*. an order; a command; judicial precept. فرمان' حکم' حکمنامہ
Mandatory (man′da-tor-i) *adj*. directory; preceptive. حکمی' ہدایتی' تولیتی' منشور' توثیقی' حکم نامے پر مشتمل
Mandible (man′di-bl) *n*. an animal's jaw.
جانوروں کا جبڑا
Mandola (*or*) *n*. a kind of lute.
سارنگی کی قسم کا بڑا باجا


MANDOLINE

Mandolin (man′do-lin) *n*. a musical instrument. سارنگی' ستار *We play a mandolin by picking the strings with a flat pick.*
Mandrake *n*. poisonous plant whose root, is looking like a human figure. It shrieks when plucked. ایک زہریلا پودا اس کی جڑ آدم نما ہوتی ہے اور جب اسے اکھاڑا جائے تو چیخنے کی آواز نکلتی ہے
Mandrel *n*. axis or rod to which work is fixed.
خراد کا محور' خراد کی نوکدار کھونٹی' تکلا' دھرا
Mandrill *n*. مینڈریل' ڈراؤنی شکل کا خونخوار بڑا لنگور
Manducate (man′dū-kāt) *v*. to cut; to chew. کاٹنا' چبانا
Mane (man) *n*. the long hair on upper part of the neck of a horse or other animals. ایال' جانور کے گردن کے بال *My horse's mane streams in the wind when we gallop.*
Maned *adj*. ایال دار
Man-eater *n*. آدم خور حیوان
Manege (man-ezh′) *n*. a school for teaching horsemanship or for training horses; the art of horsemanship of training horses. گھوڑے کو سدھانے اور سواری کا فن' گھوڑے کو سدھانے اور سواری سکھانے کا مدرسہ
Manes (ma′nez) *n*. *pl*. the ghosts; departed souls.
بھوت پریت' مردوں کی ارواح
Maneuver, manoeuvre *n*.
باقاعدہ نقل و حرکت بالخصوص بری یا بحری فوج کی جنگی مشقیں' ماہرانہ انتظام
Manful (man′fool) *adj*. brave; courageous; noble.
دلیر' جوانمرد' شریف *Omer made a manful effort to save the football team from defeat.*
Manfully (man′foo-li) *adv*. nobly; courageously.
شریفانہ' دلیرانہ' مردانہ وار' بہادری سے
Manganese *n*. black mineral used in glass-making.
ایک دھات جو شیشہ گری کے کام آتی ہے' ایک سیاہ دھات
Mange (manj) *n*. the itch in dogs and cattle.
کتے اور مویشیوں کی خارش یا کھجلی
Manger (manj′ur) *n*. a fixed feeding trough for horses and cattle.
کھرلی' گھوڑے اور مویشیوں کے کھلانے کی گڑی ہوئی ناند' چرنی
Mangle (mang′gl) ❶ *v.t.* to butcher; to lacerate; to cut in a bungling manner. ذبح کرنا' ٹکڑے ٹکڑے کرنا' بیہودہ طور سے کاٹنا' چیرنا *A good machinist would never catch his hand in a machine and mangle his fingers.* ❷— *n*. a machine for smoothing linen.
استری کرنے کی مشین' شکنیں دُور کرنے کی مشین
Mango (mang′go) *n*. a fruit. آم' انب
Mangonel *n*. military engine for casting stones.
منجنیق' پتھر پھینکنے کی فوجی کل' فلاخن
Mangrove *n*. tropical tree bark of which is used in tanning. ایک درخت جس کی چھال چمڑا رنگنے اور دوا کے کام آتی ہے۔
Mangy (manj′i) *adj*. scabby. خارش والا' خارشتی' خارشی
Manhandle *v.t.* برا سلوک کرنا' دھکے دینا
Manhater (man′hat′ur) *n*. one who hates mankind; a misanthrope. مردم بیزار' آدمی سے متنفر
Manhood (man′hood) *n*. courage; manly quality; full age. مردانگی' آدمیت' شباب' وجولیت' مردی' جوانمردی
Mania (ma′ni-a) *n*. insanity; madness; unreasonable desire. خبط' مالیخولیا' پاگل پن' سودا' جنون' خلل دماغ
Maniac (ma′n-i-ak) ❶ *adj*. mad; raging with disordered intellect. سودائی' دیوانہ' سڑی' خبطی ❷— *n*. a madman. سودائی' فاترالعقل' پاگل آدمی
Maniacal (ma-ni′a-kal) *adj*. affected with madness. دیوانہ' جنونی' مجنون' خبطی' پاگل
Manicure *n*. ناخنوں اور ہاتھوں کی حفاظت' اور صفائی *Sometimes she gives Maria a manicure.*
Manifest (man′i-fest) ❶ *adj*. plain; evident; clear. عیاں' صاف' ظاہر ❷— *v.t.* to display; to show plainly; to declare. ظاہر کرنا' صاف صاف دکھانا' عیاں کرنا' واضح کرنا
❸— *n*. an invoice of a ship's cargo.
جہاز کے مال کا بیجک' انوائیس
Manifestation (man-i-fes-ta′shun) *n*. revelation; exhibition. اِنکشاف' ظہور' اعلان' افشا' مظاہرہ' شہادت
Manifestly (man′i-fest-li) *adv*. plainly; clearly.
صاف صاف' برملا' اعلانیہ' ظاہراً' بدیہی طور پر
Manifesto (man-i-fest′o) *n*. a public declaration of a sovereign or state.
منشور' اعلان' اعلامیہ' منادی عام' کسی بادشاہ یا ریاست کے منشا کا اعلان
Manifold (man′i-fold) *adj*. multiplied; complicate; of various kinds.
گوناگوں' طرح طرح کا' نوع بہ نوع' چند در چند' پیچ در پیچ' تہ در تہ
Manifolder *n*. نقول تیار کرنے کا آلہ' نقل کار

Manifoldly (man′i-fold-li) *adv*. in a manifold manner. طرح طرح سے گوناں گوں طریقے سے
Manikin (man′i-kin) *n*. a little man; a pygmy. چھوٹا آدمی' مردک' بونا ٹھگنا آدمی' کوتاہ قامت
Manioc *n*. cassava. کساوا' ایک پودا' روا' سوجی
Maniple (man′i-pl) *n*. a band of soldiers; a handful; scarf. سپاہیوں کا ایک چھوٹا دستہ' مٹھی' رومال
Manipular (ma-nip′u-lar) *adj*. pertaining to the hand. دستی' دراز دستی یا دھاندلی سے متعلق
Manipulate (ma-nip′u-lat) *v.t. & i*. to handle; to do hand-work; to work by means of hand. دستکاری کرنا' کار سازی سے عمل کرنا' ہاتھ میں پکڑنا' جوڑ توڑ کرنا
Manipulation (ma-nip-u-la′shun) *n*. artful management; work by hand. معقول انتظام' ہاتھ کا کام' دستکاری' سازش' دھاندلی' جوڑ توڑ سلیقہ مندی
Manipulator *n*. چالاک' ہوشیار' ہنرمند' چابکدست' ہنرمند' تدبیر سے کام نکالنے والا شخص' سازشی' جوڑ توڑ کرنے والا
Mankind (man′kind) *n*. the race of human beings. نوع انسان' آدم زاد' بنی نوع انسان *All mankind desires peace.*
Manlike (man′lik) *adj*. manly; becoming a man. انسانیت کا' مردانہ' بشری' آدم نما' انسانی
Manliness (man′li-nes) *n*. dignity; bravery. بہادری' بزرگی' عزت' مردانگی' شجاعت' دلیری
Manly (man′li) *adj*. brave; dignified; becoming a man. دلیر' ممتاز' مردانہ' آدمیت کا' جواں مرد' مرد سیرت
Manna (man′a) *n*. food supplied to the Israelites in the wilderness of Arabia; delicious food. عرب کے جنگل میں اسرائیلیوں کو جو خوراک دی گئی من و سلوا' قوت روحانی' شیر خشت
Manner (man′ur) *n*. method; habit; form department; politeness. اخلاق' عادت' رسم' طریق' انداز' چال' رسم' وضع' شباہت' اسلوب' ادا *The children treat baby in a gentle manner.*
Mannered *adj*. خاص وضع کا حامل' مودب
Mannerism (man′ur-izm) *n*. sameness of manner. ہم اطواری' ہم اسلوبی' راہ و رسم کی پابندی' مخصوص انداز
Mannerless *adj*. بے تمیز' ناشائستہ' گنوار' بدتہذیب' گاودی
Mannerly (man′ur-li) *adj*. civil; polite; well-behaved; respectful. شائستہ' خلیق' مہذب' باوضع' تمیزدار
Manners (man′urz) *n. pl*. behaviours. آداب' وضع' چال چلن' اخلاق' اطوار ★ *By no manners or means,* under no circumstances. کسی حالت میں نہیں ★ *To the manners born.* دستور کا بچپن سے عادی یا پابند ★ *With the manners,* in the fact. فعل کرتے ہوئے
Mannish *adj*. مرد نما' مردانی' آدمی کی صفات کا حامل یا اس جیسا اس کا اطلاق عورت پر ہوتا ہے' مردانہ' غیر نسائی
Mannishly *adv*. مردانگی سے' مردوں کی طرح
Mannishness *n*. مردنمائی' مردانہ پن
Manoeuvre (ma-nōō′vur) ❶ *n*. stratagem; adroit proceeding; a dexterous movement. فن و فریب' چال' داؤں گھات' حکمت عملی' جوڑ توڑ ❷ — *v.t. & i*. to manage with art; to change the position of troops. حکمت عملی سے انتظام کرنا' جہاز یا سپاہ کی جگہ بدلنا' داؤں گھات کرنا
Manometer *n*. گیسوں' مائع یا بخارات کے دباؤ کو ناپنے والا آلہ
Manor (man′or) *n*. the land belonging to a lord. قطعہ' تعلقہ' کسی لارڈ کی اراضی' جاگیر' زمینداری' حویلی
Manorial (ma-no′ri-al) *adj*. belonging to a manor. زمینداری کے متعلق' جاگیردارانہ
Manpower *n*. افرادی قوت
Manse (mans) *n*. farm; the dwelling house of a clergyman. چوپال' پادری کا مسکن' جاگیردار کی کوٹھی
Mansion (man′shun) *n*. a large house; manor house; any place of residence. محل سرا' گڑھی' محل' رہنے کی جگہ' مکان' حویلی' مسکن *The rich family lives in a mansion.*
Manslaughter (man′slaw-tur) *n*. the slaying of a human being. قتل انسان' مردم کشی' قتل عام' غیرارادی قتل
Manslayer (man′sla′ur) *n*. one that has killed another. قاتل انسان' مردم کش
Mantel (man′tl) *n*. work before a chimney; the ornamental shelf over a fire-place; mantle piece. چمنی کے آگے کا کام' انگیٹھی کے اوپر کی کلس یا کنگر جو آتش دان کے سامنے کے حصّہ میں رہتا ہے' انگیٹھی کا حاشیہ
Mantelet (man′tl-et) *n*. a small cloak worn by women. عورتوں کا چھوٹا لبادا' فرغل' جبّہ
Mantic *adj*. کاہنانہ' پیش گوئی یا غیب دانی کا یا اس سے متعلق' پیغمبرانہ
Mantically *adv*. پیش گوئی یا غیب دانی کے طریقے سے
Mantilla (man′til′a) *n*. a light cloak; a cap; a kind of veil. ہلکی فرغل' اوڑھنی' چوغہ
Mantle (man′tl) ❶ a cover; cloak. فرغل' لبادا' رضائی' بالاپوش *Kings Arthur's knights wore mantles.* ❷ — *v.t. & i*. to froth; to cover; to disguise; to be expanded. بھیس بدلنا' اوڑھنا' ڈھکنا' بدلنا' چھپانا' پھیلانا' ابلنا
Mantua (man′tu-a) *n*. a lady's cloak or gown. پشواز' زنانہ لبادا یا گون' ڈھیلا چوغہ
Manual (man′u-al) ❶ *adj*. by the hand. ہاتھ سے کیا گیا' دستی ❷ *n*. a hand book. بیاض' صحیفہ' رسالہ *Maria received a manual telling how to make the marionettes.* **Manual training** *n*. دستی تربیت' نصاب تعلیم' جس میں ہاتھ کی مہارت اور عملی ہنروں پر زور دیا جاتا ہے
Manufactory (man-u-fakt′or-i) *n*. the place where goods are made for use. کارخانہ' کارگاہ' فیکٹری
Manufacture (man-u-fakt′ur) ❶ *v.t*. to make by art or labour; to be occupied in manufactures. دستکاری کرنا' صنعتکاری کرنا' دستکاری میں مصروف رہنا *They manufacture many motor-cars in Birmingham.*

M

❷— *n.* anything made by the hand; anything made by art. دستکاری مصنعت، کاریگری، ہاتھ کی بنی ہوئی چیز *The manufacture of motor-cars is a big business.*

Manufacturer (man-u-fakt′ur-ur) *n.* one who manufactures. صانع، صنعتکار *The manufacturer supplies father with shoes*

Manumission (man-u-mish′un) *n.* the act of liberating a slave from bondage; emancipation; liberation. غلاموں کو آزاد کرنا، خلاصی ، آزادی، رہائی، نجات

Manumit (man-u-mit′) *v.t.* to release from bondage; to emancipate. غلامی سے آزاد کرنا، خلاص کرنا، رہا کرنا ، غلام آزاد کرنا

Manure (man-ur)❶ *n.* fertilizer. کھاد، پانس *Manure helps the crops grow.* ❷— *v.t.* to fertilise; to cultivate; to apply any fertilising matter to land. کھاد ڈالنا، زرخیز کرنا، مزروع کرنا، قوت نمو بڑھانا

Manuscript (man′u-skript)❶ *n.* any writing done by the hand. ہاتھ کا لکھا ہُوا، کاغذ کتاب وغیرہ قلمی کتاب، مسودہ ❷— *adj.* written. دستی، قلمی

Manward, Manwards *adv.* آدمی کی طرف

Manwise *adv.* انسانوں کی فطرت یا اطوار کے مطابق

Many (men′i) *adj.* a great number of persons; numerous; not few. بُہت سا، بُہت سے، بُہت آدمی، کم نہیں، جتنے، جس قدر، کتنے ہی، جمعیت *Many people go to football matches.* ★ *The many,* the crowd. بھیڑ، جھنڈ ★ *Twice as many,* two times. دگنا

Manzanita *n.* منزنیتا، ایک امریکی جھاڑی

Maoism *n.* ماؤزے تنگ کا سیاسی نظریہ

Map (map)❶ *v.t.* to sketch; to draw. نقشہ کھینچنا، خاکہ بنانا *Some parts of the world have never been mapped.* ❷— *n.* a picture of the earth or a part of the earth or a part of it on a flat surface; outline. نقشہ ، خاکہ *On a map the cities are often represented by dots, and the rivers by lines.*

Maple (ma′pl) *n.* a kind of tree. ایک قسم کا درخت جس سے چینی بنتی ہے *Father has a maple desk.*

Maple leaf *n.* میپل کا باریک نوکدار پتا، کینیڈا کا قومی وامتیازی نشان، عموماً سفید پس منظر میں بنا ہُوا سُرخ پتا

Mar (mar)❶ *v.t.* to blot; to disfigure; to injure. خراب کرنا، ضرر پہنچانا، مسخ *The teacher asked us not to mar the tops of our desks by writing or scratching on them.* ❷— *n.* a blemish; an injury; a disfligurement. دھبّہ، داغ، ضرر، نقصان، بد شکلی

Marasmus (ma-raz′mus) *n.* wasting away of body. بدن کا سوکھ جانا، سوکا (ایک بیماری)، گوشت کا ضائع ہونا

Marathon *n.* race of abnormal length. بڑی لمبی دوڑ، میرا تھن

Maraud (ma-rawd′) *v.t.* to make a plundering excursion; to rove in quest of plunder. ڈاکا ڈالنا، لُوٹ کے لئے حملہ کرنا، لوٹنا، لوٹ مار کی تلاش میں پھرنا

Marauder (ma-rawd′ur) *n.* a plunder. لٹیرا، رہزن، قزاق، ڈاکو، حملہ آور ، غارت گر

Marble (mar′bl) *n.* very white piece of stone; compact limestone; a little ball of marble, or other stone, or of baked clay, used by children in play. سنگ مرمر، سنگ مرمر کی گولی، سفید پتھر، ماربل *Our library has marble pillars.* ★ *Marble paper.* ابری کا کاغذ ★ *Black marble.* سنگ موسیٰ، کالا پتھر

Marble-hearted. کٹھور، ظالم، سنگدل

Marcel *v.t.* لہرانا، خاص انداز میں لوہے کے چھلوں کے ذریعے گھنگریالے بال بنانا، جن کے گھنگرو یا لہریے پیشانی کے اوپر پھیلے ہوئے ہوں

Marceller *n.* لہرانے والا

March (march)❶ *n.* the third month of Christian year; the movement of soldiers in order; signal; the distance passed over in marching; border. مہینہ مارچ، فوج کی باقاعدہ روانگی، کوچ، مقام، منزل، حد، سرحد، مارچ *Father's birthday is March 31. Azhar's uncle is soldier. He taught the boys to march.* ❷— *v.t.* to cause to move. حرکت دینا، کوچ کرنا، روانہ کرنا *The school band played a march in the parade.* ❸— *v.i.* to walk in stately manner. خرام کرنا، تمکنت یا شان سے چلنا ، فوجی اصول سے چلنا

Marchioness (mar′shun-es) *n.* the wife of a marquis. مارکوئیس کی بی بی، امیر کی بیگم ، مارشیس

March-mad (march′mad) *adj.* foolhardy; hare-brained. دلیرانہ، بہادر، بے دھڑک، بے تامل

Marcid (mar′sid) *adj.* withered; lean. افسردہ، لاغر، مُرجھایا ہُوا

Mare (mar) *n.* the female of the horse. گھوڑی، مادیان

Mare *n.* مغارہ، مارے، چاند کی سطح کا بڑا گڑھا

Maremma *n.* کچھار، ساحلی دلدلی زمین، ترائی

Mare's-nest *n* بے ہودہ اور بے اصل چیز، بُہت بے ترتیب یا گنجلک معاملہ یا جگہ، سراب، ہوائی قلعہ

Mar's-tall *n.* لمبا سفید بادل، ایک دلدلی پودا

Margin (mar′jin) *n.* border; brim; verge; an edge; brink. کنارہ، حاشیہ، لب گور *When Maria writes a composition, she leaves a margin on her paper.*

Marginal (mar′jin-al) *adj.* placed in the margin; written in the margin. مندرجہ حاشیہ، حاشیہ پر لکھا ہُوا

Marginalia *n.* marginal notes. حاشیہ، حاشیہ کی تحریر، حواشی

Marginality *n.* حاشیت، حاشیئے کی خصوصیت

Marginally *adv.* حاشیئے کے طور پر، کم سے کم منافع پر، اضافی طور پر

Marginate *v.t.* حاشیہ رکھنا، حاشیہ لگانا، حاشیہ چڑھانا

Margination *n.* حاشیہ آرائی، حاشیہ نگاری

Margrave (mar′grav) *n.* a German title of the sovereignty. جرمنی کا شاہی خطاب، مارگریو

Marguerite *n.* ox-eyes daisy. ایک قسم کا ڈیزی کا پھُول

Mariculture *n.* نباتُ البحر، سمندر کی تہ والے پودے اور جانور

Marigold (mar′i-gold) *n.* a plant bearing a showy yellow flower. گُلِ مریم، پھول گیندا، گیندے کے پھُول کا درخت

Marina *n.* چھوٹی لنگر گاہ یا گودی جہاں لنگر اندازی، سامان رسد اور مرمت کے کام کی سہولت موجود ہو

Marine (ma-ren′) ❶ *adj.* naval; of the sea. بحری، دریائی *Fish are marine animals.* ❷— *n.* a soldier who serves on board a ship; naval affairs; the navy. جہاز کا سپاہی، امور بحری، بحری فوج، سمندری، بحری، سمندر کی پیداوار

Mariner (mar′in-ur) *n.* a sailor; a seaman. جہاز چلانے والا، جہاز راں، ملاح *The mariner was glad to be on his ship again.*

Marionette *n.* puppet worked by strings. کٹھ پتلی، تار سے چلنے والی پُتلی *Maria made the marionette dance across the stage.*

Marital (mar′i-tal) *adj.* pertaining to a husband. زوجی، شوہری، خاوند کا، ازدواجی، شادی کا

Maritime (mar′i-tim) *adj.* pertaining to sea; situated near the sea. دریائی، بحری، سمندر کے قریب واقع

Marjuanna, Marihuana *n.* چرس، بھنگ کاشت

Mark (mark) *n.* a token; sign; proff; a print; a stamp; an object; butt or point aimed at; a German coin equal to a shilling; pre-eminence; respect; a number. نشان، علامت، آثار، دلیل، سند، داب، چھاپ، نقش، مُہر، نشانہ، ہدف، جرمن کا ایک سکہ، عزت، اعلیٰ مرتبہ، منزلت، نمبر *The hunter's shot hit the mark.* ★ *A man of mark,* a well-known man. مشہور یا ذی رُتبہ آدمی ★ *Beside the mark,* not to the point. ★ بے مطلب *Up to the mark,* good enough. برابر، اچھا سا ★ *To mark-time, v.t. & i.* to wait; to note; to observe. وقت گزارنا، نشان کرنا، اشارہ کرنا، نظر کرنا، دھیان کرنا ★ *To mark off,* to tick off. نشان بنانا

Marked *adj.* ممتاز، نمایاں، واضح، نشان دار، چُنا ہُوا

Markedly *n.* نمایاں انداز سے

Marker *n.* one who records score in billiards. بلیئرڈ کے کھیل میں نمبر لکھنے اور اعلان کرنے والا، نشان لگانے والا

Market (mar′ket) ❶ *n.* a place for buying and selling. بازار، منڈی، مارکیٹ *Grandfather took the calves to market yesterday.* ❷— *v.i.* to buy or sell. خرید و فروخت کرنا *Mother markets on Saturday.* ★ *Market gardening.* باغ میں سبزی و ترکاری فروخت کے واسطے پیدا کرنا

Marketable (mar′ket-a-bl) *adj.* current; saleable; fit for the market. چلتا، قابلِ فروخت، منڈی کے لائق

Marketing *n.* منڈی میں کاروبار یا تجارت خرید و فروخت، ذخیرہ اندوزی، ترسیل، اشتہاربازی اور فروخت کا عمل

Marking *n.* colouring of skin. کھالوں کی رنگائی، نشان اندازی، نشان زنی، نشانوں کا سلسلہ

Marksman (marks′man) *n.* one who snoots well. نشانہ باز *The major is the best marksman on the rifle-range.*

Marl (marl) *n.* sort of rich clay. پنڈول مٹی، کھتیلی مٹی

Marmalade (mar′ma-lad) *n.* a jam of quinces. نارنگی و بہی وغیرہ کا مُربّہ، مار ملیڈ *Orange marmalade is made of sugar, oranges, and orange peel.*

Marocain *n.* a dress fabric. ایک قسم کا ریشمی کپڑا، سوتی کپڑا، مارکین

Maroon *n.* & *adj.* brownish crimson colour. بادامی، قرمزی رنگ، آتش بازی کا گولہ *Mother has a maroon suit.*

Maroon *v.t.* & *i.* put person ashore on a deserted island. کسی شخص کو بطور سزا کسی غیر آباد جزیرے میں چھوڑ دینا، مارا مارا پھرنا، آوارہ پھرنا

Marque (mark) *n.* licence of reprisal; a licence to pass the marches or limits of a country for the puspose of marking reprisals. حُکم نامہ، پاداش، معاوضہ وصول کرنے کا حکم، دُشمن کے مال کو انتقام کی غرض سے پکڑنے کا فرمان یا اختیار

Marquee (mar-ke′) *n.* an officer's field-tent. عُہدہ دار کا بڑا خیمہ، خرگاہ، ڈیرا، شامیانہ

Marquetry (mark′et-ri) *n.* inlaid work. جڑاؤ کام

Marquis (mar′kwis) *n.* title of nobility. ایک خطاب

Marquois *n.* apparatus for drawing parallel lines. متوازی اور یکساں فاصلے کے خطوط کھینچنے کا مسطر

Marriage (mar′ij) *n.* matrimony; the contract by which a man and woman become husband and wife. بیاہ، شادی، کتخدائی، ازدواج، عقد، نکاح *The bride wore white for her marriage.* ★ *Marriage contract.* نکاح نامہ، معاہدہ نکاح ★ *Marriage deed.* عہد نامہ ★ *Marriage portion,* dowry. جہیز

Marriageable (mar′ij-a-bl) *adj.* of an age suitable for marriage. شادی کی عُمر کا، بیاہنے کے لائق

Married *adj.* united in wedlock. منکوحہ، عاقد، شادی شدہ

Marrow (mar′o) *n.* the soft fatty substance in bones; the essence. جوہر، مغز، ہڈیوں کے اندر کا گودا، مخ

Marrow-bone (mar′o-bon) ❶ *n.* a bone containing marrow. مغزدار ہڈی ❷— *pl. n.* the knees. گھٹنا، زانو

Marrowfat *n.* بڑا مٹر، بڑے بیجوں یا دانوں والا مٹر

Marrowy (mar′o-i) *adj.* pithy;full of marrow. مغزدار، گودا بھرا ہُوا

Marry (mar′i) *v.t.* to enter into the connubial state; to unite in matrimony. عقد کرنا، شادی کرنا، نکاح پڑھنا *Naila will marry Asif.*

Mars (marz) *n.* a planet; the god of war and husbandry. جلادِ فلک، لڑائی کا دیوتا، مریخ سیارہ

Marseille *n.* موٹا سوتی کپڑا.

Marsh (marsh)❶ *n.* a tract of soft wet land; a fen; a swamp. دلدل' پھنساؤ *Bulrushes grow in the marsh.* ❷— *adj.* fenny; wet. کیچڑ والی (جگہ)' تر' دلدل دار

Marshal (mar′shal)❶ *n.* a pursuivant; an officer of the highest military rank. مارشل' سب سے اونچے درجہ کا فوجی سردار' سپہ سالار' نقیب ❷— *v.t.* to dispose or arrange in order; to lead. آراستہ کرنا' ترتیب دینا' صف آرائی کرنا *The general marshalled his forces for the attack.*

Marshy (marsh′i) *adj.* fenny; wet. دلدل دار' کیچڑ دار' تر

Marsupial (mar-su′pi-al) *adj.* carrying young in pouch. تھیلی میں بچے لے جانے والا' کیسہ دار' تھیلی والا

Mart (mart) *n.* a place of public sale. بازار' منڈی' تجارتی مرکز

Marten (mar′ten) *n.* a kind of weasel. ایک قسم کا نیولا' جس کے سمور کی ٹوپیاں بنتی ہیں

Martial (mar′shal) *adj.* pertaining to war; warlike; brave. بہادر' دلیر' جرار **Martial arts** *n.* حربی فنون' ذاتی مدافعت کے کئی طریقوں میں سے ایک مثلاً" کراٹے' جوڈو وغیرہ' مارشل آرٹس **Martial law** *n.* مارشل لاء' فوجی قانون

Martiallism (mar′shal-izm) *n.* bravery. بہادری' دلیری

Martian *n.* inhabitant of mars. مریخی مریخ کا باشندہ

Martin (mar′tin) *n.* one of severel species of swallow. ایک قسم کی ابابیل' سب سے بڑی ابابیل

Martinet (mar′tin-et) *n.* a strict disciplinarian. ضابطہ کا سخت پابند' سخت فوجی افسر

Martingale (mar′tin-gal) *n.* a strap fastened to a horse's girth. زیر بند' پیش بند گھوڑے کا ساز کا تسمہ

Martini *n.* مارٹینی' مرکب شراب

Martlet *n.* یورپی ابابیل

Martyr (mar′tur)❶ *n.* one who by his death bears witness to the truth. سچ پر جان دینے والا' شہید *In the Middle Ages many martyrs were burnt because they refused to give up their religion.* ❷— *v.i.* to persecute; to tournament. شہید کرنا' درپے ہونا' تنگ کرنا' تکلیف دینا' قربان کرنا

Martyrdom (mar′tur-dum) *n.* the death of a martyr. شہادت' جانثاری

Martyrology (mar′tur-ol′o-ji) *n.* an account of martyrs; a history of martyrs. تذکرہ شہیداں' شہیدوں کی تواریخ' شہادت نامہ' سیرالشہداء

Martyry *n.* shrine erected in honour of martyr. روضہ' درگاہ' گرجا' شہید کا مزار یا مقبرہ

Marvel (mar′vel)❶ *v.t.* to wonder; to be struck with surprise. تعجب کرنا' حیرت میں ہونا *We stopped to marvel at the beauty of the waterfall.* ❷— *n.* wonder; miracle; a prodigy. تعجب' اچنبھا' معجزہ *Electricity is one of the marvels of the world today.*

Marvellous (mar′vel-us) *adj.* wonderful; astonishing. عجیب' طرفہ' نادر *The magician did some marvellous tricks.*

Marvellously (mar′vel-us-li) *adv.* strangely; wonderfully. متحیرانہ' متعجبانہ' حیران کن طریقے سے

Mary *n.* Virgin Mary. حضرت عیسیٰؑ کی والدہ' مریم عذرا

Mascara *n.* کاجل۔ مسکارا

Mascot *n.* person or thing that brings luck. باعث برکت' چیز یا شخص *Azhar's football team has a white mouse as a mascot.*

Masculine (mas′ku-lin) *adj.* having the qualities of a man; strong; not effeminate. مردانہ' مذکر' نرکا *Azhar's voice is very masculine.*


Mash (mash)❶ *n.* a mixture of bran and water for cattle; mixture of ingredients blended together. مال مویشی کے لئے اُبلے ہوئے چنے' چوکر ❷— *v.t.* to crush into a mass; to bruise. دبانا' کچلنا' پیسنا' بھرتہ بنانا' مسل ڈالنا *Anam likes to help mother mash the potatoes.* **Be mashed on.** دل و جان نثار کرنا' فریفتہ ہونا

Masher *n.*suppportingas lady killer. (بول چال) بانکا' چھیلا' اپنے آپ کو یہ سمجھنا کہ عورتیں دیکھتے ہی مجھ پر فریفتہ ہو جاتی ہیں

Mashie, mashy *n.* گالف کھیلنے کا چوگان

Mashy (mash′i) *adj.* produced by bruising. جو کچلنے سے نکلے' کچل کر بنایا ہوا

Mask (mask) *n.* a cover for the face; cloak; pretence; screen; disguise. نقاب' بُرقعہ' بہانہ' پوشش *A false face is a mask.* ❷— *v.t.* to cover the face with a mask; to conceal. نقاب ڈالنا' چھپانا' ڈھکنا' چہرہ لگانا' ماسک *Anam masked for her birthday party.*



MASK

Masked *adj.* پردہ پوش' نقاب پوش' پوشیدہ' مخفی

Mason (ma′sn) *n.* a builder; member of the fraternity of Freemasons. راج' معمار' مستری' کاریگر' فری میسن *Father hired a mason to build a stone wall round our house.*

Masonry (ma′sn-ri) *n.* the craft of a mason; mysteries of Freemasons. راج کا کام' فری میسن کے راز

Masquerade (mask-ur-adi)❶ *n.* a division in which the company is masked. ناچ یا تماشہ جس میں سب لوگ بُرقعہ پوش ہوتے ہیں' سوانگ میلہ ❷— *v.t.* to assemble in masks; to go in disguise. چہرہ لگا کر جمع ہونا' بھیس بدلنا *The rich miser masquerades as a*

poor man.

Mass (mas)❶ *n.* a heap; lump; an assemblage. ڈھیر، ہجوم، مجمع *The mass of people voted for a new park.* ❷— *pl.* lower classes of the people; a Roman Catholic service. عوام الناس، رومن کیتھولک فرقہ کا طریقہ عبادت ❸— *v.t.* to form into a mass; to assemble. انبار کرنا، جمع کرنا *The flags were massed at the head of the parade.*

Massacre (mas′a-kur)❶ *n.* the indiscriminate slaughter of human beings; cornage. کشت و خون، قتل عام ❷— *v.t.* to slaughter indiscriminately. خون ریزی کرنا *The savages massacred their prisoners.*

Massage *n.* & *v.t.* rubbing, kneading of muscles. مالش، جسم کی مالش کرنا *When mother had rheumatism she was given massage everyday for a fortnight. Mother massaged Suqlain's stiff neck.*

Masseter (mas-e′tur) *n.* a muscle of the lower jaw. نیچے کے جبڑے کا پٹھا، جبڑی پٹھا، عضلۂ مضغ

Masseur *n.* one who practises massage. مالشیا


Masseuse *n.* woman who practises massage. مالش کرنے والی، مالشن

Massif *n.* mountain heights in a group. اونچے پہاڑوں کا سلسلہ

Massiness (mas′i-nes) *n.* great weight; ponderousness. بھاری پن، بڑا وزن

Massive (mas′iv) *n.* ponderous; weighty. وزنی، موٹا، گراں، جسیم *The elephant has a massive head and body.* **Massively** *adv.* بھاری پن یا ٹھوس پن سے **Mass meeting** *n.* جلسہ عام، عموی اجلاس **Mass number** *n.* کمیتی عدد **Mass Produce** *v.t.* بڑی مقدار میں پیدا کرنا

Massy *adj.* solid, weighty. ٹھوس، بھاری، جسیم، وزنی، ضخیم



MAST

Mast (mast) *n.* a pole set up right in a boat or vessel to sustain the sails. مستول

Master (mas′tur) *n.* a ruler; chief; the head of a household; teacher; proprietor, owner; employer; young gentleman; a title of dignity in the universities; adept. حاکم، افسر، عامل، سردار خاندان، صاحب خانہ، استاد، معلم، مالک، خاوند، ولی نعمت، شریف زادہ، یونیورسٹی کا خطاب، فضیلت کا خطاب، کامل، ماہر، ہنرمند *In olden times, a king was the real master of his country.*

A master mind. افضل اور ذہین ترین شخص **Be one's own master.** اپنی مرضی کا مالک ہونا **Master-at-arms** *n.* بحریہ کا وہ چھوٹا افسر جو جہاز پر امن و امان قائم رکھنے اور قیدیوں کی رکھوالی پر مامور ہوتا ہے، ماسٹر ایٹ آرمز

Masterful *adj.* یکتائے فن، خود رائے، خود سر، قوی العزم، کامل

Masterfully *adv.* ہنرمندانہ انداز سے، ماہرانہ انداز سے، اُستادی سے، خود سری سے

Master-key (mas′tur-ke) *n.* a key which opens many locks. ماسٹر کی، چابی جس سے بہت سے قفل کھلتے ہیں، شہ چابی

Masterly (mas′tur-li) *adj.* done with the skill of a master; excellent; imperious. اُستادانہ، بہت، عمدہ، شاہانہ، ماہرانہ طور پر

Master mind ❶ *v.t.* کسی منصوبے یا ذمہ داری کی ماہرانہ منصوبہ بندی کرنا اور اس پر عمل کرنا ❷ *n.* اعلیٰ دماغ، بیدار مغز، پیش بیں، عالی دماغ

Master-piece (mas′tur-pes) *n.* a capital performance. کمال خوبی، اُستادی کا کام، بڑھیا کام، شاہکار، شہ پارہ

Mastery (mas′tur-i) *n.* triumph; superiority; attainment of skills. اُستادی، بزرگی، فوق، حکومت، فوقیت، سبقت، صنعت کاری، کامل علم

Mastic *n.* gum of resin of certain trees. مصطگی، مصطگی کا درخت مصطگی کا گوند، ہلکا زرد رنگ

Masticate (mas′ti-kat) *v.t.* to chew. چبانا

Mastication (mast-ka′shun) *n.* the act of chewing solid food. چاب، جگالی، چبائی، چبانا، چبانے کا عمل


Mastiff (mas′tif) *n.* a variety of large and stoutly built dog. ایک قسم کا بڑا کتا *A mastiff makes a good watchdog.*

Mastitis *n.* پستانوں کی سوجن، ورم پستان

Masturbate *v.t.* excite one's own genitals. مشت زنی کرنا، جلق لگانا، ہتھ رس کرنا

Masturbation *n.* ہتھ رسی، مشت زنی، جلق

Mat (mat)❶ *n.* texture of rushes or straw. چٹائی، بوریا، فرش *Mother keeps a mat at the door for us to wipe our feet on.* ❷— *v.t.* to twist together; to entangle; to interweave; to cover with mat. چٹائی بنانا، اُلجھانا، بچھانا، سانٹنا ❸— *v.i.* to grow thick together. مل کر موٹا ہونا



MATCH

Match (mach)❶ *n.* a lucifer; contest; an equal; matrimonial union; agreement; one to be gained in marriage. دیا سلائی، مقابلہ بازی، ہمسر، ثانی، نسبت، شادی، عہد، جوڑ، رشتہ *Father lights his pipe with a match.* ❷*v. t & i.* to equal; to marry; to fit together; to suit. وپیمان، شرط، جوڑا برابر کرنا، شادی کرنا، ٹھیک کرنا، موافق کرنا، ہمسر ہونا *Mother could not match the material of Maria's dress.*

Matchable *adj.* جوڑ کے قابل، قابل ہمسری

Matchet *n.* broad havy knife. بڑا چاقو، خنجر، چھرا

Matchless (mach′les) *adj.* unequal; unrivalled;

peerless; exquisite. لاثانی، بے ہمتا، بے مثل، لاجواب

Matchlock (mach′lok) *n.* a musket fired by means of a match. توڑے دار بندوق، بندوق کا گھوڑا

Matchmaker *n.* بچولا، مشاطہ، بچولن، نائن، رشتہ طے کرانے والا یا والی، میچ (مقابلہ) کرانے والا

Matchwood *n.* تیلی، لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا، دیا سلائی

Mate (mat)❶ *n.* associate; match; one of a pair; second officer in a merchant vessel; a term at chess. رفیق، شریک، جوڑے میں سے ایک، سوداگری جہاز کا دوسرا افسر، مات *Azhar cannot find the mate to his blue sock.* ❷— *v.t.* to marry; to compete with. شادی کرنا، ہمسری کرنا *Birds mate in the spring.*

Mater *n.* mother, Mother of household. ماں، اماں، گھر بھر کی اماں، بڑی بوڑھی

Material (ma-te′ri-al)❶ *adj.* consisting of matter; corporeal; bodily; essential; of consequence; important; of weighty character. مادی، جسمانی، ضروری، اہم، وزنی، مقدم *Maria's dress is made of very fine material.* ❷— *n.* that of which anything is made. وہ شے جس سے کوئی چیز بنادی جائے، اسباب، سامان، مواد

Materialism (ma-tē′ri-al-ism) *n.* the doctrine of materialists. وہ عقیدہ جس میں روح کو جسم سے علیحدہ نہیں سمجھتے اور یہ کہ روح کوئی چیز نہیں ہے جو کچھ ہے مادہ ہے، مادہ پرستی، مادیت

Materialist (ma-tē-ri′al-ist) *n.* one who denies the existence of spiritual substance. وہ شخص جو روح کے وجود کا قائل نہ ہو، منکر روح، مادہ پرست

Materiality (ma-tē-ri-al′i-ti) *n.* material existence; importance. قیام مادی، جسمانی زندگی، ضرورت، مادیت، جسمانیت

Materially (ma-te′ri-al-i) *adv.* in a material manner; substantially; essentially. بحالت مادی، دراصل، فی الحقیقت، مادی طور پر، فی نفس الامر

Materia medica *n.* (طب) قرابادین، مخزن الادویہ، علم طب کا وہ شعبہ جس کا تعلق دواؤں میں استعمال ہونے والی اشیاء سے ہے

Maternal (ma-tur′nal) *adj.* motherly; of a mother; benefitting a mother. مادری، مادرینہ، ماں کا، مادرانہ

Maternity (ma-tur′ni-ti) *n.* the character, state, relation of mother. مادری رشتہ، زچگی، زچگی کا یا سلسلہ ماں کا

Math, Mathematics *n..* ریاضی، علم ریاضی، علم ہندسہ

Mathematical (math-e-mat′i-kal) *adj.* accurate; of mathematics. درست، صحیح، علم ریاضی کا، ریاضیاتی

Mathematically (math-e-mat′ik-al-i) *adv.* by mathematics; with mathematical certainty. ازروئے علم ریاضی، ریاضی کے قاعدے سے

Mathematician (math-e-ma-tish′an) *n.* one versed in mathematics. ریاضی دان، ماہر ریاضی

Mathematics (math-e-mat′iks) *n. pl.* the science which treats of whatever can be measured or numbered. علم ریاضی، علم ہندسہ *Arithmetic is one kind of mathmatics*

Matin *adj.* فجری، صبح کے وقت کا، صبح سے متعلق، صبح گاہی

Matinal *adj.* دن کا، سحری، صبح گاہی

Matinee (mat-i-na′) *n.* an entertainment held in the morning. دن کا کھیل، دن کے وقت عموماً بعد دوپہر کی محفل موسیقی یا ڈرامہ، میٹنی *The cinema in our street has a matinee for children.*

Matins (mat′ins) *n. pl.* morning worship (*of birds.*) صبح کی عبادت یا نماز، سرود سحر، سحری، پہلی شرعی گھڑی

Matrice, Matrix (ma′tris, ma′triks) *n.* a mould. سانچہ، قالب، بچہ دانی، رحم مادر

Matricidal (mat′ri-si-dal) *adj.* pertaining to matricide. مادر کشی کے متعلق

Matricide (mat′ri-sid) *n.* the murder of a mother; killer of mother. ماں کا مارنے والا، مادر کشی، ماں کا قاتل

Matriculate (ma-trik′u-lat) *v.t.* to enrol; to qualify; to be admitted to a college. داخل فہرست کرنا، کالج کے رجسٹر میں نام لکھ کر ممبر بنانا، مدرسے میں بھرتی کرنا، میٹرکولیٹ

Matriculation (ma-trik-u-la′shun) *n.* the act of matriculating; an examination. میٹرک، میٹرک کا امتحان، امتحان داخلہ، حق داخلہ

Matrimonial (mat′ri-mo′ni-al) *n.* conjugal. شادی کا، ازدواجی، نکاحی، شادی سے متعلق

Matrimony (mat′ri-mun-i) *n.* marriage. شادی بیاہ، نکاح، ازدواج، عقد

Matrix (ma′triks) *n.* a mould; the womb. رحم، بچہ دانی، سانچہ، قالب، کوکھ

Matron (ma′trun) *n.* a wife; female superintendent in a hospital; house-keeper; an elderly woman. جورو، مالکن، ماما، اسپتال یا بورڈنگ کی نگران یا منتظمہ

Matronly (ma′trun-li) *adj.* motherly; elderly; grave; becoming a matron.

Matronship. منتظمہ کا کام، منتظمہ کی ذمہ داریاں
بڑی بوڑھی کے طور پر، سنجیدہ، بڑی بوڑھی کے لائق، منتظمہ کا

Mattamoer *n.* subterranean dwelling or store house. تہ خانہ، زمین دوز گودام

Matter (mat′ur)❶ *n.* body; substance; essence; affair; concern; importance; amount; thing of consequence; pus; set-up type. جسم، شے، مادہ، اصل، جوہر، معاملہ، کام، ضرورت، مقدار، مضائقہ، مواد، جمائے ہوئے سیسہ کے حروف *What is the matter with Azhar?* ★ *Matter of fact.* حقیقی ماجرا، حقیقت حال ❷— *v.t.* to be of importance; to import; to form pus. ضروری ہونا، معنی رکھنا، اہم ہونا، پکنا، پیپ بھرنا *Does it matter to you if we cannot come?* ★ *It does not matter.* کچھ حرج نہیں


Matterless (mat′ur-les) *adj.* wanting matter. بے مواد، پیپ سے خالی

Mattery (mat′ur-i) purulent; important. پیپ بھرا ہوا، ضروری، پُر از مواد

Matting (mat′ing) *n.*
چٹائی، ٹاٹ، بوریا، چٹائی میں استعمال ہونے والا مواد، چٹائی بُننے کا عمل

Matting, matte *n.* کُھردری، دندانے دار یا بے چمک سطح، تصاویر کے فریم بنانے میں استعمال ہونے والا ٹاٹ یا حاشیہ

Mattock (mat′uk) *n.* a pick-axe. پھاوڑا، کدال



MATTOCK

Mattold *n.* person of erratic mind. سنکی، عقل مند بیوقوف

Mattress (mat′res) *n.* a quilted bed. توشک، نہالی، غلاف گدا *Some mattresses have springs in them.*

Maturant (mat′u-rant) *n.* an application promoting suppuration. پکانے والی دوا، پھوڑے میں مواد بھرنے والی (دوا)

Maturate (mat′u-rat) *v.t. & i.* to ripen. پکانا، پکنا، پختہ ہونا

Maturation (mat-u-ra′shun) *n.* the formation of matter; state of growing ripe. پکاؤ، پختگی

Maturative (ma-tu′ra-tiv) *adj.* conducing to suppuration; ripening. پکانے والی

Mature (ma-tur)❶ *adj.* ripe; full-grown; perfected; become payable; fully prepared. رسیدہ، بالغ، پختہ، واجب الادا، تیار، کامل *Omer showed mature judgement in calling the doctor promptly.* ❷— *v.i.* to ripen; to perfect. پکنا، پختہ ہونا، کامل ہونا *Peaches mature in late summer.* ❸— *v.t.* to become due; to advance towards perfection. کامل کرنا، واجب الادا ہونا

Matureness *n.* پختگی، رسیدگی

Maturity (ma-tur′i-ti) *n.* ripeness; full development; the time for becoming due.
پختگی، بلوغ، انقضائے معیاد، پوری معیاد، بالیدگی

Matutinal (mat-u-ti-nal) *adj.* early; pertaining to the morning. صبح کا، سحری، سویرے کا، صبح گاہی

Maudlin (mawd′lin) *adj.* half-drunk; too sentimental. مدہوش، نیم مست، خمار آلودہ، آبدیدہ، زود حس

Maul (mawl)❶ *n.* a heavy wooden hammer. موگرا، میخ چوب *The carpenter used a maul to pound the posts into the ground.* ❷— *v.t.* to maltreat severely; to injure greatly; to beat and bruise.
زدوکوب کرنا، زخمی کرنا، بُری گت بنانا، بُرا سلوک کرنا

Maulstick (mawl′stik) *n.* a stick used by artists as a rest of the hand while pointing. مصوروں کی چھڑی

Maund (mawnd) *n.* a weight; hand-basket.
چنگیر، ٹوکری، من، چالیس سیر کا وزن

Maunder (mawn′dur) *v.t.* to mutter; to talk indistinctly. گنگنانا، اکھڑے اکھڑے طور سے کہنا

Mausoleum (maw-so-le′um) *n.* a stately tomb. مقبرہ، روضہ

Mauve (mov) *n.* a violet colour. بنفشی رنگ، ارغوانی رنگ

Maverick *n.* بے مالک مویشی، آوارہ جانور

Maw (maw) *n.* a stomach. مُنہ، زخرا، معدہ، پوٹا

Mawkish (mawk′ish) *adj.* insipid; disgusting.
مکروہ، پھیکا، ناگوار، بُرا، کراہت انگیز

Mawkishly *adv.* کراہت سے، ناخوشگوار طریقے سے

Mawkishness *n.* کراہت، ناگواری، رقت، روناپن

Maxilla *n.* upper jaw bone of animals.
جبڑا، جبڑے کی بالائی ہڈی، جبڑے کی ہڈی

Maxillary (mak-sil′ar-i) *adj.* pertaining to the jaw-bone. جبڑے کا، گلپھڑے کا، جبڑے والا حیوان

Maxim (maks′im) *n.* a proverb; an adage; established proposition. کہاوت، مسئلہ، اصول، مقولہ

Maximal *adj.* زیادہ سے زیادہ کا، سب سے اونچا

Maximalist *n.* a person who insists on the maximum demands.
ایسا شخص جو اپنے مطالبات پر اڑا رہے اور کوئی سمجھوتہ نہ کرے

Maximally *adv.* اعلیٰ سے اعلیٰ طریقے سے

Maximation *n.* انتہائی حدّ تک پہنچانا، مبالغہ کرنا

Maximize *v.t.* magnifying to the utmost.
بہت بڑھا دینا، بڑھا چڑھا کر دکھانا، مبالغہ کرنا

Maximum (maks-i-mum) *n.* the greatest quantity; number, etc. بڑی سے بڑی مقدار *The maximum number of the points that you can get in this test is 100.*

Maxixe *n.* برازیلی رقص

May (ma)❶ *n.* the fifth month of the Christian year. انگریزی سال کا پانچواں مہینہ، مئی *April showers bring May flowers.* ❷— *v.i.* to be able; to be possible; to be allowed. لائق ہونا، سکنا، ممکن ہونا، اجازت دیا جانا *It may be too late for the party.*

May-Day (ma-da) *n.* the first day of May.
مئی کا پہلا دن، مزدوروں کا عالمی دن، یوم مئی، یک مئی

May-hap (ma′hap) *adv.* perhaps; it may happen.
شاید، غالباً

Mayhem, maihem *n.* (قانون) ضرب شدید، تشدّد آمیز یا تخریبی رویّہ یا صورت حال

Mayor (ma′ur) *n.* the chief magistrate of a city or town. میئر، شہر کا بڑا حاکم، رئیس بلدیہ *The Mayor is elected during October each year.*

Mayoralty (ma′ur-al-ti) *n.* the office of a mayor.
میئر کا عہدہ، ریاست بلدیہ

May-pole (ma′pol) *n.* the tall pole decorated with flowers. ایک لمبا بانس جس کے چاروں طرف پہلی مئی کے پچھلے حصے میں انگلستان میں ناچتے ہیں

May-Pop *n.* گل صلیبی، مصنوعی سدا بہار بیل

May-queen *n.* ملکہ مئی

Mazarine (ma-za-ren′) *n.* a deep blue colour.
گہرا نیلا رنگ، لاجوردی

Maze (maz)❶ *n.* perplexity; bewilderment; a

M

labyrinth. بھول بھلیاں، اُلجھن، سرگردانی، حیرانی، گورکھ دھندا

❷— *v.i.* to perplex; to bewilder. پریشان ہونا، حیران کرنا



MAZE

Mazer *n.* بڑا پیالہ، جام

Mazurka *n.* پولینڈ کا چکردار رقص مزرکا

Mazy (maz′i) *adj.* intricate; winding; perplexing. پیچ در پیچ، اُلجھاؤ کا، پریشان کرنے والا، پیچیدہ، ژولیدہ

Me (me) *pron;* the objective case of I. مجھے، مجھکو، میں کی مفعولی حالت *Let me do the work.*

Mead (med) *n.* a fermented drink made of water and honey; meadow. شہد آبہ، چراگاہ، چمن زار، مرغزار

Meadow (med′o) *n.* flat grassy land. چراگاہ، سبزہ زار *The children pick flowers in the meadow.*

Meadow grass *n.* چراگاہوں میں اُگائی جانے والی گھاس

Meadow lark *n.* ایک پرندہ، امریکی مینا

Meadow mouse *n.* چراگاہی چوہا، کھیت کا چوہا

Meadow sweet *n.* گل مرغزار

Meagre (me′gur) *adj.* thin; lean; emaciated; barren; scanty. لاغر، پتلا، تھوڑا، قلیل، اوسر *Azhar's wages are meagre; he can hardly pay for his lunches.*

Meagreness (me′gur-nes) *n.* leanness; want of flesh; scantiness. لاغری، نقاہت، قلت، محتاجی، تنگی

Meal (mel) *n.* the food taken at one time; a repast; coarse flour. خوراک، غذا، ناشتہ، حصہ، موٹا آٹا، طعام *We eat three meals a day.*

Mealiness *n.* آٹا پن، میدا پن، بھُربھرا پن، پیلا پن، چرب زبانی

Mealy-mouthed (mel-i-mowthd) *adj.* bashful of speech; smooth-tongued. چکنی چپڑی باتیں کرنے والا

Mean (men)❶ *adj.* low; base; poor; moderate; intermediate. حقیر، ذلیل، کمینہ، غریب، اوسط، متوسط، قلیل *The man was too mean to pay for the work.* ❷— *n.* the middle point; instrument. وسط، اوسط، اعتدال، ذریعہ، وسیلہ ❸— *v.t. & i.* to intend; to purpose; to signify. ارادہ کرنا، مقصد رکھنا، معنی رکھنا *Azhar didn't mean to hurt you.* ★ *By all mean,* in any way possible. ہر طرح سے، جس طرح سے ہو سکے ★ *By many means,* کسی طرح سے ★ *By fair means or fowl,* anyhow. ایمانداری سے یا بے ایمانی سے، جس طرح بن پڑے

Meanly *adv.* کمینے پن سے، کم ظرفی سے، پست حالت میں

Meanness *n.* کمینگی، ذلالت، تنگ دلی، تنگ نظری، کم ظرفی، ذلت، بے حسی، گھٹیا فعل

Meander (me-an′dur) *n.* a winding course. گھماؤ کا راستہ، موڑ، چکر، پیچ، پیچدار راستہ

Meandering (me-an′dur-ing) *adj.* winding; circuitous. پیچدار، چکردار، بل کھاتا ہوا

Meaning (men′ing) *n.* aim; purpose; intention. مطلب، مدعا، ارادہ، مقصد، غرض، معنی *I do not understand the meaning of your question.*

Meaningless (men′ing-les) *adj.* devoid of meaning. بے معنی، بے مطلب، بے مقصد، لغو، مہمل

Meanness (men′nes) *n.* baseness; low state. تحقیر، کمینہ پن، رذالت، ذلت، تنگ نظری، کم ظرفی، تنگ دلی

Means (menz) *n. pl.* income; medium; resourses. آمدنی، وسیلہ، ذریعہ، یافت، سبب، وسائل، ذرائع

Means test *n.* جائزہ آمدنی، کسی شخص کے مستحق امداد ہونے کے بارے میں تفتیش، خاص طور پر جب یہ امداد سرکاری سرمایہ سے کی جائے

Meantime (men′tim) *adj.* during the internal. اثناء میں، دوران *Father walked to the store. In the meantime, Omer washed the car.*

Meanwhile *adv. & n.* اس عرصے میں، اس اثناء میں، درمیانی مدت میں *Red Riding Hood walked on. Meanwhile, the wolf ran on to grandmother's house.*

Measles (me′zlz) *n.* an eruptive disease. چیچک، خسرہ، چھوٹی ماتا


Measureable (mezh′ur-a-bl) *adj.* capable of being measured. ناپنے کے قابل، قابلِ پیمائش

Measure (mezh′ur)❶ *n.* that by which anything is measured; limit; degree; allotment; moderation; time in music. ناپ، پیمانہ، حد، درجہ، مقدار، اعتدال، اقدام *Father measured the board and found that it was 15 feet long.* ❷— *n. pl.* means to an end. تدبیر، ذریعہ ★ *To take measures,* to take steps.

❷— *v.t.* to estimate; to allot; to adjust; to compute the extent or quantity. تقسیم کرنا، قیام کرنا، منزلیں طے کرنا، اندازہ کرنا، درست کرنا، گننا، ناپنا *Maria has already met with some measure of success in singing.* ★ *Measure for,* tit for tat. جیسے کو تیسا ★ *To measure swords,* to fight a duel with swords. تلوار سے لڑنا، کسی سے تلوار کے دو ہاتھ کرنا، مقابلہ کرنا

Measured *adj.* پیمائش کردہ، ناپا ہوا، نپا تلا، موزوں، مناسب، متوازن، محدود، معتدل

Measurement (mezh′ur-ment) *n.* the act of measuring; dimension. ناپ، پیمائش، اندازہ *The measurement of the board required the use of a ruler.*



MEAT

Meat (met) *n.* flesh; food in general. طعام، لحم، خوراک، گوشت *We usually eat meat for dinner*

Green meat. سبزی، ترکاری

Meaty *adj.* full of meat. گوشت سے پُر، گوشت کا، لحمی

Mechanic (me-kan′ik)❶ *n.* an artisan; artificer. کاریگر، دستکار، مشین پر کام کرنے والا *A mechanic repaired*

father's car. ❷— *adj*. pertaining to machines; vulgar; done by force of habit; done by a machine. کل سے بنا ہُوا' مشین کا بنا ہُوا' کلوں یا آلات مُتعلق' عادی' مشینی 'مستری

Mechanical (me-kan'ik-al) *adj*. physical; unconcious; pertaining to machines; done by a machine; pertaining to artisans. میکانی' بے خبر' کلوں کے مُتعلق' کل سے کیا ہُوا' کاریگروں سے مُتعلق *Modern industry depends almost entirely on mechanical processes.* ★ *Mechanical art.* ★ دستی ہُنر *Mechanical verse.* تُک بندی

Mechanics (me-kan'iks) *n*. the science which treats of the action of forces on bodies. میکانیات' مشینوں کا علم ' سکون و حرکت کا علم

Mechanism (mek'an-izm) *n*. construction of machines. ساخت' ترکیب' بناوٹ' مشین کا بنا ہُوا *Azhar fully understands the mechanism of his father's car.*

Mechanist (mek'an-ist) *n*. one skilled in the construction of machines. کل ساز' کل و آلات کے ہُنر میں ماہر ' مشین ساز

Mechanistic *adj*. میکانیاتی' میکانیات سے مُتعلق

Mecopteran *n*. بچھو مکھی


MEDAL

Medal (med'al) *n*. ancient coin; coin with a divice. پرانا سکّہ' تمغہ' نشان *The soldier received a medal for bravery.*

Medallion (me-dal'i-un) *n*. an antique stamp or medal. قدیم سکّہ' یا تمغہ' کوئی چکنی چیز جس پر اُبھری تصویر ہو ' بڑا تمغہ

Medallist (med'al-list) *n*. one skilled in medals; one who has gained a medal as the reward of merit. تمغہ یا سکّہ پہنچاننے والا' تمغہ یافتہ

Meddle (med'l) *v.i*. to interfere; to interpose; to touch. چھُونا' ہاتھ لگانا' دخل دینا' دست اندازی کرنا *Do not meddle in your neighbour's affairs.*

Meddler *n*. مداخلت کنندہ' بلا وجہ مداخلت کرنے والا

Meddlesome (med'l-sum) *adj*. officious; given to meddling. ناحق مداخلت کرنے والا' دخل در معقولات کرنے والا *Mr. Asad is a meddlesome person. He is always trying to find out what we are doing.*

Medieval (me-di-e'val) *adj*. of middle ages. درمیانہ زمانہ سے منسوب یعنی چھٹی صدی سے پندرھویں صدی تک' وسطی ' قرون وسطی کا

Medial *adj*. situated in the middle. وسطی' درمیانی' اوسط 'متوسط' بیچ کا

Median *adj*. & *n*. situated in the middle. درمیانی رگ یا پٹھا' درمیانی' وسطی

Mediate (me'di-at)❶ *adj*. intermediate; intervening. متوسط' درمیانی ❷— *v.t*. & *i*. to interpose between parties as a friend of both. بیچ میں پڑنا' سفارش کرنا

Mediation (me-di-a'shun) *n*. intercession; interposition. وساطت' سفارش' بیچ میں پڑنا' صلح کرانا' سبب ہونا

Mediator (me'di-a-tur) *n*. one who interposes; an intercessor. بیچ میں پڑنے والا' شفیع' ثالث' مصالحت کنندہ

Mediatorial (me-di-at-o'ri-al) *adj*. pertaining to a mediator. درمیان کا' ثالثی کا' مصالحانہ

Mediatory *adj*. ثالثی سے مُتعلق' مصالحتی' ثالثی کرنے والا

Mediatrix (me'di-a-triks) *n*. a woman who mediates. بیچ میں پڑنے والی عورت' بچولن

Medicable (med'i-ka-bl) *adj*. curable. قابلِ علاج

Medical (med'i-kal) *adj*. medicinal; of the art of healing. طبّی *Uncle Ibrar went to medical school to learn to be a doctor.*

Medical jurisprudence *n*. طبی اصول قانون' طبی فقہ

Medicament (med'i-ka-ment) *n*. a medicine; healing application. لیپ' مرہم' دوا' علاج ' ضماد

Medicaster *n*. quack. خود ساختہ طبیب' عطائی

Medicate (med'i-kat) *v.t*. to drug; to heal. علاج کرنا' اچھا کرنا' دوا دینا ' دوا دارو کرنا

Medication *n*. مداوا' علاج' مُعالجہ

Medicinal (me-dis'i-nal) *adj*. used in medicine; healing. صحت بخش' دوا میں مستعمل دوا سے مُتعلق

Medicine (med'i-sin) *n*. physic; anything that cures. علاج' دوا' طب *Medicines may be pills, tablets, powders, or liquids.*

Mediocre (me'di-o-kur) *adj*. moderate degree. اوسط درجے کا' درمیانہ ' بَیْن بَیْن

Mediocrity (me-di-ok'ri-ti) *n*. middle rate; middle degree. اعتدال' اوسط درجہ' انداز یا خوبی کا

Meditate (med'i-tat) *v.t*. & *i*. to plan in the mind; to think; to contemplate; to muse; to intend; to contrive; to design. خیال کرنا' سوچنا' تدبیر کرنا' دھیان کرنا' غور و خوض کرنا

Meditatingly *adv*. تفکرانہ انداز میں' غور و فکر سے' مراقبے کے انداز میں

Meditation (me-di-ta'shun) *n*. deep thought; serious contemplation. غور' دھیان' مراقبہ' استغراق

Meditative (med'i-ta-tiv) *adj*. given to thinking. سوچنے والا' مستغرق' متفکر' فکر انگیز

Meditator *n*. غور و فکر کرنے والا' مفکر

Mediterranean *adj*. & *n*. of land remote from coast. اندرونی' سمندر سے دُور' بحیرہ روم کے آس پاس کا علاقہ

Mediterranean Sea *n*. بحیرہ روم

Medium (me'di-um)❶ *adj*. average; meddling; medial. درمیانی' میانہ ' اوسط درجہ' رد و قد وغیرہ *The mother bear was the medium-sized bear.* ❷— *n*. middle degree; instrument; means. ذریعہ' وسیلہ' واسطہ' میانہ حالت یا حیثیت' متوسط

M

Mediumism *n.* معمول ہونا' روحانی اسرار کا مورد
Mediumize *v.t.* کسی کو معمول بنانا
Medley (med′li) *n.* a miscellany; a mixture. خلط ملط' آمیزش' گڈمڈ' کھچڑی' مختلف لوگوں کا مجمع
Medulla *n.* marrow of bones. ہڈیوں کا مغز' حرام مغز' بعض پودوں کے مرکزی حصے
Medullar, Medullary (me-dul′ar, me-dul′ar-i) *adj.* pertaining to marrow. ہڈی کے گودے کا
Meed (med) *n.* recompense; reward. انعام' عوض' اجر
Meek (mek) *adj.* submissive; gentle; forbearing. حلیم' متحمل' مطیع' فرمانبردار' نرم مزاج' منکسر' مسکین
Meekly (mek-li) *adv.* submissively; mildly. ملائمت سے' نرمی سے' فرمانبرداری سے' مسکنت سے
Meekness (mek′nes) *n.* mildness; gentleness. ملائمت' نرمی' تحمل' انکسار' عاجزی' عاجزانہ طبیعت' مسکینی
Meet (met)❶ *v.t. & i.* to come face to face; to come together with hostile purposes; to assemble; to harmonize; to find; to receive; to answer; to find or experience. ملنا' دوچار ہونا' ملاپ ہونا' آمنے سامنے ہونا' درشن ہونا' جمع ہونا' مقابلہ ہونا' یکجا ہونا' پانا' پیشوائی کرنا' جواب دینا' سُنا جانا' دیکھا جانا' معلوم یا تجربہ کرنا *I did not expect to meet you here.* ★ *To meet half way,* to be prepared. کسی کے ملنے یا استقبال کو آدھا راستہ جانا ❷— *adj.* proper; convenient; suitable. موافق' دُرست' مناسب آرام کا
Meeting (met′ing) *n.* a junction; assembly; interview. ملاقات' اجلاس' محفل' مجلس *We had a meeting of all the players this morning.*
Meetness *n.* دُرستی' مناسبت' موافقت' مطابقت
Megacity *n.* بڑا شہر' وہ شہر جس کی آبادی دس لاکھ یا اس سے زیادہ ہو
Megacycle *n.* میگا سائیکل' بڑا چکر' دس لاکھ چکر' برقی مقناطی لہروں کے تعدد کو ناپنے کی اکائی جو دس لاکھ چکر فی سیکنڈ کے برابر ہوتی ہے
Megalith *n.* بڑا پتھر
Megalomania *n.* احساس بُزرگی' احساس برتری' بڑائی کا جنون
Megalomaniac *adj.* احساس برتری کا شکار
Megaphone *n.* instrument for carrying sound at a long distance. ایک آلہ جو آواز کو دُور تک پہنچاتا ہے' آلہ مبکر الصوت' میگافون
Magilp *n.* vehicle for oil colours. روغنی رنگوں کا محلول' وہ محلول جس میں رنگ حل کئے جاتے ہیں' السی کا تیل
Megrim *n.* severe headache usually on one side. درد شقیقہ' آدھے سر کا درد
Meiosis *n.* phase of nuclear change in germs. جراثیمی خلیوں میں تبدیلی کی ایک حالت' علم معانی کی ایک صنعت' صنعت تحقیر' تخفیف انقسام
Melancholia *n.* mental disease marked by depression and ill-grounded fears. خفقان' مالیخولیا' وحشت' جنون' سودا' توہم
Melancholic *adj.* liable to melancholy. سودائی' خفقانی' اُداس' غمگین' مفموم' ملول' دل شکستہ
Melancholy (mel′an-kol-i)❶ *adj.* dismal; gloomy; afflictive. غمگین' اُداس' غم آلودہ' افسردہ *Asad is never melancholy. He is always happy.* ❷— *n.* gloominess; dejection of spirits. دلگیری' اُداسی' ملال' رنج
Melange *n.* mixture. مرکب' معجون مرکب' گڈمڈ' آمیزہ
Melanosis *n.* black cancer. سیاہ سرطان کا مرض' رگ و ریشہ میں سیاہی پھیلنا' سیاہ رسولی
Melanous *adj.* سیاہ موسیاہ فام' کالے بالوں اور کالے رنگ والا
Melaphyre *n.* سنگ سیاہ' کالا پتھر' سیاہ رنگ کی آتشی چٹان
Meld *v.t. & v.i.* ملانا' ترکیب دینا' متحد کرنا
Melee *n.* گھمسان کارن' جنگ مغلوبہ' دست بدست لڑائی' کشت و خون' ہنگامہ' بلوہ' فساد
Meliorable *adj.* قابل بہتری' قابل اصلاح
Meliorate (me′lyo-rat) *v.t.* to improve. سدھارنا' عُمدہ کرنا' بہتر کرنا یا بنانا' سنوارنا' ترقی دینا
Meliorative *adj.* بہتر' اصلاحی
Melioration (me-lyo-ra′shun) *n* improvement. ترقی' اصلاح' بہتری' سدھار' بناؤ
Meliorator *n.* مصلح' بہتر بنانے والا
Meliorism *n.* اصلاحیت' یہ نظریہ یا فلسفہ کہ دُنیا کا قدرتی رجحان بہتری کی طرف ہے اور انسانی کوششیں اس عمل کو تیز کر سکتی ہیں
Melliferous (mel-if′ur-us) *adj.* producing honey. شہد آگیں' شہد پیدا کرنے والا' عسل خیز
Melli fluence *n.* خوش کلامی' شیریں زبانی
Melli fluent *adj.* خوش کلام' شیریں کلام
Mellifluous (mel-if′lu-us) *adj.* sweet; sweetly; flowing. مدھر' شکرلب' شیریں زبان' خوش آہنگ
Mellow (mel′o)❶ *adj.* not hard; soft; mature; jovial; drunk. میٹھا' رسیلا' نرم' مدھر' پختہ' ملائم' سرشار *Mellow pears hung on grandfather's trees.* ❷— *v.t. & i.* to ripen; to become soft. پکنا' پختہ ہونا' نرم ہونا' ملائم ہونا یا کرنا *The red bricks have mellowed to a soft, warm colour.*
Mellowness (mel′o-nes) *n.* ripeness; maturity. ملائمت' نرمی' پختگی' رسیلاپن
Melodious (me-lo′di-us) *adj.* sweet; dulcet; musical; sounding sweetly. خوش آہنگ' خوش الحان' سُریلا
Melodist *n.* singer, composer of melodies. گانے والا' مُغنی' خوش نوا' نغمے ترتیب دینے والا
Melodrama *n.* emotional dramatic piece. جذبات انگیز ناٹک' سروریہ' جذباتی ڈراما
Melodramatic. جذبات انگیز
Melodramatist *n.* جذباتی ناٹک کا تمثیل نگار
Melodramatize *n.* جذبات خیز بنانا' ہیجان انگیز بنانا
Melody (mel′o-di) *n.* harmony; union; an agreeable succession of sounds; tune. خوش آہنگ' ترانہ *The song has a beautiful melody.*



MELON

Melon (mel′un) *n.* a plant and its well-known fruit. خربوزہ' تربوز *Water-melons are red inside.*

Melrose (mel′roz) *n.* honey of roses. گُلاب کے پھُولوں کا شہد

Melt (melt)❶ *v.t.* to dissolve; to fuse; to relax; to liquefy; to soften. گھلانا' گلانا' ڈھیلا کرنا' ملائم کرنا' مائع بنانا *Ice melts into water.* ❷— *v.i.* to blend; to faint; to disclose; to be softened. گلنا' نرم ہونا' ملنا' بیتاب ہونا' غش میں آنا' مائع بنا

Melting point *n.* نقطہ پگھلاؤ

Melton *n.* چھوٹے روئیں والی ہموار مضبوط اون

Melt water *n.* پانی جو برف کے پگھلنے سے حاصل ہوتا ہے

Member (mem′bur) *n.* limb of a society. شریک' ممبر' رکن' کارکن *Azhar is a member of the Boy Scouts.*

Membership (mem′bur-ship) *n.* the state of being a member; union. شرکت' رکنیت' ممبر شپ' تمام ارکان

Membrane (mem′bran) *n.* a thin layer formed by fibers interwoven. پردہ' غشا' جھلی' پتلی بافت

Membraneous (mem′bran′e-us) *adj.* consisting of membranes. جھلی دار' پردہ دار' غشائی

Memento (me-men′to) *n.* that which reminds. ایما' نشانی' یادگار' یادداشت

Memoir (me-moir′) *n.* an essay; biography; written account by personal recollection. مضمون' سوانح عمری' سرگزشت' یادداشت' تذکرہ

Memorabilia *n.* یاد رکھنے کے قابل باتیں اور مواقع

Memorable (mem′o-ra-bl) *adj.* distinguished; celebrated; remarkable; famous; worthy to be remarked. مشہور و معروف' قابل یادگار' مشہور' اہم' نمایاں

Memorandum (mem-o-ran′dum) *n.* a note to help the memory. یاداشت' میمورنڈم' رُوداد' کیفیت نامہ

Memorial (me-mo′ri-al)❶ *n.* commemorative. یادگار *The city built a memorial to the soldiers who died in two world wars.* ❷- *adj.* a monumental record; written representation. یادگاری' عرض داشت' درخواست' واجب العرض

Memorialise (me-mo′ri-al-iz) *v.t.* to petition by a memorial. درخواست پیش کرنا' امور قابل گزارش پیش کرنا

Memorialist (me-mo′ri-al-ist) *n.* one who presents a memorial. سائل' عرض پرداز' عرض گزار

Memorize (mem′o-riz) *v.t.* to commit to memory; to record. یاد رکھنا' حفظ کرنا *In literature lessons we memorize poems.*

Memory (mem′o-ri) *n.* remembrance; the faculty of the mind by which it retains the knowledge of things past. یادداشت' یاد' یادگار' حافظہ *Grandmother has a good memory.*

Menace (men′as)❶ *v.t.* to threaten. دھمکانا' ڈرانا' ڈراوا دکھانا ❷— *n.* prospect; apprehension; threat. دھمکی' خطرہ' خوف' بد آثار' اندیشہ' آفت' وبال

Menacingly (men′a-sing-li) *adj.* in a threatening way. دھمکی کے طور پر' تہدیدی انداز سے

Menagerie (men-aj′ur-i) *n.* a collection of wild animals; a place where wild animals are kept. مجمع جانوران' جانور خانہ و حوض خانہ *At the circus we visited the menagerie to see the lions and tigers.*

Mend (mend) *v.t. & i.* to grow better; to repair; to rectify; to hasten. ترقی کرنا' بہتر کرنا' اصلاح کرنا' مرمت کرنا' دُرست کرنا' جلدی کرنا *Maria tore a hole in her sweater and had to mend it.* ★ *Mend matters.* معاملات کی اصلاح کرنا ★ *Mend or end.* یا تو ٹھیک ہو ورنہ خاتمہ ★ *Mend one's ways.* اپنی عادات و اطوار کی اصلاح کرنا

Mendable *adj.* قابل اصلاح' اصلاح پذیر

Mendacious (men-da′shus) *adj.* false; counterfeit; lying. جھوٹ' کاذب' باطل' بناوٹی' پُرفریب' دروغ گو

Mandaciously *adv.* دروغ گوئی سے' جھوٹے پن سے

Mandaciousness *n.* جھوٹ' دروغ گوئی' جھوٹا پن

Mendacity (men-das′i-ti) *n.* a lie; deceit. جھوٹا' دغا' فریب' دروغ' بُطلان' دروغ گوئی' ناراستی

Mendicant (men′di-kant)❶ *n.* a begger. گداگر' بھک منگا ❷— *adj.* begging. بھکاری' گدا' فقیر

Mendicity (men′dis′i-ti) *n.* the life of a beggar; the practice of begging. دریوزہ گری' بھکاری پن' گدائی

Menial (me′ni-al)❶ *adj.* low; servile. نیچا' حقیر' ادنی' کمینہ ❷— *n.* a servant. خدمت گار' شاگرد پیشہ' ملازم

Meningitis *n.* inflammation of membranes enveloping brain. دماغ یا حرام مغز کی جھلی کا ورم' گردن توڑ بخار

Meniscoid *adj.* ہلالی

Meniscus *n.* ہلال یا ہلال کی شکل کا جسم' ہلالی جسم

Meno *prefix,* combination form of menses. سابقہ' معنی حیض یا ایام ماہواری **Menopause** *n.* حیض کا بند ہو جانا

Menology *n.* calendar specially of Greek church. مہینوں کی یاداشت' کلیسائے یونان کی تقویم

Menorrhoea. کثرت حیض' حیض کا جاری رہنا

Menses (men′sez) *n. pl.* the monthly discharge of woman. ایام حیض' ماہواری' حیض

Menstrual (men′stru-al) *adj.* lasting a month; monthly. مہینے بھر رہنے والا' ماہواری' ماہانہ

Menstruate *v.i.* discharge the menses. ایام ہونا' حیض کا جاری ہونا

Menstruous *adj.* حیض سے متعلق' خون سے آلودہ' حیض میں

Menstruum *n.* گھلانے والا' ٹھوس کو حل کرنے والا کوئی بھی مائع' محلل

Mensurable (men′su-ra-bl) *adj.* that can be measured. پیمائش پذیر' جس کی پیمائش ہو سکے' قابل پیمائش

M

Mensural *adj*. of measure. موزوں' لے دار' پیمائشی
Mensuration (men-su-ra′shun) *n*. a science to measure areas; the art of measuring. مساحت' پیمائش
Mental (men′tal) *adj*. intellectual; of the mind. عقلی' دماغی' ذہنی' باطنی' قلبی' دلی *Asad is physically stronger than Abid, but Abid has better mental powers.*
Mental age *n*. ذہنی عمر' دماغی عمر
Mental deficiency *n*. ذہنی کمی' ذہنی خامی
Mentality *n*. mind disposition. رُجحان' افتادِ طبع' ذہنی قابلیت
Mentally (men′tal-li) *adj*. intellectually; in meditation. من میں' خیال میں' عقلاً' ذہنی یا دماغی طور پر
Mentation *n*. state of mind. ذہنی کیفیت' دماغی حالت
Menthol *n*. substance got from oil of pepper-mint. ست پودینہ' جوہر نعناع' منتھول
Menticiden *n*. تشدد' کسی کے عقائد اور اقدار کو بدلنے کی باضابطہ کوشش
Mention (men′shun) ❶ *n*. notice; a suggestion. حوالہ' ذکر' اشارہ' اطلاع' خبر *Mention your special interests to your teachers.* ❷— *v.t.* to speak of; to name; to express in words. ظاہر کرنا' ذکر کرنا' نام لینا' چرچا کرنا *I saw a mention of you in the school magazine.* **No mention.** مجھے شرمندہ نہ کریں **No to mention.** اس چیز کا ذکر نہ کریں
Mentionable *adj*. قابل اظہار' قابل ذکر' قابل توجہ' لائق تحسین
Mentioner *n*. ذکر کرنے والا' توجہ کرنے والا' اعتراف کرنے والا' اظہار کرنے والا
Mentor (men′tor) *n*. a wise councellor. ناصح' معلم' دانا' وفادار مشیر' مینٹر' اتالیق' مرشد' معتمد
Menu (men′u) *n*. a bill of fare; a card showing the dishes to be served at an entertainment. فہرست طعام' تفصیل' خاصہ' مینو *Mother looked at the menu in the restaurant and chose a cheese omelette.*
Meperdine *n*. ایک مصنوعی خواب آور دوا
Mephitis *n*. noxious emanation. گندہ مادہ' عفونت' گندگی
Mephitic *adj*. گندہ' بدبودار' متعفن
Mercantile (mur′kan-til) *adj*. trading; relating to commerce. تجارتی' تاجرانہ ★ *Mercantile marine.* جملہ سوداگری جہاز
Mercenarily *adv*. مطلب پرستی سے' خود غرضی سے' بطور کرایہ
Marcenariness *n*. مطلب پرستی' خود غرضی
Mercenary (mur′se-nar-i) ❶ *adj*. hired; selfish greedy of gain. کرایہ کا' خود غرض' زر دوست' لالچی' زر آشنا ❷— *n*. a hireling; a soldier hired for foreign service. کرایہ کے سپاہی جو غیر ملک میں لڑائی کے لئے رکھے جائیں
Mercer (mur′sur) *n*. one who deals in silks. ریشمی پارچہ فروش' حریر فروش' بزاز
Mercerise *v.t.* impart lustre to fabrics. سوتی کپڑوں پر ریشم جیسی چمک پیدا کرنا
Mercery *n*. قیمتی کپڑوں کی تجارت' کپڑوں کی دکان
Merchand (murch′and) *v.t.* to traffic. تجارت کرنا' سوداگری کرنا
Merchandise (mur′chan-diz) *n*. commerce; wares. لین دین' سوداگری' تجارت' اسباب' مال *The shops have a large stock of merchandise before Christmas.*
Merchant (mur′chant) *n*. a trader. تاجر' سوداگر *Merchant ships carry goods to different countries.*
Merchantman (mur′chant-man) *n*. a trading vessel. تجارتی جہاز' تجارتی بحری جہاز
Merciful (mur′si-fool) *adj*. humane; tender; compassionate. رحیم' رحم دل' کریم' غفار' مہربان' نرم دل
Merciless (mur′si-les) *adj*. cruel; pitiless; savage. بے رحم' بے درد' سنگدل *The merciless king condemned his prisoners to death.*
Mercurial (mur-ku′ri-al) *adj*. active; fickle; crafty; of quick silver. چالاک' چنچل' متلون مزاج' مکار' پارہ کا' سیمابی
Mercurous *adj*. پارے والا' جس میں پارہ کثیر مقدار میں ہو
Mercury (mur′ku-ri) *n*. quicksilver; a planet. پارہ' سیماب' عطارد
Mercy (mur′si) *n*. pity; pardon; discretion; clemency; act of kindness. رحم' نرمی' ترس' آمرزش' معافی' شفقت' مرضی' مہربانی *The gentle princess had mercy on the prisoner and set him free.* ★ *To be at the mercy of,* to be in the power of. قابو میں ہونا' کسی کی مرضی کے تابع ہونا ★ *To cry for mercy,* to beg pardon. معافی چاہنا' دہائی دینا' مغفرت چاہنا
Merciful *adj*. رحم دل' مہربان' نرم دل **Mercifully** *adv*. رحم دلی' شفقت **Mercifulness** *n*. رحم سے' شفقت و رحمت سے
Merciless *adj*. سنگدل' بے رحم' بے درد
Mere (mer) *adj*. alone; absolute; this or that; only. صرف' نرا' فقط *It is mere foolishness to run into danger.*
Merely (mer′li) *adj*. absolutely; singly. صرف محض' فقط *Azhar merely wanted to be helpful.*
Meretricious (mer-e-trish′us) *adj*. lewd; pertaining to harlots; alluring by false show. کسبی' زناکار' جھوٹا' نمائشی' ظاہرداری کا' بھڑکیلا' پُرتصنع
Meretriciously *adv*. طمطراق سے' بھڑکیلے پن سے' دھوکا دہی سے
Merganser *n*. دندان دار بط
Merge (murj) *v.t. & i.* to sink; to be swallowed up. ڈوبنا' غرق ہونا' گم ہونا' غائب ہو جانا' نگلا جانا
Mergence *n*. غرق ہو جانا' جذب ہو جانا
Merger *n*. merging, combine. ادغام' اتحاد' انضمام' یکجائی
Meridian *n*. & *adj*. circle passing through poles.

کوئی خاص خط' طول اُلبلد' سُورج یا سیارہ کی انتہائی بلندی' کمال عروج' بلند' اونچا 'اوج کمال

Meridian (me-rid′i-an) *n*. noon; culmination. دوپہر' نیم روز' اوج' سمت الراس' نقطہ عروج

Meridional (me-rid′i-on-al) *adj*. pertaining to meridian; the southerly. نصف اُلنہار کا' جنوبی' دکھنی

Meringue *n*. cake of white of egg. انڈے کی سفیدی کا کیک

Merino (me-re′no) *n*. a kind of soft woollen cloth. ایک قسم کا اُونی کپڑا' مرینو بھیڑ کا اون

Merit (mer′it) ❶ *n*. excellence; desert; reward. جوہر' عمدگی' لیاقت' قدر' صلہ' اجر *Omer's essay has many merits and few faults*. ❷— *v.t.* to have a just title to; to earn by services. مستحق ہونا' محنت سے پیدا کرنا

Merited *adj*. قابل' مستحق' مستحسن' اہل

Meritedly *adv*. استحقاق سے' قابلیت سے' اہلیت سے

Meritless *adj*. غیر مستحق' نالائق' نااہل


Meritorious (mer-i-to′ri-us) *adj*. deserving re ward; praiseworthy; valuable. قابل صلہ' قابل تعریف' قیمتی' مستوجب' واجب الاجر' قابل انعام

Merit system *n*. استحقاقی نظام' نظام اہلیت

Merle (murl) *n*. a black bird. بھجنگا' کوئل

Merlin (mur′lin) *n*. a sort of hawk. ایک قسم کا باز

Mermaid (mur′mad) *n*. the fabled sea-woman. بنت اُلبحر' ایک خیالی دریائی جانور نصف عورت اور نصف مچھلی کی شکل کا *Mermaids were supposed to have the*



MERMAID

form of a woman down to the waist and the form of a fish from the waist down.

Merriment (mer′i-ment) *n*. cheerfulness; mirth; noisy spirit. خوش طبعی' خرمی' چہل' مسرت

Merrilly *adv*. خوشی سے' عیش و مسرت سے *Alia laughed merrily to see the kitten play with the string.*

Merriness *n*. خوشی' مسرت' زندہ دلی' رنگ رلیاں' خوش طبعی

Merry (mer′i) *adj*. delightful; gay; causing laughter. خندہ پیشانی' خوش طبع' بشاش *A merry Christmas to you!* ★ *Merry-make*, mirth; enjoyment; festival. جلسہ' خوشی' بزم

Merry-andrew (meri′an-drōō) *n*. a zany; a clown. خوش' مسخرہ' نقال' ٹھٹھول

Mesentry *n*. fold of poritoneum. آنتوں کی تھیلی

Mesh (mesh) ❶ *n*. the space between the threads of a net; network. جال کی جھنجری' جالی کا چھید' جال' پھندا *Small fish can get through the meshes in a fisherman's net.* ❷*v. t.* & *i.* to ensnare. پھنسانا' اُلجھنا' پھنسنا

Meshwork *n*. جال یا جالی کا کام

Meshy (mesh′i) *adj*. netted; formed like network. جالی کا سا جالی دار' جال دار

Mesial *adj*. درمیانی' وسطی

Mesially, Mesally *adv*. درمیانی طور پر' وسطی طریق سے

Mesic *adj*. نمی کی اوسط مقدار کا حامل

Mesically *adv*. نمی کی اوسط مقدار کے لحاظ سے

Mesmeric (mez-mur′ik) *adj*. relating to mesmerism. متعلق بہ مسمریزم' مسمریزم کا تنویمی

Mesmerise (mez′mur-iz) *v.t.* to bring the patient into a state of sleep. مسمریزم کے عمل سے خواب طاری کرنا' بے ہوش کرنا' مسمریزم کرنا

Mesne (men) *adj*. middle. درمیانی ★ *Mesne profits.* زرِ واصلات

Mesoderm *n*. درمیانی بافتی تہ

Meson *n*. میانیہ' وسطی سطح

Mesophyll *n*. بیرونی غلاف کی تہوں کے درمیان کلوروفل کے حامل پتوں کی بافتیں

Mesquite *n*. میکسیکو کا پھلی دار درخت

Mess (mes) ❶ *n*. a dish; a medley; a number of persons who eat together; embarassment. کھانا' خوراک' کھچڑی' طعام گاہ' بے ترتیبی' گندگی' اُلجھن *The careless campers left the picnic grounds in a mess.* ★ *To get into a mess.* گندگی میں پھنسنا ★ *To make a mess of*, to lead to disorder. خواہ مخواہ مصیبت' بے ترتیب کرنا' گڈمڈ کرنا ❷— *v.i.* to eat together. ایک ساتھ کھانا' ہم نوالہ ہونا *Try not to mess up your room after mother has cleaned it.*

Message (mes′aj) *n*. an errand; any communication sent from one person to another. پیام' پیغام' سندیسہ *Azhar sent his mother a message that he would be late for dinner.*

Messenger (mes′en-jur) *n*. the bearer of a message; a harbinger; carrier; courier. قاصد' ہرکارہ' پیغمبر' پیشوا' پیام' مخبر' ایلچی' نقیب *The Post Office has many messengers to deliver telegrams.*

Messiah (mes-si′a) *n*. Christ; the Saviour. مسیح' حضرت عیسیٰؑ

Messieurs (mes′yu) *n. pl.* sirs; gentlemen. صاحبان' حضرات' میسرز

Messily *adv*. بے ترتیبی سے' بدحواسی سے

Messiness *n*. بے ترتیبی' بدحواسی' افراتفری

Messmate (mes′mat) *n*. one eating at the same table. ہم طبق' ہم نوالہ

Messuage (mes′waj) *n*. a dwelling house and the adjacent land. حویلی اور اس کے متعلق زمین

Messy *adj*. بے ترتیب' بدحواس' غیر منتظم

M

Metabolism *n.* process by which nutritive material is built up in living matter. غذا کا جزو بدن ہونا

Metacarpus *n.* part of hand between wrist and fingers. ہتھیلی 'کف دست

Metachronism *n.* chronical mistake.
تاریخی غلطی جو کسی واقعہ کو صحیح تاریخ سے الگ ٹھہرانے سے ہو

Metagenesis *n.* alternation between sexual and asexual reproduction.
سلسلہ توالد کا باری باری سے جنسی اور لاجنسی ہونا ' نسل گریزی

Metal (met′l) *n.* a simple fixed opaque body fusible by heat; courage; spirit; broken stone for roads. دھات' فلز ' دلیری' ہمت' کنکر' پتھر کا روڑا' میٹل *Iron, gold, silver, and copper are metals.*

Metallic (me-tal′ik) *adj.* consisting of metal.
فلزاتی' دھات کا ' فلزی' دھات سے مشابہ

Metallist (me-tal′list) *n.* a worker in metals.
دھات کا کام کرنے والا

Metallurgy (met′al-ur-ji) *n.* the art of working metals. دھات کے صاف کرنے کا فن ' دھات کاری' فلزیات

Metamorphose (met-a-mor′foz) *v.t.* to transform; to transfigure; to change. متبدل کرنا' شکل بدلنا' کایا پلٹ کرنا

Metamorphosis (met-amor′foz-iz) *n.* a transformation. کایا پلٹ' تناسخ' تبدیل صورت ' قلب ماہیت

Metaphor (met′a-fur) *n.* a compressed simile.
کنایہ' تشبیہ' مجازی' استعارہ ' مجاز

Metaphorical (met-a-for′ik-al) *adj.* not literal; figuration. مستعار' مجازی' لفظی نہیں' تشبیہی

Metaphrase (met′a-fraz) *n.* literal translation.
لفظی ترجمہ' لفظ بہ لفظ ترجمہ

Metaphysical (met-a-fiz′ik-al) *adj.* abstract; pertaining to metaphysics.
علم طبعی کے متعلق' فلسفہ کا' متعلق علم قوی ذہنی' مابعد الطبیعاتی' الہیاتی

Metaphysician (met-a-fi-zish′an) *n.* one versed in metaphysics. علم موجودات کے جاننے والا

Metaphysics (met-a-fiz′iks) *n. pl.* psychology; ontology; the science of the mind.
علم قوئ ذہنی' فلسفہ' انسان کی روح کا علم' علم طبعی مابعد الطبیعیات

Metapolitician *n.* علم سیاست کا ماہر

Metapolitics *n. & pl.* abstract political science.
نظریاتی علم' سیاست' فلسفہ سیاست ' سیاسیات

Metapsychology *n.* مابعد النفسیات' فطرت اور ذہن کے وظیفے اور ذہنی اور جسمانی اعمال کے باہمی تعلق پر مرکوز تخمینی مطالعہ

Metastable *adj.* بہت کم پائیدار جس میں استحکام کا درجہ کم ہو

Metathesis *n.* transposition of sounds or letters in words. ایک لفظ میں حروف یا ان کی
آوازوں کی تبدیلی' حروف تہجی کی تبدیلی تقلیب' قلب حروف

Mete (met) ❶ *v.t.* to measure. ناپنا ❷— *n.* measure; limit. پیمانہ' ناپ' حد سرحد' سرحدی نشان

Metempiric *n.* philosophy of things outside experience. غیر تجرباتی مسائل ' ماورائے تجربہ' ماروائی

Metempsychosis (me-tem-si-ko′sis) *n.* transmigration of souls from one body to another at death. آواگون' تناسخ' مرنے کے بعد روح کا نئے جون میں آنا

Meteor (me′te-or) *n.* a luminous body in the sky; a star. شہاب ثاقب' ٹوٹتا ستارہ *Maria made a wish when she saw the meteor flash across the sky.*

Meteorite *n.* fallen meteor. شہابی پتھر' گراہوا شہابی ڈھیلا

Meteoritics *n.* شہابیات' شہاب ثاقب کا علم


Meteorological (me-te-or′o-loj′ik-al) *adj.* pertaining to meterology. متعلق علم حوادث' سماوی' موسمیاتی

Meteorologically *adv.* موسمیاتی اعتبار سے

Meteorologist *n.* ماہر موسمیات

Meteorology (me-te-or-ol′o-ji) *n.* the science of the atmosphere.
موسمیات' علم حوادث' سماوی' علم کائنات موسمی پیشین گوئی کا فن

Meter (me′tur) *n.* an instrument for measuring length. پیمانہ' ناپ' میٹر *An electricity meter tells the amount of electricity you use.*



METER

Methinks (me-thingks′) *v.imp.* I think; it seems to me; it appears to me.
میرے خیال میں آتا ہے' مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے

Methionine *n.* قدرتی یا مصنوعی امینو ایسڈ

Method (meth′ud) *n.* mode; manner; order; system; orderly; arrangement. ترتیب' سلیقہ' قاعدہ' وضع' طریق' اسلوب *If you have a method for doing your homework, you get it done faster.*

Methodical (me-thod′i-kal) *adj.* formal; systematic; orderly. باسلیقہ' باقاعدہ' بااسلوب' ترتیب وار' باضابطہ

Methodism (meth′ud-izm) *n.* observance of method; the doctrine and worship of the methodists. عمل' طریق' اصولیت' ضابطہ پرستی' طریقیت

Methodize (meth-ud′iz) *v.t.* to dispute in due order; to regulate. باقاعدہ کرنا' ترتیب دینا ' بازترتیب کرنا

Meticulous *adj.* very careful. جزئیات کا خیال رکھنے والا' سخت محتاط *The police officer was very meticulous in taking details of the accident.*

Metier *n.* کام' پیشہ' خصوصی مہارت

Metis *n.* دونسلا' دوغلا' مخلوط النسل

Metol *n.* سفید سفوف جو تصویروں کی دھلائی میں کام آتا ہے

Metonymy (me-ton′i-mi) *n.* a rhetorical figure by which one word is put for another. مجاز مرسل'
ایک صنعت جس میں ایک لفظ کو دوسرے کے عوض استعمال کرتے ہیں

Metope *n.* slab, frontal surface.
عمارت کے سامنے کا پتھر' ماتھا' چہرہ

Metre (me′tur) *n*. measure; rhyme; verses. 'وزن' 'بحر' 'شاعری' *Shakespeare wrote in a metre called blank verse.*

Metric *adj*. of the metric system. میٹرک' طریق پیمائش کے متعلق 'شعر کی بحر یا وزن سے متعلق

Metrical (met′ri-kal) *adj*. consisting of verse. بازن' مقفا' باوزن' مقفیٰ' موزوں

Metro *n*. زیر زمین ریلوے' زیریں راستہ

Metrology *n*. system of weights and measures. نظام وزن و پیمائش' مقیاسیات



METRONOME

Metronome *n*. تال ناپ' تال شمار آلہ

Metropolis (me-trop′o-lis) *n*. capital; the chief city. دارالسلطنت' پایہ تخت' بڑا شہر *Lahore is the metropolis of Pakistan.*

Metropolitan (met-ro-pol′i-tan) ❶ *adj*. pertaining to the chief city. بڑے شہر کے متعلق ❷ *n*. an archbishop; the bishop of the mother church. بڑا پادری' بڑے گرجے کا پادری

Mettle (met′l) *n*. courage; spirit; sprightliness; disposition; substance; nerve; vigour; ardour; pluck. ہمت' دلیری حوصلہ' مزاج' مادہ 'جذبہ' جوہر' جرات

Mettlesome (met′l-sum) *adj*. high-spirited ardent. دلیر' تیز' چست' دم خم والا' حوصلے والا 'پرجوش' جری

Mew (mu) ❶ *n*. a sea bird; a cage; an inclosure; the cry of a cat. ایک سمندری چڑیا' قفس' پنجرا' احاطہ' بلی کی آواز *The kitten mewed when it wanted to be let in.* ❷— *n. pl.* stable. اصطبل ❸— *v.t. & i.* to cry as a cat; to moult; to confine. قید کرنا' پر جھاڑنا' گریز کرنا' قفس میں قید کرنا' میاؤں میاؤں کرنا

Mewl *v.i.* cry feebly. بچے کی طرح رونا' میاؤں میاؤں کرنا

Miasma (mi-az′ma) *n*. noxious effluvia; injurious exhalations arising from putrefying bodies. بدبو' مضر اجزا جو اجسام سے نکلیں' مضر بخارات یا ذرے جو سڑی ہوئی چیزیں سے نکلتے ہیں' سڑاند' تعفن' فاسد مادہ

Mica (mi′ka) *n*. a glittering mineral. ابرق' چلچل

Micawber *n*. anguine idler trusting that something good will turn up. نکما اور بے فکرا آدمی' جو ہمیشہ یہ امید رکھے کہ غیب سے اس کی فلاح ہو جائے گی۔

Michaelmas (mik′el-mas) *n*. the feast of St. Michael celebrated on the 29th of September. عیسائیوں کا تہوار جو ۲۹ ستمبر کو ہوتا ہے' ضیافت میکائیل

Mickle (mik′l) *adj*. much; great. بہت بڑا ★ *Man a little makes a mickle.* قطرہ قطرہ کر کے تالاب بھرتا ہے

Microbarograph *n*. فضائی دباؤ میں نہایت خفیف کمی بیشی کو ناپنے کا آلہ 'خرد باد نگار

Microbe *n*. minute living being. بہت چھوٹے کیڑے' جراثیم' جرثومہ 'خوردبینی' عضویہ

Microbiology *n*. خرد حیاتیات' حیاتیات جرثومی' خردبینی عضویات کا علم اور مطالعہ

Micro computer *n*. مائیکرو کمپیوٹر' مختصر اور سستا کمپیوٹر

Microcopy *n*. خرد نقل' مطبوعہ صفحے' دستاویز یا دوسرے تحریری مواد کی عکاسی کے ذریعے چھوٹی کی گئی نقل

Microcosm *n*. man viewed as epitome of universe. کائنات اصغر' انسان جو کائنات کی ہر صفت کا مظہر ہے' ذات انسان' آئینۂ کائنات' اجمال عالم' کائنات کا خلاصہ

Microfilm *n*. مائیکرو فلم' خرد فلم

Micrometer *n*. خردہ پیما' خردپیما' ایک آلہ جو دوربین یا خردبین کے ساتھ لگا دیا جاتا ہے جس کے ذریعے بہت چھوٹے فاصلے' قطر یا زاویے ناپے جاتے ہیں




MICROMETER


Micron *n*. the millionth of a meter. میٹر کا دس لاکھواں حصہ' مائیکرون

Microphone *n*. instrument for intensifying sound. آلہ مکبر الصوت' میکروفون *The radio announcer speaks into a microphone so that you can hear him.*

Microscope (mi′kro-skop) *n*. an optical instrument for viewing minute object. خوردبین *Things that can not be seen at all with the eyes alone can be seen clearly through a microscope.*

MICROPHONE





MICROSCOPE

1. Eyepiece. 2. Coarse adjustment head. 3. Fine adjustment head. 4. Objective. 5. Slide. 6. Condenser. 7. Mirror for directing light into condenser.

Microscopic (mi-kro-skop′ik) *adj*. very small. بہت چھوٹا جو صرف خوردبین سے دکھائی دے' خوردبینی

Micturition *n*. morbidly frequent desire to make water. سلسل البول' بار بار پیشاب کی حاجت

Mid (mid) *adj*. intervening; middle. درمیانی' متوسط *In midwinter it is very cold.*

Mid day (mid′da) *n*. noon. دوپہر *We eat lunch at midday.*

Midden (mid′en) *n*. a dung-hill. گھوڑا

Middle (mid′l) *n*. equally distant from the extremes; mean. وسطی' درمیانی' متوسط *The teacher told us to fold our papers evenly to make a crease down the middle.* ★ *Middle man,* one who acts as an agent between two parties. بچولیا'

M

دلال، ایجنٹ **Middle class** *adj*. متوسط طبقے کا **Middle distance** *n*. درمیانی فاصلہ **Middle most** *adj*. درمیان ترین، وسط یا اس کے قریب **Middle weight** *n*. اوسط وزن رکھنے والا شخص

Middling (mid′ling) *adj*. of middle rank; mediocre. اوسط درجہ یا قد کا، متوسط، میانہ، اوسط کا، درمیانی

Midge *n*. small insect, small person. چھوٹا سا کیڑا، چھوٹا آدمی، ٹھگنا، باشتیا

Midget *n*. extremely small person. بونا، بالشتیا، چھوٹا *We saw the midgets at the circus.*

Midland (mid′land) *n*. the interior region of a country remote from the sea. وسط ملک کا، کسی ملک کا اندرونی حصّہ جو سمندر سے دُور ہو

Midnight (mid-nit) *n*. twelve o'clock at night. نصف شب، آدھی رات *A new day begins at midnight.* ★ *Burn the midnight oil,* رات کو دیر تک کام کرتے رہنا

Midnoon *n*. دوپہر، نیم روز

Midpoint *n*. وسطی نقطہ، مرکزی نقطہ

Midriff (mid′rif) *n*. the diaphragm. پردہ شکم جو چھاتی اور پیڑو کے بیچ میں ہے، حجاب حاجز

Midshipman (mid′ship-man) *n*. a junior naval officer. ادنیٰ درجہ کا جہازی افسر، بحریہ کا زیر تربیت افسر

Midst (midst) *n*. the middle. بیچ، درمیان *Mother was in the midst of her housework when the bell rang.* — *adv*. in the middle. درمیان میں، بیچ میں

Midway (mid′wa)❶ *n*. the middle of the way. آدھی راہ ❷— *adj*. being in the middle of the way. آدھی راہ کا ❸— *adv*. in the middle of the way. آدھی راہ میں

Midwife (mid′wif) *n*. the female who assists women in childbirth. دائی، جنائی، میڈ وائف، دایہ، قابلہ

Midwifery (mid′if-ri) *n*. assitance in childbirth; the profession of a midwife. قبالت، دایہ گری، جنائی کا کام

Mien (men) *n*. air; manner; look; aspect; demeanour. طور، شان، وضع، صورت، چال، حُلیہ، رنگ ڈھنگ

Miff (mif) *n*. a slight feeling of resentment. ناراضی

Might (mit) *n*. force; ability; strength. طاقت، زور، مقدور، لیاقت *Azhar tried with all his might to lift the huge stone.* ★ *With might and main,* with utmost strength. حتی الوسع، تمام زور سے، قوت بازو سے

★ *Might is right,* strength is supreme. زبردست کا ٹھینگا سر پر

Mightiness *n*. توانائی، طاقت، قوت، عظمت، بزرگی، شان

Mighty (mit′i) *n*. powerful; valiant; violent; great; extraordinary. طاقتور، بڑا کلاں، عظیم، قوی، مضبوط، شہ زور، بہادر *An elephant is a mighty animal.*

Mignon *adj*. (*Fem*. Mignonne) چھوٹا اور خوبصورت، نازک اور حسین

Mignonette *n*. plant with fragrant flowers. ایک پودا جس کے پھول خوشبودار ہوتے ہیں، باریک لیس، جالی

Migraine *n*. severe headache usually on one side. آدھے سر کا درد، آدھا سیسی، درد شقیقہ

Migrant *adj*. ترک وطن کرنے والا، مہاجر، تارک وطن

Migrate (mi′grat) *v.t.* to remove. ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا، ہجرت کرنا *Many settlers migrated to Pakistan.*

Migration (mi-gra′shun) *n*. the act of migrating. روانگی، ایک جگہ سے دوسری جگہ کو چلا جانا، ہجرت، ترک وطن، نقل مکانی

Migratory (mi′gra-to-ri) *adj*. roving; changing residence. چلتا پھرتا، نقل سکونت کرنے والا، خانہ بدوش، بے خانماں

Mike *v.i.* & *n.* shirk work. (بول چال) کام سے جی چُرانا، کام چور، آلہ مکبر الصوت، مائکروفون کا مخفف

Mil *n*. short for millilitre, measure for diameter of wire. تار کی موٹائی کا ناپ، انچ کا ہزارواں حصّہ، ملی لیٹر

Milch (milch) *adj*. giving milk. دودھ دینے والی، شیردار

Mild (mild)❶ *adj*. merciful; moderate; soft; not rough. ملائم، ہموار، خوشگوار، شیریں، ہلکا، نرم *A mild wind blew in from the sea.*

Mildew (mil′du) *n*. blight. پھپھوندی ❷ *v.t.* & *i.* to taint with mildew. پھپھوندی لگانا، پھپھوندی لگنا

Mildly *adv*. نرمی سے، ملائمت سے

Mildness (mild′nes) *n*. clemency; gentleness. حلم، اعتدال، لطافت، نرمی، شرافت، نرمی، ملائمت

Mile (mil) *n*. a linear measure of 1,760 yards. میل 1760 گز طویل *We live 35 miles from Lahore.*

Mileage (mil′aj) *n*. an allowance for travelling by the mile. کرایہ فی میل، میلوں میں فاصلہ *What is the mileage on father's car?*

Milepost *n*. سنگ میل، میلوں میں فاصلہ دکھانے کے لئے شاہراہوں وغیرہ کے کنارے لگائے ہوئے پتھر یا نشان

Miliaria *n*. گرمی دانے، شدید گرمی، تیز گرمی

Miliary (mil′yar-i) *adj*. small like millet seeds. چھوٹا کنگنی یا جوار کے دانہ کے موافق

Milieu *n*. ماحول، معاشرتی ماحول

Militant (mil′i-tant) *adj*. fighting; engaged in warfare. جنگجو، لڑائی میں مصروف، لڑاکا، محارب، جارح

Military (mil′i-ta-ri)❶ *adj*. suiting a soldier; martial. فوجی، جنگی، سپاہیانہ *Military training is training given to soldiers.* ❷— *n*. the soldiery; the army. سپاہ، فوج، لشکر، ملٹری

Militia (mi-lish′a) *n*. a body of men enrolled and drilled as soldiers; the whole military force of a nation. وہ پیشہ ور لوگ جو لڑائی کے وقت فوج کا کام دیں، کل قومی سپاہ

Milk (milk)❶ *n*. the white fluid drawn from the female of certain animals for the nourishment of their young; the white juice of plants. شیر، دودھ، ملک

لبن. *Most of the milk that we drink comes from cows.* ❷— *v.i.* to draw milk. دوہنا' دودھ نکالنا' تھن یا چوچی پینا *Grandfather milks the cows.*
Milk of human kindness. انسانی ہمدردی
Milkmaid (milk′mad) *n.* a woman employed in a dairy. گوالن' اہیرن' دودھ والی
Milkman (milk′man) *n.* a man who sells milk. دودھ والا' اہیر' گوالا' شیر فروش
Milkpail (milk′pal) *n.* a vessel into which cows are milked. دہانی یا دہنی' ڈول
Milkpan (milk′pan) *n.* a vessel in which milk is kept. دودھ کی ہانڈی' کڑھائی
Milksop (milk′sop) *n.* bread sopped in milk; an effeminate person. دودھ میں بھگوئی ہوئی روٹی' زنخا' زنانہ
Milkwort. ایک پودا جس سے گائے کا دودھ بڑھتا ہے
Milky (milki′) *adj.* yielding milk; made of milk; spiritless. دودھیا' دودھ کا بنا ہوا' بزدل' کچا' دودھ جیسا
Milky-way (mil′ki-wa) *n.* the galaxy. کہکشاں
Mill (mil)❶ *n.* a machine for grinding; a manufactory. چکی' کولہو' کارخانہ' مل *Grandfather takes his wheat to the mill.* ★ *Mill tooth* ڈاڑھ ★ *To go through the mill,* زود کار اور تیز دست ہو جانا ❷— *v.t.* to grind; to stamp; to coin; to fill as cloth. پیسنا' مہر لگانا' سکہ مارنا' ضرب لگانا' دندانے بنانا *The angry crowd milled about the jail.*
Mill-board (mil′bord) *n.* a stout kind of pasteboard used by book-binders for cover of books. موٹی دفتی' گتہ' موٹا مضبوط گتہ
Milldam *n.* پن چکی کا بند' چکی' تالاب
Milled *adj.* پسا ہوا
Millenarian *adj.* ہزاری' ہزار سے متعلق' ہزار سالہ
Millennium (mil-len′i-um) *n.* a thousand years; the thousand years mentioned in the twelfth chapter of the Revelation. ہزار سال' ہزار سال کی مدت جس کا ذکر بائبل کے بارہواں باب میں آتا ہے' عدل و امن کا زمانہ
Millepede *n.* armadillo. ہزار پایہ' کنکھجورا وغیرہ
Miller (mil′ur) *n.* one who attends a mill. پسنہار' پیسنے والا *The miller grinds the grain.* ★ *Every miller draws water to his own mill,* every one tries to benefit himself. اپنا بھلا سب چاہتے ہیں
Millet (mil′et) *n.* plant bearing large crop of small seeds. باجرہ' کنگنی' جوار
Milligramme *n.* ایک گرام کا ہزارواں حصہ
Millimetre *n.* میٹر کا ہزارواں حصہ
Milliner (mil′in-ur) *n.* one who makes and sells ladies head-dresses. عورتوں کی ٹوپی وغیرہ بنا کر بیچنے والا
Millinery (mil′in-ur-i) *n* the business of, or the articles sold by, a milliner. ٹوپی وغیرہ بنانے کا پیشہ
Milling *n.* پسائی' کسی چیز کو پیسنے یا مل یا چکی میں دینے کا عمل' کسی چیز کے کناروں کو قطعی صورت دینے کا عمل' دانتے یا دندانے' کنگورے
Milling cutter *n.* گھومنے' کاٹنے والا فولادی آلہ جو دھات کی تراش خراش کرتا اور کاٹتا ہے
Milling Machine *n.* مشینی رندہ' خراد
Million n. one thousand thousand.1,000,000 دس لاکھ
Millionfold *adj.* & *adv.* دس لاکھ گنا
Millionth *adj.* & *n.* دس لاکھواں حصہ
Millionair (mil′yu-n-ar) *n.* a very rich person; person worth of a million of money. دولت مند' لکھ پتی' کروڑ پتی
Millipede, millepede *n.* ہزار پا' کنکھجورا
Millpond *n.* ذخیرہ آب' پن چکی' تالاب
Millrace *n.* پن دھارا' پانی کی وہ دھار جو پن چکی کے پہیئے کو گھماتی ہے یا وہ نالا جس میں یہ پانی بہتا ہے
Millstone (mil′ston) *n.* a stone for grinding corn. چکی کا پاٹ' سنگ آسیا
Mill-wright (mil′rit) *n.* a mechanic who constructs and repairs mills. چکی بنانے والا' آسیا ساز
Milt (milt) *n.* the spleen; soft whitish substance found in male fish. ملائم' سفید مادہ جو نر مچھلیوں میں پایا جاتا ہے
Milter (milt′ur) *n.* the male of fishes. نر مچھلی' مچھ
Mime *v.i.* & *n.* farcical drama marked by mimicry. بہروپیا' مسخرا' خاموش نقل کرنا' نقال' بھانڈا
Mimeograph *n.* & *v.t.* apparatus for holding stencils of written pages. ایک مشین جس پر نقلیں تیار کی جاتی ہیں' چھاپ کل' نقل تیار کرنا
Mimesis *n.* close resemblance between one animal and another animal. دو نوع کے جانوروں میں مشابہت
Mimetic *adj.* نقل اتارنے کا عادی یا شوقین
Mimic (mim′ik)❶ *n.* a buffon; one who imitates. نقال' بہروپیا' بھانڈ *Azhar is a good mimic.* ❷— *v.t.* to mock; to ape. نقل کرنا' منہ چڑانا
Mimical *adj.* نقلی' جعلی
Mimicker *n.* نقال' بھانڈ' مسخرہ' خاموش اداکار' بہروپیا
Mimicry (mim′ik′ri) *n.* ludicrous imitation. سوانگ' نقل' نقالی' تمسخر
Mimosa *n.* ببول' کیکر' ببول کی جنس کا کوئی سا پودا' مغیلاں
Minable, mineable *adj.* کان کنی کے لائق' کان سے' نکالنے کے قابل
Minacious *adj.* threatening. دھمکی سے پُر' تہدیدی
Minaret (min′a-ret) *n.* a small spire. میناری' لاٹھ' منارہ
Minatory *adj.* دھمکانے والا' دھمکی آمیز' تہدیدی' دہشت آمیز
Mince (mins)❶ *v.t.* to clip; to extenuate; to cut into small pieces. قیمہ کرنا' کم کرنا' کاٹنا' کترنا' چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا *Mother minced the onion.* ★ *To mince matters,* to palliate. بات بنانا ❷— *v.i.* to speak imperfectly; to walk with short steps.

آہستہ چلنا' ناز سے قدم رکھنا' اٹھکیلیوں سے چلنا' مٹکتے چلنا' بات کو قیمہ کرنے والا' قیمہ کرنے کا **Mincer** *n.* چبانا' چبا کر بات کرنا پُر تکلف' تصنع آمیز **Mincing** *adj.* آلہ یا مشین

Mincingly (mins' ing-li) *adv.* affectedly; not fully. بناوٹ سے' تکلف سے' نزاکت سے' وقار سے

Mind (mind)❶ *n.* the rational faculty in man; the understanding; intending; intention: choice; opinion; recollection. دل دماغ' ذہن' فہم' ادراک' ارادہ' خواہش' پسند' رائے *If you have a good mind, you are intelligent and can learn much.* ❷— *v.t.* to attend; to obey; to mark. راغب ہونا' مخاطب ہونا' حکم ماننا' قبول کرنا' لحاظ کرنا پرواہ کرنا *I Do not mind if you play the piano while I read. It does not bother me.* ★ *Time out of mind*, long ago. قدیم زمانہ ★ *To call to mind.* یاد کرنا ★ *To bear in mind.* پیش نظر رکھنا ★ *To know one's mind*, to read other's intention. مرضی پانا ★ *To make up one's mind*, to determine. ٹھاننا' پکا ارادہ کرنا ★ *To put in mind*, یاد دلانا ★ *To have a mind* to will. جی چاہنا' جی میں ہونا ★ *Presence of mind*, in senses. حاضر دماغی ★ *Be in two minds* تذبذب میں مبتلا ہونا ★ *Be of person's mind.* کسی کی رائے سے اتفاق کرنا

Objectionable (ob-jek′ shun-a-bl) *adj.* open to blame. قابل اعتراض' نازیبا' بیجا لائق الزام' نامناسب
Objective (ob-jekt′ iv) *adj.* external. بیرونی' باہری' مادی' ظاہری 'خارجی' معروضی' ہدف' مقصود
Objectiveness (ob-jekt′ iv-nes) *n.* the state of being objective. محسوسیت' بیرونی حالت 'معروضیت' خارجیت' واقفیت
Objector (ob-jekt′ or) *n.* one who offers objection. اعتراض کرنے والا' معترض
Objure *v.t.* swear. حلف اٹھانا' قسم کھانا
Objurgate (ob-jur′ gat) *v.t.* to reprove; to chide. ڈانٹنا' ملامت کرنا 'طعن طعن کرنا' گوشمالی کرنا' سرزنش کرنا
Objurgation (ob-jur-ga′ shun) *n.* reprehension; the act of chiding. ڈانٹ' ملامت' لعن طعن' سرزنش' تنبیہ
Objurgatory *adj.* ملامتی' تنبیہی' ملامت آمیز
Oblate (ob-lat′) *adj.* flattened and depressed at the poles; devoted. قطبین پر چپٹی نارنگی کی شکل' جان نثار ، تسلیمی
Oblation (ob-la′ shun) *n.* a sacrifice; anything presented in divine worship. صدقہ' نیاز' نذر' قربانی' چڑھاوا
Obligate (ob′ li-gat) *v.t.* to bind over by contract; to compel. مجبور کرنا' اقرار یا شرط کا پابند کرنا
Obligation (ob-li-ga′ shun) *n.* bond of duty; the binding power of a vow; law or contract; debt of gratitude; bail. اقرارنامہ 'شرط' فرض' مجبوری' احسان' ضمانت' مچلکہ *Do not feel any obligation to accept my invitation if you do not wish to do so.*
Obligatory (ob′ li-ga-tor-i) *adj.* binding. ضروری' واجب' لازمی 'لابدی
Oblige (o-blij′) *v.t.* to compel; to favour; to bind; to do a favour: to please. احسان کرنا' پابند کرنا' خوش کرنا' دلجوئی کرنا ممنون کرنا' مجبور کرنا *'Will you lend me a pencil?' 'I should be glad to oblige you if I had an extra one'.*
Obliged *adj.* احسان مند' زیر احسان' ممنون' زیر بار
Obliger *n.* پابند کرنے والا' ممنون احسان کرنے والا
Obliging (o-bli′ j-ing) *adj.* kind; civil; courteous; ready to do a good turn. مہربان' بامروت' نیک' خلیق' صاحب سلوک 'منکسرالمزاج
Obligingly (o-bli′ jing-li) *adv.* complaisantly. خلق سے' مہربانی سے 'احسان کرتے ہوئے
Obligor *n.* (قانون) متعہد' ایسا شخص جو کسی فرض کی ادائیگی کا قانوناً پابند ہو' ایسا شخص جس نے اقرار نامہ دیا ہو' پابند عہد
Oblique (ob-lek′) *adj.* slanting; collateral; deviating from a right line; indirect. منحرف' ٹیڑھا' ترچھا' غیر متوازی' خم' کج' پیچدار' ناراست' آڑا' ہم پہلو
Obliquely (ob-lek′ li) *adv.* indirectly. موڑ کر' پھر کر' ٹیڑھے طور پر 'ترچھے پن سے
Obliquity (ob-lik′ wi-ti) *n.* deviation from a right line; irregularity. گمراہی' کجروی' انحراف' بے قاعدگی' تجاوز
Obliterate (ob-lit′ ur-at) *v.t.* to expunge; to cancel; to wear out; to destroy; to erase. منسوخ کرنا' چھیل ڈالنا' گھسنا' اٹھانا' کاٹنا نیست و نابود کرنا' تلف کرنا
Obliteration (ob-lit-ur-a′ shun) *n.* extinction the act of wearing out. مٹاؤ' چھیل چھال' ازالہ 'اتلاف' فسخ
Oblivion (ob-liv′ un) *n.* remission of punishment; forgetfulness; amnesty. فراموشی' نسیان' عفو' معافی 'تغافل
Oblivious (ob-liv′ i-us) *adj.* causing forgetfulness. بھلانے والا' فراموش کنندہ 'تغافل شعار' غافل' بھلکڑ
Oblong (ob′ long) ❶ *adj.* having greater length than breadth. مستطیل' لمبوترا' عرض سے لمبا' شکل مستطیل *Most books are oblong.* ❷— *n.* a figure longer than broad. شکل مستطیل
Oblongness *n.* لمبوتراپن
Obloquy (ob′ lo-kwi) *n.* infamy; abuse; defamatory language; reproach. دشنام آمیز کلام' ملامت' الزام' بدگوئی' لعنت' ملامت' بہتان
Obmutescence *n.* obstinate silence. چپ سادھنا' جان بوجھ کر خاموش رہنا' چپ' خاموشی
Obnoxious (ob-nok′ shus) *adj.* reprehensible; hateful; offensive; liable to punishment; blameworthy. قابل الزام' مکروہ' برا' زبوں' شر آمیز' قصوروار

Obnoxiously *adv.* نامعقول طور سے، بیہودہ طریقے سے، ناپسندیدہ طور پر، گھناؤنے طریقے سے

Obnoxiousness *n.* بیہودگی، نامعقولیت، ناپسندیدگی، کراہیت

Obscene (ob-sen') *adj.* lewd; disgusting; offensive to chastity; indecent. بد، مکروہ، بے شرمی کا، بے حیائی کا، فحش

Obscenely *adv.* بے حیائی سے، فحش طریقے سے

Obsceneness *n.* گندی بات یا حرکت، فحاشی، نجاست

Obscenity (ob-sen'i-ti) *n.* lewdness; impurity in act or language. زناکاری، گندگی، فحش، فحاشی، بے حیائی

Obscuration (ob-sku-ra'shun) *n.* the act of darkening. ظلمت، تاریک سازی، پوشیدگی، اخفا، ابہام

Obscure (ob-skur') *adj.* hidden; imperfect; unenlightened; little known; gloomy; dim; not easily understood. تاریک، دھندلا، پوشیدہ، مخفی، مشکل، مغلق، ناتمام، نامشہور، گمنام

Obscurely (ob-skur'li) *adj.* not clearly. اندھیرے میں، تاریکی سے، گمنامی میں، غیر واضح طور پر

Obscurity (ob-sku'ri-ti) *n.* darkness; gloom; incelebrity; privacy; humble condition. اندھیرا، تاریکی، تیرگی، پوشیدگی، گمنامی، غیر معروفی، معنی کی ناصفائی، ابہام، دھندلا پن

Obsecration (ob-se-kra'shun) *n.* supplication; the act of imploring. منت، درخواست، استدعا، عرض، التجا

Obsequies (ob'se-kwiz) *n. pl.* funeral rites. تجہیز و تکفین، کفن دفن، اطاعت، فرماں برداری

Obsequious (ob-se'kwi-us) *adj.* servile; condescending; cringing. چاپلوس، کمینہ، حقیر، خوشامدی، فرماں بردار

Obsequiously *adv.* اطاعت شعاری سے، غلامانہ طور پر

Obsequiousness (ob-se'kwi-us-nes) *n.* servile submission. اطاعت، تابعداری، خوشامد، فرماں برداری

Obsequy (ob'se-kwi) *n.* obedience; compliance. اطاعت، فرماں برداری، اطاعت شعاری

Observable *adj.* قابلِ تعظیم، قابلِ غور

Observance *n.* performance of duty, custom, etc. بجا آوری، پابندی، تعمیل رسوم (جمع) رواج، ادب، تعظیم

Observant *adj.* & *n.* پابند، تعمیل کرنے والا، مشاہدہ کرنے والا، باریک بین، تیز نظر

Observation *n.* faculty of taking notice. مشاہدہ، توجہ، دھیان، علمی مشاہدہ، قول، رائے *Our observation of the moon was made with a telescope.*

Observatory (ob-zurv'a-tor-i) *n.* place for making astronomical observation. رصدگاہ، معائنہ گاہ

Observe (ob-zurv') *v.t.* & *i.* to behold; to watch; to note; to treat with obsequious attention; to comply with; to discover; to mark; to remark; to keep religious. دیکھنا، غور کرنا، معلوم کرنا، لحاظ کرنا، حکم بجالانا، نازبرداری کرنا، کہنا، ماننا، نظر رکھنا *Always observe the safety rules.*

Observer (ob-zurv'ur) *n.* one who observes. رکھنے والا، ماننے والا، اہلِ نظر، مشاہدہ کرنے والا

Observingly (ob-zurv'ing-li) *adv.* attentively. توجہ سے، غور سے، دیکھتے ہوئے، مشاہدہ کرتے ہوئے

Obsess *v.t.* fill mind of, haunt. وہم کا دل میں بس جانا، کسی غلط خیال کا سر پر مسلط ہونا

Obsession (ob-sesh'un) *n.* the act of besieging. محاصرہ، سوچ کا غلبہ یا تسلط، وہم، خبط

Obsessive *adj.* مسلط یا طاری ہونے والا، ذہن پر چھا جانے والا

Obsessively *adv.* حاوی ہوتے ہوئے

Obsolete (ob'so-let) *adj.* old fashioned; disused; grown out of use. پرانی چال کا، غیر مروج، غیر مستعمل، متروک

Obstacle (ob'sta-kl) *n.* an impediment; a hindrance; difficulty; obstruction; interruption. روک آڑ، اٹکاؤ، سد راہ، مزاحمت، قباحت، رکاوٹ، سنگ راہ

Obstetrics (ob-stet'riks) *n. pl.* the science and act of midwifery. علم تولید یا بچہ جنائی، علم دائی گیری، قبالت

Obstetrix. دایہ، قابلہ، زچگی کرانے والی، دائی

Obstinacy (ob'sti-na-si) *n.* persistency; stubbornness. ہٹ، سرکشی، تمرد، ضد، ڈھٹائی، ہٹ دھرمی

Obstinate (ob'sti-nat) *adj.* immovable; stubborn; unyielding. کڑا، اٹل، اچل، گردن کش، ہٹیلا، ضدی، ڈھیٹ *The donkey is obstinate. He won't go when we want him to.*

Obstinately (ob'sti-nat-li) *adv.* inflexibly; stubbornly. ہٹ سے، ضد سے، ڈھٹائی سے

Obstipation (ob-sti-pa-shun) *n.* extreme constipation. سخت قبض

Obstreperous (ob-strep'ur-us) *adj.* clamorous; vernoisy; شور و غل مچانے والا، چلانے والا، سرکش، بے قابو، بے لگام

Obstruct (ob-strukt') *v.t.* to bar; to interrupt; to retard. مسدود کرنا، بند کرنا، روکنا *A wrecked car obstructed the traffic. It made it difficult for the traffic to pass.*

Obstruction (ob-struk'shun) *n.* barrier; the act of obstructing; an impediment. رکاوٹ، مزاحمت، روک، آڑ

Obstructionist (ob-struk'shun-ist) *n.* one who hinders. مزاحمت کرنے والا، مزاحم، خلل انداز

Obstructive (ob-strukt'iv) *adj.* causing impediment. مزاحم، حائل، مانع، خلل انداز، حائل، انسدادی

Obstruent (ob'stru-ent) ❶ *adj.* hindering. مانع، سد راہ ❷— *n.* anything that closes a natural passage of the body. جسم کے اندرونی رستوں کو بند کرنے والی شے

Obtain (ob-tan') *v.t.* & *i.* to procure; to gain; to prevail; to continue in use. جاری ہونا، حاصل کرنا، قبضہ کرنا، مہیا کرنا، مروج ہونا *Kamran went to the cupboard to obtain some coloured chalk.*

Obtainable (ob-tan'a-bl) *adj.* capable of being obtained. ممکن الوصول، ملنے والا، میسر، لائق حصول، یافتنی

Obtainer *n.* حاصل کرنے والا

Obtainment *n.* حصول' دست یابی' یافت

Obtest (ob-test′) *v.t.* & *i.* to beseech; to supplicate; to protest. اِلتجا کرنا' منت کرنا' عذر کرنا' اِلتماس کرنا

Obtestation (ob-tes-ta′shun) *n.* entreaty; supplication; protestation. اِلتجا' اِلتماس' اِحتجاج' اعتذار

Obtrude (ob-trood′) *v.t.* & *i.* to thrust; to urge unduly; to urge upon against the will; to enter without invitation. مرضی کے خلاف مخل ہونا' مسلط ہونا' بن بلائے داخل ہونا' سر پر سوار ہونا' مخل انداز ہونا

Obtruncate *v.t.* cut off head. سر قلم کرنا' درخت کاٹنا' چوٹی کاٹنا' مخل اندازی

Obtrusion (ob-troo′zhun) *n.* an entering without invitation. بغیر بلائے داخل ہونا' دخل بیجا


Obtrusive (ob-troos′iv) *adj.* disposed to obtrude; to forward. دخل دینے والا' شوخ' دست انداز' شوخی سے گھس پڑنے والا' خواہ مخواہ اپنے خیالات و رائے پیش کرنے والا' مخل انداز

Obtrusiveness *n.* دخل اندازی' مخل اندازی

Obtund (ob-tund′) *v.t.* to quell; to blunt; to deaden. کُند کرنا' سُست کرنا' سُن کرنا' بے حس کرنا

Obturate *v.t.* stop up, close, seal. بند کرنا' مسدود کرنا' مُہر لگانا' نرم کرنا مہر لگانا' دھیما کرنا

Obtuse (ob-tus′) *adj.* dull; not acute; stupid. سُست' کُند' کودن' بے وقوف' زاویہ منفرجہ



OBTUSE ANGLES (ABE, DBE, CBE)

Obtuseness (ob-tus′nes) *n.* dullness; bluntness. کاہلی' کُند ذہنی

Obtusion (ob-tu′zhun) *n.* the act of dulling. کند سازی' بھدا پن' کند ذہن ہونا

Obverse (ob-vurs′).*n.* the face of a coin which has the principal symbol upon it. سکے کا چہرے والا رُخ' بالمقابل


Obvert (ob-vurt′) *v.i.* to turn downwards. اُلٹ دینا' اوندھا کرنا' پھیر دینا' مقابل رخ کرنا

Obviate (ob′vi-at) *v.t.* to withstand; to remove. ہٹانا' بچنا' بچانا' رفع کرنا' دفع کرنا' دُور کرنا' خاتمہ یا تدارک کرنا

Obvious (ob′vi-us) *adj.* plain; evident; easily understood. ظاہر' صاف' عیاں' کُھلا' صریح' واضح' بین

Obviously (ob′vi-us-li) *adv.* evidently; plainly. صاف صاف برملا' ظاہرہ' صریحاً' علانیہ' صاف طور پر

Ocarina *n.* small egg-shaped musical instrument. ایک قسم کا بیضوی باجا


OCARINA

Occasion (o-ka′zhun) ❶ *n.* need; favourable time; a chance; an incident; exigency; a motive. حاجت' حادثہ' فرض' ضرورت' موقع' واقع' مطلب' سبب *The form play was the occasion of mother's first visit to our school.* ❷— *v.t.* to cause; to induce. باعث ہونا' راغب ہونا' اتفاق سے پیدا کرنا' ضمنی سبب ہونا

Occasional (o-ka′zhun-al) *adj.* casual. اتفاقیہ' عارضی' کبھی کبھی کا' موقع کا *We make an occasional visit to the country.*

Occasionally (o-ka′zhun-al-li) *adv.* not regularly; at times. کبھی کبھار' گاہے گاہے' کبھی کبھی' گاہ گاہ' اتفاقاً

Occident (ok′si-dent) *n.* the west. مغرب' پچھم

Occidental (ok′si-dent-al) *adj.* western. مغربی' پچھمی

Occiput (ok′si-put) *n.* the hinder part of the head. گُدی' قفا' سر کا پچھلا حصّہ' پشتِ سر

Occlude *v.t.* بند کرنا' روک دینا

Occludent *adj.* روکنے یا بند کرنے والا

Occlusion *n.* بند کرنے' روکنے یا جذب کرنے کا عمل' بند ہونے' رُکنے یا جذب ہونے کی کیفیت' سداد' بندش

Occlusive *adj.* موندنے والا' بند کرنے والا' جاذب

Occult (ok′kult) *adj.* invisible; secret; hidden from the eye; unknown. نامعلوم' مخفی' نادیدنی' پُر اسرار

Occult sciences *n.* پُر اسرار علوم' علوم باطنی

Occultation (ok-kul-ta′shun) *n.* a hiding. اخفا' پوشیدگی

Occupancy (ok′u-pan-si) *n.* tenure; possession. مدت قبضہ' دخل' تصرف' سکونت' کرایہ داری

Occupant (ok′u-pant) *n.* owner; resident; proprieter; tenant; one who has possession. ساکن' قابض' دخیل' پٹے دار' متصرف

Occupation (ok-ku-pa′shun) *n.* vocation; possession; business; the act of holding; employment. کام' دخل' حرفہ' قبضہ' پیشہ' روزگار *Father's occupation is selling shoes.*

Occupational *adj.* پیشہ ورانہ' پیشے یا تجارت سے متعلق

Occupationally *adv.* پیشے کے لحاظ سے

Occupier (ok′ku-pi-ur) *n.* one who occupies. دخیل' قابض' متصرف

Occupy (ok′u-pi) *v.t.* to fill; to use; to possess; to keep; to follow a business; to inhabit; to employ. جگہ گھیرنا' بھرنا' قابض ہونا' رکھنا' استعمال کرنا' پیشہ کرنا' کار کرنا' رہنا' مصروف کرنا' دھندے میں لگنا *Reading occupies most of my spare time.*

Occur (o-kur′) *v.i.* to befall; to happen; to be found here and there. نظر آنا' واقع ہونا' حالت ہونا' ہونا' سرزد ہونا' یاد آنا' اِدھر اُدھر ملنا *The monument marks the place where the battle occured.*

Occurrence (o-kur′rens) *n.* an incident. اتفاق' واقعہ' وقوعہ' حادثہ' سانحہ' ماجرا' وقوع

Ocean (o′shan) *n.* some very great expanse; the sea. اتھاہ یا اگم جگہ' بحر ناپیداکنار' سمندر' بحر اعظم *The Atlantic Ocean is east and the Pacific Ocean west of the United States.*

Oceanic (o-shan′ik) *adj.* pertaining to the ocean. سمندری' بحری' وسیع' عریض' بحر باش

Oceanography *n.* بحری جغرافیہ' بحریات' بحری مظاہر کی سائنس اور مطالعہ' بحری تحقیق

Ocellated (o′sel-lat-ed) *adj.*marked with eye-like spots; resembling an eye. آنکھ جیسا' دھبے دار' آنکھ سا

Ochlocracy (ok-lok′ra-si) *n.* a mob government.
عوام کی حکومت، حکومت جمہوری انبوہ شاہی، انبہ گردی

Ochre (o′kur) *n.* a kind of fine clay.
گیرو، پیوڑی، پیلی مٹی ملتانی مٹی، چکنی مٹی

Ochreous (o′kre-us) *adj.* of ochre. پیلی مٹی کا، چکنی مٹی کا

Octachord *n.* آٹھ ستاروں والا ساز، ہشت تارہ

Octagon (ok′ta-gon) *n.* a figure of eight sides and eight angles. آٹھ پہلو، مثمن ہشت پہلو شکل، آٹھ ضلعی شکل

Octagonal (ok-tag′on-al) *adj.* having eight sides and eight angles. آٹھ پہلو کا، آٹھ گوشیا ہشت پہلو

Octahedron (ol-ta-he′dron) *n.* a solid figure of eight equal sides. مثمن، متساوی الاضلاع ہشت سطحی

Octangular (ok-tang′gu-lar) *adj.* having eight angles. ہشت زاویہ، آٹھ گوشیا، آٹھ پہلو کا، ہشت ضلعی

Octastyle *n.* building with eight columns.
آٹھ ستونی عمارت، وہ عمارت جس کے آٹھ ستون ہوں

Octatench *n.* group of eight lines. توریت کی پہلی آٹھ کتابیں

Octave (ok′tav)❶ *adj.* consisting of eight. جس میں آٹھ ہوں، ثمانی ❷— *n.* an interval of sounds in music. آٹھواں سر، آٹھ مصرعوں والی نظم

Octavo (ok-ta′vo)❶ *adj.* having eight leaves to a sheet. آٹھ ورقی، ہشت ورقی ❷— *n.* a book in which a sheet is folded into eight leaves. آٹھ ورقی کتاب، مثمن

Octennial (ok-ten′i-al) *adj.* coming once in eight years. ہشت سالہ

October (ok-to′bur) *n.* the tenth month of the year. سال کا دسوں مہینہ، اکتوبر *October has 31 days.*

Octocentenary *n.* آٹھ سویں سالگرہ

Octodecimo *n.* size of page given by folding a sheet into 18 leaves. اٹھارواں حصہ، ایک فل اسکیپ صفحہ کے ۱۸/ حصہ کی تقطیع، اس تقطیع کی کتاب

Octogenarian (ok-to-je-na′ri-an) *n.* one who is eighty years old. اسی برس کی عمر کا، ہشتاد سالہ، پیر فرتوت


Octonal *adj.* proceeding eights. آٹھ آٹھ کا، ثمانی

Octonarian *adj.* & *n.* eight foot line. ہشت رکنی مصرع

Octonary *n.* eight lines stanza. آٹھ مصرعوں کی نظم، مثمن

Octonocular (ok-to-nok′u-lar) *adj.* having eight eyes. آٹھ آنکھ والا، ہشت چشمی

Octopus *n.* animal with eight arms. ایک سمندری کیڑا جس کے آٹھ ہاتھ ہوتے ہیں، آٹھ زہریلی ٹانگوں والا صدف، ہشت پا



OCTOPUS

Octosyllable *n.* word of eight syllables.
آٹھ رکنی نظم، آٹھ لفظ کا بول

Octroi (ok-trwa′) *n.* a duty levied at the gates of cities on goods brought in. چنگی، محصول، آکٹرائے

Octuple (ok′tu-pl) *adj.* eight-fold. ہشت چند، آٹھ گنا

Ocular (ok′u-lar *adj.* palpable; visible; perceived by the eye; pertaining to the eye.
آنکھوں دیکھا، چشم دید، متعلق بچشم، بصری

Ocularist *n.* maker of artificial eyes. مصنوعی آنکھ بنانے والا

Oculist (ok′u-list) *n.* one skilled in diseases of the eye. آنکھوں کا علاج کرنے والا *Father went to the oculist to see if he should have new glasses.*

Oculomotor *adj.* آنکھ کے ڈھیلے کو حرکت دینے والا **Oculomotor nerve** *n.* دماغی اعصاب جو آنکھ کو حرکت دینے والے عضلات فراہم کرتے ہیں، عصبِ محرکِ چشم

Odalisque *n.* کسی حرم میں کوئی داشتہ یا لونڈی

Odd (od) *adj.* uneven in number; uncommon; unmatched; extra; peculiar. طاق، فرد، بے میل، زائد، بے مثال، انوکھا *It would seem odd if men wore dresses.*

Oddity (od-i-ti) *n.* peculiarity; singularity.
خصوصیت، نرالا پن، طرفہ، نادر شخص، بوالعجبی

Oddly (od′li) *adv.* strangely; peculiarly.
عجیب طرح سے، نرالے ڈھنگ سے، خاص طرح سے، متفرق طور پر

Oddments *n.* & *pl.* odds and ends.
بچی کھچی چیزیں، متفرق چیزیں

Oddness (od′nes) *n.* uncouthness; singularity.
انوکھا پن، بھدا پن، ندرت، خبط، بوالعجبی

Odds (odz) *n. pl.* dispute; advantage; probability; inequality. تفاوت، فرق، جیت، غلبہ، جھگڑا، فساد ★ *At odds,* at variance. برخلاف ★ *Odds and odds,* miscellaneous articles. متفرقات، کاٹ چھانٹ، اگڑم بگڑم ★ *It is odds,* it is probable. اغلب ہے

Ode (od) *n.* a lyric poem. غزل، قصیدہ، جذباتی نظم

Odeum, Odeon *n.* وہ جگہ جہاں موسیقی یا ڈرامہ پیش کیا جاتا ہے

Odic *adj.* غنائیہ، نظمیہ

Odious (o′di-us) *adj.* invidious; hateful; detestable. حاسد، ناگوار، نفرت انگیز، کینہ ور، گھناؤنا، مکروہ

Odiously (o′di-us-li) *adv.* invidiously.
بغض سے، حسد سے، کراہیت سے، نفرت انگیز طریقے سے

Odiousness (o′di-us-nes) *n.* hatefulness.
کراہت، کینہ وری، نفرت انگیزی

Odium (o′di-um) *n.* offensiveness; hatred.
نفرت، کراہیت، گھن، سخت نفرت یا ناپسندیدگی

Odontoid *adj.* دندان نما

Odontology (o-don-tol′o-ji) *n.* the science which treats of teeth. علم دندان، اسنانیات

Odoriferous (o-do-rif′ur-us) *adj.* sweet-scented.
خوشبودار، معطر، مہکتا ہوا

Odoriferously *adv.* مہک دیتے ہوئے، بدبو پھیلاتے ہوئے

Odoriferousness *n.* مہکیلا پن، بوداری

Odorous (o′dor-us) *adj.* fragrant. معطر، خوشبودار

Odour (o′dur) *n.* perfume; any smell. بو، باس، خوشبو A

O

daffodil has an odour like honey.

Oedema *n.* woolen state of tissue. مرض جس میں رگوں میں پانی بھر جاتا ہے، استسقائے وریدی، رگوں کا سوج جانا

Oesophagus *n.* gullet. حلق سے معدے تک کی نالی، نرخرا

Oestrum *n.* gadfly, frenzy, sexual heat. ایک بڑی قسم کا مچھر، محرک، جوش، جنسی گرمی، شدید خواہش

Of (ov) *prep.* out of; about; from; belonging to. سے، واسطے، حق میں، کا، کے، کی، میں، کو *This is a place of great beauty.*

Off (of)❶ *n.* most distant. بہت دُور، علیحدہ، جُدا ❷— *adv.* from; away; separately. دُور، جُدا، الگ *Spot jumped off the bed when he saw mother.* ★ *off and on,* at intervals. کبھی کبھی، کبھی پاس کبھی دُور، کبھی سرگرم کبھی سُست، اونچا نیچا ★ *To be off,* to go. جاتا رہنا، چھوٹنا ★ *To go off,* نکل جانا، چپت ہونا، رفو چکر ہونا، چلنا ❸— *int.* begone! دُور ہو، بھاگ جا ★ *Off hand,* without preparation; unstudied. بے ساختہ، فوراً، بلا تامل

Offal (of′ al) *n.* a dead body; rubbish; refuse. مُردہ جسم، آخور، فضلہ، پس خوردہ، اوجھڑی، چھیچھڑے، ناکارہ، پھوک

Offcast *adj.* cast off. پھینکا ہوا، مسترد

Offence (of-fens′) *n.* a sin; affront; injury; displeasure; assault. ناخوشی، قصور، جُرم، دُکھ، کمقدری، نقصان، ناراضی، تکلیف، خلاف ورزی

Offenceful (of-fens′ fool) *adj.* giving displeasure; injurious. ناخوش کرنے والا، مُضر، تکلیف دہ، جارح، ناگوار

Offenceless (of-fens′ les) *adj.* innocent. بے گناہ، بھولا، معصوم، بے ضرر

Offend (of-fend′) *v.t.* to sin; to displease; to make angry; to annoy; to transgress. گناہ گار ہونا، جُرم کرنا، تجاوز کرنا، تکلیف دینا، ناراض کرنا، خلاف کرنا، ٹھیس پہنچانا، دق کرنا *Do not offend other people by using bad language.*

Offender (of-fend′ur) *n.* one who offends; a wrong-doer. گناہ گار، خطاوار، مجرم، بدعنوانی کا مرتکب

Offensive (of-fens′ iv) *adj.* displeasing; distasteful; insulting; disagreeable; agressive. نازیبا، ناپسندیدہ، مُضر، ضرر رساں، حملہ آور، جارحانہ، نفرت انگیز

Offensively (of-fens′ iv-li) *adj.* injuriously. ضرر رسائی سے، بہ مُضرت، ناگوار طریقے سے، جارحانہ طور پر

Offer (of′ ur)❶ *v.t. & i.* to suggest; to bid; to propose; to exhibit; to present; to threaten. پیش کرنا، کہنا، بتلانا، اظہار کرنا، قیمت لگانا، بولی بولنا، دھمکانا، نذر کرنا *Maria offered her help in making the sandwiches.* ❷— *n.* a proposal; proposal; for marriage; bid. تجویز، رائے، شادی کے لئے درخواست، نذر، بولی، قیمت *Mr. Ali accepted father's offer to drive into town with him.*

Offerer *n.* پیش کنندہ، پیش کرنے والا

Offering (of′ ur-ing) *n.* that which is offered; a sacrifice. قربانی، چڑھاوا، بلیدان، بل، نذر، پیشکش، قربانی

Offertorial *adj.* چڑھاوے کا، نذر کا

Offertory (of′ ur-to-ri) *n.* verses or anthem sung while the offerings of the congregation are being made; the offerings. کتاب انجیل کی آیتیں جو گرجا میں بوقت چندہ لئے جانے کے لئے پڑھی جاتی ہیں، نذر، چندہ، قربانی

Offhand *adv.* وقت کے وقت، تیاری کے بغیر، سرد مہری سے

Offhandedly *n.* تکان، کھرے پن سے، یک دم

Office (of′ is) *n.* an act of kindness; a place of business; employment; a function. کار، مہربانی، عہدہ، محکمہ، دفتر، آفس *Mother went to the office of the gas company to pay her gas bill.* ★ *A good office,* good. سلوک، نیک کام، بھلائی ★ *An evil office.* بدسلوکی، بدنامی، بُرائی ★ *House of office.* بیت الخلاء، پاخانہ ★ *Lucrative office,* an office with a large income. یافت کی نوکری، آمدنی کی آسامی

Office-bearer *n.* عہدیدار، عہدہ دار

Officer (of′ i-sur) *n.* one who holds an office. عہدہ دار، افسر، اہلکار *A captain is an officer.*

Official (of-fish′ al)❶ *adj.* pertaining to an office; derived from the proper authority. سررشتہ کا، عہدہ یا خدمت کے متعلق، دفتر کا، سرکاری *The foreign Secretary is a high government official.* ❷— *n.* a subordinate public officer. دفتری، عملہ، اہلکار، عہدہ دار

Officialdom *n.* دفتری حکومت، مجموعی طور پر تمام اہل کار، متعلق یا واسطہ

Officialism (of-fish′ al-izm) *n.* official state; rigid adherence to official form. سرکاری ضابطہ، دفتری نظام

Officially (of-fish′ al-li) *adv.* by authority. باضابطہ، سرکاری طور سے، ازروئے منصب، باضابطہ طور پر

Officiate (of-fish′ i-at) *v.i.* to perform an office. خدمت انجام دینا، قائم مقامی کرنا، کام کرنا، فرائض انجام دینا

Officious (of-fish′ us) *adj.* meddlesome; forward. ہر کام میں بڑھنے والا، شوخ، دخل دینے والا، فضول کار

Officiously (of-fish′ us-li) *adj.* kindly; forwardly. مہربانی سے، شوخی سے، فضول خدمتی سے

Officiousness (of-fish′ us-nes) *n.* undue forwardness. فضولی، خواہ مخواہ کی مداخلت، بے جا مستعدی

Offing (of′ ing) *n.* part of the sea at a distance from the shore. سمندر کا وہ حصہ جو کنارے سے دُور ہو

Offish *adj.* inclined to aloofness. تنہائی پسند، غیر مانوس

Offishness *n.* مردم بیزاری، خلوت پسندی، تنہائی پسندی، کم آمیزی

Offscouring (of′ skowr-ing) *n.* the refuse; rejected matter. فضلہ، میل، آخور، غلاظت، نجاست

Offset (of′ set) *n.* پودا، شاخ، عکسی، طباعت، مجرائی، ہرجانہ *The weight of the other team was offset by out lightness and speed.*

Off-shoot (of′ shoot) *n.* a branch from a main stem. نسل، اولاد، کونپل، شاخ، پلو، انکھوا

Off shore *adv.* ساحل سے پرے یا دور

Offspring (of′ spring) *n.* descendants; a child or children. اخلاف، بچہ یا بچے، اولاد، نسل *You are the*

offspring of your mother and father.

Off-stage *n.* اسٹیج کا وہ حصہ جو ناظرین سے اوجھل ہو، عقبی حصہ

Off-white *n.* سفید رنگ میں کسی اور ہلکے رنگ کی جھلک، خاکستری یا زرد

Off year *n.* خالی سال، مندے کا سال

Oft (oft) *adv.* many times; frequently. بارہا، اکثر

Often (of'n) *adv.* repeatedly; frequently. بسا اوقات، بارہا، اکثر *We often go to see grandmother.*

Ogdoad *n.* آٹھ کا عدد، آٹھ کی منڈلی یا گروہ، آٹھ کا مجموعہ

O give *n.* pointed or gothic arch.
نوک دار محراب، گوتھی محراب، طاق رومی

Ogle (og'l) ❶ *v.t.* & *i.* to view with side glances. عشوہ گری، ترچھی نظر ❷ — *n.* a side-glance. کنکھیوں سے دیکھنا

Ogre (o'gur) *n.* an imaginary giant of fairy tales.
دیو، عفریت، آدم خور جن، شیطان، غول بیابانی

Ogress (o'gres) *n.* a female ogre. چڑیل، ڈائن، دیونی

Ogygian *adj.* pre-historic. اقدیم، بہت پرانا، ماقبل تاریخ کا

Oh (oh) *int.* denoting pain, sorrow. ہائے، وائے، اف

Ohm *n.* unit of electrical resistance. برقی مزاحمت کی اکائی

Oil (oil) ❶ *n.* a liquid. تیل، روغن، عطر، آئیل *Oil is used to lubricate machines.* ❷ — *v.t.* to rub over with oil. تیل لگانا، تیل ملنا *Mother oiled the furniture to make it shiny.* ★ *To pour oil on troubled waters,* to pacify matters. گرم معاملہ کو ٹھنڈا کرنا


Oilcake (oil'kak) *n.* a mass of compressed linseed or other seed from which oil has been extracted.
کھلی، کھودے کا ڈھیر جو تیل نکالنے کے بعد بچ رہتا ہے

Oilcloth (oil'kloth) *n.* a cloth oiled for covering floors. روغنی کپڑا، موم جامہ *Mother put oilcloth on the cupboard shelves instead of paper.*

Oiliness (oil'i-nes) *n.* greasiness. چکناہٹ، چاپلوسی

Oil-man (oil'man) *n.* a manufacturer of or dealer in oils.
روغن فروش، تیلی

Oil-rig *n.* special building with machines that dig



OIL-RIG

for oil under the sea or on land.
تیل کا کنواں کھودنے کی جدید مشین، آئیل ریگ

Oily (oil'i) *adj.* supple; unctuous; resembling oil. ملائم، چکنا، تیلیا *Father's hands are oily from oiling the car.*

Oint (oint) *v.t.* to rub with oil. تیل لگانا، تیل ملنا

Ointment (oint'ment) *n.* any soft unctuous matter; an unguent. ضماد، مرہم، دوا کا تیل *The doctor gave mother an ointment to put on baby's mosquito bites.*

Old (old) *adj.* antiquated; aged; ancient; experienced; worn-out; customary. معمر، قدیم، پرانا، سالخوردہ، بوڑھا، کہنہ، سابقہ، تجربہ کار، بوسیدہ، معمولی *Grandfather is old. He has lived a long time.*

Old Testament *n.* عہد نامہ عتیق، توریت

Olden (old'n) *adj.* ancient; old. قدیم، سابقہ، دیرینہ، اگلے وقتوں کا، پرانا *In olden times, people believed that the earth was flat.*

Oldish (old'ish) *adj.* somewhat old. کسی قدر پرانا

Oldfangled *adj.* فرسودہ، دقیانوسی، قدیم وضع کا

Old maid *n.* کنواری بڑھیا، بڑا شرمیلا آدمی

Oldster *n.* بڑا پختہ عمر، بوڑھا شخص، تجربہ کار آدمی

Oleaginous (o-le-aj'in-us) *adj.* oily. روغنی، تیلیا، چکنا

Oleaster *n.* the wild olive. جنگلی زیتون کا درخت، جنگلی زیتون

Oleograph (o'le-o-graf) *n.* a print in oil colours.
روغنی تصویر جو عموماً کپڑے پر چھاپی جاتی ہے

Olericulture *n.* سبزی کاشت، گھریلو استعمال، ذخیرہ کاری، اور فروخت کے لئے سبزیوں کی کاشت اور دیکھ بھال کا علم

Olfactioni *n.* sense of smell. قوت شامہ، سونگھنے کی قوت

Olfactory (ol-fak'tor-i) *adj.* of the sense of smelling. سونگھنے کے متعلق، شمی، مشموی

Olibanum *n.* aromatic gun resin. لوبان

Olid *adj.* متعفن، بدبودار

Oligarchy (ol'gark-i) *n.* government in the hands of a few. چند لوگوں کی حکومت، چند سری حکومت، امراشاہی

Olive (ol'iv) *n.* a well-known tree; the emblem of peace. زیتون، صلح کی علامت *Ripe olives are a dark purplish brown colour.* **Olive oil.** روغن زیتون

Olivine *n.* grysolite stone with olive colour.
ایک قسم کا زیتونی رنگ کا قیمتی پتھر

Olympiad *adj.* & *n.* celestial, dweller in Olympia.
چار سال کے وقفہ سے، اولمپک مقابلے، چار سال کا عرصہ

Olympic *adj.* اولمپک کھیلوں سے متعلق

Olympic games.
موجودہ زمانے کی جدید کھیلوں کے مقابلے جو چار سال کے بعد ہوتے ہیں

Ombudsman *n.* محتسب، محتسب اعلیٰ

Omega *n.* یونانی حروف تہجی کا آخری حرف

Alpha and Omega. شروع اور آخر

Omelet (om'e-let) *n.* a fritter of beaten eggs.
انڈوں کا پکوان، خاگینہ، آملیٹ

Omen (o'men) *n.* a sign; a foreboding; a presage.
فال، علامت، شگون

Omentum *n.* fold of Peritoneum connecting stomatch with other viscera. پیٹ کا پردہ، آنتوں کی جھلی

Ominous (om'in-us) *adj.* inauspicious. بدشگون، منحوس

O

Omissible (o-mis′ i-bl) *adj*. negligible; that may be omitted. قابل فروگذاشت ' ترک کیے جانے کے قابل

Omission (o-mish′ un) *n*. neglect; failure. چُوک ' غفلت ' فروگذاشت ' ترک ' غلطی ' سہو ' بھول ' چوک

Omissive (o-mis′ iv) *adj*. leaving out. جس میں کچھ فروگذاشت ہو گیا ہو ' غیر شامل

Omit (o-mit′) *v.t.* to drop; to neglect; to leave out. نظر انداز کرنا ' ترک کرنا ' بھُول جانا ' چھوڑ جانا *Our teacher told us to omit the first page of problems and start on the second page.*

Omitter *n*. چھوڑنے یا ترک کرنے والا ' بھُولنے والا

Ommateal *adj*. مرکب آنکھ والا

Ommateum *adj*. حشرات اور قشری حیوانات میں پائی جانے والی مرکب آنکھ

Omnibus (om′ ni-bus) *n*. a four-wheeled vehicle for carrying passengers. عوامی گاڑی ' اومنی بس

Omnifarious(om-nif′ ur-us) *adj*. of all sorts. ہر قسم کا ' طرح طرح کا

Omnific (om-nif′ ik) *adj*. all-creating. سب کا خالق

Omnificient *adj*. خالق کل ' مکمل تخلیقی قدرت رکھنے والا

Omnipotence (om-nip′ o-tens) *n*. almighty power. قدرت کلی ' بڑی طاقت والا ' کامل اختیارات والا ' قدرت کاملہ

Omnipotent (om-nip′ o-tent)❶ *adj*. almighty; all-powerful. قادرِ مطلق ❷— *n*. the Almighty. قادرِ مطلق ' قدرت کاملہ رکھنے والا

Omnipresence (om-ni-prez′ ens) *n*. ubiquity; universal presence. سب جگہ موجودگی ' حاضر ناظری ' ہمہ جائی ' ہر جگہ موجودگی

Omnipresent (om-ni-prez′ ent) *adj*. present in every place. حاضر ناظر ' سب جگہ موجود ' ہر جا حاضر

Omniscience (om-nish′ ens) *n*. infinite withdom; universal knowledge. ہمہ دانی ' عقل کل و علم کل ' علم لدنی

Omniscient (om-nish′ ent) *adj*. infinitely wise: all-knowing. عالم مطلق ' خدائے علیم ' عالم الغیب ' خبیر

Omnivorous (om-niv′ o-rus) *adj*. all-devouring. سب کچھ کھانے والا ' ہمہ خور ' ہمہ گیر

On (on)❶ *prep*. upon; in addition to; towards the surface of. پر ' اوپر ' بر ' نزدیک ' علاوہ ' طرف ' جانب *The book is on the table.* ❷— *adv*. forward; in continuance; not off; proceeding; attached to the body. آگے ' لگاتار ' برابر ' نزدیک ' بڑھتی ہوئی ' بدن سے چپٹا ہوا ' سنا ہوا ' پھنسے ہوئے *Grandfather is coming on Sunday.* ★ *On fire,* in a state of burning; in a passion. جلتا ہوا ' غصّہ میں ★ *On hand,* near; undisposed of. نزدیک ' پاس ' باقی ★ *On high,* in an elevated place. بلندی پر ' اونچا ★ *On the alert,* watchful. ہوشیار ★ *On the way,* راہ میں ★ *On the watch,* keeping a look-out. ہوشیار ★ *On the wing,* in flight اُڑنے کی حالت میں ★ *And so on,* علیٰ ہذا ★ *Go on,* advance. آگے بڑھو ★ *On one's last legs,* about to be ruined. تباہی کے نزدیک ★ *Hence on thy life,* go away to save your life. اپنی جان کی امان چاہتا ہے تو بھاگ یہاں سے

Onager (on′ a-jur) *n*. the wild ass. گور خر ' جنگلی گدھا

Onanism *n*. masturbation. جلق ' مشت زنی ' نامکمل مباشرت

Once (wuns) *adv*. one time; formely. ایک مرتبہ ' پیشتر ' سابق میں ' کبھی ' کسی وقت *Maria has been in a boat only once.* ★ *At once,* immediately. فوراً ' ایک دفعہ ★ *Once for all,* finally. قطعی ' پھر نہیں ★ *Once in a way,* on rare occasion. آخری بار ★ *For once.* صرف ایک بار

Oncogenesis *n*. مرض رسولی ' مرض سلعہ

Oncology *n*. علم سلعات ' علم طب کا وہ حصّہ جس میں رسولیوں کا علاج اور مطالعہ کیا جاتا ہے

Oncoming ❶ *n*. رسائی ' کسی چیز کی آمد یا قربت ❷— *adj*. آنے والا ' پہنچنے والا ' ہنگامی یا ناگہانی ' آئندہ

One (wun) *adj*. some; united; undivided; individual; a certain; single. کوئی ' ملا ہوا ' غیر منقسم ' ایک شخص ' فلاں ' ایک *Only one boy was late.* ★ *All one,* just the same. وہی ★ *At one,* in union. ایک میں ملا کر ★ *One of these days,* shortly. تھوڑے عرصہ میں ' آج کل میں ★ *One and the same,* all one. ایک ہی ' وہی ایک ★ *One by one,* turn by turn. فرداً فرداً ' ایک ایک ' یکے بعد دیگرے

Oneiric *adj*. خوابی ' خواب سے متعلق یا خواب کا

Oneirocritic *n*. تعبیر گو ' خوابوں کی تعبیر و تشریح کرنے والا ' معبر

Oneness (wun′ nes) *n*. unity; singleness. یکتائی ' وحدت

Onerous (on′ ur-us) *adj*. heavy; burdensome. وزنی ' گراں ' کٹھن ' محنت طلب ' کڑا ' مشکل ' سخت

Onerously (on′ ur-us-li) *adv*. in an onerous manner. تکلیف دہ انداز میں

Onesided (wun′ sid′ ed) *adj*. partial. طرفدار ' یک رُخہ


One-time *adv*. کبھی کبھار کا ' کسی زمانے کا ' سابق

One-track *adj*. یک راہی ' صرف ایک راستہ رکھنے والا

One-way *adj*. یک طرفہ

Ongoing (on′ go-ing) *n*. event; procedure. طریق ' کارروائی ' ماجرا ' جاری

Onion (un′ yun) *n*. a plant پیاز ' بصل



ONION

Onlooker (on′ look-ur) *n*. a spectator. تماشائی ' دیکھنے والا

Only (on′ li) ❶ *adv*. pre-eminent; single. خاص ' سب سے عمدہ ' صرف ' تنہا ' اکلوتا *Azhar lost his only sweater.* ❷— *adv*. singly; merely. صرف ' فقط ' سوا ' تنہا ' اکیلے ❸— *conj*. save.

Onomancy *n*. taking omen from name. نام سے فال نکالنا

Onomatopoeia(on-o-mat-o-pe′ ya) *n*. the expressing by sound of the thing signified; creek; buzz; hiss. صوتی لفظ ' کسی نغمہ یا حرکت کا ہم آواز لفظ ' کرکرانا ' چوں چوں کرنا ' چکار

Onomatopoetic (on-o-mat-o-po-et′ik) *adj*. pertaining to or formed by onomatopoeia.
صوتی الفاظ کے متعلق

Onrush *n*. آگے کی طرف طاقتور روانی یا بہاؤ

Onrushing *adj*. آگے کی طرف طاقت سے بڑھنے والا

Onset (on′set) *n*. assault; charge; an attack; a storming. حملہ یورش' چڑھائی' ابتدا' آغاز

Onslaught (on′slawt) *n*. a murderous assault.
مار دھاڑ' حملہ' دھاوا' یورش' ہلّا

Ontology (on-tol′o-ji) *n*. the science of being; a study of the nature and essence.
علم موجودات' مسئلہ وجود مُطلق' وجودیات

Onus (o′nus) *n*. an obligation; a burden.
احسان' فرض' بار

Onus probandi. بار ثبوت

Onward (on′ward)❶ *adv*. progressively; forward. آگے کی طرف *The soldiers marched onward.* ❷— *adj*. progressing; advancing. بڑھتے ہوئے' ترقی کرتے ہوئے

Onyx (on′iks) *n*. a gem. سنگ سُلیمانی

Oodle *n*. (بول چال) بہتات' فراوانی

Oodle of money. افراط زر

Oof *n*. money, rich person. (بول چال) مال و دولت' مالدار آدمی

Oof-bird. سونے کی چڑیا' مال دار آدمی

Oofy *adj*. امیر' روپیہ والا

Oologist *n*. پرندوں کے انڈوں کا ماہر

Oology *n*. پرندوں کے انڈوں کا علم

Oomph *n*. جسمانی' دلکشی' جنسی کشش' بشاشت' طاقت' شخصی سحر

Ooze (ooz)❶ *n*. soft mud; soft flow. کیچڑ' گارا
❷*v.t.* to flow gently from pores; to percolate; to filter; to distil; to drip. بھرنا' دھیرے دھیرے ڈالنا' رسنا *The blackberry juice oozed out of the crust of the pies.*

Opacity (o-pas′i-ti) *n*. want of transparency; obscurity. غیر شفافی' کثافت' تاریکی' دھندلا پن' دودھیا پن' ابہام

Opah *n*. brilliant-coloured fish of Macherel family. بحر اوقیانوس میں پائی جانے والی ایک شوخ رنگ مچھلی

Opal (o′pal) *n*. a precious stone. قیمتی پتھر' دودھیا پتھر' اوپل

Opalescence *n*.
دودھیا پن' اوپل کی طرح کے رنگوں کا کھیل

Opalescent *adj*. دودھیا

Opaline *adj*. دودھیا پتھر سا' دودھیا (شیشہ)

Opaque (o-pak′) *adj*. dark; not transparent.
کثیف' غیر شفاف' بہم' ناروشن

Ope (op) *v.t.* to unclose. کھولنا

Open (o′pn)❶ *v.t.* & *i.* to disclose; to unclose; to begin. کھولنا' شروع کرنا *Father opened the package.* ★ *To open a vein,* to draw out some blood. فصد کرنا ❷— *adj*. not closed; clear; artless; sincere; public. جو بند نہ ہو' کھلا ہوا' صاف' بے لوث' بے مکر و فریب' راست باز' عام' ظاہر' آشکار *A lifeboat is an open boat.* ★ *In open.* کھلم کھلا ★ *In open day.* دن دہاڑے

Opening (o′pn-ing) *n*. a hole; an opportunity; beginning. سوراخ' موقع' شروع' ابتداء *We saw the sun through an opening in the clouds.*

Openly (o′pn-li) *adv*. publicly. کھلم کھلا' کھلے بندوں

Openness (o′pn-nes) *adj*. plainness. سادگی' صفائی' کشادگی

Opera (op′ur-a) *n*. a dramatic composition set to music; the building. باجے کے ساتھ ناٹک' اپیرا' سوانگ گھر' ناچ گھر' تماشا گھر' غنائیہ

Operable *adj*. قابل جراحی' قابل عمل' عملی' جس کا علاج جراحی سے ہو سکتا ہے

Operally *adv*. قابل جراحی طور پر

Operate (op′ur-at) *v.i.* to act; to perform; to work. کام کرنا' عمل کرنا' اثر کرنا' عمل جراحی انجام دینا *Can you operate a sewing machine?*

Operation (op-ur-a′shun) *n*. effect; agency; influence; surgical performance. اثر' تاثیر' جراحی



OPERATION

چیر پھاڑ' تشریح *The doctor did an operation on the man's foot.* ★ *To come into operation.* جاری ہو جانا

Operative (op′ur-a-tiv)❶ *adj*. acting; effective. نافذ' کارگر' موثر ❷— *n*. an artisan. کاریگر' اہل حرفہ

Operator (op′ur-a-tor) *n*. one who operates. عامل' کام کرنے والا' کارکن' جراح *A telephone operator works a switchboard.*

Operculum *n*. سرپوش' ڈھکنا' خول

Operetta *n*. one act opera.
ایک ایکٹ کی غنائی تمثیل' مزاحیہ ناٹک

Operose (op′ur-oz) *adj*. laborious; full of trouble.
دشوار' محنت طلب' تھکا دینے والا' محنتی' مشقت کرنے والا

Ophidian (o-fid′i-an) *adj*. belonging to serpents.
سانپوں کے متعلق' افعی' سانپ

Ophiology *n*. سانپوں کے متعلق تحقیقات' علم الّمار

Ophiophagous (of-i-of′a-gus) *adj*. feeding on serpents. سانپ کھانیوالا' مار خور

Ophite *n*. serpentine marble.
ساق' سنگ ساق جس کا کھرل بنتا ہے

Ophitic *adj*. بعض ساقی چٹانوں کی ساخت سے متعلق

Ophthalmia *n*. inflammation of the eyes.
آشوب چشم' آنکھ آنا

O

Ophthalmic (of-thal′mik) *adj*. ocular. چشمی، عینی، آنکھ کا

Ophthalmy (of-thal′mi) *n*. a disease of the eyes. آنکھ کی بیماری، آشوب چشم، آنکھ کا ورم

Opiate (o′pi-at)❶ *n*. a medicine that contains opium for inducing sleep. افیون آمیز، نیند لانے والی یا منوم دوا ❷— *adj*. narcotic; causing sleep. نیند لانے والی

Opine (o-pin′) *v.t.* to give opinion; to think; to judge. رائے دینا، وچارنا، گمان کرنا، سوچنا، غور کرنا، مشورہ دینا

Opinion (o-pin′yun) *n*. judgment; estimation; sentiment. تجویز، خیال، رائے، اعتقاد، ظن *It is my opinion that you could solve the problem more quickly this way.* ★ *To hold opinion with.* آپس میں رائے ملانا، متفق الرائے ہونا

Opinionated (o-pin′yun-at-ed) *adj*. inflexible; egotistical. ہٹیلا، خودپسند، ضدی، جھکی، خود رائے، ہٹ دھرم

Opinionative (o-pin′yun-a-tiv) *adj*. unduly of one's own opinion. دماغی، خود رائے، خودپسند، خودسر، کٹر

Opium (o′pi-um) *n*. the juice of the poppy. افیون، افیم، پوست کاست

Opium-den *n*. افیونیوں کا اڈا

Opium Poppy *n*. گل لالہ، کوکنار

Opossum *n*. کیسہ دار، جانور جو بچے کو پیٹ پر بنی تھیلی میں رکھتا ہے

Opponent (o-po′nent)❶ *adj*. adverse. مقابل، مخالف، برعکس، رُوبرو کا ❷— *n*. an adversary. حریف، مدعی، مخالف، طرف ثانی، عدو، مدمقابل، غنیم

Opportune (op-or-tun′) *adj*. convenient; timely. موافق، آسان، ٹھیک، بروقت، باموقع، برمحل

Opportunely (op-or-tun′li) *adv*. convenient; seasonably. وقت پر، آسانی سے، بروقت، برمحل، موقع سے

Opportunist (op-or-tun′ist) *n*. one who seeks favourable opportunities. موقع پرست، ابن الوقت

Opportunity (op-or′tun′i-ti) *n*. convenient time; chance. اتفاق، ٹھیک وقت، داؤ، گھات، موقع *There was no opportunity to ask the teacher about the party, because she was too busy.*

Opposable (o-poz-a′bl) *adj*. capable of being opposed. قابل مخالفت، قابل مزاحمت، مقابلہ کے قابل

Oppose (o-poz′) *v.t. & i.* to resist; to object; to check; to defy; to withstand; to combat. روکنا، اعتراض کرنا، مانع ہونا، مخالفت کرنا *Maria opposed Ali suggestion.*

Opposer (o-poz′ur) *n*. an adversary. مدعی، حریف، مخالف

Opposite (op′o-zit) *adj*. facing; contrary; adverse. سامنے، متضاد، ثانی، مخالف، برعکس *Up is opposite to down.*

Oppositely *adv*. اُلٹے طور پر، برعکس

Oppositeness *n*. اُلٹاپن، تضاد

Opposition (op-o-zi′shun) *n*. resistance; hostility; contradiction. روک، اُلٹ، عداوت، مخالفت، حزب اختلاف

Oppositionist (op-o-zish′un-ist) *n*. one of the opposite party. مخالف جماعت کا شخص

Oppress (o-pres′) *v.t.* to treat with cruelty; to overpower. بے رحمی سے پیش آنا، ظلم کرنا، مغلوب کرنا، تشدد کرنا

Oppression (o-presh′un) *n*. severity; tyranny; depression. سختی، ظلم، جور وستم، افسردگی، کدورت، زیادتی، تشدد

Oppressive (o-pres′iv) *adj*. unjustly severe; tyrannical. نہایت سخت، سنگ دل، ظالم، ستمگر، دشوار، جابرانہ

Oppressor (o-pres′ur) *n*. a tyrant. ظالم، ستمگر، ستانے والا، مردم آزار

Opprobrious (o-pro-bri-us) *adj*. infamous; reproachful. بُرا، بدنام، رسوا، مذمت آمیز، ملامت آمیز، رسواکن، شرمناک

Opprobriously (o-pro′bri-us-li) *adv*. reproachfully. مذمت آمیز طریقے سے، رسوائی سے

Opprobrium (o-pro′bri-um) *n*. disgrace; reproach; infamy; reproach mingled with disdain. بے عزتی، رسوائی، حقارت آمیز ملامت، بدنامی

Oppugn (o-pu′n) *v.t.* to oppose; to attack. سخت مخالفت کرنا، مقابلہ کرنا، حملہ کرنا، اعتراض کرنا

Oppugnancy (o-pug′nan-si) *n*. resistance; contention. مخالفت، مزاحمت، مقابلہ، اعتراض

Oppugner *n*. سخت مخالف، معاند، الزام لگانے والا

Opt *v.i.* make choice. انتخاب کرنا، اختیار کرنا، چُننا، منتخب کرنا

Optative (op′ta-tiv) *adj*. expressing desire. خواہش ظاہر کرنے والا، فعل تمنائی

Optic (op′tik) *n*. an organ of vision. بصری، آنکھ کا

Optical (op′tik-al) *adj*. pertaining to vision; ocular. آنکھ کا، چشمی، نظر کے متعلق

Optician (op-tish′un) *n*. one who deals in spectacles; one skilled in optics. چشمہ فروش، عینک فروش، ماہر علم بصارت

Optics *n*. the science which treats of the laws of light and vision. علم مناظر، بصریات، مناظریات

Optimism (op′ti-mizm) *n*. the doctrine that everything is ordered for the best; to take the most hopeful views of things. یہ عقیدہ کہ ہر شے بھلائی کے لئے ہے، سب باتوں میں اچھی اُمید رکھنے کا مزاج، رجائیت پسندی

Optimist (op′ti-mist) *n*. a follower of optimizm. تمام حوادث کو بھلائی جاننے کا عقیدہ رکھنے والا، رجائیت پسند

Optimum *n*.❶ بہترین، مناسب ترین موقع، مستحسن، صحیح *adj*.❷ انتہائی سازگار، سب سے اچھا، سب سے پسندیدہ

Option (op′shun) *n*. election; power of choosing. اختیار، پسند، مرضی، خواہش، خوشی، چاہ، حق انتخاب

Optional (op′shun-al) *adj*. left to choice. اختیاری، مرضی پر، انتخابی، پسند پر موقوف

Optometrical *adj*. بصارت پیمائی سے متعلق

Optometrist *n*. ماہر بصارت پیمائی، وہ شخص جو بصارت پیمائی کا ماہر ہو

Optometry *n*. بصارت پیمائی، بصری قوتوں کی پیمائش و معائنہ

Optophone *n*. instrument converting light into sound.

وہ آلہ جو روشنی کی لہروں کو آواز کی لہروں میں تبدیل کر دیتا ہے

Opulence (op′ u-lens) *n*. affluency; wealth.
افراط٬ آسودگی٬ دولت٬ خوشحالی٬ امارت٬ تونگری٬ فراوانی٬ کثرت

Opulent (op′ u-lent) *adj*. affluent; wealthy.
دولت مند٬ طالع ور٬ مالدار٬ تونگر٬ متمول٬ ثروت مند

Opulently (op′ u-lent-li) *adv*. richly.
دولت مندی سے٬ تونگری سے٬ کثرت سے٬ فراوانی سے

Opus (o′ pus) *n*. a work; a musical composition.
کلیات٬ گیت٬ راگ٬ فن پارہ٬ مجموعہ

Opuscule (o-pus′ kul) *n*. a small work. کوئی چھوٹی یا ناقابلِ ذکر تخلیق٬ کوئی چھوٹا سا کارنامہ٬ ایک چھوٹی کتاب یا رسالہ

Or (or) *conj*. uniting alternatives. یا٬ خواہ٬ یعنی٬ *Will you have milk or hot chocolate?* ★ نہیں تو٬ ورنہ *Or else*, یا کچھ اور٬ یا کوئی دوسری چیز

Oracle (or′ a-kl) *n*. revelations; a wise sentence; prophetic declaration.
کلامِ غیب٬ استخارہ٬ علاقہ وہی٬ کشف٬ الہام٬ فقرہ یا کلام٬ پیشگوئی

Oracles (or′ a-klz) *n. pl*. the revelations of god.
کلامِ غیب٬ دیوبانی٬ غیبی آوازیں٬ نبیوں کے اقوال

Oracular (o-rak′ u-lar) *adj*. obscure; grave; ambiguous; authoritative.
مبہم٬ مُغلق٬ بعید الفہم٬ سنجیدہ٬ بھاری بھرکم٬ مستند٬ الہامی٬ غیبی


Oracularity *n*. غیبی٬ رہنمائی٬ اِلہام وغیرہ

Oracularly *adv*. مبہم طور پر٬ اِلہامی طور سے

Oral (o-ral) *adj*. verbal; of the mouth; transmitted or promulgated in words. زبانی٬ تقریری *We had an oral spelling test. We spoke the words and spelt them out loud.*

Orally (o′ ral-li) *adv*. verbally. تقریراً٬ زبانی٬ مُنہ کے راستے

Orange *n*. a fruit. نارنگی٬ سنگترا٬ رنگترا



ORANGE

Orangeade *n*. drink of orange juice. نارنگی یا سنگترے کا رس

Orangery (or′ anj-u-ri) *n*. plantation of orange trees. نارنگی یا سنگترے کا باغ

Orang-utang (o-rang′ oo-tang′) *n*. the great ape. بڑا بندر٬ بن مانس



ORANGUTAN
(standing height to 60 in.)

Orate *v.t., v.i*. تقریر کرنا٬ کلام کرنا یا خطبہ دینا

Oration (o-ra′ shun) *n*. a public speech. خطبہ٬ کلام٬ تقریر٬ گفتگو٬ بیان

Orator (or′ a-tor) *n*. a public speaker; petitioner.
واعظ٬ فصیح گو٬ سائل٬ سخن اور خوش تقریر٬ خطیب٬ مقرر

Oratorical (or′ a-to-ri-kal) *adj*. eloquent; flowery; becoming an orator; rhetorical. بلیغ٬ فصیح٬ خطیبانہ

Oratorio (or-a-to′ ri-o) *n*. a sacred musical drama-place of worship. ناٹک کا گیت٬ عبادت گاہ کا نغمہ٬ مذہبی گیت


Oratory (or′ a-to-ri) *n*. the art of public speaking.
فصاحت٬ خوش کلامی٬ مخصی عبادت گاہ

Orb (orb) *n*. the eye; circle; globe; a sphere; planet; star; wheel; period.
چشم٬ چکر٬ کرۂ گولا٬ دائرہ٬ چرخ٬ ستارہ٬ زمانہ٬ دور٬ چاک

Orbed (orbd) *adj*. round; circular. گول٬ مدور

Orbicular (or-bik′ u-lar) *adj*. spherical. گولا٬ گول٬ مدور

Orbit (or′ bit) *n*. the path described by a revolving planet; cavity of the eye. گردش کا راستہ٬ حلقہ٬ چشم٬ مدار



ORBIT

Orbital, Obritary *adj*. دوری٬ محوری٬ مداری

Orbiter *n*. مدار پر گھومنے والا

Orchard (or′ chard) *n*. a garden fruit trees. میووں کا باغ٬ ثمرستان *We like to play in grandfather's orchard.*

Orchestra (or′ kes-tra) *n*. a place for the musicians; the musicians. گانے بجانے والوں کے لئے جگہ٬ گانے بجانے والے٬ آرکسٹرا *Anam plays the violin in the school orchestra.*

Orchestral (or′ kes-tral) *adj*. pertaining to an orchestra. سازندوں کا٬ مطربانہ

Ordain (or-dan′) *v.t*. to regulate; to constitute; to appoint; to invest with ministerial functions.
انتظام کرنا٬ باقاعدہ کرنا٬ معین کرنا٬ مقرر کرنا٬ مذہبی عہدہ پر مامور کرنا

Ordainer *n*. حکم دینے والا٬ فرمان جاری کرنے والا

Ordainment *n*. نفاذ٬ حکم٬ اجرائے فرمان٬ پادری کا تقرر

Ordeal (or′ de-al) *n*. any severe test; a trial by fire or water. آگ یا پانی سے صداقت کا امتحان٬ مصیبت٬ کوئی سخت آزمائش *Omer found the climb an ordeal. It was very difficult, and he needed all his courage to accomplish it.*

Order (or′ dur)❶ *n*. method; regularity; rule, command; direction for purchase; rank; usage; tranquility; class; measure; fraternity. طریقہ٬ اسلوب٬ ڈھنگ٬ یکسانی٬ ضابطہ٬ قاعدہ٬ سر رشتہ٬ باقاعدہ٬ حکم٬ ارشاد٬ فرمائش٬ درجہ٬ مرتبہ٬ منزلت٬ دستور٬ طریقہ٬ امن٬ ترکیب٬ تدبیر٬ آڈر *The days of the week come in this order: Sunday, Monday, Tuesday, Wednesday, Thursday, Friday, Saturday.* ❷— *v.t. & i*. to regulate; to command; to ordain. انتظام کرنا٬ حکم دینا٬ فرمانا٬ قائم کرنا *The biggest boy in the class often orders the smaller boys around. He tells them what to do.* ★ *Order*

of the day. روز مقررہ کا خاص کام

Orderly (or′dur-li)❶ *adj.* obedient; regular; being on duty. فرمانبردار' باقاعدہ ' باقرینہ' پابندِ فرض *Mother's dresser drawers are always orderly. Everything is in its place.* ❷— *adv.* methodically. باترتیب ❸— *n.* a soldier who attends on an officer. ہمراہی' اردلی 'چپراسی' خادم' ملازم

Ordinal (or′di-nal)❶ *adj.* denoting order. ترتیب ظاہر کرنے والا' ترتیبی' توصیفی ❷— *n.* a book of rites. رسم و دستور

Ordinance (or′di-nans) *n.* a rule; decree; law; a religious rite *pl.* قاعدہ' رسم' فرمان' قانون' فرائض' اِحکام' آئین' ضابطہ' آرڈیننس

Ordinarily (or′di-nari-li) *adj.* usually عموماً' عام طور پر *Ordinarily we have a light lunch at midday and a hot dinner at night.*

Ordinary (or′di-na-ri)❶ *adj.* regular; not exceptional; usual; common-place; that which is in common use. عام' معمولی' رسمی' ادنیٰ *In ordinary cases no one is excused from homework; but if you were ill, you have a special reason.* ❷— *n.* a thing in common use; a public meal provided at fixed price. روزانہ استعمال کی چیز' کھانا جو کہ مقررہ قیمت اور وقت پر ملتا ہے *The food served at the hospital was just ordinary.*

Ordinate (or′di-nat) *adj.* orderly; methodical. باقاعدہ' بالترتیب' باضابطہ' معین' معینہ

Ordination (or-di-na′shun) *n.* the act of ordaining. تقرر' ترتیب' تعین' نفاذِ فرمان

Ordnance (ord′nans) *n.* artillery; mounted guns; canon. توپ خانہ' چڑھی ہوئی توپیں' سامان جنگ' آلات حرب

Ordure (or′dur) *n.* dung; filth. فضلہ

Ore (or) *n.* a metal in its fossil state. کچی دھات

Oread *n.* پہاڑی دیوی' کوہستانی پری

Oregon grape, Mahonia, *n.* ایک سدابہار جھاڑی' ماہونیا

Organ (or′gan) *n.* an instrument of action. آلہ' عضو' باجا' ارغنون *The stomach, lungs, and liver are organs.*

Organdy *n.* ملبوسات' پردوں اور دیگر اشیاء کے لئے استعمال ہونے والی باریک ململ ' آرگنڈی

Organ grinder *n.* گلیوں میں گھوم پھر کر دستی ارگن بجانے والا

Organic (or-gan′ik) *adj.* produced by organs; of the bodily structure. عضوی' نامیاتی' اساسی' خلقی' باقاعدہ

Organisation (or-gan-i-za′shun) *n.* the act of organising; structure; form. ساخت' تنظیم' انجمن' ادارہ *The Boy Scouts and the Red Cross are orginisations.*

Organise (or′gan-iz) *v.t.* to prepare; to arrange; to construct regularly; to arrange and put into operation. تیار کرنا' نظام دینا' ترتیب دے کر قائم کرنا' منظم کرنا *Organize your work carefully.*

Organism (or′gan-izm) *n.* organic structure; any living being. عضویہ' پودا یا جاندار شے' ترتیب اعضاء' نامیاتی جسم

Organist (or′gan-ist) *n.* one who plays on the organ. مطرب' ارغنون بجانے والا *The church organist played for the wedding.*

Organologic, Organological *adj.* عضویاتی۔ علم الاعضا سے متعلق

Organologist *n.* عضویات دان' ماہر علم الاعضاء


Organology *n.* علم الاعضاء' عضویات' جانوروں یا پودوں میں عضوی ساخت اور فعلیت کا مطالعہ یا علم

Orgasm (or′gazm) *n.* paroxysm of desire or passion. کسی جذبے یا شہوت کا انتہائی درجہ' جوش

Orgeate (*or-ji-at*) *n.* cooling drink made from barley, almonds, orange. جو کا شربت' ایک مفرح شربت جو بادام اور سنگترے سے تیار کیا جاتا ہے

Orgulous (or′gu-lus) *adj.* proud; haughty. مغرور' گھمنڈی' متکبر' خود پسند

Orgy (or-ji) *n.* drunk revelry; debauchery. شراب خوری' بدمستی' رنگ رلیاں عیش و نشاط



ORIEL

Oriel (o′ri-el) *n.* a projecting bay; window. دیوار سے نکلا ہُوا دریچہ' طاق

Orient (o′ri-ent) ❶ *adj.* rising as the sun; eastern; lustrous. طلوع آفتاب کی مانند' مشرقی' تاباں' روشن *China and Japan are parts of the Orient.* ❷— *n.* the east. مشرق' پُورب

Oriental (o-ri-en′tal)❶ *adj.* eastern. مشرقی' پُوربی' شرقیہ ❷— *n.* a native of the east. باشندہ مشرق

Orientalist (o′ri-en′tal-ist) *n.* one versed in eastern languages etc. مستشرق' ماہر علوم شرقیہ

Orientalize *v.t.* مشرقی رنگ میں رنگنا' مشرقی بنانا

Oriental poppy *n.* مشرقی گُل لالہ

Oriental rug *n.* مشرقی قالین مشرقی غالیچہ

Orientate (o-ri-en′tat) *v.i.* to point eastward. مشرق کی طرف رُخ رکھنا' مشرقی بنانا' تشریق کرنا

Orifice (or′i-fis) *n.* an opening. سُوراخ' چھید *The mouth is an orifice in the face.*

Origan *n.* wild marjoram. ایک قسم کی جنگلی بوٹی' مرتکسی

Origin (or′i-jin) *n.* source; a beginning; the spring; root. آغاز' ابتداء' منبع' مخرج' بنیاد' سبب' ماخذ *The origin of the Italian language was Latin, the language of the ancient Romans.*

Original (o-rij′i-nal)❶ *adj.* primary; fresh; primitive; inventive. ابتدائی' پہلا' مقدم' طبع زاد' مخترع' اصل *This copy of my story is the original, so it may have some mistakes in it.* ❷— *n.* source; first copy; manuscript; one who has new and striking

idea. منبع' مسودہ پیدا کرنے والا' مُوجد *Alia has many original ideas.*

Originality (o-rij-i-nal′i-ti`) *n.* the quality of being original. مادہ اختراع' قوت تخلیق' نیا پن' جدت پسندی

Originally (o-rij′i-nal-i) *adv.* primarily; at first. ابتدا" شروع میں' اولاً" پہلے *This book was mine originally, but I gave it to Shazia.*

Originate (o-rij′i-nat)❶ *v.t.* to bring into existence. ایجاد کرنا' اختراع کرنا 'وجود میں لانا ❷— *v.i.* to begin. شروع کرنا' نکلنا' وجود پکڑنا

Origination (o-rij-i-na′shun) *n.* the act or mode of bringing into existence. ابتداء' ایجاد' اختراع ' تخلیق' آغاز

Originative *adj.* اختراعی ' تخلیقی' ایجادی

Originator (o-rij′i-na-tor) *n.* one who orginates. مُوجد' بانی' مخترع

Oriole *n.* زرّیں زاغ' سنہری کوّا

Orion (o-ri′on) *n.* a constellation. ستاروں کا ایک مجمع

Orison (or′i-zun) *n.* a prayer. مناجات' التجا' دعا' نماز

Orlians *n.* kind of plum. ایک قسم کا آلوچہ 'ایک سوتی اونی کپڑا

Orlop *n.* lowest deck of ship. جہاز کا نیچے کا عرشہ

Ormer *n.* ایک قسم کا گھونگا جسے کھاتے ہیں

Ormolu (or-mo-loo) *n.* a composition of brass, zinc and copper made to represent gold. پیتل جست اور تانبے کا مرکب ' طلائی ملمع' ایک بھرت

Ornament (or′na-ment) *n.* jewellery; decoration; embellishment. زیور' گہنا' زینت' آرائش' زیبائش *Rings, necklaces, brooches, earrings, and barcelets are ornaments which make one look prettier.*

Prepare (pre-par') *v.t.* & *i.* to make ready; to equip; to provide; to make a beginning; to adjust. تیار کرنا' مرتب کرنا' ٹھیک کرنا' مہیا کرنا' شروع کرنا' درست کرنا *Anila prepares to go to school early.*

Preparedness *n.* تیاری' مستعدی' آمادگی

Preparer *n.* آمادہ رہنے والا' تیار و مستعد شخص

Prepay (pre-pa') *v.t.* to pay beforehand. پیشگی دینا

Prepense (pre-pens') *adj.* preconceived. پہلے سے تجویز شدہ 'پہلے سے سوچا ہوا' بالقصد' بالارادہ

Preponderance (pre-pon'dur-ans) *n.* an out-weighing; superiority of power or influence. طاقت' وزن' تعداد میں برتری' زیادتی 'اہمیت

Peponderant *adj.* زیادہ اہمیت رکھنے والا' وزن' قوت' اثر یا تعداد میں برتر' زیادہ اہم' غالب

Preponderantly *adv.* زیادہ قوت سے' زور سے' اہمیت سے

Preponderate (pre-pon'dur-at) *v.t.* & *i.* to outweigh; to be heavier; to be superior to others. زیادہ وزنی ہونا' درجہ اور طاقت میں زیادہ ہونا 'غالب آنا

Preponderation *n.* کسی شے کی زیادتی یا اہمیت

Preposition (prep-o-zish'un) *n.* a word put before another to express the relation which one thing bears to another. حرف اضافت حرف ربط' حرف جار

Prepositional (prep-o-zi'shun-al) *adj.* having the force or character of a preposition. حرف اضافت کے متعلق ' حرف جار کے متعلق' ربطی

Prepositive (pre-poz'it-iv) *adj.* proper to be placed before. پہلے رکھے جانے کے قابل 'پہلے رکھا ہوا' سابقی

Prepossess (pre-poz-zes') *v.t.* to incline; to inspire; to preoccupy; to prejudge. قبضہ کرلینا' دل پھیرنا' متعصب کرنا' مائل یا رجوع کرنا طرفدار کرنا

Prepossession (pre-poz-zesh'un) *n.* prior possession. ٹھانی ہوئی بات ' تعصب' رغبت' میلان' ظن

Preposterous (pre-pos'tur-us) *adj.* absurd; contrary to reason; foolish. بے معنی' بعید از عقل 'احمقانہ

Prepotent *adj.* powerful in a high degree. قوی ترین زور آور (حیاتیات) جو اپنی نسل میں خصوصیات منتقل کرنے میں دوسروں سے زیادہ قوی ہو 'مقتدر

Prepuce *n.* loose skin of the penis. عضو تناسل کے سامنے کی کھال' غلاف' حشفہ کے اوپر کی کھال ' قلفہ

Prerequisit (pre-rek'wi-zit)❶ *adj.* previously required. ضروری' لازمی ❷— *n.* something previously required. بشرط اول' ضروری شے' لوازمہ

Prerogative (pre-rog'a-tiv) *n.* an exclusive or peculiar privilege; subject to no restriction. استحقاق کامل' پورا حق ' رعایت' اختیار قطعی

Presage (pres'aj)❶ *n.* a portent; an omen; foreboding. شگون' فال' غیب دانی ❷— *v.t.* & *i.* to predict; to portend; to show. پیش گوئی کرنا' کسی شدنی کی علامت ہونا' دلالت کرنا

Presbyopia *n.* weakness of near vision. آنکھ کی ایک بیماری جس میں دور کی چیزیں صاف اور نزدیک کی دھندلی نظر آتی ہیں

Presbyter (prez'bi-tur) *n.* a parson; an elder a minister. منتظم پادری' بڑا پادری' واعظ 'پریسبٹر

Presbyterian (pres-bi-te'ri-an) *n.* one governed by elders. جو شخص ایک فرقہ خاص مسیحی کے ماتحت ہو 'کلیسائی حکومت

Prescience (pre'shi-ens) *n.* foreknowledge; foresight. پیش بینی' علم غیب' عاقبت 'پیش آگاہی

Prescient (pre'shi-ent) *adj.* prophetic. پیش بین 'غیب دان' عالم غیب

Prescind *v.t.* cut off; cut short. کاٹ دینا' منقطع کردینا' توجہ ہٹادینا 'جدا کرنا' علیحدہ کرنا

Prescious (pre'shi-us) *adj.* having foresight. غیب دان

Prescribe (pre-skrib') *v.t.* & *i.* to appoint; to command; to dictate; to direct. مقرر کرنا' حکم دینا' نافذ کرنا (Med.) نسخہ لکھنا (Law) حق قدامت کا دعویٰ کرنا' ہدایت کرنا *The doctor prescribed a new medicine for the baby. He wrote out an order for us to take to the chemist.*

Prescript (pre'skript) *n.* direction; precept; ordinance; command. ہدایت' ہنگامی قانون' حکم 'فرمان

Prescription (pre-skrip'shun) *n.* a recipe; a claim from long use or possession. نسخہ' حق قدامت' تجویز

Presence (prez'ens) *n.* the state of being present; nearness; the person of a prince or superior; personal appearance; air; readiness. حاضری' موجودگی' قربت' نزدیکی' حضوری' خط و خال' وضع' مستعدی *The clown's presence at the circus meant fun for the children.*★ *Presence of mind,* coolness and readiness to act on occasions of difficulty. مشکل میں دلجمعی کرنا ★ *Graceful presence,* منظر خوشنما' بشرہ پرزینت

Presence chamber *n.* ایوان ملاقات' ملاقات کا کمرہ

Presence of mind *n.* مستقل مزاجی' حاضر دماغی

Present (pre-zent')❶ *adj.* being in the place in question; immediate; attentive; ready at hand. حاضر' موجودہ' حال کا' متوجہ *All the children in the class are present today. None is absent.* ❷— *n.* a gift. عطیہ' تحفہ *Baby received a present on her birthday.* ❸— *v.t.* to introduce; to set forth; to deliver; to bring before a court; to appoint; to lay before for consideration. پیش کرنا' ظاہر کرنا' حاکم کے روبرو کرنا' نذر کرنا

Presentable (pre-zent'a-bl) *adj.* capable of being presented. قابل نذر' قابل پیش کش ' خوش وضع' شائستہ

Presentation (pre-zen-ta'shun) *n.* an offering;

formal introduction; exhibition; appointment. چڑھاوا' نمائش' پیش کش' نذر' بھینٹ' عطا' احضار

Presentient *adj*. مستقبل کا حال جاننے والا' غیب دان

Presentiment (pre-sen′ti-ment) *n*. vague expectation; a forboding; anticipation of evil. سال سابقہ' پیش آئندہ آفت کا تصور کسی آنے والے خطرے کا احساس

Presently (pre-sent′li) *adv*. soon; shortly; before long; instantly. جلدی' فوراً' تھوڑی دیر کے بعد *Father will be home presently.*

Presentment *n*. act of presenting, a statement. احوال' مقدمہ' جیوری کا حلفیہ بیان تفتیش' ناٹک کی تمثیل' تماشا' خاکہ

Preservable *adj*. تحفظ پذیر

Preservation (pre-zur-va′shun) *n*. the act of keeping safe; security. حفاظت' نگہداشت' گلنے سڑنے سے بچاؤ' محفوظ رکھنا' حالت تحفظ

Preservative *adj*. محافظت کرنے والا' بچانے والا' محفوظ کرنے کی طاقت رکھنے والا

Preservatory (pre-zur′va-to-ri)❶ *n*. having the power of keeping safe. دوسری چیز کو بگڑنے نہ دینے والی چیز ❷— *n*. a preventive of injury or decay. محافظ' بچانے والا

Preserve (pre-zurv′)❶ *v.t*. to keep safe; to keep as fresh; to sustain; to secure. محفوظ رکھنا' قائم رکھنا' اچار یا مربہ ڈالنا *Mother bottles fruits to preserve them.* ❷— *n*. fruit preserved. اچار یا مربہ

Preserver *n*. محافظ' نگہبان' رکھوالا' تحفظ کنندہ' محفوظ کار

Preside (pre-zid′) *v.i*. to occupy chair of authority at a meeting; to exercise superintendence. کرسی صدارت پر بیٹھنا' میر مجلس ہونا *Azhar will preside at the club meeting.*

Presidency (prez′i-den-si) *n*. the term, office, residence or jurisdiction of a president. زمانہ صدر نشینی' عہدہ میر مجلس' حاکم کا علاقہ' پریذیڈنسی

President (prez′i-dent) *n*. the chief officer of a state, society or meeting; chairman. میر مجلس' صدر نشین' حاکم' پریذیڈنٹ *The head of the government in a republic, such as the President of the United States.*

Presidential *adj*. صدارتی

Press (pres)❶ *v.t. & i*. to apply steady force against; to squeeze; to crush; to embrace closely; to drive; to urge; to compel; to distress; to crowd. پریس' دبانا' نچوڑنا' آغوش میں چمٹالینا' گھیرنا' مجبور کرنا' تکلیف دینا' اکسانا' لپٹانا' بھیڑ کرنا *Press the button and the lift will stop.* ★ *To press against*, to bear strongly on. زور سے دبانا ★ *To press down*, to bear down. دبانا ★ *To press forward*, to urge on. دھکیلنا ★ *To press out*, to squeeze; to invade. نچوڑنا' حملہ کرنا ★ *To press on*. جلدی قدم رکھنا ❷— *n*. an instrument for squeezing; a printing machine; a crowd; urgency. شکنجہ' مطبع' چھاپنے کی کل' چھاپہ خانہ' ہجوم' ضرورت' تنگی *The story of the accident will be printed in the press.* **Pressing** (pres′ing) *adj*. urgent; important. ضروری' ناگزیر **Pressman** (pres′man) *n*. one who works at the press. چھاپنے والا' طبع کرنے والا' پریس مین **Press mark** *n*. حوالہ نشان **Press of sail** *n*. بادبانی دباؤ یا تناؤ **Press release** *n*. اخبارات کے لئے اعلامیہ **Press room** *n*. وہ کمرا جس میں چھاپنے والی مشین نصب ہو

Pressure (presh′ur) *n*. the act of pressing; exertion; continuous force; affliction; urgency. داب' ضرورت' بوجھ' دباؤ' پریشر *The eggs were broken by the pressure of other groceries.*

Prestidigitator *n*. one who shows tricks, conjurer. بازی گر' ہاتھ کی صفائی دکھانے والا' شعبدہ باز

Prestige (pres-tezh′) *n*. reputation; fascination; imposture; illusion created by past success. گذشتہ کارناموں کا اثر' رُعب داب' نام' ظاہری اقتدار' ناموری' شہرت

Presto *adj. & n*. a quick movement. تیز حرکت' تیز' تیزی سے' سرعت کے ساتھ

Presume (pre-zum′) *v.t. & i*. to take for granted; to infer; to conclude; to venture without leave. فرض کرنا' خیال کرنا' نتیجہ نکالنا' اخذ کرنا' جرأت کرنا *I presume you asked your mother if you might go.*

Presumption (pre-zum′shun) *n*. a strong probability; opinion; assurance. احتمال' گمان' قیاس' گستاخی' اعتبار' ظن' مفروضہ

Presumptuous (pre-zump′tu-us) *adj*. arrogant; unduly forward; confident. مغرور' پُرزعم' گھمنڈی' دلیر

Presuppose (pre-sup-poz′) *v.t*. to imagine beforehand; to assume. پہلے سے فرض کرلینا' آگے سے مان لینا' لازم آنا

Presupposition (pre-sup-po-zi′shun) *n*. presumption; previous surmise. گمان' قیاس' پیش از وقوع

Pretence (pre-tens′) *n*. false show; a pretext. بہانہ' حیلہ' ظاہرداری' نمائش' تصنع' ڈھونگ

Pretend (pre-tend)❶ *v.t*. to hold out falsely; to feign. بہانہ بنانا' حیلہ بنانا' ظاہرداری کرنا' بہانہ کرنا *Maria pretends to be 13 years old, but really she is only 10.* ❷— *v.i*. to allege falsely; to lay claim. جھوٹا دعویٰ کرنا' استحقاق ظاہر کرنا' مدعی ہونا

Pretender (pre-ten′dur) *n*. one who pretends or lays claim. مدعی باطل' بہانہ باز' حیلہ ساز' جھوٹا مدعی

Pretension (pre-ten′shun) *n*. a claim true or false; an assumed right. دعویٰ' استحقاق' مفروضہ دعویٰ' تصنع

Pretentious (pre-ten′shus) *adj*. full of pretension; ostentatious; presuming; vain. ظاہردار' بناوٹی' نمائشی

Preterite (pret′ur-it) *adj*. past; bygone. زمانہ سلف کا' گذشتہ کا' ماضی کا' پارینہ' دقیانوسی

Preterition (pret-ur-i′shun) *n*. the act of going past. حالت گذشتہ' فروگزاشت' سہو

Pretermission *n.* فروگذاشت' کوتاہی' بھول چوک

Pretermit (pre-tur-mit′) *v.i.* to pass by; to omit. درگزر کرنا' فروگذاشت کرنا' حذف کرنا' چھوڑ دینا

Preternatural (pre-tur-nat′u-ral) *adj.* beyond what is natural; extraordinary. خلافِ خلقت' خلافِ قدرت' غیر قدرتی 'خلاف عادت

Pretest *n.* پیش جائزہ' پیش آزمائش' ابتدائی ٹیسٹ

Pretext (pre′tekst) *n.* a pretence; an ostensible reason or motive. فرضی وجہ' مکر' حیلہ' بہانہ' عذر

Prettify *v.t.* خوبصورت بنا کر دکھانا' دلکش بنا کر پیش کرنا

Prettily (prit′i-li) *adv.* in a pretty manner. بہ لطافت' حُسن و خوبی سے' خوش اسلوبی سے

Pretty (prit′i)❶ *adj.* neatly arranged; comely; neat; pleasing. نفیس' عُمدہ' خوشنما' صاف' ادنیٰ' حقیر *Baby is pretty.* ❷— *adv.* moderately. کسی قدر' کچھ

Prevail (pre-val′) *v.i.* to be in a force; to succeed; to persuade. فوقیت رکھنا' مائل کرنا' رائج ہونا' فتح کرنا' غالب آنا

Prevailing (pre-val′ing) *adj.* prevalent; current; predominate; most common. جاری' موثر' رائج' غالب

Prevalence *n.* رواج' پھیلاؤ' اشاعت

Prevalent (prev′a-lent) *adj.* powerful; existing; most generally received. مروج' مستعمل' موثر' زور آور

Prevalently *adv.* رواجاً' عام طور پر

Prevaricate (pre-var′i-kat) *v.i.* to shuffle; to equivocate; to evade from the truth. زبان بدلنا' خلاف بیانی کرنا' سوال کے صحیح جواب سے بچنا' ٹال مٹول کرنا' ٹیڑھی چال چلنا' ہیر پھیر سے کام لینا' جھوٹ بولنا

Prevenient (pre-ve′ni-ent) *adj.* preventing; spreading the legs in walking; going before. پیش قدم' مانع' مقدم' سابق' پیشین

Prevent (pre-vent′) *v.t.* to thwart; to stop or intercept. تدارک کرنا' باز رکھنا' روکنا *Azhar's quick thinking prevented an accident.*

Prevention (pre-ven′shun) *n.* hindering by previous action. ممانعت' روک' تدارک *'An ounce of prevention is worth a pound of cure' means it is better to prevent a thing than to try to remedy it after it has happened.*

Preventive (pre-vent′iv)❶ *adj.* hindering; tending to prevent. دافع' بیماری کو دور رکھنے والی' مانع ❷— *n.* that which hinders. روک' علاج' دوا

Preview *n.* سابقہ منظر یا نمائش

Previous (pre′vi-us) *adj.* antecedent; prior; former. پہلا' سابقہ' اگلا' ما قبل *You will find a picture of a precipice on the previous page, on the page before this.*

Previously (pre′vi-us-li) *adv.* beforehand. گذشتہ' سابقاً *Previously I attended a different school, in the town where we used to live.*

Prevision (pre-vi′zhun) *n.* foresight. عاقبت اندیشی' پیش بینی

Prewarn *v.t.* خطرے سے آگاہ کرنا' پہلے سے آگاہ کرنا

Prey (pra)❶ *n.* plunder; spoil; a victim; booty. شکار' لوٹ' یغما' غنیمت *Mice are the prey of hawks. Hawks catch and eat mice.* ❷— *v.i.* to get food by shooting. شکار کرنا *Hawks prey upon mice.*

Preyer *n.* شکاری

Priapism *n.* presistant erection of penis. شہوت پرستی' استادگی' آلہ تناسل کی دائمی استادگی

Price (pris) *n.* the value which a seller sets on his goods; rates for anything; the equivalent; reward; cost. معاوضہ' دام' قیمت' مول' قدر' صلہ' اجر' بدل *The price of my shoes was Rs. 300.*

Pirce control *n.* ضبط نرخ

Price-cutting *n.* مال تجارت کی مروجہ قیمتوں میں کمی

Priceless (pris′les) *adj.* invaluable; without price. انمول' بے بہا *Many great and famous paintings are priceless.*

Pricer *n.* قیمت لگانے والا' نرخ کار

Prick (prik)❶ *v.t.* to make or mark with a sharp instrument. چبھنا' چبھونا' ڈنگ مارنا *Mother pricked her finger with a needle.* ❷— *n.* pain; point. چھید' چبھن' آنکس' آر' مہمیز *The prick hurt mother's finger.*

Pricker *n.* anything having a fine point. سوئی' کانٹا' سوا' سلائی' سوراخ کرنے کا آلہ

Prickle (prik′l) *n.* a small sharp point. کانٹا' خار' نوک *Blackberry bushes have many prickles on them.* ❷— *v.t.* to prick. چبھونا' چبھنا *Rehana's hand prickled when she touched the nettle, a plant that has little stingers on ti.*

Prickly (prik′li) *adj.* full of prickles. خاردار *Thistles are prickly. They have hairlike points or thorns on them that prick you when you hold or touch them.*

Prickly heat. گرمی دانہ

Pride (prid)❶ *n.* high opinion of one's own worth. غرور' تکبر' نخوت *Mother takes pride in keeping our house neat and clean. She would be ashamed if it were not.* ❷— *v.t.* to be proud. اپنے کو بہت بتانا' شیخی بگھارنا' بڑا سمجھنا' غرور کرنا *Grandmother prides herself on her cakes. She thinks they are very good.*

Priest (prest) *n.* a clergyman. پادری *Priests help people with their religion just as teachers help the students with their school work.*

Priestcraft (prest′kraft) *n.* the craft of priests. پادریوں کا فریب' پادریت

Priestess (prest′es) *n.* a female priest. پجارن' کاہنہ

Priesthood (prest′hood) *n*. the office or character of priest. پجاری کا عہدہ ' تمام پادری

Priestly (prest′li) *adj*. pertaining to a priest; sacredotal. پجاری کے متعلق ' مُرشدانہ ' پادریانہ

Prig (prig)❶ *n*. a thief; conceited, narrow minded fellow. چور ' بانکا ' چھیلا ❷— *v.t.* to steal. چوری کرنا ' موسنا

Prim (prim) *adj*. precise; formal; neat. ٹھیک ' صاف ' سنجیدہ ' تکلف شعار *Anam is very prim when she goes visiting.*

Primacy (pri′ma-si) *n*. the dignity or office of primate or archbishop. بڑے پادری کا رُتبہ یا عُہدہ

Prima donna *n*. بڑی گلوکارہ ' خودپسند ' متلوّن مزاج شخص

Prima facie (pri′ma-fa′shi-e) *adj*. on the very face of it; at first sight. پہلی ہی نظر میں ' بدیہہ النظر ' بدیہی ' ظاہر بادی النظر میں

Primage *n*. اضافی اُجرت

Primal (pri′mal) *adj*. original; primary; first. مقدم ' اعلیٰ ' اول ' قدیم ' ابتدائی ' اصلی ' پہلا

Primary (pri′mar-i) *adj*. first; original; chief. ابتدائی ' خاص ' اصلی *The primary classes in school are the first classes above the kindergarten.*

Primate (pri′mat) *n*. an archbishop. سردار ' پادری ' امام

Primates *n. p*. higher creatures. اعلیٰ مخلوق ' انسان

Prime (prim)❶ *adj*. foremost; first; principal; capital; first in rank; early; blooming. اول درجہ کی ' اول ' اصلی ' جلد ' خاص ' اعلیٰ ' اعظم ❷— *n*. utmost perfection; the best portion; youth; the dawn. اعلیٰ ' جوانی ' بہتر حصہ ' شباب ' صبح تڑکا ★ *Prime of life,* youth. عنوانِ جوانی ' عالم جوانی ❸— *v.t.* to put powder in the pan of a firearm; to lay on the first coating of colour. رنگ دینا یا رکھنا ' ابتدائی رنگ کرنا

Primer (pri′mur) *n*. an elementary educational book for children; a size of printing type. قاعدہ کی کتاب ' پرائمر ' ایک قسم کے چھاپنے کے حروف *Children learn to read from a primer.*

Primeval (pri-me′val) *adj*. being of the earliest age or time. اصلی ' ابتدائی ' قدیمی قبل تاریخ کا ' عتیق

Priming (prim′ing) *n*. the powder used to ignite a charge; a first layer of paint. رنجک ' کوٹ ' پیلا رنگ

Primipara *n*. پہلوٹھن ' وہ عورت جس نے پہلا بچہ جنا ہو

Primitive (prim′i-tiv)❶ *adj*. primary; original. پرانا ' اصلی ' قدیم ' ابتدائی دور کا *The cavemen were primitive people.* ❷— *n*. an original word. اصلی لفظ *Primitive dishes were made of clay.*

Primness (prim′nes) *n*. affected formality; preciseness. بناوٹی تکلف ' سنجیدگی ' اصول پرستی ' متانت

Primly *adv*. سنجیدگی سے ' متانت سے

Primogenitor (prim-o-jen′i-tor) *n*. an ancestor; the first father. جدّ ' جانشینی کا حق ' جدامجد ' مورث اعلیٰ

Primogeniture (prim-o-jen′it-ur) *n*. the right of the eldest son to inherit. بڑے بیٹے کا حق ' خلف اکبر

Primordial (pri-mor′di-al)❶ *adj*. original; first in order; existing from the beginning. اول ' ابتداء سے ' موجد ❷— *n*. a first principle. اُصول

Primp *v.t.* & *v.i.* زیب و زینت دینا ' بنا سنورنا یا کپڑے پہننا ' سنورنا

Primrose (prim′roz) *n*. the early flower. ایک قسم کا پھول ' بسنتی ' گلابی یا پیلے رنگ کا ' بسنتی گلاب *In the spring we often go into the woods to pick primroses and other wild flowers.*

Prince (prins) *n*. a sovereign's son; sovereign; person of rank. پرنس ' شہزادہ ' سلطان ' بادشاہ ' امیر ' راج کمار

Princedom (prins′dum) *n*. the rank of a prince; sovereignty. شہزادگی ' بادشاہت ' سلطنت

Princely (prins′li) *adj*. noble; magnificent. امیرانہ ' عظیم الشان ' شاندار ' شاہ خرچ

Princess (prin′ses) *n*. a female of the rank of prince; a king's daughter. شہزادی ' ملکہ

Principal (prin′si-pal)❶ *adj*. chief; first; most important; essential; chief or considerable. خاص ' اول ' اہم ' ضروری ' پرنسپل ' اصل *One of the principal reasons for going to school is to learn how to get along with other people.* ❷— *n*. a head; governor; the head of a college; capital sum lent on interest. سردار ' حاکم ' اصل رقم ' جمع ' راس المال ' پرنسپل

Principality (prin-si-pal′i-ti) *n*. supreme power; the country over which a prince rules. راج ' قلمرو ' مملکت ' بادشاہت ' ملک ' ریاست

Principally (prin′si-pal-li) *adv*. above all; chiefly; mainly. خاص کر ' بیشتر ' خصوصاً

Principia (prin-sip′i-a) *n. pl*. first principles. ابتدائی اصول ' بنیادی اصول

Principle (prin′si-pl) *n*. a course or origin; axiom; fundamental law; general truth. جڑ ' مول ' اُصول ' عام سچائی ' اصل ' کہاوت ' رکن ' اصول عمل ' سبب ' پرنسپل *Treating people as you would like to have them treat you is a good principle.*

Prink (pringk) *v.t.* & *i*. to dress for show; to strut. بناؤ کرنا ' اکڑنا ' بنا ٹھنا رہنا ' بھڑک دکھانا

Print (print)❶ *v.t.* to publish a book; to use type. نقش چھوڑنا ' نقش کرنا ' کتاب چھاپنا ' ٹائپ استعمال کرنا ' چھاپنا ' طبع کرنا ' شائع کرنا *Azhar left a clear handprint in the sand.* ❷— *n*. a mark made by pressure; anything produced by type. نقش ' چھاپہ *This book was printed in a very large press.*

Printer (print′ur) *n*. one who prints. چھاپنے والا ' طابع

Printing (print′ing) *n*. the art or pactice of

impressing letters of figures on paper.
چھاپنے کا ہُنر، پرنٹنگ ' طباعت ' چھپائی

Prior (pri′or)❶ *adj*. former; earlier. پہلا ' اولین پہلے سے ❷— *n*. the superior of a convent of monks. خانقاہ نائب ' خانقاہ کا سردار

Prioress (pri′or-es) *n*. the female prior. خانقاہ کی سردارنی راہبہ ' مقدم

Priority (pri-or′i-ti) *n*. preference; of which prior is the superior; antecedence.
اوّلیت ' ضروری ہونا ' سب سے پہلے ' فوقیت ' تقدیم

Priory (pri′or-i) *n*. a convent. پرائری ' خانقاہ

Prism (prizm) *n*. a solid whose surfaces are planes, and are similar and equal, and whose sides are parallelograms. مخروط ' منشور ' مخروطی

Prismatic (priz-mat′ik) *adj*. pertaining to prism.
منشوری ' منشور نما ' شوخ ' تیز ' منشوری

Prison (priz′n)❶ *n*. a jail; place of confinement. جیل خانہ *The thieves were sent to prison.* ❷— *v.t.* to confine; to enchain. قید کرنا ' پابہ زنجیر کرنا ' بند کرنا

Prisoner (priz′n-ur) *n*. a captive; one shut up in a prison. قیدی ' اسیر *Prisoners kept in a penal settlement have to work.*

Prissy *adj*. بالکل ٹھیک ' بہت اچھا ' نازک دماغ ' نمایاں طور پر عمدہ

Pristine (pris′tin) *adj*. earliest; first; primitive; original. سابق ' اول ' اصلی ' مقدم ' پراچین ' پرانا ' قدیم

Prithee (*prith′e*) I pray thee. میں آپ سے التجا کرتا ہوں

Privacy (pri′va-si) *n*. a state of being private; secrecy; solitude. خلوت ' گوشہ نشینی ' تنہائی ' پوشیدگی ' تخلیہ

Private (pri′vat)❶ *adj*. solitary; secret; not public; peculiar to one's self. خاص ' نجی ' ذاتی ' پوشیدہ ' پرائیویٹ *Our teacher had a private talk with mother. No one else was there to listen.* ★ *Private life.* گھر داری ★ *Private purse,* personal money. جیب خاص ★ *Private negotiation.* خفیہ خط و کتابت ★ *In private,* secretly. پوشیدہ طور سے ❷— *n*. a common soldier. ایک عام سپاہی

Privateer (pri-va-ter′) *n*. an armed private vessel to plunder the ships of enemy.
خانگی جنگی جہاز جو دشمنوں کے جہازوں کو لوٹے

Private law *n*. نجی قانون ' شخصی قانون

Privately (pri-vat′li) *adv*. secretly; personally.
چوری سے ' پوشیدگی سے ' چھپ کر ' ذاتی یا نجی طور پر

Private School *n*. نجی مدرسہ

Privation (pri-va′shun) *n*. loss; want; the act of depriving; hardship. نقصان ' تنگی ' محرومی ' غربت ' افلاس ' غریبی

Privative (priv′a-tiv)❶ *adj*. not positive; depriving. سلب کنندہ ' منفی ' نقصان رساں

Privatization *n*. نج کاری

Privatize *v.t.* نجی ملکیت میں دینا

Privet *n*. a half evergreen shrub used for hedges.
سفید پھول اور سیاہ پھل والی سدابہار جھاڑی جس کی باڑ لگائی جاتی ہے

Privilege (priv′i-lej) *v.t.* to grant some right; to authorize. اختیار ہونا ' بری کرنا ' رہا کرنا *Our teacher gave us the privilege of going home for our books. She let us go.* ❷— *n*. prerogative; right; immunity; a peculiar benefit.
استحقاق ' حق ' اختیار ' منصب ' رعایت ' فائدہ ' استثنا

Privileged *adj*. مقدم ' مراعات یافتہ ' کسی پسندیدہ شخص یا گروہ کے متعلق

Privily (priv′i-li) *adv*. privately; secretly.
چپکے سے ' پوشیدہ ' خفیہ

Privity (priv′i-ti) *n*. secrecy; privacy.
پوشیدگی ' رازداری ' واقفیت ' ذاتی علم

Privy (priv′i)❶ *adj*. secret; privately knowing; private; not open to all. خفیہ ' پوشیدہ ' خاص رازدار ' خانگی ★ *Privy Council*, a Council of the British King. انگلستان کے بادشاہ کی مجلس ★ *Privy seal or signet.* مہر کوچک ' جس کے ہاتھ میں مہر سلطانی ہو ❷— *n*. a latrine. پاخانہ ' بیت الخلاء

Prize (priz)❶ *n*. a reward; something won by chance; booty. انعام ' صلہ ' یغما ' فوج کی لوٹ ' پرائز *The teacher gave a pencil as a prize to the person who could name the greatest number of flowers.* ★ *To make prize of,* to capture. گرفتار کرنا ❷— *v.t.* o set a price on; to esteem; to count of great value. قدر کرنا ' بیش قیمت جاننا ' تعظیم کرنا
We prize this picture. It is worth much to us.

Prize fight *n*. انعامی مکہ بازی

Prize fighter *n*. باکسر ' مکہ باز

Prize money *n*. انعامی رقم

Prize-ring (priz′ring) *n*. the ring for which a prize-fight takes place. رنگ ' اکھاڑہ

Pro *prefix*. before, for. سابقہ ' برائے ' واسطے ' لئے ' خاطر ' پہلے

Pro bono publico. سب کی بھلائی کے لئے

Proforma. حسب ضابطہ ' رسمی تکمیل کے لئے ' پروفورما

Prorata. حسب شرح ' تناسب کے مطابق

Pros and Cons *n*. مخالف اور موافق دلائل

Probability (prob-a-bil′i-ti) *n*. likelihood; a likely thing; appearance of truth. احتمال ' قرینہ ' قیاس ' امکان

Probable (prob′a-bl) *adj*. credible; likely. قرین قیاس ' اغلب ' ممکن *Rain is probable today.*

Probably (prob′a-bl-i) *adv*. likely; in a probable manner. شاید ' غالباً *Probably Maria stayed at home because of illness.*

Probate (pro′bat) *n*. the proof of a person's will in a court. وصیت نامہ کا ثبوت باضابطہ ' وصیت کی تصدیق

Probation (pro-ba′shun) *n*. trial; the period of trial; examination; a means of finding out truth.

امتحان' آ جانچ' زمانہ آزمائش *The man went to work on probation. He was given a chance to show that he could do the work well.*

Probationary (pro-ba′shun-ar-i) *adj*. serving for trial. شاگردی' اُمیدواری' آزمائشی' امتحانی

Probationer (pro-ba′shun-ur) *n*. a person on trial. نوآموز' زیر امتحان' مبتدی کار آموز' امیدوار

Probative, Probatory *adj*.
استدلال پذیر' شہادتی' امتحان یا آزمائش کے لئے کام آنے والا

Probe (prob)❶ *n*. a surgeon's instrument for examining a wound; ulcer. جراح کا نشتر' سلائی' چھان بین' کھوج ❷— *v.t.* to examine with a probe; to search thoroughly.
نشتر سے زخم کو ٹٹولنا' اچھی طرح جانچنا' چھان بین کرنا' تفتیش کرنا

Probity (prob′i-ti) *n*. honesty; integrity; tried virtue; goodness; uprightness; sincerity.
صداقت' دیانت' شجاعت' اصابت' راستبازی

Problem (prob′lem) *n*. a question put forward to be solved. مسئلہ' سوال حل طلب' شکل عملی *This is a problem; If one apple costs two pence, how much will six apples cost?*

Problematic *adj*. مبہم' مشکوک' مشتبہ' مسئلہ بن جانے والا

Problematical (prob-le-mat′ik-al) *adj*. doubtful; unsettled; questionable. مشکوک' اعتراضی' متنازعہ

Proboscis (pro-bos′is) *n*. the snout or trunk of an elephant; tube by which insects suck the juices of flowers. خرطوم' سونڈ' تھوتھنی

Procedural *adv*. باضابطہ' قاعدے کے مطابق

Procedurally *adv*. قاعدے کی رو سے

Procedure (pro-se′dur) *n*. the manner of proceeding; process; a step taken. طریق' طرز' دستور العمل' کارروائی' انتظام *Azhar follows this procedure in learning to spell: first he says the word, then he spells it to himself three times, then he writes it three times.*

Proceed (pro-sed′) *v.i.* to advance; to come; to conduct; to go forward. کاربند ہونا' عمل کرنا' آگے جانا' جاری ہونا *The old man proceeded down the road. He went on.*

Proceeding (pro-sed′ing) *n*. progress from one thing to another; a transaction; step taken; operation. اجرائے کار' کارروائی' تدبیر' عمل *Alia gave a report of the proceedings at the meeting.* ★ *Interlocutory proceeding.* حکم درمیانی

Proceeds (pro′sedz) *n. pl.* money brought in by some piece of business; yield; product; sum realised from sale. آمدنی' یافت' حاصل ★ *Proceeds of land*, rent. محاصل' وصول ★ *Sale proceeds.* وصول نیلام فروخت سے حاصل ہونے والی رقم

Process (pros′es) *n*. operation; advance; procedure. طریقہ کارروائی' اجراء' عمل' حکمنامہ عدالت *What process is used in making jelly?* ★ *Process of duress,* تدارک ★ *Process of time.* القضاء وقت ★ *Forcible process.* تدارک بالجبر

Procession (pro-sesh′un) *n*. a train of persons moving with ceremonious solemnity; the act of proceeding. جلوس' سواری' تسلسل *Children marching along in a line make a procession.*

Proclaim (pro-klam′) *v.t.* to announce; to publish; to declare openly; to outlaw.
اعلان کرنا' مشتہر کرنا' ظاہر کرنا' مشہور کرنا' خارج کرنا' منادی کرنا

Proclamation (pro-kla-ma′shun) *n*. publication; announcement. منادی' اشتہار' اعلان' اعلان عام

Proclivity (pro-kliv′i-ti) *n*. tendency; inclination; readiness. میلان طبع' خواہش' میلان' شوق' رجحان' جھکاؤ

Proconsul (pro-kon′sul) *n*. Roman officer who acted for a consul.
زمانہ سلف میں روم کا قدیم قائم مقام صوبہ دار یا سفیر' عامل

Procrastinate (pro-kras′ti-nat) *v.t.* & *i.* to put off till tomorrow; to postpone.
ٹالنا' آج کل کرنا' لیت و لعل کرنا' ملتوی کرنا دیر کرنا

Procrastination (pro-kras′ti-na-shun) *n*. delay. دیر

Procreate (pro-kre-at) *v.t.* to engender; to beget.
جننا' پیدا کرنا' تولد کرنا' جنم دینا' افزائش کرنا

Procreation (pro-kre-a′shun) *n*. generation; the act of begetting. ولادت' پیدائش' جنم' تولید

Proctor (prok′tor) *n*. an official in a university; attorney in church cases; procurator.
یونیورسٹی میں ایک افسر' دینی عدالت کا وکیل مختار' پراکٹر

Procumbent (pro-kum′bent) *adj*. leaning forward; lying on the face. لیٹا ہوا' جھکا ہوا' پچھواں' غلطاں

Procurable (pro-kur′a-bl) *adj*. obtainable.
ممکن الحصول' قابل حصول' جو حاصل ہو سکے

Procuration (pro-kur-a′shun) *n*. agency; the act of procuring; management of another's affairs; document conferring power.
حصول' تحصیل' مختاری' مختار نامہ' دلالی

Procurator (prok′u-ra-tor) *n*. a manager of another's affairs; legal agent; proctor. مختار' متولی' دلال

Procure (pro-kur′) *v.t.* to get; to acquire; to gain; to attract. پانا' پیدا کرنا' حاصل کرنا' راغب کرنا' بہم پہنچانا

Procurer (pro-kur′ur) *n*. a pimp. دلال' بہم پہنچانے والا' کٹنا

Procuress (prok′u-res) *n*. a female pimp; bawd.
کٹنی' دلالہ

Prod *v.t.* & *n*. prick, poke.
چبھونا' گھسانا' بھونکنا' تنگ کرنا' آری' نوکدار اوزار' چھیڑنا

Prodigal (prod′i-gal)❶ *adj*. lavish; extravagant; profuse. مسرف' فضول خرچ ❷—*n*. a spendthrift.

فضول خرچ شخص، فضول خرچ مصرف، مسرف، شاہ خرچ

Prodigality (prod-i-gal′i-ti) *n.* splending too much. فضول خرچی، شاہ خرچی، اسراف

Prodigally (prod′i-gal-li) *adv.* wastefully; lavishly. فضول خرچی سے، اسراف سے

Prodigious (prod′i-ji-us) *adj.* astonishing; enormous; huge; extraordinary. عجیب، غیر معمولی، بے انداز، عظیم، حیرت انگیز

Prodigiously *adv.* عجیب و غریب طور پر، انوکھے پن سے، نرالے انداز سے

Prodigiousness *n.* حیرت انگیز، نرالا پن، انوکھا پن

Prodigy (prod′i-ji) *n.* miracle; a wonder; a portent; a monster. عجب، حیرت انگیز، شگون، فال

Prodromal *adj.* پیش علامتی

Prodrome *n.* مرض کے ظاہر ہونے سے پہلے کی علامت

Produce (pro-dus′) ❶ *v.t.* to bring forth; to bring forward; to bring about; to yield; to supply; to effect; to extend as a line; to bear; to exhibit. لانا، حاضر کرنا، پھیلانا، دینا، پیدا کرنا، پیش کرنا، ظاہر کرنا، پھیلانا، دینا، وجود میں لانا *Alia produced the pieces of glass as proof that the vase was broken.* ❷— *n.* agriculture; product. زراعتی پیداوار *The farmer takes his produce to market.*

Producer (pro-du-sur) *n.* one who produces. پیدا کرنے والا *Grandfather is a producer of corn.*

Producible (pro-du-si-bl) *adj.* that may be produced. جو پیش کیا جا سکے، جو پیدا ہو سکے

Product (prod′ukt) *n.* effect; result; yield; number resulting from multiplication. نتیجہ، پیداوار، مصنوعات، نتیجہ *Cars are manufactured products.*

Production (prod-uk′shun) *n.* the act or process of producing; fruit of labour; literary composition. پیداوار، نتیجہ، تصنیف *Production is better in well-lit factories, More goods are made in less time.*

Productive (pro-duk′tiv) *adj.* generative; fruitful; efficient; causing to exist; fertile. پیدا کرنے والا، زرخیز، بار آور، معنی خیز، سودمند

Proem (pro′em) *n.* something that introduces; a preface. تمہید، دیباچہ، مقدمہ، تعارف، پیش لفظ

Profanation (pro-fa-na′shun) *n.* irreverent treatment; desecration. بے عزتی، بے رحمتی، الحاد، بے ادبی، ناپاکی

Profane (pro-fan′) *adj.* godless; impure; unholy; secular; not sacred. ملحد، ناپاک، نجس، غیر متبرک ❷— *v.t.* to treat with irreverence; to desecrate. بے ادبی کرنا، ناپاک کرنا، پلید کرنا، غلط استعمال کرنا

Profanely (pro-fan′li) *adv.* blasphemously; impiously. ناپاکی سے، بے ادبی سے، ملحدانہ

Profanity (pro-fan′i-ti) *n.* profane language or conduct. کفر، ناپاک، پاک چیزوں میں غیر ادبی الفاظ، بے حرمتی

Profess (pro′fes) *v.t.* & *i.* to pretend; to confess; to declare openly; to acknowledge. اقبال کرنا، اقرار کرنا، ظاہر کرنا، دعویٰ کرنا، مدعی ہونا، بتانا

Professedly (pro-fes′ed-li) *adv.* with open declaration; avowedly. ظاہراً، صریحاً، بظاہر، مبینہ طور پر

Profession (pro-fesh′un) *n.* an avowal; vocation; declaration; business; work. اقبال، دعویٰ، اقرار، پیشہ، شغل، نوکری *The work of a doctor, dentist, clergyman, or teacher is a profession.*

Professional (pro-fesh′un-al) *adj.* pertaining to or engaged in profession. پیشہ کے متعلق، پیشہ ور، پیشہ ورانہ

Professor (pro′fes-or) *n.* a person who publicly teaches any subject, particularly in a university or college. یونیورسٹی کا مدرس، کالج کا پروفیسر، استاد، عالم

Professorship (pro′fes-or-ship) *n.* the office of a professor. عہدہ معلمی، عہدہ مدرسی، پروفیسر کا عہدہ

Proffer (prof′ur) ❶ *v.t.* to offer; to undertake; to tender; to propose for acceptance. پیش کرنا، گزارنا، نذر کرنا، آگے رکھنا ❷— *n.* an offer made; a proposal. عرضی، درخواست، تجویز، آرزو

Profferer *n.* نذر کرنے والا، درخواست گزار

Proficiency (pro-fish′en-si) *n.* a skill and knowledge acquired. استعداد، فضیلت، مہارت، قابلیت

Proficient (pro-fish′ent) ❶ *adj.* fully versed; complete. ماہر، گنی، مکمل ❷— *n.* an adept or expert. فاضل، کامل، لائق، قابل


PROFILE

Profile (pro′fil) *n.* the side face; an outline. خاکہ، یک رخی تصویر ❷— *v.t.* to draw in profile; to draw with a side view. خاکہ بنانا، یک رخی تصویر کھینچنا

Profit (prof′it) ❶ *n.* an advantage, benefit or gain. منافع، فائدہ، پرافٹ *Azhar's profit from selling papers last week was Rs. 50,000.* ❷— *v.t.* & *i.* to improve; to derive profit; to gain advantage. نفع اٹھانا، ترقی کرنا، آگے بڑھانا، نفع دینا

Profitable (prof′it-a-bl) *adj.* bringing gain or profit; useful. مفید، فائدہ مند، سودمند، نفع بخش

Profiteer *v.i.*& *n.* make an unduly large profit. نفع اندوزی کرنا، نفع خور

Profitless (prof′it-les) *adj.* doing no good bringing no gain. بے سود، بے فائدہ

Profligacy (prof′li-ga-si) *n.* a wicked course of life. بدکاری، عیاشی، اوباشی، اسراف

Profligate (prof′li-gat) ❶ *adj.* openly wicked; lost to virtue; dissolute; vicious. بدکار، آوارہ، فاسق ❷— *n.* a depraved man. بدچلن یا آوارہ شخص

Profluent *adj.* آہستہ رو، فراوانی سے بہنے والا

Proforma *adj & n.* ضابطے کی خاطر، کسی قانونی تقاضے کی تعمیل میں

Profound (pro-fownd′)❶ *adj.* humble; deep in knowledge. عالم، گہرا، فاضل ❷— *n.* the abyss, the sea or ocean. گہرا، بحر، بحرِ اعظم

Profundity (pro-fund′i-ti) *n.* depth of place of knowledge. گہرائی، عمق، فضیلت، تبحرِ علمی

Profoundly (pro-fownd′li) *adv.* deeply; extremely. گہرائی سے، باریک بینی سے، بہ نظرِ غائر

Profuse (pro-fus′) *adj.* exuberant; lavish; prodigal. مسرف، فضول خرچ، وافر، بہ افراط

Profusely (pro-fus′li) *adv.* lavishly. فضول خرچی سے، مسرفانہ، بہ کثرت

Profusion (pro-fu′zhun) *n.* plenty; exuberance. فضول خرچی، شاہ خرچی، بہتات

Prog (prog)❶ *n.* victuals; mean food. خوراک، کھانا، لقمہ گدائی ❷— *v.t.* to steal; to wander begging. چوری کرنا، گدائی کرنا، ناجائز حیلوں سے روزی پیدا کرنا

Progenitor (pro-jen-i-tor) *n.* the founder of a family. جد، مورث، مورثِ اعلیٰ، جدِ امجد

Progeny (proj′e-ni) *n.* race; descendents; offspring; generation. اولاد، نسل، خاندان، اخلاف

Prognosis (prog-no′sis) *n.* a forecast of the course of a disease. تشخیصِ مرض، پیش بینی

Prognostic (prog-nos′tik)❶ *adj.* foreshowing; foreboding. پیش گوئی کرنے والا، پہلے سے جاننے والا ❷— *n.* a prediction; an omen. پیش گوئی، شگون، فال

Prognosticate (prog-nos′ti-kat) *v.t.* to foreshow; to prophesy; to foretell. پیشن گوئی کرنا، خبر دینا

Prognostication (prog-nos-ti-ka′shun) *n.* a foretoken. علامت، پیش گوئی، شگون، پیش خبری

Prognosticative *adj.* پیشن گوئی کرنے والا

Prognosticator (prog-nos′ti-kat-or) *n.* one who predicts. جوتشی، فال گو، پیشگوئی کرنے والا شخص

Programme (pro′gram) *n.* a plan of proceeding; statement of the order of proceeding in an entertainment. لائحہ عمل، تفصیل وار اشتہار، پروگرام *The teacher put our programme of classes on the blackboard.*

Progress (prog′res)❶ *n.* a going forward; advance; proficiency. آگے کی ترقی، بڑھاؤ، لیاقت *A snail makes slow progress.* ❷— *v.t.* to advance. ترقی کرنا *Some children progress more quickly in school than others.*

Progression (pro-gresh′un) *n.* course; regular or proportional advance; advance. رفتار، ترقی، تسلسل د

Progressive (pro-gres′iv) *adj.* making steady advance. ترقی کرنے والا، ترقی پذیر *A city that is progressive is one that makes improvements, carries out new ideas, and is quite modern.*

Progressively *adv.* رفتہ رفتہ، تدریجی طور پر

Progressivism *n.* ترقی پسندیت

Progressivist *n. & adj.* ترقی پسند شخص

Prohibit (pro-hib′it) *v.t.* to forbid; to prevent; to interdict by authority. منع کرنا، مزاحمت کرنا، ممانعت کرنا، خارج کرنا *There is a prohibition against parking for more than an hour in this street.*

Prohibition (pro-hi-bi′shun) *n.* an interdict; the act of forbidding. ممانعت، روک، امتناع، مزاحمت، رکاوٹ

Prohibitive, Prohibitory (pro-hib′it-iv, pro-hib′it-o-ri) *adj.* implying prohibition. امتناعی، مزاحمتی

Project (pro-jekt) *v.t. & i.* to throw out or forth; to cut; to scheme; to delineate. آگے کو نکلنا، آگے کو نکلا یا اُبھرا ہوا ہونا، منصوبہ بنانا، کسی بات کی تجویز کرنا، خاکہ بنانا، منصوبہ، پروجیکٹ *The porch roof projects a little to keep the rain from blowing into the porch.* ❷— *n.* a plan; a scheme. تجویز، نقشہ، ایجاد، خاکہ، منصوبہ *Building a house-boat is father's favourite project.*

Projectile (pro-jek′til) *adj.* throwing forward. آگے دھکیلنے والا، محرک ❷— *n.* a body impelled forward; a missile from a gun. آگے کو دھکیلی ہوئی شے، چلا کر مارنے والی چیز، مثلاً بندوق کی گولی، تیر

Projection (pro-jek′shun) *n.* a plan; a scheme; a delineation; the act of shooting forward. اُبھار، منصوبہ، نقشہ، خاکہ *Azhar stood on the rocky projection and looked out over the valley.*

Projector (pro-jek′tor) *n.* schemer; designer; one who forms a scheme. منصوبہ باز، مُوجد، فلم دکھانے والی مشین

Prolapse *v.i. & n.* a falling down. نیچے گرنا، سرک جانا، اُتر جانا، پھسلنا، لٹکنا

Prolate (pro′lat)❶ *adj.* extended in length; stretched; lengthened towards the hole. لمبا، پھیلا ہوا، سوراخوں کی طرف پھیلا ہوا ❷— *v.t.* to pronounce; to utter. تلفظ کرنا، بولنا

Prolegomenon *n.* تعارفی بیان، مقدماتی مطالعہ، ابتدائی جائزہ

Prolegomenous *adj.* تمہیدیہ، ابتدائیہ، افتتاحیہ

Prolepsis *n.* anticipation. پیش قیاسی، پیش خیالی، پیش بینی

Proletarianism *n.* عوام کی حالت، عوام کے سیاسی حقوق کی حمایت

Prolicide *n.* killing of off spring. بچہ کشی، اولاد کشی

Proliferous *adj.* roducing new parts. اپنے جسم سے نئے بچے پیدا کرنا، نئے پودے پیدا کرنے کی صلاحیت رکھنے والا

Prolific (pro-lif′ik) *adj.* generative; fruitful. بچے دینے والی، ثمردار، زرخیز، کثیرزا، وافر، فراواں

Prolificacy (pro-lif′i-ka-si) *n.* fruitfulness. پیدائش، ثمر آوری، بچہ خیزی

Prolifically *adv.* کثرت سے، زرخیزی سے

Prolix (pro′liks) *adj.* diffuse; long; tedious. طویل، دراز، لمبا، طولانی، باتونی، بڑ گو

Prolixity (pro-liks′i-ti) *n.* tediousness; great length. طوالت، تھکان، طویل کلام، پرگوئی
Prolocutor *n.* میر مجلس، کسی کی نمائندگی میں بولنے والا
Prologue (pro′log) *n.* the preface to a speech or poem. مقدمہ، دیباچہ، ناٹک کی تمہید، افتتاحیہ
Prolong (pro-long′) *v.t.* to postpone; to lengthen; to extend; to continue. دراز کرنا، ملتوی کرنا، وقفہ ڈال دینا *The teacher said she would not prolong her talk, but would leave time for us to ask questions.*
Prolongation (pro-lon-ga′shun) *n.* act of prolonging; an extension; delay. دیر، بڑھاؤ، طوالت، توسیع
Prolonger *n.* طول دینے والا شخص
Prolusion *n.* تمہید، افتتاحیہ، ابتدائی مضمون
Prom *n.* کالج یا ہائی سکول کا رسمی رقص
Promenade (prom-e-nad′)❶ *n.* a place set apart for walking; walk for pleasure. چہل قدمی، روش سیر ❷— *v.t.* to walk for pleasure. سیر کرنا، ٹہلنا
Prominence (prom′i-nens) *n.* projection; protuberance; conspicuousness. اونچائی، اُبھار شہرت، امتیاز، نمود
Prominent (prom′i-nent) *adj.* conspicuous; eminent. ممتاز، نکلا ہوا، مشہور، نامی گرامی *A long nose is a prominent nose.* ★ *To take prominent part,* to be a leader. سرداری کرنا، پیشوائی کرنا
Prominently (prom′i-nent-li) *adv.* conspicuously; eminently. ممتازاً، نکلا ہوا، ظاہراً، نمایاں طور پر
Promiscuous (pro-mis′ku-us) *adj.* mixed; confused; indiscriminate. ملاجلا، مخلوط، بلا تفریق، گڈمڈ
Promiscuously (pro-mis′ku-us-li) *adv.* indiscriminately. بے امتیازی سے، مخلوط طور پر، بے ترتیبی سے
Promise (prom′is)❶ *n.* pledge; hopes. قول، توقع، وعدہ، اُمید *Azhar gave me his promise to be here at 9 o′ clock.* ❷— *v.t.* to assure; to convenant; to make a promise of; to pledge; to bestow. قرار کرنا، یقین دلانا، اُمید دینا، وعدہ کرنا، عطا کرنا *Azhar promised to be here at 9 o′ clock.*
Promissory (prom′is-so-ri) *adj.* containing a promise. اقراری ★ *Promissory note.* ٹیپ، رُقعہ، دستاویز
Promontory (prom′on-to-ri) *n.* a high rock or point of land stretching out into the sea; cape; headland. راس، زمین، چٹان کا بڑھا ہوا حصہ
Promote (pro-mot′) *v.t.* to advance; to excite; to forward; to abet; to elevate. ترقی دینا، بڑھانا، مدد دینا، سرفراز کرنا *Omer was promoted from the second eleven to the first.*
Promoter (pro-mo′tur) *n.* an encourager; one who encourages or promotes. موئد مددگار، پروموٹر، حامی
Promotion (pro-mo′shun) *n.* advancement; encouragement. ترقی، تقویت، حمایت، سرفرازی *Uncle Ali got a promotion from captain to major.*
Prompt (promt)❶ *adj.* quick; easy; ready. آسان، بلاتوقف، مستعد، چست *Azhar is always prompt at school.* ❷— *v.t.* to instigate; to dictate; to assist; to move; to suggest action. تجویز کرنا، حکم دینا، دل میں ڈالنا، مدد کرنا *The good weather prompted us to go outside.* ★ — *Prompt payment.* بلاتوقف ادائیگی زر
Prompter (promt′ur) *n.* one who suggests words to a speaker; one who prompts. یاد دلانے والا ترغیب دہندہ
Promptitude (promt′i-tud) *n.* carefulness; alacrity; quickness. تیزی، چالاکی، مستعدی، پھرتی
Promptly (promt′li) *adv.* cheerfully; readily. مستعدی سے، خوش خوش، فوراً، بلاتوقف
Promulgate (pro-mul′gat) *v.t.* to publish; to proclaim. پھیلانا، شائع کرنا، مشہر کرنا، منادی کرنا
Promulgation (pro-mul-ga′shun) *n.* declaration; publication. اشتہار، منادی، اشاعت، تشہیر
Prone (pron) *adj.* lying with the face downward. سر کے بل، راغب، آگے جھکا ہوا، اُوندھے مُنہ، مائل
Proneness (pron′nes) *n.* disposition; declivity. رغبت، جھکاؤ، شوق، میلان
Prong (prong) *n.* the point of a fork. دوشاخہ، کانٹا
Pronominal (pro-nom′i-nal) *adj.* belonging to a pronoun. متعلق بہ ضمیر، ضمیری
Pronoun (pro′nown) *n.* a word used instead of a noun. ضمیر، لفظ جو بجائے اسم استعمال کیا جائے، پرونون *The word ‘he’ is a pronoun used in speaking of men and boys.*
Pronounce (pro′nowns) *v.t.* to utter formally; to give the proper sound; to declare. تلفظ کرنا، رائے ظاہر کرنا *The word ‘quay’ is pronounced just like the word ‘key’.*
Pronounced *adj.* صریح، واضح، نمایاں، متعین
Pronouncedly *adv.* واضح طور پر، کھلے انداز میں، صریحاً
Prounouncement *n.* بیان، اظہار، رائے، اعلان یا اقرار، رسمی اعلان، فیصلہ
Pronunciation (pro-nun-si-a′shun) *n.* correct utterance. تلفظ *The pronunciation of the word ‘quay’ is the same as the pronunciation of the word ‘key’*
Proof (proof)❶ *n.* something which tests; trial; evidence; demonstration; first impression from types. آزمائش، ثبوت، دلیل، شہادت، تختی، چھپا ہوا کاغذ کا پروف *Azhar offered proof that he had been in Paris.* ❷— *adj.* impenetrable. سخت، جس کے آرپار کوئی چیز نہ جا سکے *The barn wall was propped up with long poles.*

P

Proof-reader *n.* پروف پڑھنے والا

Prop (prop)❶ *n.* on which something rests; a support. روکنا' سنبھالنا ❷— *v.t.* to support. ٹیک' روک *The barn wall was propped up with long poles.*

Propaedeutics *n.* مبادیات' تمہیدی مضامین' شروعات 'اصولیات

Propaedeutics, Propaedeutical *adj.* ابتدائی' تمہیدی' اولیاتی

Propagable *adj.* قابلِ تشہیر' لائقِ اِشاعت' قابلِ افزائش

Propaganda (prop-a-gan' da) *n.* an institution or system for propagating of any doctrine. اصول مذہبی وغیرہ کی ترقی کی مشوری' پراپاگنڈا' تشہیر' نشرواشاعت

Propagate (prop' a-gat) *v.t.* to beget; to multiply by generation; to increase. پیدا کرنا' زیادہ کرنا 'پھیلانا

Propagation (prop-a-ga' shun) *n.* multiplication of plant or animal; spreading a hoard of knowledge. پھیلاؤ' تولید ' افزائش' نشرواشاعت' پرچار

Propel (pro-pel') *v.t.* to drive forward; to press on by force. آگے بڑھانا' آگے دھکیلنا 'دھکا دینا' ٹھیلنا

Propendency (pro-pend' en-si) *n.* tendency of desire. جھکاؤ' رغبت 'میلان

Propense (pro-pens') *adj.* naturally inclined. قدرتی طور پر راغب 'جھکا ہوا' مائل

Propensity (pro-pens' i-ti) *n.* inclination to good or evil; tendency. رغبت' میل 'میلان' رُجحان

Proper (prop' ur) *adj.* belonging to one's own self; correct. خاص' ذاتی' ٹھیک کا' ٹھیک 'مناسب *It is proper to drive on the left-hand side of the road.*

Properly (prop' ur-li) *adv.* in a right or becoming way. ٹھیک طور پر' بخوبی' مناسب طور پر' درستی کے ساتھ

Property (prop' ur-ti) *n.* that which is a person's own; ownership; estate. ملکیت' جائیداد' مِلک' اِملاک 'مالی *The property along the river has been worth more since the park was made.*

Prophecy (prof' e-si) *n.* a prediction; foretelling. پیش گوئی' غیب گوئی *The old man's prophecy that there would be a war came true. There was a war.*

Prophet(prof' et) *n.* one who fortells futures. رسُول' پیغمبر' نبی' روشن ضمیر

Prophetess(prof' et-es) *n.* a female prophet. الہام گو عورت ' نبیہ

Prophetic (prof-et' ik) *adj.* foretelling future events. الہامی' غائبانہ 'پیش گوئی سے متعلق

Prophylactic (prof-i-lak' tik) *adj.* a medicine which preserves against disease. مرض سے محفوظ رکھنے کی دوا 'احتیاطی' مرض روک

Propinquity (pro-ping' kwi-ti) *n.* nearness; kindred. نزدیکی رشتہ ' قرابت' عزیزداری' رشتہ داری

Propitiate (pro-pish' i-at)*v.t.* & *i.* to conciliate; to appease; to atone. خوش کرنا' مہربان کرنا' منانا 'بہلانا

Propitiation (pro-pish-i-a' shun) *n.* atonement; the act of appeasing. کفارہ' رضامندی 'رضاجوئی

Propitiatory (pro-pi-shi-a-to-ri) *adj.* serving to render favourable. راضی یا مہربان کرنے والا 'مصالحت آمیز

Propitious (pro-pi' shus) *adj.* kind; gracious; favourable; willing and ready to help. مہربان' موافق' مبارک' سازگار' شفیق

Proplasm (pro' plazm) *n.* a matrix; mould. قالب' سانچا

Proponent *adj.* & *n.* proposing. محرک' مجوز' تجویز پیش کرنے والا' علمبردار' حامی

Proportion (pro-por' shun)❶ *n.* the rule of three; symmetry; comparative relation; fair share. برابر یا ٹھیک حصّہ' انداز' قرینہ' مناسبت' خوش اندامی' اربعہ متناسبہ' تناسب *A great proportion of the earth's surface is under water.* ❷— *v.t.* to fit as to size or quantity; to divide justly. مطابق کرنا' مناسب حصّوں میں تقسیم کرنا

Proportional representation. متناسب نمائندگی' آبادی کے تناسب سے نمائندگی

Proportionally (pro-por' shun-al-li) *adv.* in a stated degree. اندازہ سے' اِس قدر 'نسبت سے' حسب تناسب

proportionate (pro-por' shun-at) *adj.* having due relation. باقرینہ' متناسب 'ہم نسبت

Proposal (pro-po' zal) *n.* a plan or scheme; design. تجویز' نقشہ' پرپوزل *Azhar's proposal to have a picnic was agreed to.*

Propose (pro-poz') *v.t.* to bring forward for consideration; to offer one's self in marriage. پیش کرنا' تجویز کرنا' چاہنا' شادی کی درخواست کرنا *The young man proposed to the young woman.*

Proposition (prop-o-zish' un) *n.* terms given; proposal. تجویز' قول' درخواست 'تدبیر' مسئلہ

Propound (pro-pownd') *v.t.* to offer for consideration; to propose. تجویز کرنا' پیش کرنا

Proprietary (pro-pri' e-tar-i)❶ *n.* proprietor; a body of owners. حق ملکیت ❷— *adj.* pertaining to an owner. مالکانہ

Proprietor (pro-pri' e-tor) *n.* an owner who has legal right to anything. مالک' پروپرائٹر *The proprietor of the shop gave us a box of chocolates.*

Proprietorship *n.* حقیت' مالکیت' زمینداری

Proprietress *n.* مالکہ' حقیقت دار عورت' زمیندارنی

Propriety (pro-pri' e-ti) *n.* fitness. شائستگی' مناسبت ★*The proprieties,* معاشرتی زندگی کے مسلمہ رسم ورواج یا آداب و رسوم

Proptosis *n.* a forward displacement (esp. of the eye). باہر نکلا ہُوا' اُبھار' آنکھ کے ڈیلے کا باہر آجانا

Propulsion (pro-pul' shun) *n.* the act of driving forward. آگے چلانا' دھکیلنا' ریلا' اخراج

Pro rata *adv.* & *adj.*

تناسب کے ساتھ، کسی متعین معیار کے مطابق، حسب و شرح
Prorate *v.t.* & *i.*
حسبِ تناسب، اندازہ کرنا یا تقسیم کرنا، مناسب طور پر تخمینے کا لگنا یا تقسیم ہونا

Proration (pro-ra-shun) *n.* proportionate distribution;
حسب تناسب اندازہ یا تخمینہ، مناسب تقسیم

Prorogue (pro-rog′) *v.t.* to adjourn; to delay; to postpone; to put off to another time or season.
دیر کرنا، ملتوی کرنا، جاری رکھنا، التوا میں ڈالنا

Prosaic (pro-za′ik) *adj.* pertaining to prose; like prose; not poetical. نثر کی طرح، نثر بے لطف، معمولی، بے مزہ

Proscribe (pro-skrib′) *v.t.* to banish; to exhibit the names of persons to death; to outlaw.
جلا وطن کرنا، مُجرم یا واجب القتل ٹھہرانا، ممنوع کرنا

Proscription (pro-skrip′shun) *n.* banishment; a dooming to death. جلا وطنی، حکم قتل، قتل کا فتویٰ

Prose (proz)❶ *n.* language not arranged in verse. نثر، پروز *Prose does not have the rhythm and rhyme of poetry.* ❷— *adj.* dull; not poetical; in the form of prose. غیر شاعرانہ، بے رونق، نثر میں

Prosecute (pros′e-kut) *v.t.* to bring before a court of law; to carry on; to follow. مقدمہ کھڑا کرنا، جاری کرنا، پیچھا کرنا *The man was prosecuted for driving on the wrong side of the road. He was taken to court and tried.*

Prosecution (pros-e-ku′shun) *n.* the carrying on of a case against a person. فوجداری کی نالش، استغاثہ

Prosecutor (pros′e-ku-tor) *n.* one who prosecutes.
مدعی، نالش کرنے والا، مستغیث

Proselyte (pros′e-lit)❶ *n.* a convert. دوسرے دین کو قبول کرنے والا ❷— *v.t.* to make a convert.
دین میں لانا، مُرید کرنا، مذہب تبدیل کرنا، معتقد ہونا

Proselytise (pros′e-lit-iz) *v.t.* to make converts; to convert. نومعتقد کرنا، تبدیل کرنا، مُرید کرنا، مذہب تبدیل کرانا

Proselytism (pros′e-lit-izm) *n.* conversion.
تبدیل مذہب، تبلیغ نو اعتقادی

Prosify *v.t.* & *i.* charge into prose.
نثر لکھنا، نثر میں تبدیل کرنا، غیر دلچسپ بنانا

Prosody (pros′o-di) *n.* that part of grammar which treats of the laws of verse. عروض، عروض و قوافی، فن شاعری

Prospect (pros′pekt) *n.* a distant view; scene; landscape; a look; anticipation. منظر، سماں، فضا، اُمید، پیش اندیشی، وسیع منظر *The prospect of getting a better job pleased father.*

Prospection (pros-pek′shun) *n.* the act of looking forward. پیش بینی، عاقبت اندیشی

Prospective (pros-pek′tiv) *adj.* looking forward; regarding the future. آئندہ کے لئے، پیش منظری، متوقع

Prospectus (pros-pek′tus) *n.* the outlines of any plan submitted for the information of the public; a scheme; a plan of something proposed.
تجویز، تجویز کا خاکہ، عوام کی اطلاع کے لئے کسی تجویز کا خلاصہ، پراسپکٹس کسی تماشہ کا مفصل اعلان

Prosper (pros′pur)❶ *v.i.* to be successful; to thrive. مالا مال ہونا، خوش و خرم ہونا، کامیاب ہونا *Uncle Mazhar's new shop is prospering.* ❷— *v.t.* to make to succeed; to favour. کامیاب کرانا، مہربانی کرنا، فروغ دینا

Prosperity (pros-pur′i-ti) *n.* success in life; good fortune. برکت، خوشحالی، کامیابی، اقبال مندی *A man who has a good job and all he needs for comfortable living has prosperity.*

Prosperous (pros′pur-us) *adj.* successful; thriving; flourishing. کامیاب، مالا مال، اقبال مند *The prosperous businessman gave a great deal of money to the playground fund.*

Prosperously (pros′pur-us-li) *adv.* successfully.
اقبال مندی سے، کامیابی سے، خوش اقبالی سے

Prostate *n.* a gland in males at the neck of bladder.
مردوں میں غدود مثانہ، بڑا غدود

Prostatitis *n.* inflammation of prostate.
غدود مثانہ کا ورم

Prosthesis *n.* fitting of artificial parts of the body.
مصنوعی عضو کا اضافہ، جوڑ، پیوند، مصنوعی عضو بندی

Prosthetic *adj.* انضمامی، اضافی

Prosthetist *n.* اعضاء یا دانتوں کے جوڑ لگانے والا

Prosthodontics *n.* علم الاسنان، فن دندان سازی

Recoil (re′koil) ❶ *v.i.* to fall back; to retire; to shrink; to draw back. پیچھے ہٹنا، پلٹنا، دب جانا، سہنا ❷— *n.* a falling back; a rebound. پس کشی، پس اندازگی

Recoin *v.t.* دوبارہ گھڑنا، دوبارہ بنانا، ڈھالنا

Recoinage (rek-koin′aj) *n.* the act of coining anew; that which is coined anew. نئی ضرب، نئی ضرب کا سکہ، دوبارہ ڈھلائی یا گھڑائی

Recollect (rek-ol-ekt′) *v.t.* to remember; to gather again; to compose (oneself). یاد کرنا، پھر اکٹھا کرنا، ہوش پکڑنا، استقلال پکڑنا *Azhar certainly doesn't recollect who borrowed the book.*

Recollection (rek-ol-ek′shun) *n.* reminiscence; memory; remembrance. یاداشت، حافظہ، یاد آوری

Recommence (re-kom-ens′) *v.t.* to begin anew. پھر شروع کرنا، پھر آغاز کرنا، پھر جاری کرنا

Recommend (rek-o-mend′) *v.t.* to praise; to make acceptable; to put in a favourable light; to commend. تعریف کرنا، سراہنا، سفارش کرنا، منظور نظر کرنا *We recommend Anam to act as leader of her group.*

Recommendable *adj.* قابل تعریف، قابل سفارش، قابل تجویز

Recommendation (rek-o-mend′a-shun) *n.* the act of recommending; that which procures favour. سفارش، تعریف *When Suqlain wanted to get a job in an office, he asked his teacher for a recommendation.*

Recommendatory *adj.* سفارشی انداز سے، سفارشی

Recommender *n.* سفارش کرنے والا، تعریف کرنے والا

Recommit (re-kom-it′) *v.t.* to commit again; to refer again to a committee. پھر سپرد کرنا، کمیٹی کو واپس کرنا یا حوالے کرنا، تجدید عہد کرنا

Recompense (rek′om-pens) ❶ *v.t.* to reward; to requite; to compensate. اجر دینا، تلافی کرنا *Azhar's recompense for the work was some spending money.* ❷— *n.* compensation; amends. معاوضہ، عوض، پاداش، تلافی، بدلہ، انعام

Recompile (re-kom-pil′) *v.t.* to digest anew. پھر تالیف کرنا، دوبارہ مرتب کرنا

Recompose (re-kom-poz′) *v.t.* to form anew. پھر بنانا، پھر تسکین دینا، امتزاج کرنا، تسلی دینا

Reconcile (rek′on-sil) *v.t.* to conciliate anew; to content; to adjust; to bring to submission; to make consistent; to adjust. پھر صلح کرنا، راضی کرنا، ملانا، موافق کرنا، تصفیہ کرنا، فیصلہ کرنا *Ali and Anila had a quarrel, but they were reconciled after Maria found Ali's ball for him.*

Reconciliation (rek-on-sil-i-a′shun) *n.* renewal of friendship; harmony. از سر نو میل ملاپ، ہم آہنگی، صلح، تصفیہ

Recondite (re-kon′dit) *adj.* hidden; abstruse; profound. پوشیدہ، غامض، پنہاں، عمیق، دقیق، پیچیدہ

Reconduct (re-kon-dukt′) *v.t.* to conduct again. پھر رہنمائی کرنا، پھر سے اہتمام کرنا

Reconnaissance (re-kon′sans) *n.* a preliminary examination; a preparatory expedition. ابتدائی تحقیقات (ملک کے کسی حصہ کا خصوصاً بغرض فوج کشی یا دریافت حال غنیم) ابتدائی حملہ، دیکھ بھال، جاسوسی

Reconnoitre (rek-o-noi′tur) *v.t.* to view; to survey; to make a preliminary survey of, especially for military parposes. نگاہ کرنا، آزمانا، تجویز کرنا، ابتدائی ملاحظہ کرنا، خصوصاً جنگی اغراض سے

Reconquer (re-kong′kur) *v.t.* to recover; to regain. پھر فتح کرنا، پھر حاصل کرنا، دوبارہ فتح کرنا

Reconsider (re-kon-sid′ur) *v.t.* to review. نظر ثانی کرنا

Reconstruction (re-kons-truk′shun) *n.* rebuilding. از سر نو تعمیر، تعمیر نو

Reconvene ❶ *v.t.* دوبارہ بلا لینا یا اکٹھا کرنا ❷— *v.i.* دوبارہ یکجا ہونا یا اکٹھے ہونا

Reconversion *n.* واپسی، رجوع، رجعت

Reconvert *v.t.* رجوع کرلینا، پرانی حالت پر واپس لے آنا، (قانون) پرانی مساوات کو تسلیم کرلینا، پرانی معدلت یا برابری پر واپس کردینا

Reconvey (re-kon-va′) *v.t.* to convey back; to transfer back to a former owner. پھرے جانا، پہلے مالک کو پھر واپس کرنا

Record (re-kord) ❶ *v.t.* to register; to note; to attest. درج رجسٹر کرنا، قلمبند کرنا، تصدیق کرنا *The teacher will record the names of the children in her class.* ❷— *n.* a public document; a register; remembrance. ریکارڈ، کاغذات، مسل یا دفتر، رجسٹر، یاداشت، بہی، فرد *Nadia played a record on the record player.* ★ *Record as it stood.* کاغذات، موجودہ مسل ★ *Record of village shares.* کھیوٹ ★ *Entered on the record.* داخل دفتر ★ *To make a record.* کیفیت لکھنا

Record changer *n.* جدید گراموفون، گراموفون ریکارڈ بجانے کا جدید ترین آلہ، ریکارڈ چینجر، خودکار گراموفون

Recorder (re-kord′ur) *n.* one who records; a register. محافظ دفتر، وقائع نگار، نویسندہ

Record player *n.* گراموفون مشین، گراموفون ریکارڈ بجانے کی مشین



RECORD PLAYER

Recount (re-kownt′) *v.t.* to narrate; to describe. بیان کرنا، مفصل کہنا

Recoup (re-koop′) *v.t.* & *i.* to redivide; to make

good; to indemnify. پھر تقسیم کرنا' پُورا کرنا' تاوان دینا' وضع کرنا
Recoupable *adj.*
قابل تلافی' (قانون) جوابی مُطالبے کے لئے رقم کے روکے جانے سے متعلق
Recoupment *n.*
قابل تلافی' (قانون) جوابی مُطالبے کے لئے رقم کے روکے جانے کی کارروائی
Recourse (re-kors') *n.* recurrence; resort; a going for help. رجُوع' اِلتجا' امداد خواہی ★ *To have recourse to.* لڑنے پر مُستعد ہونا ★ *To have recourse to arms.* متوجہ ہونا
Recover (re-kuv'ur) *v.t. & i.* to regain; to cure; to heal; to retrieve; to obtain, to grow well. پھر حاصل کرنا' پالینا' صحت یاب ہونا' اصلاح پر لانا
The lost dog was recovered. ★ *(Law.)*
پھر حاصل کرنا' شفا پانا' جان بچانا' مطالبہ کرنا
Recoverable (re-kuv-ur'a-bl) *adj.* that may be regained. ممکن الوصول' صحت پذیر' قابل وصولی
Recovery (re-kuv'ur-i) *n.* the act of regaining; restoration from sickness. وصولی شفایابی
Recreancy *n.* غداری' بے وفائی' بُزدلی
Recreant (rek're-ant)❶ *adj.* craven; cowardly; mean-spirited; false; apostate. پست ہمّت' جھُوٹا' بے وفا' منحرف ❷— *n.* a mean-spirited cowardly wretch. پست ہمّت' بزدل' غدار' جھوٹا شخص
Recreantly *adv.* غدارانہ طور پر' بے وفائی سے
Recreate (rek're-at) *v.t.* to reanimate; to form anew; to amuse; to gratify.
از سرِ نو زندہ کرنا' پھر بنانا' رجھانا' خوش کرنا' تفریح کرنا
Recreation (rek-re-a'shun) *n.* relief from toil; diversion; a new formation. آرائش' تفریح' تازگی
Recreative (rek're-a-tiv) *adj.* refreshing; diverting. فرح بخش' آرام دہ' تفریحی
Recrement (rek're-ment) *n.* refuse; dross. فضلہ' میل
Recriminate (re-krim'in-at) *v.t. & i.* to return one accusation for another; to accuse in return.
اُلٹی تہمت لگانا' اُلٹا الزام دینا
Recrimination (re-krim-in-a'shun) *n.* an accusation etorted; a recounter accusation.
اُلٹی تہمت' اُلٹا الزام' الزامی جواب
Recrudesce *v.i.* پھر سے پھُوٹ پڑنا' بیماری عود کر آنا' پھر زور پکڑنا
Recrudescent *adj.* پھر سے پھُوٹ پڑنے والی بیماری
Recruit (re-kroot')❶ *v.t.* to refresh; to reinvigorate; to replace; to supply with new men; to enlist new soldiers. پھر تازہ کرنا' پھر قوت دینا' پُورا کرنا' نئے آدمی دینا' سپاہی بھرتی کرنا ❷— *v.i.* to gain new supplies of anything; to raise new soldiers.
کسی چیز کی نئی رسید حاصل کرنا' نئے سپاہی بھرتی کرنا ❸— *n.* supply; a newly enlisted soldier. رسد' سامان' رنگروٹ
Rectangle (rekt'an-gl) *n.* a four-sided plane figure. قائمۃ الزاویہ مستطیل *A square is a rectangle with equal sides.*

Rectification (rek-ti-fi-ka'shun) *n.* the act of setting right that which is wrong.
تصحیح' اصلاح' سدھار' صفائی' درستی' تلافی صحیح کرنا
Rectify (rek-ti'fi) *v.t.* to put right; to refine by repeated distillation. دُرست کرنا' ٹھیک کرنا' صحیح کرنا
Rectilinear (rek-ti-lin'e-ar) *adj.* consisting of right lines; straight. مستقیم' سیدھا' سیدھی لکیروں میں محیط (شکل)
Rectitude (rek'ti-tud) *n.* uprightness; honesty; correctness. ایمانداری' صداقت' دیانت' راستی' راست بازی
Rector (rek'tor) *n.* a clergyman; a ruler; a governor. محلہ کا پادری' حاکم' گورنر' ناظم' متولی' ریکٹر
Rectorship (rek'tor-ship) *n.* the office or rank of a rector. حلقہ کے پادری کا عُہدہ' رکٹرشپ
Rectum *n.* the terminal part of the large intestine.
بڑی انتڑی کا آخری حصّہ' مقعد' امعائے مستقیم' سیدھی آنت
Recumbency (re-kum'ben-si) *n.* the posture of lying; rest; repose. لیٹی ہوئی وضع' آرام' آسائش' خمیدگی
Recumbent (re-kum'bent) *adj.* reclining; reposing; inactive. جھکے ہوئے' لیٹے ہوئے' سُست
Recuperate (re-ku'pur-at) *v.t.* to recover; to regain. وصول کرنا' پھر حاصل کرنا' بحال ہونا' سنبھل جانا
Recuperative (re-ku'pur-a-tiv) *adj.* tending to or pertaining to recovery. قابل یا متعلق وصول' بحال کرنے والا
Recur (re'cur) *v.i.* to return to the thoughts; to resort; to go for help. پھر خیال میں آجانا' آمدورفت رکھنا'
آنا جانا' التفات کرنا' بار بار ہونا' دوبارہ ہونا
Recurrence (re-kur'ens) *n.* return; resort.
مراجعت' آمدورفت' تکرار' بار بار ہونے کا عمل
Recurrent (re-kur'rent) *adj.* returning from time to time. دورہ کرنے والا' بازگرد' شروع کی طرف لوٹنے والا ★ *Recurring decimal.* کسور متوالی
Recurvate *adj.* مُڑا ہوا' خمیدہ
Recurve *v.t. & v.i.* مُڑنا' پیچھے کو مُڑنا یا موڑنا' جھکنا یا جھکانا
Recusancy (rek'u-san-si) *n.* non-conformity. انحراف
Recusant (rek'u-sant)❶ *adj.* refusing to conform. منحرف' منکر ❷— *n.* a non-conformist. مرتد' نافرمان
Red (red) *adj.* having a bright colour resembling blood. سُرخ' لال' احمر' قرمزی *The colours of the Union Azhar are red, white, and blue.* ★ *A red letter day,* a fortunate or auspicious day. خوشی کا یا مُبارک دن
Redact *v.t.* تیار کرنا' نظر ثانی کرنا' مرتب کرنا' ترتیب دینا یا تحریر کرنا
Redaction *n.* نظر ثانی' ترتیب' تدوین
Red alert *n.* ہنگامی اشارہ
Red alga *n.* سُرخ' سرخی مائل' سُرخ کائی
Redbreast (red'brest) *n.* the robin. سُرخ چڑیا
Red coat (red'kot) *n.* a soldier. سپاہی
Red coral *n.* سُرخ مونگا' مرجان
Red cross *n.* انجمن صلیب احمر

Redd *n.* مختلف مچھلیوں کا انڈا دینے کا علاقہ یا مقام

Redd *v.t.* صفائی کرنا' ترتیب سے رکھنا 'ترتیب دینا

Redden (red′den) *v.t.* & *i.* to make or become red; to blush. سُرخ کرنا یا ہونا' تمتانا' شرم سے سرخ ہونا

Reddish (red′dish) *adj*. moderately red. کسی قدر سُرخ' ہلکا سُرخ' سُرخی مائل

Reddle (red′l) *n.* red chalk. سرخ رنگ کی کھریا مٹی' گیرو

Redeem (re-dem′) *v.t.* to buy back; to ranson; to rescue; to make amend for; to deliver from mortgage. روپیہ دے کر چھڑا لینا' پھر خرید کرنا' آزاد کرنا' خلاص کرنا' مُعاوضہ دینا' ہنڈی کے بدلے نقد روپیہ دینا *The man redeemed his watch at the pawn-shop after he found a job.*

Redeemer (re-dem′ur) *n.* one who ransoms; the Saviour. نجات دینے والا' حضرت عیسیٰ کا لقب' شافع

Redeliver (re-de-liv′ur) *v.t.* to deliver back; to liberate a second time. پھر حوالے کرنا' واپس کرنا' پھر چھڑوانا

Redelivery *n.* واپسی' تقسیم نو' نئی ادائیگی

Redemand *v.t.* واپس مانگ لینا' مُطالبہ کرنا

Redemption (re-demp′shun) *n.* ransom; release. روپیہ جو رہائی کے واسطے دیا جائے' رہائی' دوبارہ خرید 'تلافی' آزادی

Redemptory (re-demp′to-ri) *adj*. paid for ransom. خلاصی کے لئے دیا ہوا 'متلافی' متعلق بہ نجات

Red-hot (red-hot) *adj*. heated to redness. لال انگارا

Redisburse (re-dis-burs′) *v.t.* to repay. پھر ادا کرنا

Redispose (re-dis-poz′) *v.t.* to dispose or adjust again. پھر ترتیب دینا

Redition (re-dish′un) *n.* restitution; surrender; explanation. واپسی' حوالگی' بیان

Red-lead (red′led) *n.* red oxide of lead; a paint. سیندور' ایک سُرخ رنگ 'تیز نارنجی رنگ کا

Redness (red′nes) *n.* the quality of being red. سُرخی' لالی

Redolence (red′o-lens) *n.* sweet scent; fragrance. میٹھی بُو' خوشبو 'عطر بیزی' مہکنے کا عمل

Redolent (red′o-lent) *adj*. diffusing fragrance. خوشبودار' مُعطر 'عطر افشاں' مہک رکھنے والا

Redouble (re-dub′l) *v.t.* & *i.* to repeat often; to multiply. مکرر کرنا' مضاعف کرنا' شدید تر کرنا 'دوچند کرنا

Redoubt (re-dowt′) *n.* an outwork; a fortress. مورچہ بندی' قلعہ

Redoubtable (re-dowt′a-bl) *adj*. terrible to foes; formidable; valiant. ہیبت ناک' دہشت انگیز' بہادر 'زبردست

Redound (re-downd′) *v.i.* to be sent back by reaction; to conduce; to result. پلٹا کھانا' پیدا ہونا' حاصل ہونا' نتیجہ ہونا 'بڑھانا' اضافہ کرنا

Redress (re-dres′)❶ *v.t.* to set right; to remedy; to believe; to make compensation. دُرست کرنا' چارہ سازی کرنا' داد خواہی کرنا' مُعاوضہ دینا ❷— *n.* an adjusting; a remedy. صلاح' علاج' دُرستی 'آرام' چارہ سازی

Red-sear (red′ser) *v.t.* to break or crack when red-hot. سُرخ ہو کر پھوٹنا

Reduce (re-dus′) *v.t.* to bring to another condition; to degrade; to lessen; to shorten; to overcome; to subject to rule. دُوسری حالت میں لانا' گرا دینا' کم کرنا' چھوٹا کرنا' تخفیف کرنا' گھٹانا 'قواعد کے پابند کرنا' رڈیوس *The fire soon reduced the box to ashes.* ★ (*Chem.*) پھینکنا

Reducible (re-dus′i-bl) *adj*. possible to be reduced. قابل تخفیف 'خستہ حال

Reduction (re-duk′shun) *n.* the act of reducing; diminution. تنزل' تخفیف' تقلیل *After a reduction was made in the price of the bicycle, Ali was able to buy it.*

Redundance (re-dun′dans) *n.* superfluity; excess. فضولی' کثرت بہتات' بھرمار

Reddundancy *n.* being reduhidant. فالتو' غیر ضروری' بیکار یا بھرتی کا ہونا' کثرت

Redundant (re-dun′dant) *adj*. exuberant; superfluous in words or images. کثیر' فضول' فالتو' زائد *Writing a letter to grandfather would have been redundant. We had already sent a telegram ar.1 a present.*

Reduplicate (re-du′pli-kat) *v.t.* to double again; to multiply. دوچند کرنا' مضاعف کرنا 'دہرانا' دگنا کرنا

Reduplication (re-du-pli-ka′shun) *n.* the act of doubling. دُہراؤ' دوبارہ 'دہرائی' اعادہ

Reduplicatively *adv.* دہرائے جانے کے انداز سے

Redwing *n.* سُرخ پروالی کلچڑی' سُرخ پروالی طوطی

Redwood *n.* مجیٹھ سُرخ چوب

Redworm *n.* سُرخ' لال کیچوا

Re-echo (re-ek′o)❶ *v.t.* & *i.* to reverberate again; to resound. گونج کا واپس آنا' بار بار گونج کا پیدا ہونا' گونجنا بازگشت ارتعاش ❷— *n.* the echo of an echo. صدا کی صدا

Reed (red) *n.* a hollow knotted stalk; a rustic pipe. سرکنڈا' تیر بانسری' تیر *Clarinets have reeds in them.*

Reed bird *n.* اِمریکہ میں پایا جانے والا سُریلی آواز کا پرندہ 'سُرخ چڑیا

Reed buck *n.* افریقی بھورا ہرن

Reed pipe *n.* بانسری

Reeducate *v.t.* دوبارہ تعلیم دینا 'نئے سرے سے تعلیم دینا

Reedy (red′i) *adj*. abounding with reeds. سرکنڈوں سے بھرا ہُوا' دُبلا پتلا

Reef (ref)❶ *v.t.* to reduce sail. بادبان کو کم کرنا ❷— *n.* a certain portion of a sail which can be drawn together to reduce the surface; a mass or rocks in the ocean lying near the surface of the water. بادبان کا ایک حصّہ جس کو کم کرنے کے لئے لپیٹ سکیں' سلسلہ چٹان جو پانی کی سطح کے قریب سمندر میں واقع ہو *The shipwreck occured when the ship struck a reef.*

Reefy (ref′i) *adj*. full of rocks. چٹانوں سے بھرا ہُوا

Reek (rek)❶ *n.* vapour; exhalation; smoke. بھاپ 'دھواں 'دُود ❷— *v.i.* to smoke; to steam; to exhale. دھواں دینا 'بدبو آنا 'دھواں دار ہے **Reeker** *n.* لت پت ہو کر 'لتھڑا ہوا 'خون **Reekingly** *adv.* بدبُودار ہے بدبُودار 'دھواں دار **Reeky** *adj.* بدبُو یا دھوئیں میں لت پت ہو کر

REEL



Reel (rel) ❶ a turning frame on which yarn, threads, etc., are wound; a lively dance. جس پر سُوت وغیرہ لپیٹا جائے 'ریل 'ایک طرح کا ناچ *We saw the first reel of the film.* ❷— *v.t.* & *i.* to wind upon a reel; to stagger; to whirl. اٹیرنا 'چرخی پر سُوت چڑھانا 'ڈگمگانا 'گھومنا 'گھمانا *Azhar was so sleepy that the room seemed to reel.*

Reelect (re-e-lekt′) *v.t.* to elect again. دوبارہ منتخب کرنا

Re-election (re-elek′shun) *n.* election a second time. دوبارہ انتخاب

Re-eligible (re-el′i-ji-bl) *adj.* capable of being elected again to the same office. دوبارہ تقرری کے لائق

Re-embark (re-em-bark′) *v.t.* & *i.* to embark again. جہاز پر پھر سوار ہونا

Reemphasize *v.t.* دوبارہ زور دینا 'زور دے کر دُہرانا

Reemploy *v.t.* دوبارہ ملازم رکھنا 'پھر سے ملازمت دینا

Reenact (re-en-akt′) *v.t.* to enact a second time. مکرر قانون جاری کرنا 'دوبارہ قانون سازی کرنا

Reenforce (re-en-fors′) *v.t.* to strengthen with new force. کمک بھیجنا 'مدد کرنا 'دوبارہ طاقتور بنانا

Reenforcement (re-en-fors′ment) *n.* additional force. کمک 'تازہ دم فوج 'پھر سے نفاذ

Reengage (re-en-gaj′) *v.t.* to engage again. پھر مقرر کرنا 'دوبارہ کام پر لگانا

Reenter (re-en′tur) *v.t.* to enter anew. پھر داخل کرنا *Maria came out and found it was raining. So she re-entered the house to get her umbrella.*

Reestablish (re-es-tab′lish) *v.t.* to establish again; to confirm again. پھر مقرر کرنا 'از سرِنو قائم کرنا

Reeve (rev)❶ *n.* a steward; a governor. خانساماں 'حاکم ❷ *v.t.* to pass the end of a rope through a hole. سُوراخ میں سے ہو کر رسی کے سرے گزارنا

Re-examine (re-eg-zam′in) *v.t.* to examine anew; imported. پھر جانچنا 'دوبارہ امتحان لینا 'دوبارہ معائنہ کرنا

Re-export (re-eks-port′) *v.t.* to export what has been imported. آئی ہوئی چیز کو پھر باہر بھیجنا 'ری ایکسپورٹ

Refection (re-fek′shun) *n.* refreshment; a spare meal. ناشتہ 'کھانا 'آرام 'تفریح

Refectory (re-fek′to-ri) *n.* an eating room. طعام گاہ

Refer (re-fur′) *v.t.* & *i.* to impute; to assign; to hand over; to appeal; to apply; to consult; to allude. منسوب کرنا 'سونپنا 'اپیل کرنا 'درخواست کرنا 'پوچھنا 'حوالہ دینا *The teacher referred us to the library for other books on North and South America.*

Referee (re-fur-e) *n.* one to whom a thing is referred; an umpire. نگران 'منصف 'ریفری *The referee in a cricket match is called an umpire.*

Reference (re-fur′ens) *n.* the act of refering; respect; allusion; person who may be referred to for one's character, abilities, &c; testimonial; certificate; relation. حوالہ 'لحاظ 'انحصار 'وہ شخص جس سے کسی کا چال چلن دریافت ہو سکتا ہے 'پسند 'نیک نامی کی چٹھی 'تعلق *The doctor made reference to the importance of good teeth.* ★ *To make reference.* ★ دریافت یا استصواب کرنا ★ *In reference to.* کی نسبت ★ *Under reference.* زیر ملاحظہ ★ *With reference to.* بلحاظ 'با جواب ★ *Without reference to.* قطع نظر ★ *With special reference.* "خصوصاً

Referendary (re-fur-en′dar-i) *n.* an officer who formerly delivered the royal answer to petitions. قدیم زمانہ میں وہ عُہدہ دار جو درخواستوں کا جواب بادشاہ کی طرف سے دیتا تھا

Referendum *n.* رائے دہندگان سے کسی مُعاملہ میں براہ راست استصواب

Referential *adj.* زیر حوالہ 'حوالے کے طور پر 'قابلِ استعمال 'ایک یا زیادہ حوالے رکھنے والا

Refill *v.t.* دوبارہ بھرنا *Sadia's fountain pen ran dry, and she had to refill it.*

Refine (re-fin′) *v.t.* & *i.* to free from dross; to purify; to polish; to make elegant; to make nice distinctions. نتھارنا 'میل کاٹنا 'جلانا 'جلا دینا 'شستہ کرنا 'مُہذب کرنا 'دقیق فرق کرنا

Refined (re-find′) *adj.* made pure; polished; polite. مصفّٰی 'صاف 'مہذب *Mother is refined. She is educated and kind, and has good manners.*

Refinement (re-fin′ment) *n.* the act of refining; clarification; elegance; culture; overnicety. صفائی 'شائستگی 'تہذیب 'عُمدگی 'لطافت 'نفاست

Refiner (re-fin′ur) *n.* one who refines; a purifier; one who affects too great a subtlety in reasoning. صاف کرنے والا 'شستہ کرنے والا 'باریکی پسند 'صاف کرنے کا آلہ

Refinery (re-fin′ur-i) *n.* a place for refining sugar etc. شکر وغیرہ صاف کرنے کا مکان 'بھٹی 'تیل صاف کرنے کا کارخانہ

Refit (re′fit) *v.t.* & *i.* to prepare again; to repair damages. پھر دُرست کرنا 'مرمت کرنا

Refix *v.t.* دوبارہ مرمت کرنا

Reflect (re-flekt′) *v.t.* & *i.* to bend back; to mirror; to consider seriously; to contemplate; to cast censure. پھر ڈالنا 'عکس ڈالنا 'غور کرنا 'خوض کرنا 'طرح دینا 'ظاہر کرنا 'منعکس کرنا *A mirror reflects light. Polished metal reflects heat.*

Reflecting (re-flekt′ing) *adj.* throwing back light; meditative. عکس انداز 'پُر فکر 'منعکس کرنے والا

Reflection (re-flek′shun) *n.* the act of throwing back; meditation. عکس، پرتو، خیال، انعکاس، سوچ بچار *A dog looked into the water, saw his reflection, and thought it was another dog.*

Reflective *adj.* عکس انداز، غور و فکر والا، انعکاسی، صورت نما

Reflectometer *n.* انعکاس پیما، اجسام یا سطحات کے انعکاس کی قوت یا شرح ناپنے کا آلہ

Reflector (re-flekt′or) *n.* one who reflects; a polished surface that reflects. غور کرنے والا، صاف سطح جس پر عکس پڑے، عکس انداز *Car headlamps have reflectors to throw out the light in one direction.*

Reflex (re′fleks)❶ *adj.* turned backward. معکوس، ذاتی ❷— *n.* reflection. عکس، شعاع جو روشن چیز سے ٹکرا کر سایہ میں رکھی ہوئی چیز پر پڑے

Reflexive (re-fleks′iv) *adj.* having respect to something past. گزشتہ سے متعلق، (گرامر) فعل معکوس

Reflorescence (re-flor-es′ens) *n.* a blossoming anew. از سر نو شگفتگی، نئے سرے سے پھول آنا

Refluence (ref′loo-ens) *n.* a flowing back. اُلٹا بہاؤ

Refluent (ref-loo′ent) *adj.* running back; ebbing. اُلٹا بہتا ہوا، اُتار پر، جزری

Reflux (re′fluks) *n.* a running back. اُتراؤ ★ *The flux and reflux.* مدوجزر، اُتار چڑھاؤ

Refocus *v.t. & v.i.* پھر سے فوکس کرنا، پھر سے مسئلہ پر لانا

Reforest *v.t.* پھر سے درخت لگانا، شجر کاری کرنا

Reforge *v.t.* پھر سے ڈھالنا، پھر سے بنانا، پورا کرنا

Reform (re′form) *v.t. & i.* to form again; to amend; to correct; to improve. تجدید کرنا، مرمت کرنا، اصلاح کرنا، سدھارنا، بہتر بنانا

Reform (re-form′) *n.* amendment; rectification; change for the better. ترمیم، درستی، اصلاح، سدھار

Reformation (re-form-a′shun) *n.* the act of reforming; amendment; the redress of abuses. درستی، اصلاح، برائیوں کی اصلاح، اجتہاد، تشکیل نو

Reformatory (re-for′a-to-ri)❶ *adj.* tending to reform. مصلح ❷— *n.* an institution for the reception and reformation of juvenile offenders. نو عمر مجرموں کی تادیب کا مدرسہ، دارالاصلاح

Reformed *adj.* اصلاح شدہ، ترمیم شدہ

Reformer (re-form′ur) *n.* one who reforms. اصلاح دینے والا، ادیب، مصلح، اصلاح کنندہ

Reformist *n.* طرف دار، اصلاح پرست

Refract (re-frakt′) *v.t.* to break off; to break the natural course of the rays of light. منتشر کرنا، روشنی کی شعاعیں دوسرے جانب جھکانا، منعطف کرنا

Refraction (re-frak′shun) *n.* deviation of ray of light from a direct course. شعاع کا جھکاؤ، انعطاف

Refractoriness (re-frak-to-ri′nes) *n.* obstinacy; unmangeableness. ہٹ، سرکشی، ضد، کڑپن

Refractory (re-frak′to-ri)❶ *adj.* perverse; obstinate; unmanageable. نافرمان، سرکش، ضدی، بے قابو

Refrain (re-fran′) *v.t. & i.* to curb to hold back; to keep from action; to restrain one's self; to abstain. روکنا، اجتناب کرنا، تھامنا، احتراز کرنا، ضبط کرنا *Ali cannot refrain from laughing when Maria tries to act very grown-up.* ❷— *n.* words repeated at the end of each verse of a song. استائی، ٹیپ کا مصرع

Refrangible (re-fran′ji-bl) *adj.* capable of being refracted. انحراف پذیر، منتشر ہونے کے لائق، قابل انعطاف


Refresh (re-fresh′) *v.t.* to cool; to revive; to enliven; to invigorate; to renew. ٹھنڈا کرنا، زندہ کرنا، تازہ کرنا، تازہ دم کرنا، شاداب کرنا، تازگی بخشنا *A swim in the lake refreshes one on a hot day.*

Refreshment (re-fresh′ment) *n.* act of refreshing; that which adds fresh strength or vigour, as food, drink, or rest; in the plural exclusively applied to food and drink. تروتازگی، آرام دہ یا تازگی بخش شے یا غذا، ہلکی پھلکی غذا *Coffee and sanwhches were the refreshments served at the party.*

Refresco *n.* تازگی بخش (خوراک) ٹھنڈا مشروب

Refrigerant (re-frij′e-rant)❶ *adj.* cooling; allaying heat. ٹھنڈا کرنے والا ❷— *n.* a cooling medicine or external application. ٹھنڈائی

Refrigerate (re-frij′e-rat) *v.t.* to refresh; to cool. تازہ کرنا، سرد کرنا، ریفریجریٹ، خنک کرنا، ٹھنڈا کرنا



REFREGERATOR

Refrigeration (re-frij-ur-a′shun) *n.* state of being cooled; act of cooling; abatement of heat. تسکین، تسکین حرارت، انجماد کاری

Refrigerator *n.* ریفریجریٹر، فرج، خنک ساز، وہ مشین یا شے جو ٹھنڈا کرے، ٹھنڈا رکھے یا یخ بستہ بناوے

Refrigeratory (re-frij′e-ra-tor-i) *adj.* mitigating heat; cooling. گرمی یا حرارت کم کرنے والا

Refuge (re-fuj′) *n.* shelter or protection from danger or distress an asylum; stronghold; expedient; device. پناہ، آسرا، قلعہ، پناہ کی جگہ، چارہ، تدبیر، وسیلہ

Refugee (re-fu′je) *n.* one who flies for shelter to a foreign power or country. پناہ گیر، مہاجر، پناہ گزین

Refulgence (re-ful′jens) *n.* brilliancy; splendour; radiance. چمک، تجلی، آب و تاب، درخشانی

Refulgent (re-ful′jent) *adj.* emitting light; bright; splendid. روشن، چمک دار، درخشاں، تاباں، منور

Refund (re-fund′) *v.i.* to repay what is received; to restore. واپس کرنا *Mother returned the soiled dress to the shop and they refunded her money.*

Refundable *adj*. قابلِ واپسی
Refurbish *v.t.* از سرِ نو سجانا دوبارہ چمکانا نیا کر دینا
Refurnish *v.t.* از سرِ نو سجانا
Refusal (re-fu′zal) *n*. rejection; denial of anything offered; option.
نامنظوری انکار (لینے یا نہ لینے کا) ناپسندیدگی نامنظوری
Refuse (re-fuz′) ❶ *v.t.* to deny anything solicited; to reject. ناپسند کرنا اخراج کرنا مُسترد کرنا ❷— *v.i.* to decline; not to comply. انکار کرنا نہ ماننا نہ لینا *Nadia refused to go with us, because she didn't want to walk so far.* ❸— *n*. worthless remains; dregs; sediment; scum; dross. فضلہ تہہ نشیں ردی *After the picnic, we put the refuse in a litter basket.* ❹— *adj*. rejected; refused; of no value; worthless. کباڑ ناکارہ بے قدر فضول
Refutable (re-fu′t-a-bl) *adj*. admitting of being refuted or disproved. قابلِ تردید قابلِ استرداد
Refutably *adv*. جھوٹا ثابت کرنے کے انداز میں
Refutation (re-fu-ta′shun) *n*. act of refuting or disproving; confutation; disproof.
تردید کاٹ عدم اثبات بطلان
Refute (re-fut′) *v.t.* to confuse; to prove to be false or erroneous. باطل کرنا کاٹنا یا غلط ثابت کرنا
Refuter *n*. غلط ثابت کرنے والا استرداد کنندہ
Regain (re-gan′) *v.t.* to recover; to gain or get anew. پھر حاصل کرنا نئے سرے سے پانا *Father has regained his health.*
Regal (re′gal) *adj*. relating to a king; royal; kingly. بادشاہ سے متعلق خسروانہ شاہانہ *The rich man lived in regal style.*
Regale (re-gal) ❶ *v.t.* to entertain in a royal or sumptuous manner; to gratify; to refresh. شاہانہ انداز میں یا دھوم دھام سے دعوت کرنا محظوظ کرنا خوش کرنا ریگل ❷— *v.t.* to feast; to fare sumptuously. دعوت کرنا پُر تکلف کھانا کھلانا
Regalement (re-gal′ment) *n*. entertainment; refreshment; gratification. دعوت ضیافت خاطر مدارت
Regalia (re-ga′li-a) *n. pl.* ensigns of royalty; regal paraphernalia; hence insignia of office or order.
لوازم شاہانہ کسی عُہدہ یا فرقہ کے نشانات شاہی اختیارات
Regality (re-gal′i-ti) *n*. royalty; sovereignty; kingly jurisdiction. شاہی سلطنت ملوکیت بادشاہت
Regard (re-gard) ❶ *v.t.* to respect to esteem; to consider; to look upon; to observe; to pay attention to; to mind; to or care for; to put on the same footing; to heed; to observe as sacred. عزت کرنا خیال کرنا ملاحظہ کرنا دھیان کرنا خاطر داری کرنا برابر کرنا حکومت ہونا پاک جاننا کسی دین کو ماننا *Azhar is regarded as the best player in the team.* ❷— *n*. look or gaze; attention or care; heed; consideration; respect; esteem; relation; (*pl.*) compliments, respects. نگاہ لحاظ خیال عزت نسبت علاقہ آداب توقیر *The teacher sent mother her best regards.* ★ *Men of the meanest regard.* بے توقیر آدمی ★ *As regards.* بہ نسبت کے بارے میں
Regardful *adj*. خیال رکھنے والا دھیان والا باادب نگران
Regarding (re-gard′ing) *prep*. having regard to; concerning; respecting; in reference to. بہ لحاظ کے بارے میں *We received a letter regarding the lost purse.*
Regardless (re-gard′les) *adj*. heedless; negligent; inattentive; careless; indifferent.
لاپروا غافل بے خبر بے فکر بے لحاظ بے ادب
Regardlessness (re-gard′les-nes) *n*. heedlessness; negligence. تغافل غفلت بے توجہی بے التفاتی بے اعتنائی
Regather (re-gath′ur) *v.t.* to gather or collect again. پھر جمع کرنا از سرِ نو اکٹھا کرنا
Regatta (re-gat′a) *n*. a public boat-race; a sailing match. کشتیوں کی دوڑ یا بازی سفینہ رانی
Azhar rowed in the regatta at Henley.
Regelate (*re-ji-lat*) *v.i.* freeze again.
پھر جم جانا برف کا پگھل کر پھر جم جانا از سرِ نو منجمد ہونا
Regency (re′jen-si) *n*. the government of a regent.
ریاست مختاری حکومت ریجنسی اقتدار والی سلطنت کا عہدہ
Regenerate (re-jen′ur-at) *v.t.* to generate or produce anew; to reproduce; to renew the moral nature; to convert. پھر پیدا کرنا منقلب القلب کرنا مرید کرنا احیائے اخلاق کرنا نئی زندگی عطا کرنا
Regenerate (re-jen′ur-at) *adj*. reproduced; changed from a natural to a spiritual state.
نیا پیدا ہوا نوزائیدہ باز آفریدہ
Regeneration (re-gen-er-a′shun) *n*. new birth; reproduction. نو پیدائش احیا باز آفرینی تجدید
Regent (re′jent) *n*. a governor; a ruler; one who governs a kingdom in the minority, absence of disability of a sovereign.
ریجنٹ عامل بادشاہ بادشاہ کا قائم مقام ناظم نائب السلطنت
Regerminate *v.i.* grow again. پھر نکل آنا پھر پھوٹنا
Regicide (rej′i-sid) *n*. the murdur or murderer of a king; a king-killer. قاتل سلطان سلطان کش
Regime (ra-zhem′) *n*. form of government; administration rule; mode of living.
طرز حکومت حکم رانی طریق حکومت نظم و نسق عہد حکومت
Regimen (rej′i-men) *n*. orderly government; regulation of diet or food. باقاعدہ سلطنت پرہیز تدبیر غذا
Regiment (rej′i-ment) *n*. a body of troops under the command of a colonel.

دستہ جس قدر سپاہ ایک کرنیل کے ماتحت ہوں، رجمنٹ، عسکری دستہ

Regimental (rej-i-ment′al) *adj.* belonging to a regiment. متعلق بہ رجمنٹ، عسکری دستہ سے متعلق

Regimentals (rej-i-ment′alz) *n. pl.* articles of military dress; the uniform worn by the troop of a regiment. فوجی پوشش کی اشیاء، پلٹن یا رسالہ کی وردی

Region (re′jun) *n.* a tract of land; district; country; space. خط، ضلع، ملک، حصّہ، ریجن *The ball hit Omer in the region of the stomach.*

Regional *adj.* منطقے کا، علاقائی، خطے کا، طبقاتی

Register (rej′is-tur)❶ *n.* an account regularly kept; a record; the book in which records are kept; an organ stop. حساب، دفتر، رجسٹر، باجے کی کنجی *The school keeps a register of the names of its pupils.* ❷— *v.t.* to record; to enrol. درج فہرست کرنا اندراج کرنا *Speedometers register the speed at which a car is going.*

Registered *adj.* رجسٹرڈ، درج شدہ، اندراج شدہ

Registrar (rej′is-trat) *n.* an officer appointed to keep public records. محافظ دفتر، رجسٹرار، فہرست نویس

Registration (rej-is-tra′shun) *n.* act of registering; enrolment. اندراج فہرست، اندراج کی دستاویز

Registry (rej′is-tri) *n.* the act of entering in a register; an entry; facts recorded. رجسٹری، ادخال، اُمور درج شدہ، دفتر اندراجات، محافظ خانہ

Reglet (reg′let) *n.* a flat narrow moulding between panels, etc. گولا گز، تختوں کے بیچ کی چپٹی اور تنگ لکڑیاں

Regnant (reg′nant) *adj.* reigning; actually ruling; prevalent. تخت نشین، حکمران، فرماں روا، مروج

Regorge (re-gorj′) *v.t.* to vomit; to swallow again. قے کرنا، نگل جانا

Regrate (re-grat′) *v.t.* to buy (as corn, provisions, etc.) and sell again in the same market. اجناس خرید کر پھر اسی بازار میں بیچنا، کریانہ فروشی، پرچون فروشی

Regress (re-gres′) *n.* passage back; a return; the power or liberty of returning or passing back. نکاس، مراجعت، رجعت قہقری، واپسی کا راستہ

Regression *n.* رجوع، واپسی یا واپسی کا عمل

Regressor *n.* واپس جانے والا، پیچھے مڑ جانے والا

Regret (re-gret)❶ *v.t.* to grieve; to be sorry for; to lament; to repent; to bewail. اُداس ہونا، غم کرنا، افسوس کرنا، یاد کر کے رنج کرنا *I regret that I lost my dog.* ❷— *n.* grief; sorrow; repentance; self-condemnation. غم، تاسف، اپنے تئیں خود ملامت کرنا، پچھتاوا

Regretful (re-gret′fool) *adj.* full of regret; grieved; dissatisfied. دل گیر، ملول، متاسف، معذرت خواہ

Regrow *v.t.* دوبارہ نشو و نما دینا یا اضافہ کرنا

Regrowth *n.* دوبارہ اضافہ، دوبارہ نشو و نما

Regular (reg′u-lar)❶ *adj.* agreeable to rule; stated; orderly; normal; methodical; steady or uniform in a course or practice. حسبِ معمول، مقررہ، دُرست، باضابطہ، پابند *The car runs at a regular speed.* ★ *Regular suit.* مقدمہ نمبری، نالش عام ❷— *n.* member of any religious order who has taken the vows of poverty, chastity, and obedience; a soldier belonging to a permanent standing. مسیحوں کے اس فرقہ کا پیرو جس نے پرہیزگاری اور مفلسی اطاعت اور تارک الدُنیا ہونے کی قسم کھائی ہے، فوج کا مستقل سپاہی *The regular place to keep a car is in a garage.*

Regularity (reg-u-lar′i-ti) *n.* agreeableness to rule, or established order; steadiness; uniformity. اِستقلال، ہمواری، یکسانی، باقاعدگی، باضابطگی

Regulars (reg′u-larz) *n. pl.* troops of the line. صف کے سپاہی، باقاعدہ مسلح افواج

Regulate (reg′u-lat) *v.t.* to put in a good order; to rule; to arrange; to direct; to order; to adjust by rule or method; to keep in good order. باضابطہ کرنا، انتظام کرنا، ترتیب دینا، سُدھارنا، دُرست کرنا، کم و بیش ہونے نہ دینا، دُرست رکھنا، انتظام کرنا *The bathroom tap regulates the water that comes from it.*

Regulation (reg-u-la′shun) *n.* act of adjusting; prescribed rule or order. انتظام، ضابطہ، قاعدہ، ریگولیشن

Regulator (reg′u-la-tor) *n.* one who regulates; a contrivance to produce uniformity of motion or regulate it as a watch-spring, fly-wheel, etc. ریگولیٹر کل کا وہ پرزہ جو حرکت کی ہمواری پیدا کرتا ہے

Regulus *n.* an impure metal. کچی دھات، مرکب دھات

Regurgitate *v.i.* & *v.t.* پیچھے ہٹنا یا قوت سے پیچھے ہٹنا، اُبلنا

Rehabilitate (re-ha-bil′i-tat) *v.t.* to restore to former rank; to reinstate. بدستور قائم کرنا، بحال کرنا

Rehabilitation *n.* بحالی، برقراری

Rehabilitative *adj.* بحالی کے انداز سے، بحال کرنے سے متعلق

Rehash *v.t.* & *n.* make old thing look like new. پرانی چیزوں کو نیا بنا کر پیش کرنا، چھان پھٹک کرنا

Rehearing *n.* (قانون) سماعت مکرر، مقدمے کی دوسری سماعت یا دوبارہ سماعت

Rehearsal (re-hur′sal) *n.* act of rehearsing; recital; repetition. دوسرے کی تصنیف کی دہرائی، ذکر مکرر، حفظ کیا ہوا بیان سُنانا، ریہرسل

Rehearse (re-hurs′) *v.t.* to repeat what has been said; to relate; to narrate; to recite before a public; representation; to pronounce. دہرانا، ذکر کرنا، عام لوگوں کے سامنے پڑھنا، زبان پر لانا *The actors rehearsed their parts for the play.*

Reify *v.t.* حقیقت بنا دینا یا سمجھنا، مجسم کرنا، سمجھنا

Reign (ran) *n.* royal authority; the time during which a king possesses supreme authority; kingdom; dominion; prevalence; controlling

influence. شاہی حکومت' عہد سلطنت' فرماں روائی *The king reigned over his people.*

Reign (ran) *v.i.* to be predominent; to rule. غالب ہونا' حکومت کرنا *England was prosperous during the reign of Queen Elizbeth I.*


Reimburse (re-im-burs′) *v.t.* to repay; to refund; to repair; to indemnify. واپس دینا' تاوان دینا' واپس ادا کرنا

Reimbursement (re-im-burs′ment) *n.* repayment. واپسی' تاوان' تلافی' باز ادائی

Reimburser *n.* باز ادائی کرنے والا' رقم واپس کرنے والا

Reimport *v.t.* بر آمد کرنے والے مُلک میں اسی چیز کو دوبارہ در آمد کرنا

Reimpression *n.* طبع ثانی' دوبارہ طباعت



REIN *REINDEER*

Rein (ran)❶ *n.* the strap of a bridle; a restraint. لگام' عنان' رکاوٹ *A rein is used to guide the horse.* ★ *To give the rein, or reins,* to give license; to leave without restraint. اجازت دینا' بے روک رہنے دینا ★ *To take the reins,* to assume the government or control. اختیار ہاتھ میں لینا ❷— *v.t.* to guide by a bridle; to restrain; to control. روکنا' اختیار میں رکھنا' لگام دینا' قابو پانا

Re-incur (re-in-kur′) *v.t.* to incur a second time. پھر عائد کرنا' دوبارہ ذمہ داری قبول کرنا

Reindeer (ran′der) *n.* an animal of the deer kind. ایک قسم کا ہرن' رینڈیر *Reindeers live in the North where it is cold.*

Reinforce (re-in-fors′) *v.t.* to strengthen with new force or support. نئی فوج سے مدد دینا' کمک پہنچانا *The invasion fleet was reinforced with more troops, ships, and planes.*

Reinforcement (re-in-fors′ment) *n.* additional troops to augment a force. کمک *An extra board on a fence, additional troops in the army, an extra piece of cloth on the elbow of a sleeve, are all called reinforcements.*

Reins (ranz) *n. pl.* the kidneys; the inward parts. گردے' اندرونی حصے' احساسات

Reinsert (re-in-surt′) *v.t.* to insert again; to reintroduce. پھر داخل کرنا' دوبارہ لکھنا' دوبارہ روپیہ لگانا

Reinstate (re-in-stat′) *v.t.* to place again in possession or in a former state. پھر داخل کرنا پھر مقرر کرنا' پھر جیسے کا تیسا کرنا

Reinstatement (re-in-stat′ment) *n.* a placing in a former state. بحالی' صحت یابی' باز تقرر

Reintegration (re-in-te-gra′shun) *n.* renewal; restoration. تجدید' بحالی' از سرِ نو اتحاد

Reinvest (re-in-vest′) *v.t.* to invest anew. پھر خلعت بخشنا

Reinvigorate (re-in-vig′or-at) *v.t.* to invigorate again; to revive vigour in; to reanimate. پھر طاقت دینا' پھر زندہ کرنا' دوبارہ مستحکم کرنا

Reissue (re-ish′u)❶ *v.t.* to issue a second time. پھر جاری کرنا ❷— *n.* a second issue; republication. اجراء ثانی' مکرر اشاعت' دوبارہ نفاذ

Reiterate (re-it′e-rat) *v.t.* to repeat again and again; to say or do repeatedly. مکرر کہنا' بار بار کہنا یا کرنا

Reiteration (re-it-e-ra′shun) *n.* repetition. دہرائی' یاد دہانی' یقین دہانی' تکرار

Reiterative *adj.* مکرر' یاد دہانی کرانے والا

Reiteratively *adv.* مکرر انداز سے' یاد دہانی یا یقین دہانی کے طور پر

Reiterativeness *n.* تکرار' دہرائے جانے کے مُتعلق ہونے کا عمل

Reject (re-jekt′) *v.t.* to cast off; to throw away; to despise; to decline; to refuse; to repel. ناپسند کرنا' قبول نہ کرنا' رد کرنا' نامنظور کرنا *Mother rejected all the buns that were burnt.*

Rejectee *n.* ٹھکرائی گئی یا دھتکاری گئی شے' مُسترد شدہ یا بے کار شے

Rejecter, Rejector *n.* نامنظور کرنے والا' ٹھکرانے والا

Rejection (re-jek′shun) *n.* the act of rejecting; refusal to accept or grant. انکار' نامنظوری' تردید' استرداد

Rejoice (re-jois′) *v.t.* & *i.* to make joyful; to gladden; to cheer; to delight; to feel joy; to exult; to triumph. خوش ہونا' مسرور کرنا' محظوظ ہونا' منبسط ہونا' خوشی منانا' فخر کرنا *We will rejoice when baby is well.*

Rejoin (re-join′) *v.t.* & *i.* to join again; to meet again; to answer to a reply. پھر ملانا' پھر ملنا' رد جواب داخل کرنا' جواب دینا

Rejoinder (re-join′dur) *n.* answer to a reply; defendant's answer to the plaintiff's application. رد جواب' جواب دعویٰ' ترکی بہ ترکی جواب

Rejudge (re-juj′) *v.t.* to examine or try again. پھر تجویز کرنا' تجویز ثانی کرنا' نظر ثانی کرنا

Rejuvenate (re-joo′ve-nat) *v.t.* to make young again. پھر جوان کرنا' اعادہ شباب کرنا

Rejuvenation *n.* تجدید شباب' بحالی شباب

Rejuvenator *n.* شباب بخش' حیات نو دینے والا

Rejuvenescence (re-joo-ve-nes′ens) *n.* the renewal of youth. نئی جوانی' تجدید' شباب' اعادہ قوت

Rekindle (re-kin′dl) *v.t.* to kindle again; to set on fire again. پھر روشن کرنا' دوبارہ جلانا

Relapse (re-laps′) *v.i.* to fall back from a state or recovery to sickness; to return to a former state.

❷— *n.* a falling back. آرام پا کر بیمار ہو جانا' پہلی حالت پر آجانا' پلٹنا' عود مرض' مرض کا دوبارہ آنا

Relatable *adj.* قابل بیان' متعلقہ

Relate (re-lat′) *v.t. & i.* to recount; to narrate; to recite; to tell over; to stand in some relation; to refer. بیان کرنا' رشتہ یا قرابت رکھنا' متعلق ہونا *Grandfather related the story of his first fishing trip.*

Related (re-la′ted) *adj.* allied by kindred; connected by blood or alliance. رشتہ دار' مذکور' منقول *Brothers are related. They belong to the same family.*

R

Relatedness *n.* قرابت' تعلق' رشتہ

Relater *n.* بیان کنندہ' راوی

Relation (re-la′shun) *n.* recital; detail; a relative birth or marriage; connection. تذکرہ' بیان' رشتہ دار' عزیز' تعلق *The relation between bread and meat is that they are foods.*

Relationship (re-la′shun-ship) *n.* connection by blood or otherwise. رشتہ داری' تعلق' نسبت

Relative (rel′a-tiv)❶ *adj.* having relation; belonging to; connected with. اضافی' متعلق' مناسب' عزیز داری ❷— *n.* a person or thing related; kinsman. رشتہ دار' عزیز دار *Father, mother, aunts, uncles, brothers, sisters, and the like are relatives. They belong to one family.* (pronoun.) موصولہ' اسم موصول

Relativism *n.* علاقیت' نسبتیت

Relativist *n.* علاقی' علاقیت پسند

Relator *n.* پیش کنندہ' تعلق بنانے والا' بیان کنندہ

Relax (re-laks′) *v.t. & i.* to slacken; to remit; to mitigate; to open; to give relief to; to unbend; to divert; to become less. ڈھیلا کرنا' ڈھیلا ہونا' تخفیف کرنا' کھول دینا' کشادہ کرنا' چھوڑنا' پھیرنا' غافل ہونا *When you sleep, your muscles are relaxed.*

Relaxation (re-laks-a′shun) *n.* diminution of tension or firmness; remission of attention; recreation. ملائمت' کاہلی' ڈھیل' تفریح' کھیل تماشہ *Relaxation of the rules in school lasts just for the hot weather.*

Relaxative (re-laks′a-tiv) *adj.* tending to relax; that which relaxes; laxative. ملائم کرنے والا' جو ملائم کرے' مسہل' ملین دوا

Relay (re-la′)❶ *n.* supply of horses at the stage of a journey; anything laid up in. ڈاک چوکی' جمع کی ہوئی چیز *A relay of fire fighters marched towards the forest to relieve those who had been fighthing the fire all night.* ❷— *v.t.* to lay again. پھر جمع کرنا' پھر رکھ دینا *The message was relayed to the general by radio, telephone, and messenger.*

Release (re-lez′)❶ *v.t.* to set at liberty; to dismiss; to discharge; to relinquish. آزاد کرنا' چھوڑنا' لا دعویٰ ہونا *Omer took off the dog's collar and released him.* ❷— *n.* setting free; discharge; acquittance. آزادی' مخلصی *The prisoner was given his release.* ★ *Release from attachment.* واگزاشت کرنا ★ *Released for life.* معافی' حین حیات ★ *Dead of release.* فارغ خطی

Relegate (rel′e-gat) *v.t.* to despatch; to banish; to exile; to transfer. روانہ کرنا' نکال دینا' ملک سے خارج کرنا

Relegation (rel-e-ga′shun) *n.* exile; banishment. جلاوطنی' دیس نکالا' اخراج' انتقال

Relent (re-lent′) *v.i.* to soften; to grow tender; to yield; to feel compassion. ملائم ہونا' پسیجنا' پگھلنا' نرم پڑنا

Relentless (re-lent′les) *adj.* insensible to the distress of others. بے رحم' سنگدل **Relentlessly** *adj.* سنگدلی سے' بے رحمی سے **Relentlessness** *n.* سنگدلی' بے رحمی' کٹرپن' بے دردی' شقاوت

Relevancy (rel′e-van-si) *n.* state of being relevant; applicableness. تعلق' مناسبت متعلق ہونا

Relevant (rel′e-vant) *adj.* bearing on the point or purpose; applicable; pertinent. برمحل' موقع کا' مناسب' معقول' متعلقہ' ضروری' مفید مطلب

Reliability, Reliableness *n.* اعتبار' بھروسہ' وثوق' اعتماد

Reliable (re-li′a-bl) *adj.* suitable or fit to be relied on; trustworthy. معتبر' معتمد' قابل یقین' قابل اعتبار *Anila is reliable about getting her work in time.*

Reliably (re-li′a-bl-i) *adv.* in a reliable manner. اعتبار سے' معتبرانہ' قابل اعتماد طور پر' وثوق سے

Reliance (re-li′ans) *n.* that which is relied, on; dependence; trust. تقویت' انحصار ★ *Reliance on the divine mercies.* اللہ کی بخشش کا بھروسہ

Reliant *adj.* متوکل' بھروسا کرنے والا' خود پر انحصار کرنے والا' خود پر اعتماد رکھنے والا

Reliantly *adv.* خود اعتمادی سے' بھروسامندی سے

Relic (rel′ik) *n.* remains of a dead body; corpse; a memorial. مردہ لاش' یادگار' متبرک *Arrow-heads and stone hammers are Stone Age relics.*

Relict (rel′ikt) *n.* a woman whose husband is dead; a widow. بیوہ' رانڈ' باقیات ارض

Relief (re-lef′) *n.* succour; redress; remedy; assistance; aid; support; release from a military post; release; the projection of figure above the base. ریلیف' مدد' علاج' پشتی' فوجی عہدہ سے فرصت' رہائی' تصویر کی سطح کے اوپر ابھار *Medicine brings relief to the sick. It helps to make them well.*

Relier *n.* کسی دوسرے پر اعتماد رکھنے والا

Relieve (re-lev′) *v.t.* to releae; to support; to assist; to alleviate; to assuage; to redress; to ease; to render conspicuous. رہا کرنا' حمایت کرنا

کم کرنا' آزاد کرنا' تسکین دینا' آرام دینا' خوب نمایاں کرنا *Medicine will relieve pain.*

Religion (re-lij'un) *n.* a system of faith and worship; pious practice; duty to God; piety; devotion. مذہب' ایمان اور پرستش کا طریق' دین' عقیدہ' طریقہ *Religion is any faith or method of worship.*

Religionist (re-lij'un-ist) *n.* one devoted to a religion; a religious zealot. اہلِ مذہب' معتقد' مذہب پرست

Religious (re-lij'us) *adj.* connected with religion; pious; devout. مذہبی' دیندار' پارسا' شرعی' مقدس

Relinquish (re-ling'kwish) *v.t.* to withdraw from; to leave behind; to abandon; to forsake; to give up; to quit. ترک کرنا' تیاگنا' واگزاشت کرنا' چھوڑنا' ہاتھ اٹھانا

Relinquishment (re-ling-kwish'ment) *n.* renouncement. ترک' چھٹکارا' واگزاشت' دستبرداری

Reliquary (rel'i-kwa-ri) *n.* a small chest for holding relics. آثار قدیمہ کے رکھنے کا صندوق' صندوقچہ' تبرکات

Relish (re-lish) *n.* taste; flavour; savour; delight in anything; liking; tinge.
لذت' سودا' کسی چیز کا مزہ یا شوق' لت' پسند' لطف' مزہ

Relish (rel'ish) *v.t.* & *i.* to taste or eat with pleasure; to like the flavour of; to have a pleasing taste; to savour.
چکھنا' مزہ پسند کرنا' خوش ذائقہ ہونا' مزہ دینا' مرغوب ہونا

Relucent *adj.* shining. صاف' تاباں شفاف' چمکتا ہوا

Reluctance (re-luk'tans) *n.* unwillingness; repugnance. ہچکچاہٹ ★ *To exhibit reluctance.* اعتراض کرنا

Reluctant (re-luk'tant) *adj.* unwilling; averse; striving against. خلاف' متامل' نارضامند ★ *To be reluctant.* کھنچنا' رُکنا

Relume (re-lum') *v.t.* to rekindle; to light again.
پھر جلانا' پھر روشن کرنا' دوبارہ منور کرنا

Relumine (re-lu'min) *v.t.* to rekindle. پھر جلانا

Rely (re-li') *v.t.* to rest or confide in; to depend on; to trust. اعتبار کرنا' تکیہ کرنا *Mother can rely upon Azhar to take good care of Alia.*

Remain (re-man') *v.i.* to continue; to endure; to abide; to last; to stay behind. قائم کرنا' باقی رہنا جاری رہنا' چھٹنا' ٹھہرنا *The children came, but they could not remain for lunch.*

Remainder (re-man'dur) *n.* anything left; remnant; the rest; residue. باقی' فاضل' فضلہ *I ate part of the apple and father ate the remainder.*

Remains (re-manz') *n. pl.* dead body; corpse. باقیات' بچا کھچا' لاش *The children ate the remains of the picnic when they got home.*

Remand (re-mand') *v.i.* to call back; to send back; to recommit. بلا لینا' لوٹا دینا' پھر سپرد کرنا' حوالات میں رکھنا

Remanent *adj.* remaining. باقی ماندہ' بچا کھچا

Remark (re-mark')❶ *v.t.* & *i.* to take notice of; to note mentally; to observe; to express in words. لحاظ کرنا' غور کرنا' رائے دینا' اشارہ کرنا' بیان کرنا *The teacher made a few remarks about the lesson.* ❷— *n.* notice; observation; comment; a casual expression. رائے' کیفیت' بیان' قول' حاشیہ' مشاہدہ *Alia remarked that father was growing fat.*

Remarkable (re-mark'a-bl) *adj.* observable; worthy of notice; extraordinary; unusual; conspicuous; well-known. قابل ملاحظہ یا توجہ' غیر معمولی' نادر' مشہور *The child's manners are remarkable for her age.*

Remarkably (re-mark'a-bl-i) *adv.* in a remarkable manner; singularly. عجیب یا نادر طور سے' نمایاں طور پر

Remarry (re-mar'i) *v.i.* to marry again. پھر شادی کرنا

Remediable (rem-e'di-a-bl) *adj.* capable of remedy; curable. چارہ پذیر' قابلِ علاج' قابل تلافی' تدارک پذیر

Remedial (rem-e'di-al) *adj.* affording remedy; relieving. دافع' انسدادی' اصلاحی' معالجاتی

Remedy (rem'e-di)❶ *n.* that which cures a disease or counteracts an evil. علاج' چارہ *Medicine is a remedy for sickness.* ❷— *v.t.* to cure; to remove; to repair; to relieve. آرام کرنا' تدارک کرنا' مرمت کرنا' تسکین دینا *We will remedy the mistake at once. We will correct it.*

Remember (re-mem'bur) *v.t.* to bear in mind; not to forget; to recall. خیال یاد کرنا' نہ بھولنا' یاد دلانا' حفظ کرنا *Mother can remember things that happened when she was a little girl.*

Remembrance (re-mem'brans) *n.* act of remembering; memory; recollection; a memorial; a souvenir. یادداشت' حافظہ' یاد' یادگار *Anila gave me a little remembrance for my birthday.*

Remembrancer (re-mem'brans-ur) *n.* an officer of the exchequer; a recorder; a memento.
افسر خزانہ' محافظ دفتر' یادگار' نشانی' یاد دلانے والا

Remind (re-mind') *v.t.* to put in mind; to cause to remember. یاد دلانا' خیال دلانا *Remind me to take an umbrella.*

Reminder (re-mind'ur) *n.* one who or that which reminds. یاد دلانے والا' تاکید' یاد دہانی کرانے والا مراسلہ

Reminisce *v.i.* یاد آنا' یاد آوری میں مشغول ہونا یاد میں گم ہونا

Reminiscence (rem-i-nis'ens) *n.* memory; recollection; recovery of ideas. یاد' حافظہ' واقعات یا شے' یادگار

Remise *v.t.*
(قانون) عطا کرنا' حوالے کر دینا' دست بردار ہونا' حق چھوڑ دینا' ادا کر دینا

Remiss (re-mis') *adj.* slack; negligent; careless. لاپروائی سے' غفلت و بے **Remissly** *adv.* ڈھیلا' غافل' سُست لاپروائی' سستی' کاہلی **Remissness** *n.* احتیاطی سے' سستی سے

معاف کئے جانے کے قابل **Remissible** *adj*. غفلت' بے خبری
Remission (re-mish′un) *n*. relaxation; diminution of intensity or violence; abatement; pardon; forgiveness. ڈھیلاپن' تخفیف شدّت' کمی' معافی' چھوٹ
Remit (re-mit′) *v.t.* to send money; to relax; to abate; to forgive; to refer; to give up; to resign. ڈھیلا کرنا' کم کرنا' معاف کرنا' چھوڑنا' لادعویٰ ہونا **Remitment** *n*. قابل معافی' قابل رعایت **Remittable** *adj*. سستی' کاہلی' تخفیف
Remitter *n*. ارسال کنندہ' معاف کردینے والا
Remittance (re-mit′ans) *n*. money remitted; sum transmitted. ہُنڈی' زر مرسلہ' ترسیل زر' ادائیگی
Remittent (re-mit′ent) *adj*. temporarily ceasing or abating. جو کچھ دیر کے لئے کم ہو جائے' باری کا
Remnant (rem′nant) *n*. that which is left; residue; remainder; scrap; fragment. بقیہ' باقی' پارچہ *Mother made a doll's dress from a remnant.*
Remodel (re-mod′l) *v.t.* to fashion or model anew. نئے نمونے پر مرتب کرنا *Mother has had her dress remodelled.*
Remonstrance (re-mon′strans) *n*. a strong representation against any measure; expostulation against any measure; expostulation. شکایت' عرض حال' حُجت' رد و قدح کرنا
Remonstrate (re-mon′strat) *v.t.* to urge reasons against; to expostulate. شکایت آمیز عرضی پیش کرنا' گلہ گزاری کرنا
Remora *n*. the sucking fish. ایک قسم کی بحری مچھلی' رس ماہی
Remorse (re-mors) *n*. the reproach of conscience; regret; compunction. ندامت' تاسف' غم' پشیمانی *The child felt remorse for having stolen the pencils. He wished he had not done it.*
Remorseless (re-mors′les) *adj*. unfeeling; cruel. بے درد' سنگدل' بے شرم' ڈھیٹ
Remote (re-mot′) *adj*. distant in place or time; far off; alien. دُور' دُور دراز' غیر' بیگانہ *The explorers had visited remote corners of the world.*
Remoteness (re-mot′nes) *n*. distance; not nearness. فاصلہ' تفاوت' نزدیک نہ ہونا' دوری' بعد
Remount (re-mownt′) *v.t.* & *i.* to mount again; to rescend. پھر سوار ہونا' پھر چڑھنا' دوبارہ چڑھنا
Removal (re-moo′val) *n*. act of removing; departure; change of place; the act of putting an end to. تبدیلی' موقوفی' روانگی' خاتمہ' معزولی' برطرفی' علیحدگی
Remove (re-moov′) *v.t.* & *i.* to go from one place to another; to change residence; to put away; to carry from one court to another. الگ کرنا' تبدیل کرنا' ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا' نقل مکان کرنا *Maria removed her wellingtons before going into the house.*

Remunerable (re-mu-nur′a-bl) *adj*. capable of being remunerated. قابل مُعاوضہ' صلہ کے لائق' قابل تلافی
Remunerate (re-mu′nur-at) *v.t.* to repay; to recompense. ادا کرنا' اُجرت دینا' اجر دینا' معاوضہ دینا
Remuneration (re-mu-nur-a′shun) *n*. a recompense for servic; a reward. مُعاوضہ' انعام' صلہ
Remunerative (re-mu′nur-a-tiv) *adj*. yielding a sufficient return; compensative; profitable. اُجرت دہ' آمدنی یا فائدہ کا' قابل معاوضہ' منفعت بخش
Renaissance *n*. احیائے ثانیہ' نشاۃ ثانیہ' حیات نو
Renal (re-nal′) *adj*. relating to the kidneys or reins. متعلق بہ گردہ' گردوں کے نزدیک
Renard, Reynard (ra′nard) *n*. a name for the fox. لُومڑی' چالاک لومڑی' شہ روباہ
Renascency (re-nas′en-si) *n*. state of being reproduced. نئی پیدائش' حیات نو' نیا جنم
Rencounter (ren-kwont′ur) *n*. a meeting of two persons or bodies; collision; sudden conflict; a clash; a combat. دو افراد یا جسم کا ملنا' مٹھ بھیڑ' جھگڑا' کھٹا' جھڑپ
Rend (rend) *v.t.* to tear with violence; to split; to lacerate. پھاڑ ڈالنا' چیرنا' نشتر دینا' توڑنا' متاثر کرنا' ٹوٹنا
Render (ren′dur) *v.t.* to return; to pay back; to translate; to afford; to state; to boil down and clarify; to plaster roughly. حوالہ کرنا' واپس کرنا' ترجمہ کرنا' دینا' بیان کرنا' ادا کرنا' لیپنا
Renderable *adj*. قابل ادائیگی' قابل صفائی' قابل ترجمہ یا ترجمانی
Renderer *n*. ادا کرنے والا شخص' خدمات انجام دینے والا شخص' صفائی کنندہ' مُترجم' ترجمان
Rendezvous (ren′de-voo) ❶ *n*. a place of meeting or resort. اجتماع کا مقام' جمع ہونے کی جگہ' مجمع' جمگھٹ' اکھاڑہ ❷— *v.i.* to assemble at a particular place. کسی خاص جگہ جمع ہونا
Rendition (ren-di′shun) *n*. a surrendering; translation. حوالگی' ترجمہ' ترجمانی' سپردگی
Renegade (ren′e-gad) *n*. an apostate from a religious faith; deserter. تارک الدین' منکر دین' دہریہ' مرتد
Renew (re-nu′) *v.t.* to make new; to repeat; to repair; to begin again; to grant or to accept a new bill or note. تازہ کرنا' دہرانا' مرمت کرنا' از سر نو شروع کرنا' نیا بل دینا یا قبول کرنا *I shall renew my subscription to the magazine.*
Renewal *n*. تجدید' احیاء' پھر سے اجراء
Reniform (ren′i-form) *adj*. having the form or shape of the kidneys. بہ شکل گردہ' گردہ نما
Rennet (ren′et) *n*. a kind of apple; a preparation of the inner lining of a calf's stomach, used to curdle milk. ایک قسم کا سیب' خمامن' دودھ جمانے کا مادہ
Renominate *v.t.* دوبارہ نامزد کرنا
Renomination *n*. مکرر نامزدگی

Renounce (re-nowns′) *v.t.* to give up; to resign; to disavow; to disown; to disclaim; to cast off; to reject. چھوڑنا' دست بردار ہونا' قبول نہ کرنا' ترک کرنا' نامنظور کرنا *Azhar renounced responsibility for what his baby brother did. He said he would not be responsible.*

Renovate (ren′o-vat) *v.t.* to make new; to renew. تجدید کرنا' مرمت کرنا *The old house will have to be renovated before the family moves in.*

Renown (re-nown′) *n.* fame; reputation; celebrity. شہرت' نام آوری' شہرہ' ناموری' عزت و وقار

Renowned (re-nownd′) *adj.* celebrated; famous; eminent. مشہور' نامی' ممتاز' نامور' نمایاں

Rent (rent)❶ *n.* a fissure; tear; a split; annual payment for field, house etc.; rental revenue. کرایہ' لگان' محصول' نکاسی' رینٹ *Father pays the rent on the Ist of the month.* ★ *Rent free.* بلا خراج' معاف ★ *Rent free grant.* جاگیر معافی ★ *Rent free grant for religious purposes.* ایمہ' وقف ❷— *v.t.* & *i.* to let to a tenant; to lease; to take by lease. کرایہ یا لگان پر دینا' پٹے پر لینا *We rent our house from an estate company.*

Rental (rent′al) *n.* rent-roll; the annual amount of rents. جمع بندی' فرد لگان' سالانہ زر لگان' مالگزاری

Renter (rent′ur) *n.* a theatre shareholder. فلمی تجارت کا شریک' جو کرایہ پر مکان یا دکان دے

Rentes (ren-tus′) (*F.*) *n. pl.* funds bearing interest; stocks. فنڈ جس کا سُود ملے

Renunciation (re-nun-si-a′shun) *n.* act of disowning; refusal; rejection. ترک' نامنظوری' دستبرداری

Reoccupy *v.t.* پھر سے قابض ہو جانا

Re-open (re-o′pn) *v.t.* to open again. پھر کھولنا' پھر شروع کرنا' ری اوپن *The theatre that closed this summer will reopen during the winter.*


Reordain (re-or-dan′) *v.t.* to ordain again. پھر مقرر کرنا' تقرر ثانی کرنا

Reorder (re-or′dur) *v.i.* to order a second time. پھر حکم دینا' نئے سرے سے فرمائش کرنا

Reorganise (re-or′gan-iz) *v.t.* to organise anew. از سرنو ترتیب دینا' تنظیم نو کرنا *Our headmaster reorganized the classes this term. He changed the hours, some of the subjects, and the method of teaching.*

Reorient *v.i.* & *v.t.* دوبارہ سمت بندی کرنا

Rep *n.* لائن والا کپڑا' دھاری دار کپڑا



REPAIR

Repair (re-par′)❶ *v.t.* & *i*, to amend; to rebuild; to retrieve; to go; to resort. تلافی کرنا' مرمت کرنا' درست کرنا' از سرنو بنانا' رجوع کرنا *The mechanic repaired the radio.* ❷— *n.* restoration to a sound state after decay; reparation; mending; patching; abode; resort; haunt. دُرستی' مرمت' سنوار' پیوند کاری' مسکن' آمد و رفت کی جگہ

Reparation (re-par-a′shun) *n.* repair; indemnification for loss or damage. مرمت' دُرستی' تاوان' بدلا' عوض' تلافی

Reparative *adj.* مرمت کئے جانے کے قابل' مرمت کے لائق' مُتعلق بہ تاوان جنگ

Repartee (rep-ar-te′)❶ *n.* a smart, ready and witty reply; witty retort. معقول فی البدیہہ جواب' ظریفانہ جواب' حاضر جوابی' برجستہ جواب ❷— *v.t.* to make a smart and witty reply. حاضر جوابی کرنا' ظریفانہ' جواب دینا' برجستہ جواب دینا

Repartition (re-par-tish′un) *n.* a division into smaller parts. چھوٹے حصّوں میں تقسیم' تقسیم نو' تازہ تقسیم

Repast (re-past′) *n.* a meal; victuals; food; feast. طعام' کھانا' ناشتہ' دعوت' خوراک

Repatriate *v.t.* لوٹا دینا' واپس کر دینا' وطن میں واپس لانا یا آنا

Repatriation *n.* وطن واپسی

Repay (re-pa′) *v.t.* to pay back; to reimburse; to refund; to reward; to requite; to recompense. پھر دینا' پُورا کرنا' واپس کرنا' انعام دینا' جزا دینا' مُعاوضہ دینا *I will repay the money you lent me as soon as I receive my wages.*

Repeal (re-pel′) *v.t.* to annul; to revoke by authority; to abrogate. رد کرنا' منسُوخ کرنا' فسخ کرنا' موقوف کرنا

Repeal (re-pel′) *n.* annulling; abrogation: revocation. تردید' منسُوخی' فسخ' ابطال' تنسیخ

Repeat (re-pet′) *v.t.* to do or speak again; tc renew; to reiterate; to relate; to recite. مکرر کرنا یا کہنا' تازہ کرنا' دُہرانا' بیان کرنا' زبانی سُنانا *I did not quite understand. Please repeat what you said.*

Repeatedly (re-pet′ed-li) *adv.* frequently. بار بار' مکرر *Mother asks Azhar repeatedly to take his boots off when he comes in.*

Repeater *n.* دُہرانے والا

Repeating firearm *n.* خود کار اسلحہ

Repechange *n.* کسی کھیل کے لئے اضافی آزمائشی مقابلہ

Repel (re-pel)❶ *v.t.* to drive back; to repulse; to oppose; to resist. پیچھے ہٹانا' پس پا کرنا' روکنا' تعرض کرنا' دھکیلنا' مزاحمت کرنا ❷— *v.t.* & *i.* to feel sorrow for something done or left undone; to remember with sorrow; to change from past evil. پچھتانا' ہاتھ ملنا' دانتوں میں انگلی دینا' تاسف کرنا' توبہ کرنا' باز آنا

Repellency *n.* ناگواری' کراہیت' مزاحمت' استرداد

Repeller *n.* دافع' دھکیلنے والا' پرے ہٹانے والا' ناگوار' مکروہ' مزاحم

Repellent *adj.* مکروہ' ناگوار' مزاحم' پرے دھکیلنے والا

Repent *v.i.* شرمندہ ہونا' تائب ہونا' پچھتاوا ہونا *If you do*

wrong, you are sure to repent it.

Repentance (re-pent′ans) *n.* act of repenting; sorrow; penitence. پچھتاوا، تاسف، پا ئمالی، پشیمانی، توبہ، ندامت

Repentant (re-pent′ant) *adj.* sorrowful for sin; panitent; one who repents. مستغفر، گناہ سے متاسف، توبہ کرنے والا، پشیمان، نادم، منفعل

Repercussion (re-pur-cush′un) *n.* act of driving back; reverberation. پلٹاؤ، گونج، دھمک، لہر، ردعمل، اثرات

Repertory (rep′ur-to-ri) *n.* a place in which anything can be easily found; a treasury. مخزن، گنجینہ، خزانہ، ذخیرہ، مجموعہ

Repetition (rep-e-tish′un) *n.* act of repeating; iteration; rehearsal. دہراؤ، تکرار، اعادہ، دہرائی، نقش ثانی

Repetitious *adj.* مکرر، تکرار والا

Repetitive *adj.* تکرار سے بھرپور، تکراری

Repetitively *adv.* دہرا دہرا کر، بار بار، مکرر

Repine (re-pin′) *v.i.* to murmur; to complain; to frest. بڑبڑانا، شکایت کرنا، کڑھنا، کڑھنا، پیچ و تاب کھانا

Replace (re-plas′) *v.t.* to substitute; to refund; to pay. عوض میں رکھنا، واپس کرنا، ادا کرنا *Mother replaced the broken mirror.*

Replant (re-plant′) *v.t.* to plant again. پھر نصب کرنا، پھر لگانا، تنصیب نو کرنا

Replenish (re-plen′ish) *v.t.* to supply; to stock; to fill again. دینا، پورا کرنا، بھر دینا *Mother replenished the cupboard. She stocked them up with food.*

Replenishment (re-plen′ish-ment′) *n.* supply. لبریزی

Replete (re-plet′) *adj.* full; completely filled; quite full. پورا، لبریز، بھرا ہوا، بھرپور

Repletion (re-ple′shun) *n.* fulness; surfeit. معموری، بھرپوری، شکم سیری، پرخوری

Replevy (re-plev′i) *v.t.* to take back, by writ, things illegally seized. ناجائز طور پر قرق کی ہوئی چیز کو بذریعہ حکم عدالت واپس لینا، ضمانت پر چھوڑنا

Replica (re-p′li-ka) *n.* a copy of a painting the artist who executed the original. تصویر کی نقل جو اصل مصوّر کرے، چربہ

Replicate (rep′li-kat) *adj.* folded back! کیا ہوا، موڑا ہوا

Replication (rep-li-ka′shun) *n.* reply; an answer; the reply of the plaintiff to the defendant's plea. تردید جواب، رد جواب، رد کلام، جواب دعوی کا جواب

Reply (re-pli′)❶ *v.t.* to answer; to respond. جواب دینا، اتر دینا *Grandmother always replies to our letters at once.* ❷— *n.* an answer; a response. جواب، اتر *It is wiser to make no reply to angry words.*

Report (re-port′)❶ *v.t. & i.* to give an account of; to relate; to describe; to make an official return or statement; to charge with neglect; to act as a reporter for the press; to take down a speech verbatim. کیفیت لکھنا، بیان کرنا، خبر دینا، سرکاری طور پر اطلاع دینا، شکایت کرنا، اخبار کے لئے خبر نویسی کرنا، کسی تقریر کو لفظ بہ لفظ قلمبند کرنا *The boys reported for football practice at 4 o'clock.* ★ *To report one's self,* to give information of one's arrival. آمد کی خبر دینا ❷— *n.* a statement of fact; an official statement; rumour; repute; loud noise as of a gun. حال، صورت، رپٹ سرکاری، کیفیت، افواہ، شہرت، اطلاع *The children gave a report of their visit to the zoo.* ★ *Good report.* نیک نامی ★ *Ill report.* بدنامی ★ *To spread a report.* افواہ اڑانا

Reporter (re-port′ur) *n.* one who reports the proceedings of courts or other public bodies. مخبر، نامہ نگار، رپورٹر *Reporters hurried to the scene of the accident.*

Repose (re-poz′)❶ *v.t. & i.* to lay at rest; to lie; to sleep; to rest in confidence; to deposit. آرام کرنا، لیٹنا، سونا، بھروسا کرنا، سونپنا *Baby reposed on father's lap.* ❷— *n.* sleep; rest; ease; mental tranquility. آرام، آسودگی، اطمینان

Reposeful *adj.* آرام سے بھرپور، خاموش طبع، چپ، مطمئن، ہموار

Reposefully *adv.* آرام سے، خاموشی سے، اطمینان سے، چپ چاپ

Reposefulness *n.* آرام، چین، اطمینان، سکون

Reposit (re-poz′it) *v.t.* to lay up; to lodge for safety. دھرنا، حفاظت کے واسطے رکھنا، ذخیرہ کرنا، جمع کرنا

Repository (re-poz′i-to-ri) *n.* a place where things are laid up or deposited for safety; store-house; ware-house; depot. وہ جگہ جہاں حفاظت کے واسطے چیز رکھی جائے، خزانہ، مال خانہ، توشہ خانہ

Repossess (re-poz-zes) *v.t.* to posses again. بھر پانا، دوبارہ پانا یا حاصل کرنا، دوبارہ قبضے میں لینا

Repot *v.t.* change the pot. پودے کو ایک گملے سے دوسرے گملے میں منتقل کرنا

Reprehend (rep-re-hend′) *v.t.* to accuse; to censure; to reprove. الزام لگانا، ملامت کرنا، سرزنش کرنا

Reprehensible (rep-re-hen′si-bl) *adj.* censurable; culpable. غلطی کرنے والا، قصوروار، قابل ملامت

Reprehensibleness *n.* ملامت، طعنہ زنی

Reprehensibly *adv.* قابل ملامت طور پر، گناہ گارانہ طور پر

Reprehension (rep-re-hen′shun) *n.* blame; reproof; censure. الزام، ملامت، ڈانٹ ڈپٹ، سرزنش

Reprehensive (rep-re-hen′iv) *adj.* given to reproof. ملامت آمیز، سرزنش سے متعلق

Represent (rep-re-zent′) *v.t.* to exhibit; to show; to personate; to act for; to stand for; to delineate; to serve as a sign of. ظاہر کرنا، بیان کرنا، سوانگ بنانا، قائم مقام ہونا، خاکہ کھینچنا، نمائندگی کرنا *The picture Anila drew represented the story of*

Little Red Riding Hood. ★ *To represent one in a suit.* کسی کی طرف سے نالش کرنا

Representation (rep-re-zen-ta′ shun) *n.* act of describing; a description; likeness; petition; memorial. بیان، تصویر، عرضداشت، عرضی، اظہار، نمائندگی

Representational *adj.* نمائندہ، نمائندگی کرنے والا

Representationalism *n.* حقیقت، نگاری، اشیاء کو ویسا بنانا (تصویر میں) جیسی وہ حقیقت میں نظر آتی ہیں

Representative (rep-re-zent′ a-tiv)❶ *adj.* exhibiting a likeness; acting for others. نمائندہ، قائم مقام ❷— *n.* one who or that which exhibits likeness to another; an agent; a deputy; substitute. ہم شکل، قائم مقام *The class chose Asma for their representative.* ★ *Representative of community.* سرغنہ، پیر، سردار

Repress (re-pres′) *v.t.* to subdue; to crush down; to check; to restrain. دبانا، مسلنا، روکنا، تھامنا، کچلنا

Repression (re-presh′ un) *n.* act of repressing; check; restraint. انسداد، روک، ضبط، تشدد

Repressive (re-pres′ iv) *adj.* tending to repress. مانع، دافع، انسدادی، جبری، جابرانہ

Reprieve (re-prev′)❶ *v.t.* to alter a sentence of death; to respite after sentence of death; to relieve temporarily. سزائے قتل ملتوی رکھنا، سزائے موت کے بعد وقفہ یا مہلت دینا ❷— *n.* the temporary suspension of the execution of sentence of death. سزائے قتل کا عارضی التوا، تعویق، وقفہ، مہلت

Reprimand (rep′ ri-mand)❶ *v.t.* to chide for a fault; to reprehend. سرزنش کرنا، دھمکانا، ڈانٹنا ❷— *n.* a public or private reproof for fault committed. قصور کے واسطے ڈانٹ، دھتکار، سرزنش

Reprint (re-print′)❶ *v.t.* to print again; to print a second edition. دوبارہ چھاپنا، ری پرنٹ *When all the copies of the book were sold, the publisher reprinted it. He printed more like it.* ❷— *n.* a new impression or edition of a book. طبع ثانی *This picture is a reprint.*

Reprisal (re-pri′ zal) *n.* retaliation for injury or wrong; a retaliative seizure of anything belonging to an enemy. بدلہ عوض، دشمن کی چیز بدلے میں قبضہ کر لینا، پاداش، انتقام

Reprise (re-priz′) *n.* act of taking by way of retaliation. معاوضہ، سالانہ محصول، لگان

Reproach (re-proch′)❶ *v.t.* to charge with a fault in severe language; to reprimand; to rebuke; to revile; to blame. الزام لگانا، ڈانٹنا، فضیحت کرنا، بدنام کرنا *The teacher reproached us for not having done our lesson.* ❷— *n.* blame; censure; rebuke; abuse. الزام، لعن طعن، رسوائی، گالی *The reproach made us sorry.*

Reproachable *adj.* قابل ملامت، قابل نفرت، مورد الزام

Reproachful (re-proch′ fool) *adj.* upbraiding; opprobious. ملامت، آمیز، ناشائستہ **Reproachfully** *adv.* حقارت سے، ڈانٹ ڈپٹ کر، لعن طعن سے، الزام لگاتے ہوئے **Reproachfulness** *n.* الزام دہی، نفرت، حقیر سمجھنے کا عمل یا اس کی کیفیت

Reprobate (rep′ ro-bat)❶ *v.t.* to disdain; to reject. ناپسند کرنا، نامنظور کرنا ❷— *adj.* disallowed; abandoned; lost to virtue or grape. نامقبول، خارج از رحمت، اوباش ❸— *n.* one lost to virtue; a profligate. بے اصول، اخلاق باختہ، عیاش، آوارہ، رند، خوار، خستہ

Reproduce (re-pro-dus′) *v.t.* to produce again; to generate; to renew the production of; to bring to the memory. پیداوار کی تجدید کرنا، یاد دلانا، نسل بڑھانا

Reproduction (re-pro-duk′ shun) *n.* act of reproducing. پیداوار، نسلی تسلسل، افزائش نسل

Reproof (re-proof′) *n.* public rebuke; express censure; reprimand; reproach. ملامت، ڈانٹ، عتاب

Reprovable (re-proov′ a-bl) *adj.* worthy of reproof; deserving censure; culpable; blamable. لائق ملامت، زجر کے لائق، الزام کے لائق

Reprove (re-proov′) *v.t.* to chide to the face; to censure; to blame; to rebuke; to reprimand. ملامت کرنا، الزام لگانا، ڈانٹنا *Father reproved us for our fault.*

Reptant *adj.* creeping. رینگنے والا، نیچے پھیلنے والا، زمین گیر

Reptile (rep′ til)❶ *n.* a creeping animal. ❷— *adj.* grovelling. خزندہ، رینگنے والا، حشرات الارض *Alligators, turtles, and snakes are reptiles.*

Republic (re-pub′ lik) *n.* a form of government in which the supreme power is invested in representatives elected by the people; commonwealth. سلطنت جمہوریہ، وہ سلطنت جس میں اختیارات رعایا کے منتخب کئے ہوئے اشخاص کو ملتے ہیں، ریپبلک *The United States is a republic.*

Republican (re-pub′ lik-an) *adj.* having the character of republic. جمہوریت پسند، جمہوری

Republicanism (re-pub′ lik-an-izm) *n.* republican form of government. جمہوری سلطنت کا اصول یا اس کی طرفداری، جمہوری طرز حکومت

Republicanize *v.t.* جمہوری بنانا، جمہوریت سے نوازنا

Republication (re-pub-li-ka′ shun) *n.* a second issue or reprint of something before published; a reprint. اشتہار ثانی، طبع ثانی، دوسرا چھاپہ، طبع نو

Republish (re-pub′ lish) *v.t.* to publish anew; to reprint. از سر نو مشتہر کرنا، طبع نو کرنا، دوبارہ شائع کرنا

Republisher *n.* دوبارہ شائع کرنے والا، ناشر طبع نو

Repudiate (re-pu′ di-at) *v.t.* to divorce; to cast off; to reject; to disavow; to disclaim; to disown. چھوڑ دینا، طلاق دینا، پھینک دینا، نامنظور کرنا، رد کر دینا

Repudiation (re-pu-di-a′shun) *n.* a divorce; rejection. طلاق' ترک 'عدم قبول' نامنظوری' تردید' استرد داد
Repugnance (re-pug′nans) *n.* reluctance; unwillingness; aversion; dislike; inconsistence.
نفرت' ناخوشی' مخالفت 'سخت ناپسندیدگی' ناموافقت' تضاد
Repugnant (re-pug′nant) *adj.* contrary; averse; unwilling. برخلاف' مخالف' ناگوار 'منافی' متضاد' بے جوڑ
Repullulate *v.i.* sprout afresh.
نئے سرے سے اُگنا' کونپل پھُوٹنا' دوبارہ شگفتہ ہونا
Repulse (re-puls′)❶ *v.t.* to beat back; to repel; to drive off. ہٹادینا' ماردینا' شکست دینا *The bitter old man repulsed all offers of friendship.* ❷— *n.* act of repelling; denial; refusal. شکست' نامنظوری' انکار' نفی *The repulse of the enemy was made possible by many ships and planes and men.*
Repulsion (re-pul′shun) *n.* act of driving back; repugnance. ہزیمت' نفرت ' کراہت' مخالفت' پسپائی
Repulsive (re-pul′siv) *adj.* forbidding. نفرت انگیز' دافع
Repulsively *adv.* مخالفانہ طور پر' بدذوقی سے' پرے ہٹاتے ہوئے
Repulsiveness *n.* بدذوقی' ناگواریت' دافعیت' ممانعت' کراہت
Repurchase *v.t.* دوبارہ خریدنا' دوبارہ خرید کر حاصل کرلینا
Reputable (rep′ut-a-bl) *adj.* worthy of repute; respectable; honorable; of good repute.
شہرت کے لائق' عزت والا ' اچھی شہرت کا حامل' معزز
Reputation (rep-u-ta′shun) *n.* good name; fame; esteem. نیک نامی' شہرت' عزت *Our doctor has an excellent reputation.*
Repute (re-put′) *n.* established opinion; good character. نیک چلنی' شہرت
Reputed *adj.* مشہور' نامور' مسلمہ' معروف
Reputedly (re-put′ed-li) *adv.* in common opinion.
ساکھ سے 'ناموری سے' اعتبار سے' مسلمہ طور پر
Request (re-kwest′)❶ *n.* petition; entreaty; suit; desire; demand. عرض' مقدمہ' خواہش *The teacher requested us to work quietly.* ❷— *v.t.* to ask earnestly; to express desire for or to; to entreat; to beg; to solicit. التجا کرنا' چاہنا' مانگنا *All Azhar's requests were granted at Christmas.*
Requiem (re-kwi-em) *n.* a hymn for the dead; a funeral dirge or service.
فاتحہ' درود' مرحوم کی روح کے آرام کا گیت 'دعائے مغفرت
Require (re-kwir′) *v.t.* to claim as by right; to demand; to need; to stand in want of. مانگنا' چاہنا
احتیاج رکھنا *Baby requires much sleep.*
Requirement (re-kwir′ment) *adj.* demand; requisition. مانگ' طلب 'اقتضا' مطالبہ' ضرورت' حاجت
Requisite (rek′wi-zit) *adj.* needful; required; indispensable; essential; necessary.
ضروری' مطلوب' لازم' ناگزیر
Requisite (ek′wi-zit) *n.* something indispensable; that which is necessary. شے مطلوب' ضروری چیز' امر ناگزیر
Requisition (rek-wi-zi′shun) *n.* act of requiring; demand; a written invitation or call.
طلب' درخواست' نوید ' مطالبہ' فرمائش' باضابطہ درخواست
Requital (re-qui′tal) *n.* reward; compensation; recompense; retribution. اجر' بدلا' عوض' انتقام' صلہ
Requite (re-kwit′) *v.t.* to repay; to recompense; to compensate; to punish; to retaliate. بدلہ دینا' جزا دینا' مُعاوضہ دینا' سزا دینا ★ *To requite evil for good.*
بھلائی کے بدلے بُرائی کرنا
Rereward (rer′ward) *n.* the rear-guard. محافظِ عقب
Rescind (re-sind′) *v.t.* to cut off; to abolish; to repeal; to annul. کاٹ ڈالنا' منسُوخ کرنا 'کالعدم کردینا
Rescindable *adj.* قابلِ فسخ' قابلِ منسُوخی' قابلِ تنسیخ
Rescinder *n.* فسخ کرنے والا 'ناسخ' منسُوخ کرنے والا
Rescission (re-sish′un) *n.* act of rescinding; a cutting off; abrogation. منسُوخی' کاٹ' تنسیخ
Rescissory *adj.* ناسخ' منسُوخ کردینے والا
Rescript (re′skript) *n.* an edict or decree; an official answer; a counterpart.
فرمان' منشور' سرکاری جواب
Rescue (re′sku) *v.t.* to take back; to set free from danger; to liberate. واپس لینا' خطرہ سے چھوڑنا' آزاد کرنا *The sailor rescued the man from the sinking ship.*
Rescue (res′ku) *n.* deliverance from imprisonment or danger; liberation. خطرہ یا قید سے رہائی' خلاصی' نجات *The rescue of the pilots lost at sea was difficult.*
Rescuer *n.* رہا کرنے والا' نجات دہندہ *The lost pilots thanked their rescuers.*
Research (re-surch′) *n.* inquiry; careful search.
تحقیقات' تلاش' تحقیق' تفتیش' کھوج' چھان بین
Resect *v.t.* cut away part of. کاٹنا' تراشنا' برابر کرنا
Reseek *v.t.* begin research a new.
دوبارہ تلاش کرنا' پھر جستجو کرنا' دوبارہ تحقیق کرنا
Reseize (re-sez′) *v.t.* to seize again. دوبارہ پکڑنا' پھر پکڑنا
Resemblance (re-zem′blans) *n.* similarity; likeness; representation; image. تشبیہ' تمثیل' صُورت *There is a strong resemblance between mother and Anam. They look much alike.*
Resemble (re-zem′bl) *v.t.* to be like to; to liken; to compare. مشابہ ہونا' ملانا *Tigers resemble cats.*
Resent (re-zent′) *v.t.* to take ill; to be angry at.
ناراض ہونا' خفا ہونا *Azhar resents being called a coward.*
Resentful *adj.* ناراض' آزردہ' خفا' بیزار *Azhar is*

resentful because someone called him a coward.

Resentment (re-zent′ ment) *n.* anger; displeasure; indignation. غصہ' ناخوشی' خشم' خفگی' آزردگی' ناراضگی

Reservation (re-zurv-a′ shun) *n.* act of keeping back; reserve; a proviso. تحفظ' استثناء ' بچت' وہ چیز جو کسی وقت کے لئے بچا رکھی ہے' جائے قید' شرط *Azhar has a reservation for the train.* ★ *Without reservation.* بلا قید' پورا پورا

Reserve (re-zurv′)❶ *v.t.* to keep in store; to retain. ذخیرہ رکھنا' رکھ چھوڑنا *Father said he would reserve a day to take us to the park.* ★ *Reserve the master blow.* اُستادی کا نکتہ نہیں بتانا چاہئے


❷— *n.* something kept for future use; body of troops kept for an emergency; modesty; coldness; sullenness; caution; closeness. پس انداز' ضرورت کے لئے پس انداختہ فوج' حجاب' سرد مہری' احتیاط' ناآشنا مزاجی *Anila answered the questions of strangers with reserve.* ★ *In reserve.* ہاتھ میں یا ذخیرہ میں رکھا ہُوا

Reserved (re-zurvd′) *adj.* not frank; cautious cold. ناآشنا مزاج' سرد مہر' باحجاب' محفوظ

Reservedly (re-zur′ ved-li) *adv.* cautiously; coldly. بہ احتیاط' سرد مہری سے محتاط انداز سے' تکلف سے

Reservedness (re-zur′ ved-nes) *n.* want of frankness or freedom. رکاوٹ' ناآشنا مزاجی' سرد مہری' تکلف

Reservoir (rez′ ur-vwor) *n.* a place for the storage of water. تالاب' حوض' پانی ذخیرہ کرنے کی جگہ



RESERVOIR

Reset (re-set′) *v.t.* to set over again as printed matter. دوبارہ ترتیب دینا' پھر جڑنا *The pearls were reset in a modern style.*

Resettle (re-set′ l) *v.t.* to settle again. پھر ٹھہرانا

Reshape (re-shap′) *v.t.* to shape anew. تشکیل نو کرنا

Reship (re-ship′) *v.t.* to ship what has been imported. پھر جہاز پر لانا

Reshipment *n.* جہاز کے ذریعے سامان کی دوبارہ ترسیل' از سر نو لدائی

Reshuffle *v.t.* ترتیب بدل دینا' واقعات کے رُجحان کو بدل دینا دوبارہ تلاش ملانا

Reside (re-zid′) *v.i.* to dwell permanently; to live; to inhabit. ہمیشہ کے لئے رہنا' سکونت کرنا' بسنا *Grandmother resides in the country.*

Resider *n.* رہائشی' باشندہ' قیام پذیر شخص

Residence (rez′ i-dens) *n.* place of abode; dwelling; habitant. مسکن' سکونت' گھر' رہائش *Ali's residence is on the Lower Mall.*

Residency (rez′ i-den-si) *n.* the official dwelling of a government officer. سرکاری افسر کے رہنے کا مقام' ریزیڈنسی

Resident (rez′ i-dent) *n.* one who dwells in a place for some time; a minister of a foreign court. شاہی وکیل جو سلطنت غیر میں متعین ہو' ریزیڈنٹ *The residents of the town built a new playground for the children.*

Residential *adj.* suitable or occupied by houses. سکونتی' رہنے سہنے کے قابل' رہائشی

Residentially *adv.* رہائشی انداز سے' سکونتی طور پر

Residual (re-zid′ u-al) *adj.* remaining after a portion has been taken. پس ماندہ' باقی ' تلچھٹ

Residuary (re-zid′ u-ar-i) *adj.* entitled to the remainder. باقی کا مُستحق' ' تلچھٹ سے متعلق' باقی ماندہ

Residue (rez′ i-du) *n.* that which is left; the remainder. بقیہ' باقی' بقیہ جائیداد جس کی نسبت کوئی وصیت نہ ہو

Resign (re-zin′)❶ *v.t.* to give up; to give back; to relinquish; to submit. چھوڑ دینا' دے دینا' تسلیم و رضا اختیار کرنا *Father resigned his position for a better one.* ❷— *v.i.* to submit one's self; to give upto an office. سپرد کرنا' توکل کرنا' استعفا دینا **Resigned** *adj.* پختہ عزم والا' صابر **Resignedly** *adv.* پختہ عزم سے' قناعت پسندی سے' صبر سے' متعلق بہ ترک عہدہ

Resignation (rez-ig-na′ shun) *n.* act of resigning; submission; surrender. استعفا' توکل' سپردگی *Azhar's resignation from the committee made a new election necessary.*

Resile *v.t.* پلٹنا' واپس جانا یا ہٹنا' لچک رکھنا

Resilience (re-zil′ ens) *n.* act of springing back; recoil. پیچھے کی طرف جست' باز' قلابازی' بازگشت' لچک

Resilient *adj.* لچک دار' اصل جگہ پر واپس چلے جانے والا

Resiliently *adv.* لچکداری سے' لچکتے ہوئے' لپکتے ہوئے

Resin (rez′ in) *n.* a hard inflammable gum. رال' لاکھ' گوند *Resin is used in varnish and in medicines.*

Resinferous (rez-in- f′ ur-us) *adj.* yielding resin. جس میں سے رال نکلے' رال دار

Resinous (rez′ in-us) *adj.* containing resin. رال ملی ہوئی

Resipiscent *adj.* تائب' اپنی غلطی کا احساس کرنے والا' اصلاح شدہ

Resist (re-zist′) *v.t.* to stand against; to oppose; to withstand; to strive against; to frustrate; to be distasteful to. مقابلہ کرنا' اڑنا' تجویز کو باطل کرنا' کسی کو بُرا یا ناگوار معلوم ہونا *The thief did not resist the policemen who arrested him.* **Resister** *n.* رکاوٹ

ڈالنے والی شے یا شخص **Resistible** *adj.* قابلِ مزاحمت

Resistibility *n.* مزاحمت پذیری' مزاحمت کی صلاحیت

Resistance (re-zis' tans) *n.* opposition; hindrance. مزاحمت' مدافعت' روک' مخالفت *The soldiers put up no resistance when they saw they were outnumbered.*

Resistibility (re-zist' i-bi-li-ti) *n.* the quality of being resistible. مزاحمت پذیری' قوتِ مزاحمت

Resistible (re-zis' ti-bl) *adj.* capable of being resisted. مزاحمت پذیر' قابلِ مزاحمت' قابلِ مدافعت

Resistless (re-zist' les) *adj.* irresistible; helpless. بے مزاحمت' ناقابلِ مزاحمت' بے چارہ

Res judicata, res adjudicata *n.* (*L.*) (قانون) مثل' نظیر' ایسا فیصل شدہ مقدمہ جسے کسی ملتے جلتے مقدمے میں بطور مثل یا نظیر پیش کیا جائے

Resolute (rez-o' lut) *adj.* decided; firm; steady; determined; unshaken. مستقل' مضبوط' ثابت قدم' مستعد

Resoluteness (rez-o-lut' nes) *n.* unshaken firmness. استقلال' مستقل مزاجی' ثابت قدمی' مضبوطی

Resolution (rez-o' lu' shun) *adj.* fixed determination; analysis; a formal decision passed by a public body. ارادہ' تفریق' رائے' قرارداد *Samina made a New Year's resolution to do better work in school.*

Resolvable (re-zol' va-bl) *adj.* capable of being resolved. حل ہونے کے لائق' قابلِ تشریح' تحلیل

Resolve (re-zolv')❶ *v.t.* to separate the component parts of; to solve; to clear; to determine. اجزا جُدا کرنا' حل کرنا' تجویز کرنا' قصد کرنا *Azhar resolved to eat less chocolate.* ❷— *n.* fixed purpose; determination. عزم مصمم' ارادہ' رائے

Resolvedness (re-zol' ved' nes) *n.* firmness. مضبوطی

Resolvent (re-zol' vent) *adj.* having a power to resolve. حل کرنے کی طاقت رکھنے والا' محلل

Resonance (rez' o-nans) *n.* reverberation of sound. صدا' آواز' گمک' گونج' آواز کی لہر

Resonant (rez' o-nant) *adj.* resounding; echoing back. صدا انگیز' گونجنے والا' گونج دار' گمک دار

Resonate *v.i.* گونجنا' گمک پیدا ہونا

Resonation *n.* گمک' گونج

Resonator *n.* مضطرب' گونج پیدا کرنے والی کوئی شے

Resorb *v.t.* دوبارہ جذب کرنا

Resort (re-zort')❶ *v.i.* to have recourse; to frequent; to repair. آمد و رفت رکھنا' گزرنا *In summer many people go to resorts for fun.* ❷— *n.* assembly; concourse; frequent meeting; place frequented. مجمع' اژدھام' گزرگاہ' مرجع *The old man resorted to begging in order to obtain food.*

Resound (re-zownd') *v.t.* & *i.* to sound back; to echo. صدا پیدا کرنا' گونجنا' آواز کا اونچا ہونا' مشہور ہونا

Resource (re-sors')❶ *n.* any source of aid or support; an expedient; pecuniary means; contrivance. وسیلہ' علاج' مال' تدبیر' سرمایہ *The United States has great resources of cotton, metal, timber, and other natural products.* ❷— (*pl.*) pecuniary means. ذرائع' وسائل' دولت' سرمایہ

Respect (re-spekt')❶ *v.t.* to honour; to esteem; to relate. عزت کرنا' عزیز جاننا' نسبت رکھنا *The children have great respect for their teacher.* ❷— *n.* honour; estimation; regard; relation. عزت' تعظیم' ادب' خیال' علاقہ *The children respect their teacher.* ★ *No power no respect.* طاقت بغیر عزت نہیں ★ *In every respect.* بہرحال ★ *In many respects.* بہت باتوں میں ★ *In respect of.* بارے میں ★ *With respect to.* سے متعلق' حق میں

Respectable (re-spekt' a-bl) *v.t.* worthy of respect; respectable. معزز' مشہور' قابلِ احترام' محترم' شریف

Respectful (re-spekt' fool) *adj.* civil; full of respect; reverential. باادب' مؤدب *Omer disagreed with the teacher's idea in a respectful way.*

Respectfully (re-spekt' fool-li) *adv.* in a respectful manner. مؤدبانہ "احتراماً" باادب طریقے سے

Respective (re-spek' tiv) *adj.* several; individual; showing regard or consideration; worthy of regard; careful. جُدا جُدا' اپنا اپنا' ایک ایک کا' متفرق' قدر دان' قدر کے لائق

Resperse (re-spurs') *v.t.* to sprinkle. (پر) چھڑکنا

Respiration (res-pir-a' shun) *n.* the act of breathing; return to life. تنفس' سانس' عملِ تنفس

Respirator (res' pi-ra-tor) *n.* an instrument of fine wire for covering the mouth to prevent cold air reaching the lungs. پتلے تاروں کا آلہ جس سے منہ میں سرد ہوا نہ جا سکے' آلہ تنفس

Respire (re-spir') *v.t.* & *i.* to breathe in and out; to breathe. سانس لینا' دم لینا' ستانا' تازہ دم ہونا

Respite (res' pit)❶ *n.* a postponement; delay; suspension of punishment; interval; reprieve. دیر' سزا کا التوا' مہلت *We had a short respite between classes.* ❷— *v.t.* to give a respite to; to reprieve; to suspend. آرام دینا' مہلت دینا' موقوف کرنا

Resplendency (re-splend' den-si) *n.* brilliancy; splendour. چمک' آب و تاب' نور

Resplendent (re-splen' dent) *adj.* very bright; shining. روشن' درخشاں' منور' شاندار

Respond (re-spond') *v.i.* to answer; to reply; to correspond; to suit. جواب دینا' موافق ہونا *Alia did*

not respond to mother's call, because she did not hear her.

Respondent (re-spon′dent)❶ *adj.* expected to respond; answering. جواب دہ ❷— *n.* one who answers in a suit of law; defendant. رسپانڈنٹ، جواب دہ، اپیل دیوانی کا فریق ثانی، مدعا علیہ

Response (re-spons′) *n.* an answer; an objection. جواب، تاثر، رد عمل *Father is waiting for a response to his letter.*

Responsibility (re-spon-si-bil′i-ti) *n.* that for which one is responsible. جواب دہی، ذمہ داری *Mother's responsibilities are keeping the house clean, cooking, caring for the children, and helping us when we come to her.*

Responsible (re-spon′si-bl) *adj.* answerable; accountable. جواب دہ، ذمہ دار، معتبر *Azhar is a responsible person. You can depend upon him.*


Responsive *adj.* ردِ عمل ظاہر کرنے والا، جوابی، جلد متاثر ہونے والا، زُود حس، ہمدرد، درد آشنا

Rest (rest)❶ *n.* tranquillity; sleep; quiet; peace; pause. سکون، خواب، آرام، ٹھہراؤ *Father must have rest so that he can work tomorrow.* ★ *Set your heart at rest.* آپ خاطر جمع رکھیں، اطمینان رکھیں ★ *Rest house.* راحت، منزل ★ *To set up one's rest.* مصمم ارادہ کرنا ★ *Dust, our final rest and native home.* خاک ہمارا بستر گور ہمارا گھر ❷— *v.i.* to be quiet; to sleep; to repose; to die. خاموش ہونا، آرام کرنا ★ *To rest one's self,* to take rest. آرام لینا ❸— *v.t.* to lay at rest; to place. لیٹنا، رکھنا *The ball whizzed through the air and came to rest on the grass.* ★ *To rest with,* to lie in the power of; to depend upon. قابو میں ہونا، منحصر ہونا ★ *It shall rest with.* اختیار حاصل ہونا ❹— *n.* residue; remainder; others. باقی، اور

Restate *v.t.* نئے سرے سے دوبارہ بیان کرنا

Restatement *n.* دوبارہ دیا گیا یا نیا بیان، بیان مکرر

Restaurant (res′to-rant) *n.* a house or room for the sale of refreshments; an eating house. مکان یا کمرہ جہاں کھانا وغیرہ پکتا ہو، ہوٹل، ریسٹورنٹ *We stopped at a restaurant and ordered dinner.* **Rest house** *n.*



RESTAURANT

ریسٹ ہاؤس ، مسافر خانہ ، سرائے ، ڈاک بنگلہ

Restiform (res′ti-form) *adj.* formed like a rope. رسی کی شکل کا ، دھاگے جیسا، بٹا ہوا، طنابی

Resting-place (rest′ing-plas) *n.* a place for rest. آرام گاہ

Restitute *v.t.* & *i.* restore. حقدار کو واپس دینا، مالک کو واپس کرنا

Restitution *n.* بحالی، چھنے ہوئے حقوق یا جائیداد کی بحالی، نقصان کے بدلے میں برابر کی چیز بطور جرمانہ یا ہرجانہ دینے کا عمل

Restive (res′tiv) *adj.* unwilling to go; obstinate. چلنا نہ چاہے، سرکش، ضدی **Restively** *adv.* بے چینی سے، بے صبری، مایوسی **Restiveness** *n.* بے صبری سے، مایوسی سے بے چینی ، اڑیل پن

Restless (res′tles) *adj.* never resting; continually moving; unsettled; unquiet; sleepless; discontented with one's lot. بے آرام، ہمیشہ پھرنے والا، بے قرار، بے خواب، بے صبر *Children in school are often restless in warm weather.*

Restlessness (rest′es-nes) *n.* agitation; unquietness. بے قراری، بے چینی ، بے آرامی، بے صبری، بے سکونی

Restoration (res-to-ra′shun) *n.* the act of restoring; renewal; revival; recovery. تجدید، شفا، تندرستی ، بحالی، بحالی کا عمل

Restorative (re-stor′a-tiv)❶ *adj.* able to restore. شفا بخش، مقوی ❷— *n.* a medicine to restore strength. بحال کنندہ ، مقوی، طاقت لانے والی دوا

Restore (re-stor′) *v.t.* to give back; to return; to repay; to rebuild; to repair; to renew; to cure; to recover; to revive; to re-establish; to resuscitate. واپس کرنا، مُعاوضہ دینا، مرمت کرنا، پھر تازہ کرنا، آرام کرنا، شفا دینا ، بحال کرنا ، پھر قائم کرنا *Bald-headed men often want to restore their hair.* **Restorable** *adj.* قابل بحالی، قابل تجدید **Restorer** *n.* بحال کنندہ، واپس کرنے والا شخص

Restrain (rē-strān′) *v.t.* to check; to hold back; to hinder; to repress; to limit. روکنا، انسداد کرنا، دبانا، محدود کرنا *It was hard for the rider to restrain the nervous horse.*

Restraint (re-strant′) *n.* prohibition; restriction; check. ممانعت، روک، ضبط، قید ، بندش، رکاوٹ

Restrict (re-strikt′) *v.t.* to limit; to confine; to restrain within bounds. محدود کرنا، پابند کرنا، مقید کرنا

Restriction (re-stik′shun) *n.* a restraint; confinement; limitation. پابندی، قید، بندش، ممانعت

Restringent (re-strin′jent) *adj.* astringent. قابض

Result (re-zult′)❶ *v.t.* to come out or have an issue; to issue in. نکل آنا، نتیجہ ہونا، نتیجہ پیدا کرنا، نتیجہ نکلنا *Accidents often result from carelessness..* ❷— *n.* effect; consequence; inference; issue. event; decision. نتیجہ، حاصل، انجام، فیصلہ *Good marks*

in school are a result of hard work.

Resultant (re-zul′tant)❶ *adj.* resulting from combination. نتیجہ، ثمرہ ❷— *n.* effect of two or more forces. حاصل قوت، کئی قوتوں کا نتیجہ

Resultful *adj.* نتیجہ خیز، بانتیجہ، کارآمد، بااثر

Resultless *adj.* بے نتیجہ، لاحاصل، بے ثمر

Resumable (re-zu′ma-bl) *adj.* capable of being resumed. پھر لینے کے قابل، دوبارہ شروع کرنے کے قابل

Resume (re-zum′) *n.* a summing up; an abstract, or summary. اجمال، خلاصہ ❷— *v.t.* to begin again after interruption; to take back. پھر شروع کرنا، پھر لینا، دوبارہ لے لینا

Resumption (re-zump′shun) *n.* the act of resuming or taking back. بازگیری، دوبارہ حصول

Resurface ❶ *v.t.* دوبارہ سطح ہموار کرنا، نئی یا مختلف سطح پر لانا ❷— *v.i.* سطح آب پر دوبارہ آنا

Resurge *v.i.* rise again. پھر زور پکڑنا، پھر جوش میں آنا، جی اٹھنا

Resurgence *n.* نئی زندگی، حیات نو

Resurgent *adj.* پھر سے جی اٹھنا، دوبارہ بلند ہوتا ہوا، تازہ دم

Resurrect *v.t.* دوبارہ زندہ کرنا، قبر سے نکالنا، جلا بخشنا

Resurrection (rez-ur-rek′shun) *n.* a rising again; revival from the grave; the future state. رستخیز، حشر، قیامت، حیات بعد از ممات

Resuscitate (re-sus′i-tat) *v.t.* to revive; to restore to life. تازہ دم کرنا، پھر جلانا، اوسان بحال کرنا، ہوش میں آنا

Retail (re-tal)❶ *v.t.* to sell goods in small quantities; to report as news. پرچون بیچنا، پرانی چیز فروخت کرنا، پھٹکل بیچنا *Retail shops sell goods to people who buy for their own use.* ❷— *n.* small sales; sale at second hand. خردہ فروشی، پرانی چیز کی فروخت، پھٹکل بکری

Retailer(re-tal′ur) *n.* one who sells goods in small quantities. پرچون فروش، خردہ فروش، بساطی

Retain(re-tan′)❶ *v.t.* to keep; to hold; to keep in mind; to reserve; to hire. رکھنا، پکڑنا، رکھ چھوڑنا، کرایہ پر رکھنا *Some children retain what they learn longer than others.* ❷— *v.i.* to continue; to remain. قائم رہنا، رہنا

Retainer (re-tan′ur) *n.* one who retains; an attendant; a dependant; a fee to a counsel. رکھنے والا، نوکر وابستہ، محنتانہ وکیل

Retake *v.t.* دوبارہ لے لینا، پھر حاصل کرنا، فتح کرنا، دوبارہ عکس بندی کرنا، تصویر اتارنا یا آواز ٹیپ کرنا

Retaliate(re-tal′i-at)❶ *v.t.* to repay; to revenge. بدلا دینا، عوض دینا ❷— *v.i.* to return like for like. جیسے کو تیسا دینا، انتقام لینا، جوابی کاروائی کرنا

Retaliation (re-tal-i-a′shun) *n.* the return of like for like; reprisal. مکافات، بدلا، جرمانہ، جوابی کاروائی

Retard (re-tard′) *v.t.* to delay; to hinder; to put off; to defer; to prevent progress. دیر لگانا، روکنا، موقوف رکھنا، مزاحم ہونا، ڈھیل دینا، آہستہ کرنا

Retardant *adj.* رکاوٹ ڈالنے والا، رفتار کو سست کر دینے والا

Retardation (re-tard-a′shun) *n.* act of delaying; hindrance. مزاحمت، روک، تاخیر، ڈھیل، رکاوٹ

Retarder *n.* عمل روک، وہ جو ترقی کو روک دے

Retch (rech) *v.t.* to make an effort to vomit. اُلٹی کرنا، قے کی کوشش کرنا، ابکائی آنا، متلی ہونا

Retention (re-ten′shun) *n.* power of retaining; memory; custody. گنجائش، یادداشت، حفاظت ★ *Retention of urine.* حبس البول، پیشاب وغیرہ

Retentive (re-ten′tiv) *adj.* having the power to retain; tenacious (as memory). جو روکنے یا ضبط کرنے کی طاقت رکھتا ہو، قوی، قید کرنے والا ★ *Retentive memory.* تیز حافظہ

Reticence (ret′ı-sens) *n.* state of observing continual silence; reserve. سکوت، چپ، تکلف، کم گوئی

Reticent (ret′i-sent) *adj.* silent; reserved. خاموش، چپ، کم گو، کم سخن، خاموش طبع

Reticule (ret′i-kul) *n.* a little bag of net-work; a lady's bag. جالی دار بٹوا، عورتوں کا بٹوا یا بیگ

Reticulum *n.* a network. دوسرا معدہ، جگالی کرنے والے جانوروں کا معدہ، جالی دار جھلی

Retiform (re′ti-form) *adj.* having the form of net work. جالی کی شکل کا، جالی دار، جالی نما، مشبک

Retina (ret′i-na) *n.* (*pl.* Retinae) an expansion of the optic nerve, which receives impressions resulting in the sense of vision. آنکھ کا وہ پردہ جس میں پہلے بصارت کی حس ہوتی ہے، پردہ چشم

Retinitis *n.* پردہ چشم کی سوزش

Retinue (ret′i-nu) *n.* a train of attendants on a king or an illustrious personage. نوکر چاکر، خدم و حشم، سواری، ملازمین کا جلوس

Retire (re-tir′) *v.i.* to draw back or away; to withdraw; to keep aloof. کنارہ کش ہونا، الگ ہونا، فارغ ہونا *We retire at 8 o'clock.*


Retired (re-tird′) *adj.* secluded; private. خلوت گزیں، پوشیدہ، فارغ خدمت

Retiredness (re-tird′nes) *n.* solitude; a state of retirement. گوشہ نشینی، خلوت گزینی، سبکدوشی، فارغ خدمتی

Retirement (re-tir′ment) *n.* act of retiring; selection; privacy; retreat. خلوت، عزلت، پوشیدگی، گوشہ نشینی، سبکدوشی، فارغ خدمتی

Retiring *adj.* فارغ، پسپا ہوتا ہوا، خلوت پسند، گوشہ نشین

Retort (re-tort′)❶ *v.t.* or *i.* to return; to throw back; to answer smartly. لوٹانا، پھیر دینا، رد جواب دینا ❷— *n.* a quick and witty response; a chemical vessel for distillation. ترکی بہ ترکی جواب،


Retor

ردجواب، عرق کھینچنے کا ٹونٹی دار برتن

Retouch (re-tuch′) *v.t.* to touch again; to improve by new touches. سدھارنا، بہتر بنانا، نوک پلک درست کرنا

Retoucher *n.* دوبارہ کام کرکے بہتر بنانے والا، (طباعت) سنگ ساز

Retrace (re-tras′) *v.t.* to trace back or over again. پھر نقشہ بنانا، پیچھے ہٹنا، سراغ لگانا، کھوج لگانا، تلاش کرنا

Retract (re-trakt′) *v.t.* & *i.* to draw back; to take back; to recall to abjure; to revoke. واپس لینا، رائے بدلنا، انکار کرنا، منسوخ کرنا، منحرف ہونا

Retractable *adj.* سمٹ جانے والا، سکڑنے والا، وعدہ شکن

Retractile *adj.* سکڑ جانے والا، پسپائی ظاہر کرنے والا، باز گرداں

Retractility *n.* انقباضیت، سکڑاؤ، سمٹاؤ

Retraction (re-trak′shun) *n.* act of drawing back; recantation; disavowal. کھنچاوٹ، تردید، انکار، باز گردانی

Retractive (re-trak′tiv) *adj.* withdrawing. ہٹا لینے والا

Retral *adj.* عقبی، پشت کا، پچھلا، انحطاطی

Retrally *adv.* عقبی طور پر، پشت کی طرف سے

Retread (re-tred′) *v.t.* to tread again. پھر کچلنا، پھر چلنا

Retreat (re-tret′)❶ *n.* act of retiring; place of privacy; shelter; refuge; withdrawal of troops. پسپائی، واپسی، عزلت، خلوت، امن، پناہ، فوج کا ہٹا لینا *The enemy's ships were caught in a trap and could not retreat.* ❷— *v.t.* & *i.* to draw back; to retire; to take shelter. چلانا، پسپا ہونا، پناہ گیر ہونا، پیچھے ہٹنا *The army made a quick retreat.*

Retrench (re-trensh′) *v.t.* & *i.* to cut off; to lessen to curtail; to live at less expense; to economise. کاٹ ڈالنا، کم کرنا، بہ کفایت گزران کرنا، کفایت شعاری کرنا

Retrenchment (re-trensh′ment) *n.* a cutting off; reduction; inner work of a fort. گھٹاؤ، تخفیف، مورچہ بندی، چھانٹی، کاٹ چھانٹ

Retrial *n.* مقدمہ کی دوبارہ سماعت

Retribute (re-trib′ut) *v.t.* to pay back. پلٹا دینا، واپس دینا

Retribution (ret-ri-bu′shun) *n.* repayment; compensation; reward; punishment; requital. واپسی، بدلہ، انعام، سزا، مکافات، انتقام، پاداش، جزا یا سزا

Retributive (re-trib′u-tiv) *adj.* rewarding or punishing. انعام یا سزا دینے والا، مکافات عمل سے متعلق

Retrievable (re-trev′a-bl) *adj.* capable of being retrieved. اصلاح پذیر، جو دوبارہ حاصل ہو سکے

Retrieval (re-tre-val) *n.* recovery; restoration. شفا، حصول، واپسی، باز گیری، بازیافت، نجات

Retrieve (re-trev′) *v.t.* to gain back; to recover; to restore; to repair. پھر حاصل کرنا، شفا پانا، اصلاح پر لانا، مرمت کرنا

Retriever *n.* جان بچانے والا، شکاری کتا

Retroaction *n.* عمل رجعی، مخالف یا معکوس عمل

Retroactively *adv.* موثر بہ ماضی، مخالفانہ انداز سے

Retrocede (re-tro′sed) *v.t.* & *i.* to grant back; to go back; to retire. پھر دینا، پھر جانا، چلے جانا، دست بردار ہونا

Retrocession (re-tro-sesh′un) *n.* a going-back; recession. واپسی، دست برداری، الٹی چال، الٹی حرکت

Retrogradation (re-tro-grad-a′shun) *n.* act of moving backward; a going backward; decline in excellence. پیچھے کو حرکت، عمدگی میں کمی، معزولی

Retrograde (re′tro-grad)❶ *adj.* tending backward; declining from a better to a worse state. پیچھے کی طرف مائل، زوال پذیر ❷— *v.i.* to go or move backward. پیچھے ہٹنا، زوال پذیر یا انحطاط پذیر ہونا

Retrogression (re-tro-gresh′un) *n.* the act of going backward. مراجعت، پلٹنا، واپسی، حرکت رجعی، رجعت قہقری

Retropulsion *n.* tendency to walk backward. پیچھے کی طرف جانے کا رجحان

Retrospect (ret′ro-spekt)❶ *v.i.* to look back; to review or contemplate on the past. پیچھے دیکھنا، گزشتہ کا خیال یا یاد کرنا ❷— *n.* a view; of the past; review; survey. پلٹ کر دیکھنا، ملاحظہ، یاد گزشتہ

Retrospection (re-tro-spek′shun) *n.* a looking back. خیال زمانہ گزشتہ، یاد ماضی

Retrospective (re-tro-spek′tiv) *adj.* looking back; viewing the past. گزشتہ یا پچھلے زمانہ پر نظر کرنے والا

Retrousse *adj.* ابھری ہوئی یا اٹھی ہوئی

Retrovert (re-tro-vurt′) *v.t.* to turn back. پیچھے ہٹانا، پیچھے کو موڑنا

Retry *v.t.* دوبارہ کوشش کرنا

Retund *v.t.* blunt. کند کر دینا

Returf *v.t.* cover with grass afresh. نئی گھاس لگانا، دوبارہ گھاس لگانا، نئی گھاس سے بھر دینا

Return (re-turn′)❶ *v.i.* to go or come again to the same place; to come again to the same condition; to appear again; to begin again. واپس آنا، حالت اصلی پر آنا، پھر ظاہر ہونا، پھر سے شروع کرنا ❷— *v.t.* to bring or send back; to repay; to requite. واپس کرنا، ادا کرنا، معاوضہ دینا *Return the book to the shelf when you have finished it.* ★ *To return the lie*, کہنا کہ وہ خود جھوٹا ہے ❸— *n.* a going-back; restitution; profit of capital or labour; official report; relapse. واپسی، نفع، پیداوار، کیفیت، اعادہ *Father bought a return ticket to Karachi.* **Returner** *n.* واپس کرنے والا، واپس دینے والا **Returnable** *adj.* قابل واپسی **Returnee** *n.* وہ مال جو واپس آ گیا ہو

Retuse *adj.* دندانے دار

Reunif action *n.* اتحاد مکرر، اتحاد نو

Reunion (re-un′yun) *n.* a second union after separation; a festive a gathering (as of friends). دوبارہ اتحاد، جدائی کے بعد ملاپ (دوستوں یا عزیزوں کی) پھر ایک

دُوسرے سے ایک گھر میں ملاقات

Runionism *n.* اِتحادِ مکرّر کی حمایت

Reunionist *n.* اِتحادِ مکرّر یا مکرر ملاپ کا نقیب

Reunionistic *adj.* اتحاد سے متعلق ' اِتحادی

Reunite (re-u-nit′) *v.t.* & *i.* to unite again; to join after separation; to join and co-here again. پھر ملنا یا ملانا' جُدائی کے بعد اتصال ہونا' اختلافات کے بعد اتحاد ہونا

Reuse ❶ *v.t.* دوبارہ اِستعمال کرنا ❷— *n.* دوبارہ اِستعمال

Reveal (re-vel′) *v.t.* to disclose; to divulge; to unveil; to lay open; to make known. کھول دینا' فاش کرنا' ظاہر کرنا *At last the truth was revealed to us.*

Revealable (re-vel′a-bl) *adj.* capable of being revealed. قابلِ اظہار' قابلِ افشاء' قابلِ نمائش

Reveile (re-val′ye) *n.* the morning beat of drum about break of day to rouse soldiers. صبح کو سپاہیوں کے جگانے کا بگل یا طنبور کی صدا' نوبت سحر' گجر

Revel (rev′el)❶ *v.i.* to rouse; to move playfully. خوش پھرنا' رنگ رلیاں کرنا' خوشی منانا ❷— *n.* a riotous fease; a carousal. دھوم دھام کی دعوت' عیش و عشرت

Revel sout. محفل مے پرستاں' رندوں کا مجمع

Revelation (rev-e-la′shun) *n.* act of disclosing; discovery; divine communication; the Old and New Testaments; the Apocalypse. افشا' دریافت' وحی' عہد نامہ جدید کی آخری کتاب' مکاشفات ' انکشاف' الہام' وحی

Revelry (rev-el′ri) *n.* noisy festivity; carousal. دھوم دھام کی دعوت' عیش و عشرت' بد مستی' رنگ رلیاں

Revendication *n.* formal sui for lost property. کھوئے ہوئے مقبوضات کے لئے باضابطہ دعویٰ

Revenge (re-venj′)❶ *v.t.* to return an injury; to avenge. بدلہ لینا' انتقام لینا' بیر نکالنا ❷— *n.* a malicious infliction of pain; injury in return for an offence; injustice; passion for vengeance. *When the angry man hit the boy, the boy's revenge was to kick the man.*

Revengeful *adj.* انتقامی' انتقام جو

Revengefully *adv.* منتقمانہ' انتقامی طور پر

Revenger *n.* اِنتقام لینے والا شخص ' منتقم

Revenue (rev′en-u) *n.* the income of state; annual profits. لگان مالگزاری' مالیہ' خزانہ' سالانہ آمدنی' ریونیو' محصول

Reverberate (re-vur′bur-at) *v.t.* & *i.* to rebound; to resound; to echo; to reflect. پلٹنا' صدا پیدا کرنا' گونجنا

Reverberation (re-vur-bur-a′shun) *n.* act of reflecting light and heat; re-echoing sound. گرمی یا روشنی کا انعکاس' بازگشت' گونج

Reverberator *n.* reflector. منعکس کرنے والا آلہ' آلہ انعکاس' عکسی لیمپ

Revere (re-ver) *v.t.* to honour to reverence; to regard with respect. عزت کرنا' تعظیم کرنا' احترام کرنا' ادب کرنا

Reverence (rev′ur-ens) *n.* veneration; an act of respect; obeisance; a title applied to priests or ministers. تعظیم' ادب' احترام' پادریوں کا ایک خطاب *We bow our heads in reverence for the soldiers who died.* ❷— *v.t.* to regard with veneration; to revere. بُزرگ جاننا' تعظیم کرنا

Reverend (rev′ur-end) *adj.* worthy or reverence; a title of respect given to the clergymen or ecclesiastics. بُزرگ' مُعظّم' پادریوں کا خطاب جیسے پیرو مرشد' مکرم وغیرہ *The Reverend Frank Smith is the vicar of our church.*

Reverential (rev-ur-en′shal) *adj.* expressing reverence. تعظیمی' باادب' تکریمی

Reverently (rev′ur-ent-li) *adv.* in a reverent manner. تعظیم سے ' عزت افزائی سے' مودبانہ طور پر

Reverie (rev′e-ri) *n.* a deep musing; a wandering thought; a walking dream. غور' گہرا خیال' خیالی پلاؤ

Reversal (re-vur′sal) *n.* a change or overthrowing; alteration. تبدیلی یا اِنقلاب' تردید' اُلٹ' کایا پلٹ' مخالفت

Reverse (re-vurs′) *v.t.* to turn end for end or upside down; to overthrow; to subvert; to make void; to annul. اُلٹ دینا' تہہ و بالا کرنا' منسوخ کرنا' رُخ بدلنا *Reverse your glove to pull in off. Turn it inside out.*

Reverse (re-vurs′) *n.* a change; a turn of affairs; vicissitude; misfortune; the back side, as of a metal or coin. اِنقلاب' تبدیلی' گردش' بدقسمتی' سکّہ کی پُشت' پیٹھ *To back a car out of a garage, move it in reverse.* ❷— *adj.* turned backward. اُلٹا *Write on the reverse side of the paper so as not to waste it.*

Reversible (re-vur′si-bl) *adj.* that may be reversed. اُلٹ دینے کے لائق' رُخ بدلنے والا' قابلِ منسُوخی

Reversion (re-vur′shun) *n.* act of reverting; right of succession to an estate. پلٹنا' رجعت' واپسی' واپس مُڑ جانے کا عمل' بازگشت' حق وراثت (قانون) ایسا شخص **Reversioner** *n.* جس کو دی ہوئی جائیداد یا جاگیر واپس مل جائے' وارث مابعد' وارث عودی

Revert (re-vurt′) *v.t.* or *i.* to turn; to fall back. اُلٹ دینا' پھیر دینا ' واپس چلے جانا' راجع ہونا' عود کرنا

Revertible, reverted *adj.* واپس ہو جانے والا' واپس ہو سکنے والا

Revest *v.t.* دوبارہ سرمایہ کاری کرنا' بحال کرنا

Revet *v.t.* تعمیراتی سامان وغیرہ سے چہرہ بنانا' سامنے کے حصے کو خوبصورت بنانا یا پختہ بنانا

Review (re-vu′)❶ *v.t.* to look back on; to re-examine; to reconsider; to inspect; to revise. پھر غور کرنا' نظرثانی کرنا' اصلاح یا صحیح کرنا ' جائزہ لینا *We did not know our lesson well, so we had to review it.* ❷— *n.* a second view; revision; inspection of troops; a periodical containing essays and

critical notices; the judicial examination of a case by a higher court of law. رسالہ جو مقررہ اوقات پر شائع ہو اور جس میں کتابوں کی حسن و قبح کا ذکر ہو' عدالت اعلیٰ سے کسی مقدمہ کی نظر ثانی 'جائزہ *We have a review in spelling every week.*

Reviewer (re-vu′ ur) *n.* one who reviews. نظر ثانی کرنے والی ' تبصرہ نگار' تنقید نگار' مبصر

Revigorate (re-vig′ or-at) *v.t.* to add new strength to. نئی طاقت دینا 'دوبارہ فعال بنانا

Revile (re-vil′) *v.t.* to assail with opprobrious language; to upbraid; to vilify. گالی دینا' بُرا کہنا' ملامت کرنا' فضیحت کرنا 'سخت سُست کہنا

Revilement (re-vil′ ment) *n.* act of reviling; reproach. ملامت' فضیحت گالی گلوچ' زبان درازی

Reviler (re-vil′ ur) *n.* one who reviles. ملامت کرنے والا

Revisable *adj.* قابل دُرستی' لائق نظر ثانی

Revisal (re-vi′ zal) *n.* re-examination; revision. ملاحظہ ثانی' نظر ثانی 'اعادہ' دہرائی

Revise (re-viz′)❶ *v.t.* to look at again; to re-examine; to review; to amend. دُہرانا' نظر ثانی کرنا' تصحیح کرنا *After writing out stories, we had to revise them.* ❷— *n.* a second proof-sheet.. تصحیح اغلاط کے لئے چھاپے کی دوسری فرد یا پروف

Reviser *n.* نظر ثانی کنندہ

Revision (re-vizh′ un) *n.* act of revising; re-examination for correction; a view. تصحیح' ملاحظہ' ثانی' نظر ثانی 'درستی

Revisionary *adj.* مکرر یا نظر ثانی جائزے کی قسم کا

Revisionism *n.* تبدیلی یا نظر ثانی کی خواہش' ترمیم پسندی

Revisit (re-viz′ it) *v.t.* to visit again. دوبارہ جانا

Revival (re-vi′ val) *n.* act of reviving; renewal of life; a religious awakening; a time of remarkable fervour; renascence; renewal. بحالی 'از سرنو زندگی' مذہبی 'احیا' سرگرمی کا وقت 'تازگی

Revive (re-viv′) *v.t.* or *i.* to bring again to life; to reanimate; to return to life; to reawaken. زندہ کرنا' زندہ ہونا' پھر جگانا 'احیا کرنا' تجدید کرنا' دوبارہ شروع کرنا

Revivification (re-viv-i-fi-ka′ shun) *n.* renewal of life; restoration of life. تجدید زندگی' بحالی زندگی 'احیا

Revivify (re-viv′ i-fi) *v.t.* to recall to life; to reanimate; to put new life or vigour into. حیات تازہ دینا' کسی میں نئی جان ڈالنا' یا نیا زور پیدا کرنا 'تقویت دینا

Reviviscent (re-vi-vis′ ent) *adj.* restoring to life or action. دوبارہ زندگی دینے والا' حیات بخش' تازگی بخش

Revocable (re-vok′ a-bl) *adj.* capable of being recalled or revoked. قابل منسوخی قابل تنسیخ

Revocation (re-vo-ka′ shun) *n.* act of revoking; repeal; reversal. منسوخی' تردید 'تنسیخ' استرداد

Revoke (re-vok′)❶ *v.t.* & *i.* to annul ;to repeal. باطل کرنا' منسوخ کرنا ❷— *n.* act of neglecting to follow a suit. عدم پیروی

Revolt (re-volt)❶ *v.t.* & *i.* to put to flight; to overturn; to turn away; to renounce allegiance. بھگا دینا' بغاوت کرنا ' اطاعت سے منحرف ہونا *The prisoners revolted against their guards.* ❷— *n.* act of revolting; renunciation of allegiance; rebellion; desertion. روگردانی' انحراف' بغاوت *All the prisoners joined the revolt.*

Squiggle *v.i.*, *v.t.*❶ اُلجھی ہوئی حرف نویسی کرنا' بے قراری سے حرکت کرنا' شکستہ رکھنا' نشان بنانا ❷ *n.* شکستہ تحریر

Squill (skwil) *n.* wild onion. جنگلی پیاز

Squint (skwint) *v.i.* to see obliquely. ترچھا دیکھنا *The sun was so bright that I had to squint to see at all.*

Squint-eyed (skwint′id) *adj.* having eyes that squint. ترچھی نظر والا' بھینگا

Squire (skwir)❶ *n.* a gentleman next in rank to a knight; a country gentleman; a beau. ایک سرداری خطاب' بہادر' زمیندار' چھیلا ❷— *v.t.* to attend as a squire. ہمرکاب ہونا' ہم راہ رہنا

Squirrel (skwir′el)*n.* a pretty rodent animal that lives on the trees. گلہری *Squirrels can run fast and climb trees.*



SQUIRREL

Squirt (skwurt) *n.* an instrument with which

liquid is ejected in a stream; a syringe; a small jet. پچکاری' فوارہ

Stab (stab)❶ *v.t.* & *i.* to pierce with a pointed weapon; to thrust; to kill; to injure. خنجر مارنا' بھونکنا' ہلاک کرنا' زخمی کرنا *The policeman stabbed the mad dog with a knife.* ❷— *n.* the thrust of a pointed weapon; a secret stroke or blow. بھونک' ہول' زخم' گھاؤ *The child had a small stab in his hand from the point of the pen.*

Stability (sta-bil'i-ti) *n.* firmness; steadiness; constancy. مضبوطی' پائیداری' استقلال' ثبات' استحکام

Stable (sta'bl)❶ *adj.* firmly established; firm; durable; constant. مستقل' مضبوط' استوار' پائیدار' پکا' مستحکم ❷— *n.* a house or shed for horses and other beasts. باڑا' اصطبل' یا طویلہ *The farmer has 3 stables.* ❸ *v.t.* & *i.* to put or keep in a stable; to dwell in a stable. اصطبل یا طویلہ میں رہنا یا باندھنا

Stack (stak)❶ *n.* a pile of hay, corn, etc. ڈھیر' انبار' ٹال *Bano carried a big stack of plates out to the dining-room.* ❷— *v.t.* to pile in a stack. تودہ کرنا یا انبار لگانا *Mother stacked the dinner dishes in the sink.*

Staddle (stad'l) *n.* anything which serves for support. سہارا' بیساکھی' ٹیک' ڈنڈا

Stadium *n.* sport ground. دو سو گز کا ایک پیمانہ' جسمانی ورزش یا کھیلوں کا میدان *Football matches and athletic meetings are often held in stadiums.*

Staff (staf) *n.* a stick carried in the hand for support or defence; a support; a badge of office; officials of a department. سٹاف' چھڑی' لاٹھی' سہارا' عصا' کسی محکمہ کا ملازم *A staff of officers in the army plans when and where to fight. and what to do.* ★ *The staff of life.* زندگی کا سہارا' روٹی ★ *The staff of one's age.* عصائے پیری' بڑھاپے کا سہارا ★ *Staff-officer* ملازم سپاہ جو سپہ سالار کے ساتھ ہو ★ *To put down one's staff.* سکونت اختیار کرنا

Stag (stag) *n.* the male red deer. بارہ سنگا *Stags have horns. Female deer have no horns.*

Stage (staj) *n.* a raised platform; a theatre; any place of exhibition; a place of rest; a halting place; degree of advance. چبوترا' تماشاگاہ' قیام گاہ' مرحلہ' منزل' درجہ' سٹیج *The children went on the stage to sing. The boys staged a boxing match. They made all the arrangements for having it in public.*

Stage-coach (staj'koch) *n.* a coach that runs from one place to another at stated times. ڈاک کی گھوڑا گاڑی' اسٹیج' کوچ' ڈاک گاڑی

Stage-player (staj'pla'ur) *n.* an actor; a theatrical performer. نقال' سوانگیا' اداکار' سٹیج کا اداکار

Stagger (stag'ur)❶ *v.i.* to reel; to give way. ڈگمگانا' لڑکھڑانا ★ *To have the staggers.* لغزش کرنا' چکرانا ❷— *v.t.* to reel; to hesitate; to shake. ہچکچانا' لرزنا *The sick man staggered down the pavement.* **Staggerer** *n.* چکرا دینے والا (معاملہ) **Staggering** *adj.* لڑکھڑاتے یا جھومتے ہوئے چلنے والا **Staggeringly** *adv.* جھومتے ہوئے انداز میں **Staging** *n.* ڈراما سٹیج کرنے کا عمل یا طریقہ عمل' عارضی چبوترہ یا ڈھانچا' مچان بندی

Stagnancy (stag'nan-si) *n.* the state of being without motion. ایستادگی' قیام' بے حرکتی' جمود

Stagnant (stag'nant) *adj.* not flowing; motionless; impure; dull. ساکن' بے حرکت' گدلا' کاہل' سست *Mosquitoes breed in stagnant water.* ★ *Stagnant water.* کھڑا پانی

Stagnate (stag'nat) *v.i.* to cease to flow; to be motionless. بہنے سے بند ہو جانا' رکنا' گندا ہونا' مندا ہونا

Stagnation (stag-na'shun) *n.* condition of being stagnant; cessation of flowing or action. استادگی' رکاؤ


Staid (stad) *adj.* sober; steady; regular. سنجیدہ' مستقل' قائم مزاج' متحمل' مستحکم

Stain (stan)❶ *v.t.* to spot; to dye; to tarnish. دھبہ ڈالنا' داغ لگانا' رنگ لگانا' کلنک لگانا' بدنام کرنا *Father stained the unpainted table.* ❷— *n.* a spot; taint; disgrace. دھبہ' داغ' بدنامی' رسوائی *Do not spill blackberry juice on your dress or it will make a stain.*

Stainless (stan'les) *adj.* spotless; pure; immaculate. بے داغ' صاف' بے عیب *These knives are made of stainless steel. Food will not stain them.*

Stainless steel *n.* بے زنگ فولاد' بے داغ فولاد

Stair (star) *n.* a step or series of steps for ascending. سیڑھی' زینہ *We go up the stairs to get to the second floor.*



STAIRS

Staircase (star'kas) *n.* the place for stairs. سیڑھی' زینہ' سیڑھیوں کی جگہ

Stake (stak)❶ *n.* a stick pointed at end; post; anything pledged in wager. میخ' چوب' کھونٹا' جگہ' ستون' بازی *The goat was tied to a stake.* ★ *At stake,* in danger; at hazard. خطرے میں' داؤں پر' بازی میں ❷— *v.t.* to support or defend with stakes; to mark the limits by stakes; to pledge to wager. چوبوں یا میخوں سے مضبوط کرنا' میخوں سے حد بندی کرنا' اقرار کرنا' شرط بدنا' بازی لگانا *Azhar staked out his garden.*

Stalactite (sta-lak'tit) *n.* a pendent cone of carbonate of lime resembling an icicle in form.


دھات کا ٹکڑا جو برف کے ٹکڑے کی مانند، کسی غار کی چھت سے لٹکتا ہو

Stale (stal)❶ *adj.* vapid; tasteless; decayed; not new. پرانا، بُسا ہوا، بے مزہ، کہنہ، باسی *This cake is stale.* ❷— *n.* a long handle; a decoy. دستہ، مُرغِ دام ❸— *v.i.* to make water. پیشاب کرنا (جانوروں کا)

Staleness (stal′nes) *n.* vapidness. بوسیدگی، کہنگی، باسی پن

Stalk (stawk)❶ *n.* the stem of a plant; a high, proud walk. ڈنٹھل، ڈالی، غرور کی رفتار، اکڑ کی چال *Maria broke the stalk of a lily.* ❷— *v.t.* & *i.* to walk with high and proud steps; to approach under cover or by stealth. اکڑ کر چلنا، اینٹھ کر چلنا، چھپ کر یا چپکے چپکے جانا *The hunter stalked the deer in the woods.* ★ *Stalking horse,* a mask to conceal some design. شکار کی ٹٹی، آڑ، اوٹ، حیلہ، بہانہ

Stall (stawl) *n.* a stand; a stable; a bench; a booth. چبوترہ، اصطبل، طویلہ، تخت، کرسی، خوانچہ، دُکان *The*



STALL

horse stands in his stall and eats hay from a rack. Our motor stalled and we couldn't get it started.

Stallion (stal′yun) *n.* horse not castrated used for raising stalk. گھوڑا، سانڈ جو آختہ نہ ہو، اسپ نو

Stalwart (stawl′wart) *adj.* brave; strong. جوانمرد، قوی، مضبوط، ہٹا کٹا، شہ زور

Stamina *n.* staying power, germinal elements. قوتِ برداشت، زرخیزی، جان، سکت، طاقت، تحمل

Staminate (stam′i-nat) *adj.* composed of threads. سوت یا دھاگوں سے بنا ہوا، حامل زر پھول جس میں بیج کل نہ ہو

Stammer (stam′ur)❶ *v.t.* & *i.* to stutter; to falter; to hesitate. لکنت کرنا، تتلانا، ہکلانا، پس و پیش کرنا *Children sometimes stammer when excited.* ❷— *n.* defective utterance. ہکلاہٹ، لکنت، تتلاہٹ

Stamp (stamp)❶ *v.t.* & *i.* to beat with foot; to impress; to imprint; to coin. پاؤں سے پیٹنا، نقش کرنا، چھاپنا، ٹھپہ لگانا، مُہر کرنا *The hungry pony stamped noisily.* ❷— *n.* an instrument for making impressions; impression; a thing stamped; cast; form. مُہر، چھاپ، سکہ، ٹھپہ، اندازہ، طریق، ٹکٹ، نقش *Before posting letters or parcels, you must put stamps on them.* ★ *Stamp-paper.* پکا کاغذ، سٹیمپ پیپر

Stampede (stam-ped′) *n.* a sudden panic amongst animal. بھاگڑ، بھگدڑ، ہڑبڑی، افراتفری

Stanch (stansh) *v.t.* & *i.* to stop flowing; to cease to flow. خون وغیرہ بند کرنا، تھمنا یا بند ہونا، روانی بند کرنا

Stanchion (stan′shun) *n.* an upright prop or support. ٹیک، ڈاٹ، سہارا، شہتیر، کھمبا، تھم

Stand (stand) *v.i.* to remain erect; to be on end; to be situated; to stop; to pause; to halt; to continue; to maintain; to last; to persist; to insist; to have efficacy; to be permanent. سٹینڈ، کھڑا ہونا، استادہ، واقع ہونا، ٹھہرنا، رُکنا، تھمنا، قائم رہنا، برقرار ہونا، رک جانا، مستقل ہونا، اصرار کرنا، ثابت قدم رہنا *Mother put the lamp on the bed-side stand.* ★ *To stand against,* to resist. مقابلہ کرنا ★ *To stand aside,* to retire to one side. ایک کنارے ہٹ جانا ★ *To stand by,* to be present; to support; not to desert. موجود ہونا، مدد دینا، ساتھ دینا ★ *To stand fast,* to be fixed. قائم یا جما رہنا ★ *To stand for,* to espouse the cause of; to side with; (*Naut.*) to sail in the direction of. حمایت کرنا، طرفداری کرنا، کسی طرف کو روانہ ہونا *To stand off,* to keep at a distance. الگ یا دُور رہنا ★ *To stand in,* to cost. صرف پڑنا- ★ *To stand out,* to project; to oppose persistently. اُبھرنا، باہر نکلنا، ضد کرنا، اڑنا ★ *To stand over,* to be put off; (*Naut.*) to leave land. ملتوی ہونا، سمندر کے رُخ چلنا ★ *To stand to,* to abide by; to adhere to. پابند رہنا، قائم رہنا ★ *To stand up,* to rise to one's feet; to arise in order to speak. کھڑا ہونا، کچھ کہنے کو کھڑا ہونا ★ *To stand up against,* to place one's self in opposition to. مقابلہ کرنا ★ *To stand up for,* to rise in defence of. حمایت کے لئے کھڑا ہونا ★ *To stand upon,* to set value on; to insist on. قدر کرنا، اصرار کرنا ★ *To stand with,* to consistent with. معقول ہونا، قرینِ مصلحت ہونا ★ *To stand in need of,* to be in want of. ضرورت یا حاجت رکھنا ★ *To stand one in good stead,* to be of great service. بڑے کام آنا ★ *To stand to reason* عقل میں آنا

Stand (stand) *v.t.* to place on end; to endure; to sustain; to await. کھڑا کرنا، ہمت کرنا، برداشت کرنا، انتظار کرنا *Our teacher makes us stand up, face the windows, and stretch our arms every hour.* ★ *To stand bail,* to become surety for. ضامن ہونا ★ *To stand one's ground,* to keep one's place. اپنی جگہ قائم رکھنا، اڑا رہنا ★ *To stand fire,* to remain while being shot at by an enemy without giving away. گولی چلنے کے وقت اپنی جگہ پر سے نہ ہٹنا ★ *To stand in hand.* مفید مطلب ہونا، کام دینا ★ *To stand to reason.* قرینِ عقل ہونا ★ *To stand under.* جھیلنا ★ *Is at a stand to think.* نہیں سمجھتا کہ کیوں ★ *To make a stand.* آڑے کھڑے ہونا

Stand (stand) *n.* a place; a station; a halt; a raised

station; something on which a thing is laid. جگہ' مقام' اڈا' قیام' پڑاؤ' چبوترہ' تپائی' ٹکٹکی ★ *To make a stand.* مقابلہ کرنا' سامنا کرنا

Standard (stand′ard)❶ *n.* an established rule of measure rate; a banner; criterion; an upright support. مقرر قاعدہ' اندازہ' معیار' وزن' پیمانہ' جھنڈا' علم' دستور *Azhar's mark in the arithmetic test was not up to his usual high standard. He can do better.* ❷— *adj.* having a fixed value; recognised. ★مقررہ' مسلمہ *Standard-bearer,* one who bears a standard. علم بردار' جھنڈا لے جانے والا ' سربراہ

Standardize *v.t.* معیار کے مطابق بنانا یا ہو جانا' معیاری کرنا

Standing (stand′ing) *adj.* permanent; lasting; fixed; not flowing; remaining erect; rank. دائمی' پائیدار' برقرار' قائم' جو رواں نہ ہو' استادہ' کھڑا' درجہ' مرتبہ *The box is standing on the table.* ★ *Standing-army,* permanent body of soldiers. مستقل فوج ★ *Standing colour,* colour that does not wash out. پکا رنگ ★ *Standing-crop,* corn not cut down. کھڑی فصل ★ *Standing-order,* permanent regulation of a legislature. مستقل قانون یا حکم وقت ★ *Standing-rigging,* fixed ropes. جہاز پر بندھی رسیاں ★ *Standing-water,* stagnant water. ★ بند اور گندہ پانی *Standing-corn.* زراعت استادہ

Stand-point (stand′point) *n.* a fixed station; a point of view. موقع' اصول' مقام نگاہ داشت' نقطہ نظر' کسی کے بارے میں اپنا نظریہ

Standstill *n.* بے حرکت کھڑے ہونے کی حالت' کسی اقدام یا حرکت کی موقوفی' رکاوٹ' توقف

Stannary *n.* وہ علاقہ جہاں قلعی کی کانیں ہوں' قلعی کی کان

Stanza (stan′za) *n.* a portion of poem. بیت' قطعہ' رباعی *We learned one stanza of 'God Save the Queen'*

Staple (sta′pl)❶ *n.* a settled market; a principal production; the chief ingredient; the thread of wool, etc.; a loop of metal. بازار' منڈی' سودا' اشیا' جزو اعظم' دھاگا' کنڈا' قلابہ *The farmer fastened the wire fence to the posts with staples. She stapled the book-let.* ❷— *adj.* settled; chief. مقرر' خاص' اصل' ضروری' بنیادی

Stapler (stap′lur) *n.* a dealer in staple commodities. فروشندہ' بیوپاری

Stapling machine *n.* تار کی سلائی کرنے کی مشین

Star (star)❶ *n.* a luminous body in the heavens; the figure of a star (thus) used in printing; asterisk; a distinguished person; a badge of honour; an actor. تارا' ستارہ' کوکب' نشان ستارہ کا (مثل) مشہور آدمی' ستاروں کا تمغہ' ڈرامہ کا اداکار' سٹار *The teacher puts stars on our spelling papers if the words are spelt right.* ★ *Out of one's star.* کسی کی قسمت یا حیثیت سے بالاتر ❷— *v.t.* to set or adorn with stars. ستاروں سے زینت دینا' افشاں چھڑکنا *The teacher starred the good spelling papers.* **Shooting star.** شہاب ثاقب **Star light.** تاروں کی روشنی **Starlet.** چھوٹا ستارہ

Starboard (star′bord) *n.* the right-hand side of a ship or boat. جہاز کا داہنا رُخ جب کوئی شخص اس کے سرے کی طرف منہ کرکے کھڑا ہو

Starch (stach)❶ *n.* a substance used for stiffening cloth; stiff; formal manner. کلف' اہار' نشاستہ' باضابطگی' باقاعدگی' ظاہرداری *Potatoes, macaroni, rice and many other foods contain starch.* ❷— *adj.* stiff; precise. سخت' گاڑھا' درست ❸— *v.t.* to stiffen with starch. کلف دینا *Starch is mixed with water and used to starch shirts and other clothes before they are ironed.*


Starchy (starch′i) *adj.* stiff; rigid. کلف دار' سخت' کڑا

Stare (star)❶ *v.i.* to look earnestly; to gaze. گھورنا' تاکنا' تکنا *The hungry girl stared at the food on the table.* ★ *To stare in the face,* to be undeniably evident. صاف ظاہر ہونا' اظہر من الشمس ہونا ❷— *n.* a fixed look with open eyes. ٹکٹکی' نظر بازی' تاک *The boy's stare frightened the baby.*

Stare-scare *n.* a tall larkspur whose seeds are used against lice. ایک درخت جس کے بیج جوئیں مارنے کے کام آتے ہیں

Stark (stark) *adj.* stiff; strong; mere; entire. سخت' مضبوط' محض' پورا' بالکل' مطلق ★ *Stark-nonsense.* سراسر حماقت *adv.* wholly; entirely. سراسر' بالکل' تمام ★ *Stark-mad,* entirely mad. بالکل خبطی ★ *Stark-blind.* اندھا محض ★ *Stark-naked.* ننگا مادر زاد' ننگ دھڑنگ' برہنہ

Starling (star′ling) *n.* well-known bird allied to the crow. شارق' مینا' جنگلی مینا



STARLING

Starry (star′i) *adj.* abounding with stars. کوکب دار' ستاروں سے بھرا ہوا *Baby's eyes are starry.*

Start (start) *v.i.* to make a sudden and involuntary motion of the body through surprise, pain or any other feeling; to shrink; to wince; to spring up; to set out; to be dislocated. چونکنا' بھڑکنا' کود پڑنا' اُٹھ بیٹھنا' روانہ ہونا' چل دینا *Azhar turned on the radio and the music started.* ★ *To start after,* to set out in pursuit of. پیچھا یا تعاقب کرنا ★ *To start against,*

to oppose. مخالف ہونا ★ *To start up,* to rise suddenly. اُٹھ بیٹھنا' یکایک چل پڑنا

Start (start)❶ *v.t.* to rouse suddenly from concealment; to begin; to set agoing; to originate; to dislocate. بھڑکانا' شروع کرنا' چلانا' نکالنا' اُکھاڑنا' جگہ سے ہٹانا ❷— *n.* a sudden motion; a spasm; a sally; alarm. روانگی' جوش' اینٹھن' پھلانگ' کلانچ' پہلا قدم *The whistle blew and Omer was off to a good start in the race.* ★ *To have the start of,* to go in advance of. آگے نکل جانا' بڑھ جانا' کسی سے پہلے شروع کر دینا' کسی پر سبقت لے جانا

Startingly (start'ing-li) *adv.* of fits or starts. چونک کر' تعجب میں آکر' وحشتناک طور پر

Startle (start'l) *v.t. & i.* to frighten; to shock; to surprise. ڈرنا' ڈرانا' دھمکانا' چونکانا' چونکنا *The ringing of the door-bell startled mother.*

Starvation (starv'a-shun) *n.* the act of starving or state of being starved. فاقہ کشی *The farmer's pigs died of starvation.*

Starve (starv) *v.t. & i.* to kill with hunger or cold; to perish with hunger or want. بھوکوں مارنا' بھوک سے مرنا *If you do not eat, you will starve.*

Starveling (starv'ling) *adj.* hungry; lean. بھوکا' لاغر' دُبلا' کمزور' فاقہ زدہ

State (stat) *n.* case: rank; dignity; a community; civil power. حالت' وضع' طور' روداد' مرتبہ' درجہ' رتبہ' کروفر' شکوہ' جماعت' فرقہ' ریاست' سرکار' سلطنت' ملکی اختیار *The United States is made up of 50 states.* ★ *State-affairs.* معاملات ملکی ★ *State-barge.* شاہی کشتی

State (stat)❶ *v.t.* to express the particulars of; to narrate; to recite. بتانا' ظاہر کرنا' عرض کرنا' بیان کرنا *The doctor stated that baby had the measles.* ❷— *adj.* public; royal. سرکاری' شاہی **Statable, Stateable** *adj.* قابل بیان **Stated** *adj.* مبیّنہ' مسلّمہ' مقررہ' یا تصفیہ شدہ *Most clubs meet at stated times and places.*

Statedly *adv.* مبیّنہ طور پر

Stateliness (stat'li-nes) *n.* majesty; magnificence; dignity. عظمت' کبریائی' دبدبہ' آن بان' شان و شوکت' شکوہ

Stately (stat'li) *adj.* majestic; grand; splendid; magnificent. بلند' عالیشان' عظیم' شاہانہ' پُر حکمت

Statement (stat'ment) *n.* a recital or arrangement of facts. بیان' اظہار' کیفیت' فرد حساب *The man who saw the accident made a statement to the police.*

Statesman (stats'man) *n.* a politician. مدبر' اُمور سلطنت کا ماہر' سٹیٹ مین' سیاست دان

Statesmanship (stats'man-ship) *n.* political skill. سیاست مدن' مدبرانہ لیاقت یا کارروائی' فراست' تدبر

Static (stat'ik) *adj.* pertaining to bodies at rest. جامد' ساکن *We could not hear the music, because there was so much static.* ★ *Statical electricity.* بجلی جو رگڑ سے پیدا ہوتی ہے

Statics (stat'iks) *n. pl.* the science of bodies at rest. علم سکونِ اجسام' عام میزان اُلثقل' سکونیات

Station (sta'shun)❶ *n.* position; office; rank; a railway stopping-place. مقام' منصب' درجہ' رُتبہ' ریل کے ٹھہرنے کی جگہ *A railway station is a building in which people wait for trains.* ❷— *v.t.* to place; to set; to fix in a certain place. نصب کرنا' قیام کرنا' بیٹھا لینا' متعین کرنا *My brother is stationed at an army camp nearby.*

Stationary (sta'shun-a-ri) *adj.* motionless; fixed. ساکن' مقیم' متعین' غیر متحرک *The car was moving but it is now starionary. It has stopped moving.*

Stationer (sta'shun-ur) *n.* one who sells paper, pencils, pens, etc. کاغذ قلم وغیرہ بیچنے والا' سٹیشنر

Stationery (sta-shun'ur-i) *n.* the articles sold by stationers, as paper, ink, quills, etc. اشیا' مثل کاغذ سیاہی وغیرہ' سٹیشنری *Mother keeps her stationery in the desk.*

Statistics (sta-tist'iks) *n. pl.* a collection of facts and figures respecting the condition of the people in a state or respecting any particular class or interest. حال مُلک وغیرہ اور نقشہ کیفیت رعایا' پیشہ وروں کا حساب کتاب' شماریات' اعداد و شمار

Statuary (stat'u-a-ri) *n.* art of carving statues or images; a group of statues; a sculptor. بُت تراشی' مُورت گری' مُورتوں کا مجموعہ' بُت تراش' مجسمہ ساز

Statue (stat'u) *n.* an image in marble or bronze. مجسمہ' مُورت' بُت *There is a statue of Abraham Lincoln in Washington.*

Statuesque (stat-u-esk') *adj.* resembling a statue; well-proportioned; graceful. مثل بُت' خوش تراش' بُت تراشا ہُوا' سڈول' طرحدار' سجیلا

Stature (stat'ur) *n.* the natural height of a body. قد و قامت' ڈیل ڈول

Status (sta'tus) *n.* position; condition; rank; position of affairs; state. رُتبہ' مرتبہ' حیثیت' حالت' حقیقت حال ★ *Status in quo.* حالت سابقہ

Statute (stat'ut) *n.* an act of the legislature; a law. قاعدہ' آئین' قانون' کسی منظم جماعت کا قانون

Statutory (stat'u-to-ri) *adj.* enacted by statute. آئین کی رو سے جاری کیا گیا' مجوزہ قانون کے مطابق' آئینی' دستوری

Staunch (stawnsh) *v.t.* to prevent the flow of; to stop. بند کرنا' روکنا *adj.* کڑا' پکّا' پختہ' سرگرم' پُرجوش

Stave (stav) *v.t.* to break a hole in; to burst; to ward off. سُوراخ کرنا' توڑنا' دیر کرنا

Stave (stav) *n.* a thin piece of timber for casks.

پنسری' تختہ ' سیڑھی کا ڈنڈا' چوبی حلقہ ' شعریا بند

Stay (sta) *v.i.* to remain; to dwell; to stop; to wait; to trust. رہنا' قیام کرنا' ٹھہرنا' انتظار دیکھنا' اعتبار کرنا *You go , and I will stay here.*

Stay (sta)❶ *v.t.* to restrain; to delay; to prop. روکنا' ملتوی کرنا' تھامنا ★ *To stay the stomach,* to satisfy hunger. بھوک رفع کرنا ' تسکین دینا ❷— *n.* continuance in a place; stop; prop; support. قیام' سکونت' روک' آڑ' آسرا' سہارا

Stays (staz) *n. pl.* a bodice; corset. چولی' انگیا' سینہ بند

Stead (sted) *n.* place; room. مقام' جگہ ★ *To stand once in good stead.* مدد کرنا' کام آنا ★ *To stead up.* کسی کی بجائے کچھ پورا کرنا' مثلاً وعدہ

Steadfast (sted′fast) *adj.* firmly fixed; constant; resolute. مستحکم' مضبوط' قائم' ثابت قدم ' استوار

Steadily (sted′i-li) *adv.* firmly; with perseverance. مضبوطی سے' استقلال سے *The rain fell steadily.*

Steadiness (sted′i-nes) *n.* firmness; constancy. استواری' مضبوطی' استقلال' ثابت قدمی ' باقاعدگی' یکسانی

Steady (sted′i)❶ *n.* firm; fixed; constant; uniform. مستقل' مستحکم' یکساں' ہموار *Father drives the car at a steady speed.* ❷— *v.t.* to hold or keep firm; to support. قائم رکھنا' مضبوط کرنا' سنبھالے رہنا

Steak (stek) *n.* a slice of beef for stewing. گوشت یا مچھلی کا ٹکڑا *Mother ordered a 2-pound steak for dinner.*

Steal (stel) *v.t. & i.* to take without right or leave; to pilfer; to slip away. چوری کرنا' چرانا' کھسک جانا *The boy stole the book from Maria.* ★ *To steal away,* to march off quietly. چوری سے چلدینا ★ *To steal march upon,* to gain an advantage over stealthily. خفیہ کسی پر قابو پاجانا' یا کسی سے سبقت لے جانا

Stealing *n.* چوری کرنے کا عمل' چوری

Stealth (stelth) *n.* act of steling stealing; secret art. وزدی' چوری' پوشیدہ کام خفیہ کاروائی' دزدیدگی

Stealthily *adv.* خفیہ طور سے

Stealthiness *n.* اخفا' پوشیدگی' عیاری

Stealthy (stelth′i) *adj.* done by stealth. مکار' عیار' پوشیدہ' خفیہ رکھنے کے ارادے سے کیا گیا' مکار' خفیہ

Steam (stem)❶ *n.* the elastic vapour of boiling water. بھاپ' بخارات *Some homes are heated by steam.* ❷— *v.i.* to rise or pass off in vapour. بخارات اُڑنا یا بنجانا ❸— *v.t.* to exhale; to evaporate. بھاپ بنا کے اُڑانا' بخارات بنانا *The water in the kettle is steaming.*

Steam-boiler (stem-boil′ur) *n.* a strong vessel of iron in which water is converted into steam for supplying steam engines. ایک لوہے کا برتن جس میں پانی بھاپ میں تبدیل ہو کر انجن وغیرہ کو چلاتا ہے' سٹیم بوائلر

Steamer (stem′ur) *n.* a vessel propelled by steam. دخانی جہاز' بھاپ میں پکانے کا برتن *Mother cooked the pudding in a steamer.*

Stearin *n.* a mixture of stearic and palmitic acid. ایک چربیلا مادہ جو حیوانی اور نباتاتی چربی میں پایا جاتا ہے

Steed (sted) *n.* a horse, especially, a spirited horse for state or war. جنگی گھوڑا' اسپ شاہی

Steel (stel)❶ *n.* iron combined; an instrument for sharpening knived upon. فولاد' اسپات' چاقو تیز کرنے کا اوزار' اسٹیل *The bodies of cars are made of steel.* ❷— *v.t.* to make hard. سخت کرنا' کڑا کرنا

Steelyard *n.* a weighing machine. ایک ترازو جس میں چیز رکھنے کے بعد دوسری طرف وزن کے اعداد آجاتے ہیں' لوہے کا کانٹا

Steep (step)❶ *adj.* greatly inclined; precipitous. بہت ڈھلوانی' کھڑا *The boys climbed the steep hill.* ❷— *n.* a precipitous place, hill, etc. ڈھلوانی جگہ' پہاڑی وغیرہ ❸— *v.t.* to soak; to macerate. تر کرنا' بھگونا' خیساندہ بنانا *Tea is better if it is steeped in boiling water.*

Steeple (step′l) *n.* a tower of church; a spite. گنبد' لاٹ' مینار *The steeple is the pointed tower on the church roof.*

Steeple-chase (step′l-chas) *n.* a horse-race across the country. ایک قسم کی گھڑ دوڑ جس میں دیواروں' کھائیوں کو پھاندنا پڑتا ہے

Steer (ster)❶ *n.* a young castrated male of the ox kind. خصی بچھڑا *Steers are killed to provide meat.* ❷— *v.t. & i.* to direct; to guide; to pursue a course of action. جہاز چلانا' رہنمائی کرنا' چلنا' راہ لینا *We turn the steering wheel on a motor-car to steer the car.*

Steerage (ster′aj)❶ *n.* act of practice of directing in a course; an apartment in the fore part of a ship for inferior passengers; جہاز رانی' رہنمائی' جہاز کے سامنے کا کمرہ' ادنیٰ مسافروں کے لئے ❷— *n.* management. انتظام

Steerer (ster′ur) *n.* a pilot. رہنما' ملاح' جہاز چلانے والا

Stellar (stel′ ar) *adj.* pertaining to stars. ستاروں کے متعلق' نجمی' کوکبی' ستاروں کے مشابہ

Stellate (stel′at) *adj.* resembling a star; radiated. ستاروں کی مانند' کرن دار' ستارہ شکل

Stelliform (stel′i-form) *adj.* like a star. ستاروں مانند' کرن دار

Stellography (ste-log′ra-fi) *n.* an inscription on a pillar. ستون پر نقاشی

Stem (stem) *n.* the principal body of a plant, tree, etc.; origin; the stock of a family; th prow of a ship. درخت کا تنا جس سے شاخیں نکلتی ہیں' نسل' بنیاد' جہاز کا

انگلا یا سامنے کا حصّہ Flowers and leaves are *joined to the main stem by smaller stems.*

Stem (stem) *v.t.* to oppose as a current; to check. پانی چیرنا' روکنا ' الگ کرنا ' کسی نسل سے ہونا' ابتدا کرنا

Stench (stensh) *n.* an ill smell; offensive odour. بدبُو' باس *The stench of that stagnant water is unpleasant.*

Stenography (sten-og′ ra-fi) *n.* short hand writing. مختصر حرف یا لفظ لکھنے کا فن 'مختصر نویسی' سٹینو گرافی

Stentor (stent′ or) *n.* any person having a powerful voice. بلند آواز شخص ' بہت اونچی آواز والا

Stentorian (sten-to′ ri-an) *adj.* extremely loud; able to utter a very loud sound. دراز آواز' بلند آواز

Step (step)❶ *v.i.* to advance of recede by a movement of the foot or feet; to walk slowly. قدم اٹھانا یا بڑھانا' خراماں خراماں چلنا ★ *To step aside,* to *walk to a little distance,* to deviate from the right path; to err. ہٹ جانا' گمراہ ہو جانا' غلطی کرنا ★ *To step between.* مداخلت کرنا ★ *To step in,* to enter. بیچ بچاؤ کرنا' داخل ہونا' جا کودنا ★ *To step out,* to increase the length of the step. قدم بڑھانا ★ *To take a step,* to move; to proceed. حرکت کرنا' کار روائی کرنا ❷— *v.t.* to set as the foot; to fix the foot of as a mast. قدم رکھنا' کھڑا کرنا *Father stepped out of the house.*

Step (step) *n.* a pace; degree; gait; the round of a ladder; proceeding قدم' مرتبہ' رفتار' تدبیر' کارروائی *The first step in building a house is to dig the foundations.* ★ *Step by step,* by degrees; gradually. درجہ بہ درجہ' رفتہ رفتہ ★ *In the first step.* ابتدا میں' اول' مقدم ★ *To take steps.* تدبیر کرنا

Stepbrother *n.* سوتیلا بھائی **Stepchild** *n.* سوتیلا بچہ

Stepdaughter *n.* سوتیلی بیٹی **Stepfather** *n.* سوتیلا باپ

Step-mother (step′ muth′ ur) *n.* a mother by marriage only. سوتیلی ماں *After Asifa's mother died her father married another woman. This woman is Asifa's stepmother.* **Step sister** *n.* سوتیلی بہن

Stepson *n.* سوتیلا بیٹا

Stepney *n.* a spare wheel. موٹر گاڑی کا فاضل پہیّہ

Steppe (step′) *n.* the extensive plains in southern Russia. جنوبی روس کے میدان

Stepper *n.* گامزن' تیز رفتار اور طناز گھوڑا (بول چال) رقاص یا رقاصہ

Stepping Stone *n.* آسرا' سہارا' اونچا پتھر پر قدم رکھ کر پار جانا' کوئی آسرا جس سے کوئی مقصد حاصل ہو سکے

Step stool *n.* گھوڑی' اونچی اشیاء تک پہنچنے کے لئے استعمال کیا جانے والا اسٹول

Stepwise مرحلہ وار

Stereoscope (ster′ e-o-skop) *n.* a binocular instrument for viewing small pictures. چھوٹی تصویروں کے دیکھنے کا آلہ ' مجسم بین

Stereotype (ste′ re-o-tip)❶ *n.* a fixed metal type or block. سیسے کے حرُوف کی ڈھالی ہوئی تختی ❷— *v.t.* to make stereotype plates for. سیسے کے حرُوف کی تختی ڈھالنا

Sterile (ster′ il) *adj.* barn; unfruitful. اوسر' بنجر' شور

Sterility (ste-ril′ i-ti) *n.* barrenness; unproductiveness. اوسرپن' بے ثمری' بنجرپن' بانجھ پن

Sterilize (ster′ i-liz) *v.t.* to make barren; to render unproductive. اوسر کرنا' بنجر بنانا' جراثیم سے پاک کرنا' بانجھ بنانا

Sterling (stur′ ling)❶ *n.* English money; standard coin. انگریزی سکّہ معیاری سکّہ' سٹرلنگ ❷— *adj.* pure; genuine. کھرا' خالص' صاف

Stern (sturn) *adj.* austere; harsh cruel. سخت' درشت' بے رحم *Azhar called his dog away from the smaller dog in a stern voice.*

Stern (sturn) *n.* the hind part of a ship or boat. جہاز یا کشتی کی پچھاڑی' دنبالۂ جہاز' پچھلا حصّہ

Sternly (sturn′ li) *adv.* with an austere countenance; harshly. تُرش روئی سے' سختی سے' کرختگی سے

Sternmost (sturn′ most) *adj.* furthest in the rear. سب سے یا بالکل پیچھے ' دور پیچھے کا

Sternum (stur′ num) *n.* the breast bone. سینے کی ہڈی ' صدری ہڈی' قص

Sternutation (stur-nu-ta′ shun) *n.* the act of sneezing. چھینک ' چھینکنے کا عمل ' عطسہ

Sternutatory (stur-nu-ta′ to-ri) *n.* a substance that provokes sneezing. چھینک لانے والی چیز

Stertorous (stur′ to-rus) *adj.* snoring; breathing hoarsely. خراٹے لینے والا خراٹا لیتے ہوئے

Stethoscope (steth′ o-skop) *n.* an instrument to distinguish sound in the chest. آواز سے پھیپھڑے کا حال دریافت کرنے کا آلہ' سماع الصدر

Stew (stu)❶ *v.t.* & *i.* to boil slowly or with a simmering heat; to seethe. دم پخت کرنا یا ہونا' نرم آگ سے پکنا یا پکانا' اُبالنا *The cook stewed the prunes.* ❷— *n.* meat stewed; confusion. قورمہ' گھبراہٹ *Lamb stew is father's favourite dish.*

Steward (stu′ ard) *n.* a man employed to manage domestic concerns, servants, accounts; a waiter on board a ship. داروغہ' گماشتہ ' کارندہ' خانساماں' مہتمم' سٹیورڈ

Stewpan *n.* دھیمی آنچ پر پکانے والا برتن' کڑاہی' کرچھی

Stibium (stib′ i-um) *n.* antimony. سُرمہ

Stich (stik) *n.* a line of verse; a row or rank. مصرعہ ' شعر' قطار' صف

Stick (stik)❶ *n.* a piece of wood; a cane; a stab. لکڑی' چھڑی' لاٹھی' کھونچا *The boys cut sticks to make a kite.* ❷— *v.t.* to piece or stab; to thrust in; to fit; to cleave. چبھانا' چھیدنا' بھونکنا' ٹھیسنا' گاڑنا *The dish stuck to the table.* ❸— *v.i.* to adhere; to

cling; to scruple; to hesitate; to be hindered. چپکانا' چپکا رہنا' لگا رہنا' لپٹنا' پس و پیش کرنا' رُکنا' اٹکنا ★ *To stick at,* to hesitate at. پس و پیش کرنا' ہچکچانا ★ *To stick against,* to glue to. جوڑنا' لگانا ★ *To stick by,* to adhere to; to be constant. چمٹنا' ساتھ دینا' وفا کرنا ★ *To stick close fast or light,* to adhere closely; to hold fast. واصل ہونا' زور سے پکڑنا ★ *To stick out,* to project. اُبھرنا' نکلنا ★ *To stick to,* to adhere to; to persevere in. مستقل رہنا' ساتھ رہنا ★ *To stick oneself up,* to put on great airs. اکڑنا' بننا

Sticker *n.* چسپاں ہو جانے والا' چپک جانے والا' غیر متزلزل' دل جمعی سے کسی کام پر لگنے والا

Stickiness (stik′i-nes) *n.* adhesiveness; viscosity. لسلساہٹ' لیس' چپچپاہٹ' چسپیدگی

Stickle (stik′l) *v.i.* to content or altercate. تکرار کرنا' بحث کرنا' اڑ جانا

Stickler (stik′lur) *n.* an obstinate contender. حجتی' تکراری' ضدی

Sticky (stik′i) *adj.* glutinous; viscuous. لسلسا' چپچپا *Toffee is sticky.*

Stiff (stif) *adj.* inflexible; stubborn; strong. سخت' ناملائم' کڑا' ضدی' سرکش' تیز *Cardboard is stiff; paper is easy to fold.*

Stiffen (stif′n) *v.t. & i.* to make or become stiff. سخت یا کڑا کرنا' سخت یا کڑا ہونا *The pudding stiffens when it cools.*

Stiffish *adj.* اکڑا سا

Stiffly *adv.* سختی سے

Stiff-necked *adj.* ضدی' ہٹ دھرم' متکبر

Stiffness (stif′nes) *n.* inflexibility; obstinacy. سختی' ضد' مجہول' کڑاپن' درشتی

Stifle (sti′fl) *v.t.* to choke; to suppress; to deaden. گلا گھونٹ کر مارنا' گلا گھونٹنا' داب رکھنا' مارنا' گل کرنا

Stigma (stig′ma) *n.* a brand; any mark of infamy. لوہا لال گرم کے داغنے کے نشان داغ' کلنک' دھبہ' تہمت

Stigmatize (stig′ma-tiz) *v.t.* to mark with a brand or infamy; to characterize by some reproachful epithet. داغ لگانا' رسوا کرنا' ملامت انگیز لقب دینا' بدنام کرنا

Stile (stil) *n.* the face of a dial to form the shadow; a frame of bars or steps. دھوپ گھڑی کی پٹی' سیڑھی *The old woman's pig would not go over the stile.*

Stiletto (sti-let′o) *n.* a small dagger. خنجر' کٹار

Still (stil) *v.t.* to silence; to quiet; to pacify. خاموش کرنا' چُپ کرنا' تسلی کرنا *Be still. Do not make a sound.*

Still (stil)❶ *adj.* silent; motionless; peaceful. چُپ' خاموش' ساکن حرکت' ساکت' خاطر جمع ★ *Still water runs deep.* پانی نشیب کو جاتا ہے ❷ *adv.* to this time; always; nevertheles; after that. اب تک ہمیشہ تاہم' بعد ازاں ★ *Still and anon,* at intervals and repeatedly. بار بار' پھر پھر ★ *Possession is still held.* قبضہ آج تک چلا آتا ہے ❸— *n.* a boiler used in distillation; distillery. بھپکا' عرق کھینچنے کا دیگ' بھٹی ❹— *v.t.* to distil. کشید کرنا

Still-born (stil′born) *adj.* born lifeless. مرا پیدا ہُوا' بے جان پیدا ہُوا' مردہ زاد

Stilt (stilt) *n.* a piece of wood with a rest for the foot, used in walking. ایک لکڑی جس میں پاؤں رکھ کے چلتے ہیں' بیساکھی *Stilts make one look tall.* ★ *To walk on stilt.* اینٹھ کر یا اترا کر چلنا

Stimulate (stim-u-lat) *v.t.* to excite; to instigate; to animate ترغیب دینا' اُبھارنا' آمادہ کرنا' جوش پیدا کرنا

Stimulation (stim′u-la′shun) *n.* the act of exciting. ترغیب' ترکیب' تحریک' جوش

Stimulative *v.t.* inciting provocative. جوش پیدا کرنے والا' محرک

Stimulator *n.* محرک یا مقوی دوا

Stimulus (stim′u-lus) *n.* a goad; excitement. ترغیب' تحریک

Sting (sting)❶ *v.t.* to pierce with a sting; to pain acutely. کاٹنا' ڈسنا' دُکھانا *Bees and other insects sting.* ❷— *n.* a sharp pointed weapon of a wasp, bee, etc. for defence; the thrust of a sting into the flesh; remorse. ڈنک' نیش' پشیمانی' پچھتاوا

Stingaree *n.* sting ray, a fish. ایک مچھلی جس کی پُشت پر تیز کانٹے ہوتے ہیں' نیش ماہی

Stinger *n.* ڈنک مار' ڈنک مارنے والا یا ڈنک مارنے والی شے (جاندار' پودا وغیرہ)

Stinginess (stin′gi-nes) *n.* covetousness; niggardliness. حرص' طمع' بخیلی' بخل' تنگ دلی' خست

Stingy (stin′ji) *adj.* covetous; meanly; avaricious; niggardly. حریص' بخیل' شوم *The stingy man would not spend money on anyone but himself.*

Stink (stingk) *n.* a strong, offensive smell. تعفن' بدبُو' بُساند *A leak in the gas pipe caused a stink in the house.*

Stink (stingk) *v.t.* to emit an offensive smell. بدبُو کرنا' بُسانا *Garbage, if allowed to stand a long time, stinks.*

Stinkard one who stinks. گندا آدمی جس کے جسم سے بُو آئے

Stinkweed *n.* دھتورا' کوئی بدبُودار بوٹی

Stinkwood *n.* بدبُودار لکڑی

Stint (stint)❶ *n.* a limit; restraint; a quantity assigned. حد' روک' قید' اندازہ ❷— *v.t.* to restrain; to limit. روکنا' مقید کرنا' محدُود کرنا

Stipe *n.* a stalk, a fern leaf. ستون' تنا' ڈنٹھل' پر کی ڈنڈی

Stipend (sti′pend) *n.* settled pay for service;

salary; wages. مختانہ، تنخواہ، وظیفہ، اُجرت، مالی امداد

Stipendiary (sti-pend′i-ar-i) *adj.* receiving wages or salary. مشاہرہ دار، وظیفہ خوار، وظیفہ یاب

Stipple (stip′l) *v.t.* to engrave by means of dots. نقطوں کی کندہ کاری کرنا

Stippler *n.* نقطہ کار، نقطہ کاری کا آلہ

Stipulate (stip′u-lat) *v.i.* to make an agreement; to contract. عہد و پیمان کرنا، قول و قرار کرنا، شرط باندھنا

Stipulation (stip-u-la′shun) *n.* covenant; contract. قول و قرار، عہد و پیمان، شرط، معاہدہ

Stipulator *n.* اقرار یا عہد کرنے والا

Stipulatory *adj.* مشروط، شرط والا

Stipule *n.* a leafy appendage at a leaf base. پتی کے ڈنٹھل کے نیچے کی چھوٹی پتی، گوشک

Stir (stur)❶ *v.t.* & *i.* to move; to incite; to prompt; to move about; to be active. ہلانا، حرکت دینا، جنبش کرنا، تحریک کرنا، ہلنا، چلنا *Mother stirs the custard when it is cooking to keep it from burning.* ★ *To stir up,* to incite; to instigate. ترغیب دینا، بھڑکانا ❷— *n.* agitation; bustle; commotion. بے چینی، غُل غپاڑہ، شور و شر، ہنگامہ، ہل چل، ہڑبڑی، کھلبلی

Stirk (sturk) *n.* a young ox or heifer. بچھڑا، بچھڑی

Stirps *n.* نسل، کسی کا حسب نسب، خاندان یا اس کی شاخ، شجرہ نسب، مورث اعلیٰ (قانون) جد اعلیٰ

Stirring *adj.* فعال یا معروف، گرما گرم، پُرجوش، گرم کار

Stirringly *adv.* گرم بازاری لئے ہوئے

Stirrup (stir′up)❶ *n.* an iron ring suspended by a strap for a horseman's foot. رکاب، پادوان کی طناب

Stitch (stich) *v.t.* & *i.* to sew; to join or unite by sewing; to practise sewing (a book). سینا، جوڑنا، ملانا، بخیہ کرنا، شیرازہ کرنا *Mother stitched the hem in Maria's dress.* ❷— *n.* a single pass of a needle in sewing; a sharp pain. دوخت، بخیہ، ٹیس، چبھن *Grandmother got a stitch in her back when she bent over to pick up her glove.* ★ *A stitch in time saves nine.* وقت کا ایک ٹانکا بے وقت کے سو ٹانکوں سے بہتر ہے

Stitchery (stich′ur-i) *n.* needle-work. سوئی کا کام

Stitchy (stith′i) *n.* a smith's shop; an anvil. لوہار کی دُکان، نہائی، لوہار خانہ، بھٹی

Stoat (stot) *n.* the ermine. ایک قسم کا نیولا

Stock (stok)❶ *n.* the stem or main body of a tree or plant; lineage; a capital; store; cravat; cattle in general; the wooden support to which the barrel of a firearm is attached; a block. تنا، ڈنڈی، کل، نسل، سرمایہ، ذخیرہ، رسد، سامان، گلوبند، مویشی، دستہ، سٹاک *After the Eid-ul-fiter rush, the shops had only a small stock left.* ★ *Stock-in-trade,* the goods kept for sale by shopkeeper. بکاؤ مال ★ *To take stock,* to make an inventory of goods on hand. مال کا حساب لینا ★ *Stock-broker.* تجارتی راس المال ★ حصّوں اور سرکاری تمسکات کے خرید و فروخت کا دلال *Stock-exchange.* ساہوکارہ، صرافہ، سٹاک ایکسچینج ★ *Stock-taking* مال موجودہ کی فہرست بنانا ★ *To have something on the stock.* ہاتھ میں کچھ کام ہونا ★ *Common-stock.* مشترکہ مال، کامن سٹاک ★ *Stock-company.* جماعت مشترکہ ★ *Of a good stock.* اچھے خاندان یا ذات کا ★ *To put in stocks.* لکڑی میں ٹھونکنا ❷— *n.* public funds. مشترکہ سرمایہ، حصص ❸— *v.t.* to fill; to supply with stock; to lay up. بھرنا، بہم پہنچانا، جمع کرنا، ڈھیر لگانا *The grocer's shop stocks butter, sugar and eggs.* ★ *To stock a gun.* بندوق میں کندہ لگانا ★ *To stock up.* کھودنا

Stockade (stok-ad′) *n.* a slight fortification. باڑا جو لکڑیوں کو گاڑ کر بنایا جائے، لکڑکوٹ، دفاعی باڑ

Stockbroking *n.* حصص کی خرید و فروخت

Stock holder *n.* حصے دار، شیئر ہولڈر، اسٹاک ہولڈر

Stocking (stok′ing) *n.* close-fitting covering for the foot and leg. جراب، موزہ، پائتابہ *Anam wears woollen stockings in the winter.*

Stock-still (stok′stil) *adj.* still as a fixed post. خاموش، نقش ★ *To stand stock-still.* نقش دیوار بننا، بے حس و حرکت رہنا

Stocky (stok′i) *adj.* stout, small and thick. تری، چھوٹا موٹا، گٹھا ہوا، کوتاہ قد، مضبوط ڈیل ڈول کا

Stoic (sto′ik) *n.* one who is free from passion. بیراگی، رواقی، زینو کا پیرو، دکھ سکھ سے بے نیاز، راضی برضا

Stoicism (sto′i-sizm) *n.* indifference to pleasure or pain. خوشی اور رنج سے بے پروائی، بیراگ، رواقیت

Stoke (stok) *v.t.* to supply a fire with fuel; to poke or stir up; to tend. بھٹی جھونکنا، آتش تیز کرنا، کھودنا، چھیڑنا، یا کسی چیز سے آگ کو اکسانا *Father stokes the furnace. He stirs up the fire and puts coal on when it is needed.*

Stole (stol)❶ *n.* a long vestment. ایک قسم کا لمبا جامہ ❷— *v.t. p.* of **Steal.**


Stolid (stol′id) *adj.* foolish; stupid. نادان، بے وقوف، کودن

Stolidity (sto-lid′i-ti) *n.* dullness of intellect; stupidity. کُند ذہنی، بے وقوفی، بے حسی، اڑیل پن

Stolon *n.* a shoot from the root of the plant. پودے کی وہ شاخ جو جڑ سے نکلتی اور علیحدہ جڑ پکڑتی ہے اور پھولتی پھلتی ہے

Stomach (stum′ak)❶ *n.* the principal organ of digestion; appetite; desire. شکم، پیٹ، معدہ، بھوک، رغبت، میل *The stomach helps to digest the food so that our bodies can use it.* ❷— *v.t.* to resent; to brook. ناراض کرنا، برداشت کرنا

Stomachic (sto-mak′ik)❶ *adj.* strengthening to



STOMACH

the stomach. مقوی معدہ ❷— *n.* a medicine for the stomach. دوائے مقوی معدہ

Stomachy *adj.* توندل' بڑھے ہوئے پیٹ والا


Stomatal *adj.* منہ کا' دہنی' دہانی

Stomatic *adj.* منہ والا

Stomatitis *n.* ورم دہن' قلاع' قمیات' منہ کی سوزش

Stomatology *n.* منہ اور اس کے امراض کا علم

Stone (ston) *n.* a mass of concreted earthy or mineral matter; a gem; a calculus in the bladder of kidney; the nut of a drupe; the hard seed of a fruit; a weight of 14 lbs. سنگ' پتھر' جواہر' رتن' سنگ مثانہ' پتھری' گٹھلی' سات کیلو کا وزن' سٹون *The house was built of large stones.* ★ *A stone's cast or throw,* the distance which a stone may be thrown by the hand. فاصلہ جہاں تک ایک پتھر پھینکا جا سکے ★ *Stone-hearted,* cruel; hard-hearted. سنگدل ★ *Philosopher's stone,* a stone which is supposed to convert baser metal into gold. پارس پتھر ★ *To leave no stone unturned,* to spare no pains. حتی الوسع کوشش کرنا


STONE


Stone (ston)❶ *v.t.* to pelt or kill with stones. پتھروں سے مارنا' سنگسار کرنا' پتھر لگانا یا جڑنا *The bad boys stones the cat.* ❷— *adj.* made of stones; hard. سنگین' پتھر کا' سخت

Stone-blind (ston′ blind) *adj.* perfectly blind. بالکل اندھا

Stony (ston′ i) *adj.* made of stones; full of stones; hard. سنگین' پتھر کا' سخت' پتھریلا *The ground was too stony to walk on with bare feet.*

Stook (stook) *v.t.& n.* to set up, as sheaves of grain. اناج کے پول جمع کرنا' اناج کا گٹھا

Stool (stool) *n.* a seat without back; a discharge from the bowels. تپائی' چوکی' پیڑھی' مونڈھا' پاخانہ *Mother sits on a kitchen stools to mix the cake.*


STOOL

Stoop (stoop) *v.i.* to bend forward; to submit; to descend. آگے کو جھکنا' مطیع ہونا' اترنا *Can you stoop and touch the floor with your fingers without bending your knees?*

Stop (stop) *v.t. & i.* to close; to obstruct; to suspend; to stay; to cease from motion. بند کرنا' روکنا' اٹکانا' موقوف رکھنا' باز رکھنا' ٹھہرانا' رُکنا' سٹاپ *Stop, look, and listen before you cross the street. The bell stopped ringing.* ★ *To stop two mouths with one morsel.* ایک پنتھ دو کاج

Stop (stop) *n.* cessation of motion; a pause; a point in writing. روک' وقفہ' علامت وقف *Bring the car to a stop at a red light.* ★ *A full stop,* a point or mark in writing intended to distinguish the sentences. نقطہ' وقفہ' فل سٹاپ

Stop-cock (stop′ kok) *n.* a faucet used to turn or regulate the supply of water, gas, etc. پیچ' سٹاپ کاک

Stop-gas (stop′ gas) *n.* a temporary expedient. ڈاٹ' آڑ' روک

Stopover *n.* عارضی قیام' دوران سفر کہیں عارضی اور مختصر قیام

Stoppage (stop′ aj) *n.* obstruction; a temporary halt. اٹک' روک' ممانعت' رکاوٹ' وقفہ' ٹھہراؤ

Stopper (stop′ ur) *n.* one who stops; a short piece of rope for fastening anchor, cables etc. روکنے والا' ڈاٹ' گٹا *The perfume bottle has a fancy glass stopper.*

Stopple (stop′ l) *n.* a cork. ڈاٹ' گٹا

Stopwatch *n.* اسٹاپ واچ' روک گھڑی' وہ گھڑی جسے گھڑ دوڑ یا کھیل کے مقابلوں میں وقت کا اندازہ لگانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے *A stop-watch is used mainly for timing races.*

Storage (sto′ raj) *n.* the safe keeping of goods in a warehouse; the price for keeping goods in store. بھرتی' گودام کا محصول' سٹوریج *We have some furniture in storage.*

Storax *n.* resin of a tree. ایک درخت کا گوند جو دوا کے کام آتا ہے' خوشبودار گوند گوند

Store (stor)❶ *n.* a great quantity or number; a ware-house; plenty. سٹور' ڈھیر' انبار' کوٹھی' گودام' مخزن' کثرت *Azhar went to the hard-ware store to buy a saucepan.* ★ *To set store by,* to value greatly. نہایت قدر کرنا ❷— *v.t.* to lay up in store; to hoard. گودام میں رکھنا' بھرتی کرنا *Mother stores the rugs during the summer.*

Storey *n.* part of a building on the same floor. منزل' مکان کی منزل

Stork (stawrk) *n.* a large wading bird. سارس' لق لق' بڑا بگلا

Storm (stawrm)❶ *n.* a violent gale; tempest; commotion; a violent assault. آندھی' فساد' ہنگامہ' حملہ

Thunder and lightning often come with a rainstorm. ❷— *v.t.* to assault. حملہ کرنا ❸— *v.i.* to blow with violence; to rage. آندھی یا جھکڑ چلنا' غصّہ ہونا' جوش میں آنا *The soldiers stormed the city.*

Stormy (stawrm′i) *adj.* tempestuous; violent. پُر از طوفان' طوفانی *We have had a very stormy month.*

Story (sto′ri) *n.* a short narrative; a tale; flight of rooms; falsehood. قصّہ' حکایت' درجہ' منزل' طبقہ' کوٹھا' دروغ' جھوٹ' افسانہ *Anam l kes the story of Black Beauty.*

Story-teller (sto′ri-tel′ur) *n.* a teller or writer of stories. افسانہ گو' قصّہ گو' قصّہ خواں' داستان گو' دروغ گو

Story writer *n.* کہانی نویس' افسانہ نگار' قصّہ طراز

Stoup (stowp) *n.* a flagon; a vessel of holy water. مینا' صراحی' گلابی' پاک پانی کا برتن

Stout (stout)❶ *adj.* strong; brave; large; proud. مضبوط' بہادر' بڑا' مغرور *The tramp carried a stout stick to defend himself against dogs.* ❷— *n.* a strong kind of beer. ایک قسم کی بیری کی شراب

Stout-hearted *adj.* بہادر اور مُستقل مزاج' جری' ہمّت والا

Stout-heartedly *adv.* ہمّت سے

Stout-heartedness *n.* دلیری' ہمّت' بہادری

Stoutness (stowt′nes) *n.* corpulence; bulk. فربہی' موٹاپا

Stove (stov)❶ *n.* a hot-house; an iron for heating. چولہا' تنور' بھٹی' انگیٹھی' سٹوو *Our stove is an electric stove.* ❷— *v.t.* to heat in a stove. بھٹی میں گرم کرنا

Stow (sto) *v.t.* to place in a compact mass; to pack. تہہ جمانا' پاس رکھنا' لادنا' ٹھیک طرح رکھنا' محفوظ کرنا

Strabism, Strabismus (stra′bizm, stra-bız′mus) *n.* act of looking asquint; a squinting. بھینگاپن' ترچھی نظر سے دیکھنا' احول

Straddle (strad′l) *v.i.* to walk with the legs far apart. ٹانگیں پھیلا کر چلنا *Suqlain straddled the horse to ride it.*

Straggle (strag′l) *v.i.* to wander from the direct course; to rove; to be dispersed. آوارہ پھرنا' بھٹکنا' گمراہ ہونا' بکھرنا' جُدا ہونا' منتشر ہونا

Straggler (strag′lur) *n.* one who walks about aimlessly; vagabond. آوارہ گرد' ہرزہ گرد' بچھڑا ہوا

Straight (strat)❶ *adj.* direct; not crooked; upward; just; upıight; fair. سیدھا' راست' کھڑا' مُنصف' دُرست' ٹھیک *The road goes straignt for 5 miles, and then it turns.* ❷— *adv.* directly; immediately. سیدھے' راہ راست' فوراً' بلا تاخیر

Straighten (strat′n) *v.t.* to make straight. سیدھا کرنا' دُرست کرنا *The carpenter straightened the crooked nail before he hammered it in.*

Straightforward (strat′for′ward) *adj.* proceeding in a straight course; undeviating; honest; upright. سیدھا' راست' مُستحکم' ایماندار' مُنصف' دیانتدار

Straightway (strat′wa) *adj.* ımmediately. فوراً' بلا توقف

Strain (stran)❶ *v.t.* to stretch; to exert to the utmost; to sprain; to filter. جاں فشانی کرنا' موڑنا' بل دینا' ٹپکانا' چھاننا *The clothes-line was strained by the wet clothes hanging on it.* ★ *To strain one's eyes,* to look intently. غور سے دیکھنا' ٹکٹکی باندھنا ★ *To strain every nerve,* to do one's best. جانفشانی کرنا' ہاتھ پاؤں مارنا ★ *To strain at a gnat and swallow a camel.* گُڑ کھائیں گُلگُلوں سے پرہیز ❷— *n.* violent effort; a sprain; a song. محنت' مروڑ' لچک' کوشش' راگ *The strain kept father from working.*

Strainer (stran′ur) *n.* an instrument for filtering. چھلنی' مقطار *Tomatoes, fruits, and soups are often strained or pressed through a strainer to take out seeds and other small pieces.*

Strait (strat)❶ *adj. & n.* narrow; tight; close; strict; difficult. تنگ' چُست' آبنائے *The Straits of Gibraltar connect the Atlantic Ocean and Mediterranean Sea.* ❷— *n.* a narrow pass; distress; difficulty. ناکا' تنگ رستہ' آبنائے' مصیبت' دقت **Straitly** *adv.* مُشکل سے' سختی' تنگی **Straitness** *n.* سخت گیری سے

Straiten (strat′n) *v.t.* to make tight or narrow; to distress. کسنا' تنگ کرنا' مختصر کرنا' سمیٹنا' دق کرنا

Strand (strand)❶ *n.* a shore; a beach; one of the twist of a rope. کنارہ' ساحل' رسی کا بل *Grandmother brushed a strand of hair off Maria's forehead.* ❷— *v.t. & i.* to run aground; to drift on shore. ساحل پر آنا یا لانا' کنارے پر چڑھنا *The tide had left the boat stranded on the rocks.*

Strange (stranj) *adj.* foreign; unusual; wonderful; unfamiliar. اجنبی' پردیسی' غیر' خلاف دستور' عجیب' ناآشنا' مزاج *The man's face was strange to Azhar.* ★ *To make strange, to make one's self strange.* اجنبی بننا' حیرت ظاہر کرنا

Stranger (stranj′ur) *n.* a foreigner; one who is unknown; a guest. پردیسی' غیر مُلک کا آدمی' اجنبی' مہمان *This boy is a stranger in our school.*

Strangle (strang′gl) *v.t.* to suffocate; to hinder from birth or appearance. دم گھٹنا' دبانا' روکنا *The hero in the play strangled the villain.*


Strangler *n.* گلا گھونٹ دینے والا

Strangles *n.* گھوڑوں کے نتھنوں کی سوزش' گھوڑوں کا زکام

Strangulate *v.t. & v.i.* گلا گھونٹنا

Strangulation (strangula′shun) *n.* act of strangling; suffocation. رکاوٹ' حبسُ الرّحم' دم بستگی' گلا گھونٹنے کا عمل

Strangury (strang′gu-ri) *n.* a painful discharge of urine drop. حبسُ البول' تقاطر البول' قطرہ قطرہ پیشاب آنا



STRAPS

Strap (strap) *n.* a narrow, long strip of cloth, leather or other material. دھجی' پٹی' تسمہ' چمڑے کی پٹی *Father put a strap round the suitcase.*

Strap (strap) *v.t.* to fasten or chastise with a strap. تسمے سے باندھنا' چمڑے سے مارنا *Azhar strapped the basket on to his bicycle.*

Strapping (strap' ing) *adj.* tall; lusty; handsome. لمبا' قد آور' خوبصورت' تنومند' توانا

Strata (stat' a) *n.* (*pl.* of **Sratun**), Beds; layers. پرت' طبق ' تہیں' طبقات' پرتیں

Stratagem (strat' a-jum) *n.* an artifice; a trick. داؤں' گھات' دغا' دھوکہ 'فریب ' حیلہ ' حکمت عملی

Strategist (strate' jist) *n.* one skilled in millitary movements. فن صف آرائی جاننے والا ' حکمت عملی کا ماہر

Strategy (strat' e-ji) *n.* military science of tactics. سپہ سالاری' صف آرائی 'فن حرب' چال' ہنر مندی' حکمت عملی

Strath (strath) *n.* a valley of considerable extent through which river flows. بڑی گھاٹی یا وادی جس میں کوئی دریا بہتا ہو ' وسیع گھاٹی

Stratify (strat' i-fi) *v.t.* to form into layers. تہ جمانا' طبق پر طبق جمانا ' طبق بندی' درجہ بدرجہ ترتیب دینا

Stratocracy (sta-to-k' ra-si) *n.* military despotism. فوجی حکومت' عسکر شاہی 'فوجی نظام حکومت


Stratum (stra' tum) *n.* a layer of anything, as coal, earth, &c. پرت' طبق' تہ

Straw (straw) *n.* the stalk or stem of certain species of grain, pulse, etc.; mass of stalks. تنکا' بھوسہ' پرال' گھاس' پات *Azhar sips his ice-cream soda through a straw.* ★ *A man of straw*, a person of little or no means. ناچیز' شخص

Straw (straw) *v.t.* to strew. بکھیرنا' چھڑکنا

Strawberry (straw' bur-i) *n.* a well-known plant and its fruit. سٹابری' ایک مشہور انگریزی درخت اور اس کا پھل

Strawy (straw' i) *adj.* like straw. بھوسہ کے مانند' تنکا سا' پرال کی قسم کا



STRAWBERRY

Stray (stra)❶ *v.i.* to wander; to rumble. گمراہ ہونا' بہکنا' بھٹکنا *Little Red Riding Hood strayed away from the path to pick flowers.* ❷— *adj.* having gone astray; straggling. راستہ بھولا ہوا' گمراہ ❸— *n.* an astray; a beast that wanders. گمراہ' آوارہ یا بھگوڑہ جانور *Azhar found a stray puppy shivering with the cold.*

Streak (strek)❶ *n.* a long narrow stripe of colour. لکیر' دھاری' خط *Father got a streak of paint on the window-pane.* ❷— *v.t.* to form streaks; to stripe. دھاری ڈالنا' لکیریں بنانا *The petal was red, streaked with yellow.*

Stream (strem)❶ *n.* a running water; a current. آب رواں' ندی' چشمہ' دھارا *A stream of water came from the tap.* ❷— *v.t.* & *i.* to pour; to sent forth; to flow. دھار باندھ کر ڈالنا' بہ نکلنا' نکالنا' بہنا *When the ball hit Omer's nose, blood streamed down his face.*

Streamer (strem' ur) *n.* an ensign or flag; a beam of light. جھنڈا' روشنی کی شعاع *The children carried streamers in the parade.*

Streamlet (stem-let) *n.* a small stream; a rill. چھوٹی ندی' نالا' سوتا ' آبجو' جھرنا

Streamy (strem' i) *adj.* abounding with streams; flowing. ندیوں سے معمور' رواں

Street (stret) *n.* a paved way or road; a city road. سڑک' راستہ' گلی' سٹریٹ *Motor-cars, bicycles, and people walking filled the narrow streets.* ★ *Street arab*, a neglected street boy. کوچہ گرد لڑکا

Street walker *n.* گشتی' گھوم پھر کر لوگوں کو دام میں لانے والی فاحشہ

Temerariously *adv.* بے دھڑک' لاپروائی سے' بے باکانہ

Temerariousness *n.* بے باکی' لاپروائی' جانبازی' سرفروشی

Temerity (te-mur′i-ti) *n.* rash boldness; heedlessness. بے باکی' لاپروائی' جانبازی' بے احتیاطی

Temper (temp′ur) ❶ *n.* frame of mind; due mixture. مزاج' خصلت' امتزاج *Mother has an even temper. She is calm and is not easily disturbed or made angry.* ❷ *v. t.* to mix in due proportion; to soften. ٹھیک کرنا' ملانا' مزاج معتدل کرنا

Temperament (temp′ur-a-ment) *n.* constitution of the body or mind. مزاج' طبیعت' طینت' سرشت

Tempramental *adj.*
مزاجی' جس کا مزاج جلدی جلدی بدلتا ہو' تنک مزاج' متلون' جذباتی

Temperance (tem′pur-ans) *n.* moderate indulgence of the appetites, abstinence. پرہیز' اعتدال' پرہیزگاری

Temperate (tem′pur-at) *adj.* moderate; sober.
معتدل' پرہیزگار *We live in a temperate climate, where the weather is not usually very hot or very cold.*

Temperature (tem′pur-atur) *n.* state with regard to heat or cold. درجہ حرارت *Water boils when its temperature is about 212° Fahrenheit.*

Tempered *adj.* امتزاجی' معتدل' خاص مزاج یا مزاجی کیفیت رکھنے والا

Tempest (tem′pest) *n.* violent wind; a storm; commotion. طوفان' آندھی' ہنگامہ' فساد *Tempest kept the ships from sailing.*

Tempestuous (tem-pest′u-us) *adj.* stormy; turbulent. تیز' طوفانی' تند' پرآشوب' ہنگامہ پرور

Temple (tem′pl) *n.* an edifice erected to some deity; a church. مندر' شوالہ' ٹیمپل' معبد' گرجا

Temple *n.* ❶ کنپٹی ❷ شکنجی' کرگھے کی کل جس سے کپڑا تنا رہتا ہے

Temporal (tem′po-ral) *adj.* pertaining to this life; not spiritual. دنیاوی' فانی' عارضی

Temporal *adj.* کنپٹی کے بارے میں یا اس سے متعلق

Temporal bone *n.* کنپٹی کی ہڈی

Temporarily (tem′-po-rar-i-li) *adj.* for a time only. چند روزہ' عارضی طور پر' وقتی طور پر

Temporary (tem′po-rar-i) *adj.* continuing for a time only; transient. عارضی' چند روزہ' وقتی *Azhar will take a temporary job during his summer holidays.*

Temporize (tem′po-riz) *v. i.* to comply with the time or occasion. زمانہ سازی کرنا' ٹال مٹول کرنا' دنیا سازی کرنا

Tempt (temt) *v. t.* entice; put to trial; test; try to persuade. ورغلانا' ترغیب دینا *The money which the man left out on his desk tempted the hungry boy to steal.*

Temptation (tem-ta′shun) *n.* act of tempting; that which tempts; allurement. ترغیب' لالچ *An open box of chocolates on the table is a temptation to eat.*

Tempter (tempt′ur) *n.* one who entices to evil; Satan. ورغلانے والا' شیطان' ابلیس' لالچ دینے والا

Tempting *adj.* لبھانے والا' دلکش' شہوت انگیز' ترغیب دہ

Temptingly *adv.* لبھاتے ہوئے' رغبت دلاتے ہوئے' لالچ دیتے ہوئے

Temptingness *n.* حرص' رغبت' لالچ

Temptress *n.* لبھانے والی عورت

Ten (ten) *adj.* & *n.* twice five; a number of twice five. دس' دہ عشر' دس کا عدد' دہلا

Tenable (ten′a-bl) *adj.* that can be held or maintained. مستحکم' استوار' معقول' قابل مدافعت

Tanacious (te-na′shi-us) *adj.* holding fast; retentive; adhesive; stubborn.
مضبوط' مستحکم' لسلسا' چپچپا' سرکش' ضدی' خودرائے

Tenacity (te-nas′i-ti) *n.* state or quality of being tenacious; adhesiveness; glutinousness.
لسلساہٹ' چپچپاہٹ' سختی' مضبوطی' استواری

Tenancy (ten′an-si) *n.* a holding of lands or tenements as a tenant; tenure.
کرایہ داری' مزارعت' اسامی کی حیثیت' پٹی داری' قبضہ' تصرف

Tenant (tan′ant) *n.* one who occupies lands or houses for which he pays rent. اسامی' کرایہ دار' پٹہ دار' مزارع *Grandfather has tenants on his farm.*

Tend (tend) *v. t. & i.* to attend; to guard; to take care of; to be inclined. ساتھ رہنا' خبرگیری کرنا' نگران رہنا' مائل ہونا' جھکنا *Ali tends the front lawn in the summer.*

Tendency (tend′en-si) *n.* inclination; drift; aim.
رغبت' میل' جھکاؤ' غرض' رجحان

Tender (tend′ar) ❶ *n.* a small vessel employed to attend on a large one; a carriage with fuel, &c. attached to a locomotive. چھوٹی کشتی جو بڑی کشتی کے ساتھ رہتی ہے' نرخ طلبی' پیشکش' ٹینڈر ❷ *adj.* delicate, small; weak. نازک' چھوٹا' کمزور *Some meat*

is tough, but this piece is tender. ❸ *v. t.* to offer for acceptance. ٹینڈر دینا' پیش کرنا' حاضر کرنا

Tendinous (ten′din-us) *adj.* full of tendous; sinewy. عصب دار' عضلاتی' نسوں والا' پٹھوں کا

Tendon (ten′don) *n.* a sinew; a hard, insensible cord or bundle of fibres by which a muscle is attached to a bone. عضلہ پٹھا' عصب *The football player pulled one of the tendons in his leg and had to leave the game.*


Tendril (ten′dril) *n.* a slender, twining growth, by which a plant adheres to something. بیل کی شاخ *The tendrils of sweet peas help to support the plant and aid its growth.*

Tenement (ten′e-ment) *n.* an abode; a habitation; a block of buildings divided into separate houses. جاگیر' مکان' عمارت' جائیداد غیر منقولہ *The family lived in a small tenement.*

Tenesmus *n.* painful straining to relieve the bowels. مروڑ' درد' اجابت میں زور دینے سے تکلیف' درد کے ساتھ اجابت

Tenet (ten′et) *n.* a doctrine, opinion, principle, or dogma. اصول' رائے' قاعدہ' مسئلہ' قول' عقیدہ' راسخ

Tenfold (ten′-fold) *adj.* ten time more. دس گنا' دہ چند



Tennis (ten-is) *n.* a game in which a ball is driven by rackets. گیند کا ایک کھیل' ٹینس

Tenon (ten′on) *n.* the specially shaped end of a wood, etc. to be inserted into the mortise to form a joint. جوڑ کی چول' چول' لکڑی کا سرا

Tenor (ten′or) *n.* a prevailing course or direction; continuity; purport; one who sings a tenor part. روش' طریقہ' معمولی' اونچے سُر سے گانے والا *Father sings tenor.*

Tense (tens) ❶ *n.* form of a verb to express time. فعل کا زمانہ ❷ *adj.* stretched. کھینچا ہوا' تنا ہوا' اکڑا ہوا *Excitement may cause one to have tense nerves.*

Tensimeter *n.* بخارات کا دباؤ معلوم کرنے کا آلہ

Tensiometer *n.* تناؤ پیما' کنکریٹ' دھات یا دیگر اشیاء میں طولی تناؤ معلوم کرنے کا آلہ' رقیق سطحی تناؤ ناپنے کا ایک طریقہ

Tension (ten′shun) *n.* act of stretching; state of being stretched; tightness. تناؤ' پھیلاؤ' کھنچاؤ' اکڑ' کشیدگی

Tent (tent) *n.* a portable shelter consisting of some flexible covering. خیمہ' ڈیرہ' تنبو' شامیانہ *Boy Scouts,*



TENT

soldiers, and campers often sleep in tents.

Tentage *n.* خیمہ گاہ' مجموعی طور پر خیمے' خیمے لگانے کا سامان یا خیموں کی فراہمی

Tentative (ten′ta-tiv) *adj.* experimental; trying; empirical. اِمتحاناً' بطور آزمائش' عارضی' وقتی' تجرباتی

Tenter (ten′tur) *n.* a machine for stretching cloth; a tenter hook. کپڑے کے تاننے کا آلہ' آنکڑی

Tenth (tenth) ❶ *adj.* next after the ninth. دسواں *Ten is a tenth of a hundred.* ❷ *n.* one of the ten equal parts دس برابر حصوں میں سے ایک' دسواں حصّہ

Tenuity (ten′u-i-ti) *n.* thinness; slenderness; rarity. پتلا پن کی' رقت' لطافت' باریکی' نزاکت

Tenuous *adj.* پتلا یا نازک' کمزور' غیر یقینی یا مبہم' رقیق' دقیق

Tenuously *adv.* باریکی سے' لطافت سے

Tenuousness *n.* باریکی' چھوٹا پن' پتلا پن' نزاکت

Tenure (ten′ur) *n.* a holding or manner of holding real estate; condition of occupancy. دخل' قبضہ' ملکیت' نوعیت' میعاد' عہد' زمانہ' پٹہ

Tepefy (te′e-fii) *v. t. & v.i.* to make tepid. نیم گرم کرنا' شیر گرم کرنا' نیم گرم ہونا

Tepid (tep′id) *adj.* moderately warm; lukewarm. شیر گرم' نیم گرم' کنکنا' دھیما' ہلکا

Terebrate (te-re′br-at) *v. t.* to bore; perforate. سوراخ کرنا' چھیدنا

Teredo *n.* ایک کیڑا جو کشتیوں میں سوراخ کر دیتا ہے

Tergiversate (ter-jiv-er-sat) *v. i.* turn one's back. حیلہ کرنا' بہانہ کرنا' بات پر قائم نہ رہنا' پھر جانا' منحرف ہونا

Tergiversation *n.* انحراف' ارتداد' مسلک یا عقیدے کی تبدیلی' ٹال مٹول

Tergiverstor *n.* منحرف' مُرتد' حیلے بہانے کرنے والا

Term (term) *n.* a limit; time for which anything lasts; period of session, etc.; a word. حد' مدت' عرصہ' نام' اصطلاح *In our school the first term is from the 8th of September until the 20th of December.*

Termagant (tur′ma-gant) ❶ *n.* a brawling; a virago. جھگڑالو' مفسد ❷ *adj.* turbulent; boisterous. تنک مزاج' لڑاکا' فسادی

Terminable (term′in-a-bl) *adj.* that may be terminated or bounded; limitable. اختتام پذیر' قابل انتہا

Terminal *n.* سرا' آخری نشان' ختم کرنے والی شے' انتہا' اسٹیشن' اڈا' سرپنچ' میقات

Terminate (turm′in-at) *v. t. & i.* to end; to bound; to limit. حد تک پہنچانا' ختم کرنا' محدود کرنا

Terminology (turm-in-ol′o-ji) *n*. the science or theory of technical or other terms. فن، اصطلاحات

Terminus (turm-in-us) *n*. *pl*. a boundry; a limit; station at the end of a railway line, etc. حدّ، ریل کے راستے کا انتہائی سٹیشن، منزل، منزل مقصود

Tern (turn) *n*. a long winged aquatic fowl. ایک آبی پرندہ، بحری ابابیل

Ternary (turn′ari) *adj*. proceeding by or consisting of threes. تگنا، سہ، تگنا، سہ گنا، تین پر مشتمل

Terrace (tur′as) *n*. a raised level bank of earth; the flat roof of a house. چبوترا، بالاخانہ، کھلی چھت، مہتابی

Terraqueous (ter-raque′us) *adj*. consisting of land and water. تری اور خشکی کا، خاکی آبی، بری بحری، جل تھلیا

Terrene (tur′ren) *adj*. pertaining to the earth; earthly. خاکی، زمینی، ارضی، سفلی، دنیاوی

Terrestrial (ter-res′tri-al) *adj*. pertaining to or existing on the earth; sublunary; earthly. خاکی، دنیوی

Terrible (ter′i-bl) *adj*. fitted to excite terror or awe; horrible; awful; dreadful. ہولناک، مہیب، بھیانک، ڈراؤنا *A terrible accident happened in the theater.*

Terrify (ter′i-fi) *v. t*. to cause terror; frighten greatly; to alarm. ڈرانا، دہشت دلانا، خوف دلانا *The baby is terrifed by dogs.*

Territorial (ter-ri-to′ri-al) *adj*. pertaining to territory; limited to a district. ملکی، علاقائی

Territory (ter-re-tor-i) *n*. dominion; the extent of land around or belonging to a city. عملداری، علاقہ، ملکیت، قبضہ *Some territory in North America is covered with forests.*

Terror (ter′or) *n* extreme fear; alarm; an object of fear or dread. خوف، دہشت، ڈر *The escaped lion was a terror.*

Terrorism (er′ur-izm) *n*. a state of terror. دہشت کی حالت، دہشت گردی، دہشت پسندی

Terrorist *n*. دہشت پسند، دہشت گرد

Terroristic *adj*. دہشت پسندانہ، دہشت گردانہ

Terrorize *v. t*. دہشت زدہ کرنا، خوف زدہ کرنا، دھمکانا، دھمکی سے مرعوب کرنا

Terrorless *adj*. بے خوف، بے خطر، نڈر

Terse *adj*. فضولیات سے پاک، عمدہ اور جامع، نپا تلا، مختصر اور پُر مغز، شستہ *The policeman made a terse statement about the accident.*

Tersely *adv*. اختصار اور جامعیت کے ساتھ، شستگی سے

Terseness *n*. اختصار و جامعیت، شستگی

Tertiary (ter′shi-ar-i) *adj*. of the third degree, order, or form. سوم، تیسرا، تیسرے درجے کا، ثلاثی، سہ گانہ

Tessera *n*. پچی، سنگ مرمر، قیمتی پتھر، ہاتھی دانت، شیشے، لکڑی یا اس طرح کی شے کا مکعب ٹکڑا جو چوپڑ یا پچی کاری میں استعمال ہوتا ہے

Test (test) *n*. & *v.t* a pot in which metals are tried and refined;any critical trial; means of trial. کٹھالی، جانچ، آزمائش، امتحان، ٹسٹ *Our teacher gave us a spelling test. The teacher's tested our spelling ability by giving us a test.*

Testament (tes′ta-ment) *n*. will; one of the two great divisions of Bible. وصیت نامہ، انجیل کا ایک حصّہ

Testator (tes′ta-tor) *n*. one who leaves a will. وصی

Tester (test′er) *n*. a flat canopy, esp. over the head of a bed. پلنگ کی چھتری، مسہری، چھپرکھٹ

Testicle (tes′ti-kl) *n*. a gland which secretes the seminal fluid in males. فوطہ، خصیہ، خایہ

Testify (tes′ti-fi) *v. t*. to bear witness; to make a solemn declaration. گواہی دینا، شہادت دینا *Azhar testified that he saw the man steal the money.*

Testimonial (tes-ti′mo-ni-al) *adj*. a certificate bearing testimony to one's character or abilities; sum of money presented in any form to a person as a token of respect. سند، نذر، پیشکش، شہادت نامہ، تصدیق

Testimony (tes′ti-moni) *n*. evidence; declaration to prove some fact; proof. شہادت، تصدیق، گواہی، ثبوت

Testy *adj*. irritable. تنک مزاج، چڑچڑا، زود رنج

Tetanus *n*. a disease marked by painful syasms of muscles. عضلات کا سخت تشنج، اکڑبائی، کزاز

Tete-a-tete (tet′a-tet) *n*. a private conference or conversation. خفیہ گفتگو، تخلیہ کی ملاقات

Tetragon (tet′ra-gon) *n*. a figure of four angles. چوگوشہ، ذوار بعتہ الاضلاع، چارکونہ ❷ *adj*. tetragonal.

Tetter *n*. skin eruption. جلدی مرض، داد، کھجلی

Text (tekst) *n*. the original as written. متن، اصلی نسخہ

Text-book (tekst-book) *n*. *orig*. a book with wide spaces for comments on the text; book containing the leading principles of a science. درسی کتاب، مستند کتاب، نصابی کتاب *Our school is using a new text-book for geography.*

Textile (teks′til) *adj*. woven, or capable of being woven. بافتہ، بُننے کے قابل، ٹیکسٹائل *Some textiles are woven from wool.*

Texture (tekst′ur) *n*. anything woven in a web; combination of parts. بُناوٹ، بُناوٹ، پارچہ، ساخت، ترکیب اعضا، بافت

Than (than), *conj*. a word placed after the comaparative of an adjective or adverb between the things compared. نسبت سے *My pencil is longer than yours.*

Thank (thangk) ❶ *v. t*. to express good- will or gratitude for a favour. شکریہ ادا کرنا *Ali thanked his grandmother for the gift by saying 'Thank you.'* ❷ *n*. expression of good- will or gratitude for some favour. احسان مندی، شکر گزاری

Thankful (thangk′fool) *adj*. full of thanks; grateful. شکر گزار' شاکر' احسان مند *Mother is thankful for so many friends.*

That (that) *pron. demon.* and *rel.* as a *demons.* (*pl.* those) it points out a person or a things; the former or more distant thing, not this but the other; as a *rel.* who or which. وہ' اس' جو *That tree is a maple; this one is an oak. conj.* used to introduce a clause; because; for; in order that. جو کہ

Thatch (thach) *n.* straw, etc., used to cover roofs of buildings and stacks. گھاس پھوس' چھپر *This house has a thatched roof.*



Thaw (thaw) *v. i.* to melt or grow liquid, as ice; to dissolve. گھلنا' پگھلنا *We had an early thaw in February.*

The (the) definite article used to denote a particular person or thing. حرف تنکیر' وہ' یہ' وہی' خاص *I read the book you gave me.*

Theatre (the′a-ter) *n.* a place where public representations, chiefly dramatic or musical, are given; any place rising by steps like the seats of a theatre. تھیٹر' ناچ گھر' تماشہ گاہ' سیڑھی دار جگہ' منڈوا *The children saw a play in the new theatre.*

Thee (the) *pron.* objective case of thou. تجھ کو' تجھے *Blessings on thee, little man, barefoot boy with cheeks of tan.*

Theft (theft) *n.* act of thieving or stealing; things stolen. سرقہ' چوری' چوری کا مال *The paper-boy reported to the police the theft of his money.*

Their (thar) *poss adj. pron.* of or belonging to them. ان کا *Ali and Raza could see their house from the top of the hill.*

Theism (the′izm) *adj.* belief in the existence of God as opposed to atheism. توحید پرستی' خدا پرستی

Theist (the′ist) *n.* one who believes in the being of a God. خدا پرست' معتقد خدا' توحید پرست' موحد

Them (them) *pron.* objective case of they. انہیں' ان کو *Grandmother had 3 spotted kittens, but she gave them away.*

Theme (them) *n.* subject or topic. مدعا' منشا' مضمون' موضوع' مطلب' اصل' گیت کا راگ

Then (then) *adv.* at the time; in that case. تب' اس حالت میں' اس وقت' پھر *If you want me to come to your house at 3 o'clock, I will be there then.*

Thence (thens) *adv.* from that place or time; for that reason. اس جگہ سے' اس وجہ سے' اس وقت سے

Thenceforth (thens′forth) *adv.* from that time. بعد ازاں' اس وقت سے' اس مقام سے' وہاں سے

Theocracy (the-ok′ra-si) *n.* a government immediately directed by God. مذہبی حکومت

Theodolite (the-od′o-lit) *n.* an instrument for measuring heights or distances. عمودی اور افقی' فاصلہ ناپنے کا آلہ' زاویہ پیما دوربین

Theologian (the-o-lo′ji-an) *n.* one versed in theology. الہیات کا ماہر' ماہر خدا پرستی' عالم دین

Theology (the-ol′o-ji) *n.* the science of God and divine things. علم معرفت' دینیات' الہیات

Theopathy (the-o-path-i) *n.* devout feeling caused by the contemplation of the divine nature; sympathy with it. تعصب' مذہبی جوش' مذہبی جنون

Theorem (the'o-rem) *n.* proposition to be proved by reasoning. دعویٰ' مسلم الثبوت' ثباتی شکل

Theoretical (the-o′re-ti-kal) *adj.* pertaining to theory; speculative. متعلق اصول' خیالی' قیاسی' نظری' غیر عملی

Theorise (the-o′riz) *v. i.* to form theories; to speculate. اصول قائم کرنا' قیاس کرنا' نظریہ سازی کرنا

Theory (the′o-ri) *n.* a supposition to account or explain things; rules of art as opposed to practice. اصول' قاعدہ' مسئلہ' قیاس' نظریہ' رائے

Theosophy (the-os′-o-fi) *n.* direct philosophical knowledge of God; mysticism. عقیدہ بابت خدا' علم معرفت' تصوف' علم حضوری

Therapeuitc *adj. & n.* ūrative. دافع امراض' امراض کی روک تھام کا علاج' امراض سے متعلق

Therapy *n.* معالجہ' علاج' مداوا' معذوری یا بیماری کا علاج معالجہ

There (thar) *adv.* in that place. وہاں' اس جگہ *Put the basket there.*

Thereabout (thar′abowt) *adv.* near that place. تقریباً' لگ بھگ' کم وبیش' تخمیناً

Thereafter (thar′aft-er) *adv.* after to according to that. اس کے موجب' بعد ازاں' اس کے بعد

Thereat *adv.* at that place; on that account. وہاں' اس وجہ سے' اس جگہ پر' اس وقت' تب

Therefore (thar′for) *adv.* for this reason; consequently. اس لئے' لہٰذا' بدیں وجہ *The child burnt his hand playing with matches, and thereafter he was always afraid of matches.*

Therein (thar′in) *adv.* in that or this. اس میں' اُس میں

Thereof (thar′of) *adv.* of that or this. اس کا' اُس کا

Thereon (thar′on) *adv.* on that or this. اس پر' اُس پر' تس پر' چنانچہ' اس کے نتیجے کے طور پر

Thereto (thar′to) *adv.* to this or that. اس میں' اُس کو

Thereupon (Thar′-upon) *adv.* upon that or this.

اس پر' اس پر 'فوراً' ' چنانچہ ' اس سبب سے ' معاً' ' فوراً' ہی

Therewithal (thar′ with′ al) *adv.* over and above; at the same time; along with that. بایں' ہمہ' ' اسی وقت ' اس کے ساتھ ہی ' معاً'

Thermal (therm′ al) *adv.* warm; tepid; pertaining to heat. گرم ' متعلقہ حرارت ' حرارت سے پیدا شدہ

Thermal Unit *n.* حرارت یا توانائی ناپنے کی اکائی ' حرارہ

Thermometer (thur-mum′ et-ur) *n.* an instrument to measure heat. مقیاس الحرارت ' تھرمامیٹر *Mother took the baby's temperature with a thermometer when he was ill.*



THERMOMETER

Therology *n.* science of mammals. علم حیوان کی وہ شاخ جس میں دودھ پلانے والے جانوروں کا ذکر ہو

These (thez) *pron. pl.* of this. ' انہوں نے *These are the children who live next door.*

Thesis *n.* دعویٰ ' مقدمہ ' مقالہ ' مضمون ' کالج کی درسی مشق ' جزو خفی

They (tha) *pron. pl.* the persons or things. وہ ' انہوں نے *The boys work hard so that they may get good marks.*

Thick (thik) *adj.* not thin; dense; close; foggy; frequent. موٹا ' دبیز ' گھنا ' گنجان ' کثیف ' گاڑھا ' متواتر *The weeds are thick in the garden.*

Thicken (thik′ n) *v. t. & i.* to make or become thick. گاڑھا کرنا یا ہونا ' گھنا بنانا یا ہونا *Mother thickens the pudding with corn-flour.*

thicket (thik′ et) *n.* a wood with trees or shrubs closely set. جھاڑی *We had to cut our way through the thicket with our knives.*

Thief (thef) *n.* one who steals. چور ' دزد *The police-man caught the thief as he left the shop with the stolen watches.*

Thieve (thev) *v. i.* to steal or practise theft. چرانا ' چوری کرنا ' دزدی کرنا

Thigh (thi) *n.* part of leg above the knee and below the trunk. ران ' جانگھ

Thills (thilz) *n. pl.* shafts of a waggon or other carriage. گاڑی کا بم یا بانس

Thimble (thim′ bl) *n.* a metal cap for the finger used to push needle when sewing. درزی کی انگوٹھی ' انگشتری ' انگشتانہ

Thin (thin) *adj.* of little thickness; lean; slender; small; fine. باریک ' نازک ' پتلا ' دبلا ' لاغر *One book is thick, the other is thin.*

Thine (thin) *adj.* belonging to thee. تیری ' تیرا *The sword was thine, not mine.*

Thing (thing) *n.* event or action, any substance; any object or thought; something. چیز ' شے ' امر *There are marbles, pencils, paper, crayons, and many other things on the teacher's desk.*

Think (think) *v. i. & t.* to imagine; to have to mind at work; to consider. خیال کرنا ' غور کرنا ' سوچنا *I think it pays to be honest.*

Thinking *n.* ❶ خیال ' غور و فکر ' سوچ بچار ' تفکر ' سوچنے والے کا عمل اور اس کی کیفیت ❷ *adj.* خیال کی قوت رکھنے والا ' معقول

Thinly *adv.* باریکی سے ' پتلے پن سے ' ناکافی طور پر

Thinness *n.* دبلا پن ' ہلکا پن ' پتلا پن

Thinnish *adj.* قدرے پتلا ' قدرے دبلا

Third (third) ❶ *adj.* next to the second. سوم ' تیسرا *Azhar was first, Anam second, and Irfan third in the row.* ❷ *n.* a third part. تیرا حصّہ ' تہائی

Thirst (thurst) *n.* a painful sensation for want of drink; eager desire for drink; vehement desire. پیاس ' تشنگی ' کمال آرزو ' خواہش *The soldiers lost in the desert nearly died of thirst.*

Thirstily *adv.* پیاس سے ' بے پناہ طلبگاری سے

Thirstiness *n.* تشنگی ' طلب ' لگن ' پیاسا پن ' تشنہ لبی

Thirsty (thurst-i) *adj.* suffering from thirst; dry; parched; carving for. تشنہ ' پیاسا ' خشک ' آرزومند *Baby is thirsty. She wants a drink.*


Thirteen *n.* ten and three. تیرہ

Thirteenth (thur′ tenth) *adj.* the ordinal of thirteen. تیرھواں *Azhar was the thirteenth person in the line. There were 12 people before him.*

Thirty (thur-ti) *n.* thrice ten. تیس *Three times ten (3 x 10) equals thirty.*

This (this) *adj.* or *pron.* denoting a specific person or object. یہ ' ایں ' اس *This is my book.*

Thistle (this′ tl) *n.* a prickly plant as common as weeds. ایک خار دار پودا



THISTLE

Thither (thith′ ur) *adj.* to that place. وہاں ' ادھر ' اُدھر

Thitherward (thi-thur′ ward) *adj.* toward that place. اس طرف ' اس جانب ' اس مقام کی سمت

Thong (thong) *n.* a strip of hide or leather, for tying. کوئی چیز باندھنے کا چرمی تسمہ

Thorax (tho′ rax) *n. pl.* part of the trunk between the neck and the abdomen. سینہ ' چھاتی ' صدر

Thorn (thorn) *adj.* a tree or shrub armed with spines or prickles; prickle; anything troublesome; constant annoyance. کانٹا ' خار ' دکھ ' زحمت

Thorny (thorn'i) *adj.* full of thorns or spines; prickly; troublesome; vexatious. خاردار' کانٹے دار' کٹھن *A plant that has thorns or prickles on it is thorny.*

Thorough (thur'o) *adj.* passing through or to the end; complete; perfect. سراسر' تمام' کامل' مکمل *That girl did a thorough job.*

Thoroughfare (thur'o-far) *n.* a thorough passage; unobstructed way. گزرگاہ' راستہ' شاہراہ 'شارع عام

Thoroughly (thur'o-li) *adv.* in a thorough manner; fully; entirely; completely; radically. سراسر' بالکل 'مکمل طور پر' پوری طرح' بخوبی

Thou (thou) *pron.* the second personal pronoun singular; in ordinary language supplanted by the plural form you. تو' تونے (صیغہ واحد حاضر ضمیر)

Though (tho) *conj.* granting it to be the fact that; all the same; notwithstanding that. اگرچہ' حالانکہ' گو *We will come to the party even though we are late.*

Thought (thawt) *n.* the power or act of thinking; meditation; idea; opinion. خیال' قوّت' متخیلہ' رائے' غور' سوچ بچار *We thought of you on your birthday.*

Thoughtful (thawt'ful-i) *adj.* full of thought; careful; attentive; anxious. پراندیشہ' ہوشیار' فکرمند' متفکر *Azhar is thoughtful about going to college next month. He is always a thoughtful boy.*

Thoughtfully (thawt'ful-i) *adv.* in a thoughtful manner; carefully; considerately. بغور' فکر سے 'احتیاط سے 'سوچ سمجھ کر' تردد سے' مروت سے

Thousand (thow'zand) *adj.* & *n.* ten hundred; a great number indefinitely. دس سو' ہزار *Ten hundreds make a thousand.*

Thraldom (thrawl'dum) *n.* bondage; slavery. غلامی' حلقہ بگوشی

Thrall (thrawl) *n.* a slave; a bondman. غلام' حلقہ بگوش

Thrash (thrash) *v. t.* to beat out the grain or seeds from corn; to beat soundly; deliver repeated blows; to drub. دانہ کو بھوسہ سے جدا کرنا' سزا دینا' ضرب لگانا *The angry man thrashed his dog for running away.*

Thrasher *n.* گاہنے والا' گاہنے کی مشین

Thrashing *n.* ٹھکائی' مرمت گاہ' گہائی

Thread (thred) ❶ *n.* a fine cord; any fine filament; prominent spiral part of a screw. تاگا' دھاگا' سوت *This is a spool of thread. We use thread for sewing.* ❷ *v. t.* to pass thread through. سوت پرونا

Threadbare (thred'bar) *adj.* having the nap worn off; worn out; hackneyed. گھسا ہوا' دیرینہ' پھٹا ہوا' تار تار

Threat (thret) *n.* a menace; denunciation; declaration of intention to punish or hurt. دھمکی' ڈراوا' تہدید *The threat of rain made us go into the house.*

Threaten (thret'en) *v. t.* to use threats towards; menace; intimidate; show to be impending. دھمکانا' تہدید کرنا' گھرکی دینا *The bully threatened to his master.*

Three (thre) *adj.* & *n.* to and one. تین' سہ *Two plus one (2 + 1) equals three.*

Three-score (thre-skor) *adj.* three times a score; sixty. ۳ کوڑی' ساٹھ

Thresh *v. t.* غلے کو گاہنا' سزا دینا' مارنا' چابک لگانا *The farmer threshes his grain.*

Thresher, thrasher دراسہ' گہائی مشینیں' گاہنے والا' کوٹنے والا


THRESHOLD

Threshold (thresh'old) *n.* the stone or piece of timber which lies under a door; a door sill; entrance; outset; about to begin. چوکھٹ' دہلیز' داخلہ *Baby sat on the threshold and watched for father.*

Thrice (thris) *adv.* three times. تین دفعہ *The old woman told the prince to knock thrice on the door.*

Thrid (thread) *n.* to make way through a narrow passage. دھاگا' تنگ راہ سے گزر جانا' سرک جانا

Thrift (thrift) *n.* frugality; economy. کم خرچی' کفایت' کفایت شعاری *Thrift is a good habit to form.*

Thriftily *adv.* کفایت شعاری کے ساتھ' جُزرسی سے

Thriftiness *n.* جزرسی' کفایت شعاری' کم خرچی

Thriftless (thrift'les) *n.* having no thrift; wasteful; profuse extravagant. فضول خرچ' اڑاؤ' مسرف' جزرس

Thrifty (thrift-i) characterized by thrift; frugal; economical. کفایتی' کم خرچ' کنجوس *Grandfather is thrifty. He doesn't waste anything.*

Thrill (thirl) ❶ *v. t.* to send a quiver through; to feel a sharp sensation; to move tremulously. چھیدنا' سرسرانا' سنسنی پیدا کرنا *The boy was thrilled when he heard the music. He had a tingling, excited feeling.* ❷ *n.* a warbling; thrilling sensation. ہیجان' کپکپی' لرزش' سنسنی *The sight of the horses gave Raza a thrill*

Thrillful, thrilling *adj.* تجسس آمیز' ہیجان خیز' جوش آور' پُراسرار

Thrillingly *adv.* ہیجان خیز' طریقے سے' تجسس آمیزانہ

Thrive (thriv) *v. i.* to prosper; to grow vigorously; to flourish; to go on well. خوشحال ہونا' سرسبز ہونا' کامیاب ہونا' پھلنا' پھولنا' پنپنا

Thriver *n.* فروغ پانے والا' آگے بڑھنے والا' ترقی کرنے والا

Thriving *adj.* فروغ پاتا ہوُا' پنپتا ہوُا' ترقی کرتا ہوُا

Thrivingly *adv.* ترقی کرتے ہوئے' پنپتے ہوئے' کامیابی سے

Throat (throt) *n.* the front part of the neck; the opening downward at the mouth. حلق' گلا *When one swallows food, it passes through the throat.*

Throb (throb) *v. t.* to beat, as the heart, with unusual force or rapidity; to pulsate with abnormal force; to palpitate. پھڑکنا' دھڑکنا *The boy's heart throbbed after he ran the race.*

Throe (thro) *n.* extreme pain; the pains of childbirth; violent spasm. سخت درد' جانکنی' دردِ زہ

Thrombosis *n.* شریان میں خون کا جم جانا

Throne (thron) *n.* the seat of a king or ruler; chair of state for sovereign power and dignity. تختِ شاہی' سنگھاسن' مسند' گدی *The boy prince came to the throne during the war. He became king.*

Throng (throng) ❶ *n.* a crowd; press of people; a great number. مجمع' ہجوم' اجتماع' انبوہ ❷ *v. t. & i.* to crowd or press together. جمع ہونا *People thronged the stadium as soon as it was opened.*

Throttle (thro′tl) ❶ *n.* the windpipe or throat; the gullet. بخارہ' نیرہ' نرخرہ' حلق ❷ *v. t.* to compress the throat of; to strangle; to choke. دم گھٹنا' گلا گھونٹنا

Through (throo) *prep.* from end to end of; by means of; on account of; throughout. سراسر' بذریعہ' کے توسط سے *The children looked through the microscope.*

Throughout (throo-owt) *prep.* quite through; in every part; from end to end of. سرتاپا' تمام' سراسر

Throw (thro) *v. t. & i.* to fling; to cast; to launch into the air; to toss. پھینکنا' چلانا' چھوڑنا' دے مارنا *Throw your waste paper into the basket.*

Thrum (thurm) *n.* the end of a weaver's thread. جولاہے کے تانے کا سرا' پلو' جھالر

Thrush (thrus) *n.* singing bird; a throat disease in children. طوطی' منہ کے چھالے' قلاع

Thrust (thrust) *v. t.* to push or drive with force; to stab with a pointed weapon; to squeeze in; to intrude; to stab. گھسانا' بھونکنا' چبھونا *The boy thrust his way through the crowd.*

Thud (thud) *n.* blow or fall causing a dull hollow sound. دھماکا *We heard the thud as the man fell to the floor.*



THUMB

Thumb (thum) ❶ *n.* the short thick finger. انگوٹھا *Mittens have thumbs but not separate fingers.* ❷ *v. t.& i.* to handle awkwardly; to play or soil with the thumb. اناڑی پن سے ہاتھ میں لینا' ہاتھ لگا کر میلا کرنا *Anam thumbed through the book looking for pictures.*

Thump (thump) ❶ *v. t. & i.* to beat with something heavy; to strike or fall with a heavy blow. تھپتھپانا' دھم سے گرنا *Ali thumped the table with his fist in his excitement.* ❷ *n.* a heavy blow or sound. دھماکا *When father heard the thump, he thought baby had fallen out of bed.*

Thumping *adj.* تھپتھپاتا ہوُا' پھڑکتا ہوُا

Thunder (thund′ur) ❶ *n.* the sound which follows lightning. گڑگڑاہٹ' گرج *The dog hides under the bed when he hears thunder.* ❷ *v. t.* to sound as thunder. گرجنا *It thundered during the storm.*

Thunder bolt *n.* بجلی کا کڑکا' صاعقہ' غیبی گولے' خوفناک دھمکی یا ڈراوا' لعن طعن یا ملامت

Thunderclap (thun-dur′ klap) *n.* a burst or peal of thunder. رعد' گرد' تڑپ

Thundercloud *n.* دل بادل' تاریک' گرجنے والا

Thundering *adj.* گرج دار' گرجتا ہوُا یا کڑکتا ہوُا

Thunderous *adj.* کڑک دار۔ گرج دار' گونج دار

Thundershower *n.* طوفان برق و باراں۔ گرج چمک کا طوفان

Thunderstone *n.* سنگِ رعد

Thunderstruck (thunder′ struk) *adj.* astonished with wonder. برق زدہ' متحیر' حیرت زدہ' ہکا بکا' بھونچکا

Thursday (thurs′ da) *n.* fifth day of the week. جمعرات' پنجشنبہ

Thursdays *adv.* جمعرات کے جمعرات' ہر جمعرات کے دن

Thus (thus) *adv.* so; in this manner. اس طرح' یہاں' ایسا *If you do the work thus, you will be finished sooner.*

Thwack (thwak) ❶ *v. t.* to beat; to bank; to thump. ٹھونکنا' مارنا ❷ *n.* heavy blow. دھول' دھماکا

Thwart (thwawrt) ❶ *v. t.* to cross; to oppose; to hinder. پار ہونا' مخالف ہونا' روکنا' مزاحمت کرنا' ترچھا ہونا ❷ *n.* being across; crosswise. آرپار' مخالف

Thy (thi) *adj.* belonging to thee. تیرا' اپنا *Love thy neighbour; do good to them that hate thee.*

Thyme *n.* معتر' ایک جنگلی پودینہ

Thymus *n.* a gland near the root of the neck. ایک غدود جو گردن کی جڑ میں ہوتا ہے

Thyroid *adj. & n.* shield shaped, or thyroid gland. ڈھال کی شکل کا درقی' غدودِ درقیہ

Tiara (tia′ ra) *n.* an ornamental head dress; mitre of the high priest, triple crown of the Pope; diadem. کلغی' مُکٹ' طرہ' تاج' جیغہ

Tick (tk) *n.* credit; trust; a case or cover of a bed wet of the watch. اعتبار' ساکھ' توشک' گھڑی کی ٹک ٹک *We heard the tick of the watch.*

Ticket (tik′et) *n.* a card or paper securing

admission. پروانہ' ٹکٹ *There are tickets showing the prices on the different pieces of jewellery.*

Tickle (tik′l) *v. t.* to excite thrilling sensation by, the touch; to itch; to please. گدگدانا' سہلانا' خوش کرنا *Azhar tickled mother's neck with a feather.*

Tidbit (tid′bit) *n.* a delicate piece. (Also written titbit). لطیفہ' چٹپٹی بات' مزیدار لقمہ' تر نوالہ

Tide (tid) *n.* rise and fall of the sea; time. جوار بھاٹا' وقت *The row-boat was carried out to sea by the tide.*

Tidewaiter (tid′wat-ur) *n.* an officer who attends to the landing of goods.
عہدے دار' جو مال کے اُترنے کی نگرانی کرتا ہے

Tidings (tid′ingz) *n. pl.* news received; intelligence. اطلاع' خبر' مژدہ' بشارت' سندیسہ' نوید

Tidy (tid′i) *adj.* neat and simple; in good order; orderly. صاف ستھرا' پُر سلیقہ *Anam helps mother tidy up the house of Saturday mornings.*


TIE

Tie (ti) ❶ *v. t.* bind; to fasten; to constrain. باندھنا' کسنا' گانٹھنا *Baby is too little to tie her shoelaces.* ❷ *n.* knot; obligation bond. گرہ' بند' ٹائی

Tier (ter) *n.* a row; rank. صف' درجہ' قطار *The wedding cake had 3 tiers.*

Tiffin (tif′in) *n.* day meal; lunch. کھانا' دوپہر کا کھانا' ناشتہ


TIGER

Tiger (tig′ur) *n.* a beast of prey. پلنگ' شیر' تیندوا *Tigers eat the flesh of other animals.*

Tight (tit) *adj.* close; stretched with fullness; compact; hard. جکڑا ہُوا' مضبوط' کسا ہُوا' سخت *Screw the nozzle tight if you don't want the hose to leak.*

Tighten (tit′en) *v. t.* to make more tight. کسنا' تنگ کرنا' جکڑنا *Mother tightened the top on the jar. She turned it to close it more tightly.*

Tigress (tig′res) *n.* female of a tiger. شیرنی' مادہ شیر *The tigress defends her cubs fiercely.*

Tile (til) ❶ *n.* a piece of burnt clay for covering buildings. کھپرا' نریا' ٹائیل ❷ *v. t.* to cover with tiles. کھپریل ڈالنا



Till (til) ❶ *n.* a money box; drawer for holding cash. روپیہ رکھنے کا صندوق' گلّہ ❷ *prep.* to the time of. اس وقت تک' تک ❸ *adv.* to the time when. جب تک کہ *Wait till father gets home.* ❹ *v. t.* to cultivate. ہل چلانا' جوتنا' کاشت کرنا *The farmer tills the ground.*

Tilt (tilt) ❶ *n.* a thrust; military exercise; large hammer; unlevel position. نیزہ بازی' وار' جھکاؤ' ڈھلوان ❷ *v. t.* to be in an unlevel position. ٹیڑھا ہونا *Do not tilt your chair back or you may fall.*

Timber (timb′ur) *n.* wood for buildings; trunk of a tree. عمارتی لکڑی' درخت کا تنا' ٹمبر *In some parts of the world, most of the houses are made of timber.*

Timbering *n.* لکڑی کا عمارتی سامان' کاٹھ کا انبار' کاٹھ کا کام کاج

Timberland *n.* رکھ' جنگلات سے بھری زمین' خصوصاً جہاں سے قابل فروخت لکڑی مہیا ہو

Timbrel (tim′brel) *n.* a kind of drum. طبلہ' مرونگ' دف

Time (tim) *n.* absolute duration or part of it; season; opportunity. وقت' ایام' موقع' ٹائم *Minutes, hours, days, weeks, months, and years are all measures of time.*

Time bomb *n.* میعادی بم' وقت مقررہ پر پھٹنے والا بم' ٹائم بم

Timed *adj.* منصوبے کے مطابق ہونے' دتوقع میں آنے یا مقررہ وقت پر ظاہر ہونے والا (جیسے کوئی دھماکہ)

Timely (tim′li) *adj.* in good time.
بروقت' موقع سے' سویرے' باموقع' مناسب وقت پر' برمحل

Timepiece (tim′pes) *n.* a piece of machinery for keeping time, esp., a clock for a mantel-piece. گھڑی *We tell time by a timepiece.*

Time-server (tim-surv′ur) *n.* one who serves or meanly suits one's opinion to the times; self-opportunist. زمانہ ساز' دُنیا ساز' ابن الوقت' فصلی بٹیرا

Timid (tim′id) *v.* fearful; wanting courage; cowardly; faint-hearted. بزدل' ڈرپوک' شرمیلا *Baby is timid.*

Timidity (tim′id-i-ti) *n.* quality or state of being timid; want of courage or boldness; apprehension. بُزدلی' خوف' ڈرپوک پن' بے حد شرمیلا پن

Tin (tin) ❶ *n.* a silvery-white non-elastic, easily fusible and malleable metal much used for coating; vessel of tin; a can. ٹین' ٹین کا ڈبہ ❷ *v. t.* to cover or overlay with tin or tinfoil.
ٹین سے مڑھنا' رانگ کی قلعی کرنا

Tincture (tingkt′ur) ❶ *n.* a tinge or shade of colour; slight taste added to anything; a mack of some quality or accomplishment; (*med.*) a solution of any substance in or by means of spirit. ہلکا رنگ' مرکب دوا' جھلک' رنگ ❷ *v. t.* to tinge. رنگ دینا

Tinder (tin′der) *n.* anything used for kindling fire from a spark; dry wood. شے آتش گیر' سوختہ' آتشی

Tine (tin) *n.* the spike of a fork or harrow, etc. کانٹے کی نوک 'شاخ' کانٹا' شاخہ' سینگ

Tinfoil (tin′ foil) *n.* tin in thin leaves. پنی' رانگ کا ورق

Tinge (tinj) ❶ *v. t.* to tint or colour slightly; mix with something; give in some degree the qualities of a substance. رنگت دینا' داغنا ❷ *n.* a small amount of colour or taste infused into another substance; slight mixture of quality. رنگ' جھلک' ذائقہ' چاشنی' شائبہ' ہلکا سا اثر

Tingle (ting′l) *v. i.* to feel a thrilling sensation, on hearing a shrill sound; to feel a sharp, thrilling pain. سنسنانا' جھنجھنانا' بے چین ہونا *The sound of the fire engine makes Azhar tingle with excitement.*

Tinker (tink′er) *v. t.* to solder or mend; to patch. گانٹھنا' جوڑنا *Azhar tinkers with his bicycle.* *n.* a mender of paus etc.. ٹھٹھیرا' برتن جوڑنے والا

Tinkle (tink′l) *v. i.* to make small sharp noise. جھنجھنانا' ٹنٹنانا *We heard the tinkle of the cowbell.*

Tinsel (tin′sel) *n.* a stuff for ornamental dresses consisting of cloth overlaid with a thin coating of gold and silver; anything showy, but of little value; of more apparent than real worth. جھوٹا گوٹا' کناری' کم قیمت اور نمائشی چیز *The children trimmed the Christmas tree with tinsel.*

Tint (tint) *n.* a slight tinge distinct from the principal colour. ہلکا رنگ' جھلک *When the sun sets, the clouds have many reddish tints.*

Tiny (tin-i) *adj.* thin; very small. ذرا سا' ننھا' چھوٹا' ننھی *Baby's head looks tiny next to Mother's.*

Tip (tip) *n.* the top or point of anything small; finer end of a thing. سرا' نوک' بخشش *The seal balanced the ball on the tip of his nose.*

Tipple (tip′pl) *v. i.* & *t.* to drink in small quantities; do drink to excess, often or habitually; to drink as strong liquors, to excess or habitually. چوسنا' گھونٹ لینا' شراب لینا' اکثر شراب پینا

Tipsy (tip′si) *adj.* intoxicated; drunken; unsteady in gait or speech with drink. مست' متوالا' مدہوش' دھت

Tiptoe (tip′to) *v. i.* the tip or end of the toe. پاؤں کی انگلی کا سرا *Anam tiptoed across the room.*

Tirade (tir′ad) *n.* piece of censure or denunciation or reproof. شکایت آمیز راگ' زبان درازی کا سلسلہ' طویل تقریر

Tire (tir) ❶ *n.* attire; apparel; a head dress; rim of iron or rubber that ties or binds the fellies of wheels; row. پہیے کی ہال' پوشاک' کلاہ' صف' قطار' ٹائر ❷ *v.t.* & *i.* to dress, as the head; exhaust the strength of; put tire on wheel. تھکنا' پہیے پر ہال چڑھانا *Do not work too fast or you will soon tire.*

Tired *adj.* تھکا ہارا' ماندہ' خستہ' اکتایا ہوا

Tiredly *adv.* تھکاوٹ سے

Tiredness *n.* ماندگی' تھکن' سستی' اکتاہٹ

Tireless *adj.* بے حد محنتی' ان تھک *The tireless boy worked harder than a man.*

Tirelessly *adv.* بے حد محنت کے ساتھ

Tirelessness *n.* نہ تھکنے کی حالت

Tiresome (tir′som) *adj.* wearisome; tedious; harassing. تھکانے والا' اکتانے والا' تکلیف دہ

Tissue (tis'u) *n.* interwoven with gold or silver or with figured colours; *anat.* the substance of which organs are composed; a connected series. زربفت' بادلا' رگ' سلسلہ' نسیج' بافت' ریشہ *Your body is made of tissues.*

Tit, titmouse *n.* بیا' پھدکی' ایک پرندہ

Tit *n.* بھٹنی' سرپستان و چوچی

Tit bit, tidbit *n.* ترنوالہ' مزیدار لقمہ' چٹ پٹی خبر وغیرہ' لطیفہ

Tithe (ti′th) *n.* a tenth part; 1/10 of the produce devoted to the support of priesthood. دسواں حصہ' وہ حصہ جو پادریوں کے لئے مقرر کیا جاتا ہے' عُشر

Titillate (tit′il-at) *v. t.* to tickle; to stimulate. گدگدانا' اکسانا' گدگدی کرنا

Titillation (tit′il-a-shun) *n.* act of tickling; any, pleasurable sensation. گدگداہٹ' سرسراہٹ' گدگدی

Title (ti′il) ❶ *n.* an inscription; epithet; name of a book or other work; heading of a chapter; denomination; appellation of honour. نام' عنوان' خطاب' لقب *The tile of the sons is 'John Peel.'* ❷ *v. t.* to name; to entitle. نام رکھنا' خطاب دینا

Titmouse (tit′mous) *n.* a small active bird. ایک قسم کی چڑیا' پھدکی' بیا

Titter (tit′ur) ❶ *v. t.* to laugh covertly; giggle. دبی ہنسی ہنسنا ❷ *n.* a restrained laugh. مسکراہٹ


Tittle (tit′l) *n.* a minute part; small mark; iota; jot. رمق' ریزہ' ذرہ' رتی' شمہ

Tittle-tattle (tit′tl-tat′tl) *n.* empty prattle; gossip; an idle talk. بکواس' گپ شپ' یاوہ گوئی' بے فائدہ گفتگو

Titular (tit′u-lar) *adj.* nominal; without reality. برائے نام' منہ بولا نام' مبنی بر خطاب

To (to) *prep.* towards; regarding; till. کو' طرف' جانب *Saqlain tied the dog to the post.*

Toad (tod) *n.* a reptile; repulsive person. مینڈک' غوک' بھدا' مکروہ شخص



TOAD

Toadstool (tod′-stool) *n.* a mushroom; umbrella shaped fungus; plant which commonly grows on moist and rich ground. ایک قسم کا پودا' چھتر ماز' کھمبی

T

Toast (tost) ❶ *v. t.* to warm thoroughly; drink to the health of. خوب گرم کرنا' بھونا' سینکنا' کسی کی سلامتی کا جام پینا' ٹوسٹ *Children like to toast marshmallows.* ❷ *n.* sliced and browned before fire; such slice of bread. سینکی ہوئی' بھونی ہوئی ڈبل روٹی ❸ *n.* person in whose honour persons of a company are invited to drink. وہ شخص جس کی سلامتی کا جام پیا جائے *We eat toast for breakfast.*

Tobacco (to-bak'u) *n.* a narcotic plant. تمباکو *Cigarettes and cigars are made of tobacco, as is snuff.*

Tobacconist (to-bak'o-nist) *n.* a dealer in tobacco. تمباکو فروش' تمباکو کا کاروبار کرنے والا


Tocsin (tok'sin) *n.* alarm, signal or bell. خطرہ کی گھنٹی

Tod (tod) *n.* on old weight for wool, equal to twenty-eight pounds or two stones; fox. ۲۸ پونڈ وزن میں' لومڑی' عشق پیچاں کی جھاڑی' مکار شخص

To-day (to-da) *n.* the present day; also on this day adverbially. آج' امروز *It is hot today.*

Toddy (tod'i) *n.* fermented liquor extracted from palm trees; mixture of spirit and hot water sweetened. تاڑی' شراب' شراب آمیز' سیندھی

Toe (to) *n.* one of the five small members forming the extremity of the human foot. پاؤں کی اُنگلی *Afza had a hold in the toe of her stocking.*



TOE

Toga (toga) *n.* a loose robe; the civil attire of ancient Romans. قبا' فرغل' چوغہ' چغہ

Together (too-geth'ur) *adv.* in company; in concert; simultaneously. ہمراہ' باہم' ساتھ ساتھ *The children play well together.*

Toil (toil) ❶ *v. i.* to labour; drudge; work laboriously. مشقت کرنا' محنت کرنا *The farmer toils in the fields.* ❷ *n.* a labour with fatigue. مشقت

Toilet (toil'et) *n.* dressing table; act or more of dressing; attire. سنگار میز' پوشاک کی وضع' سنگھار' غسل خانہ

Token (tok'n) *n.* a mark; sign; souvenir; indication; symbol; keepsake. علامت' نشانی یادگار *When Anam moved away, she gave Alia a ring as a token.*

Tolerable (Tol'ur-a-bl) *adj.* capable of being borne or endured; passable; middling; fairly good. قابلِ برداشت' کارروائی کے لائق' کسی قدر اچھا' گوارا

Tolerance (tol'ur-ans) *n.* the quality of being tolerant; toleration; endurance. برداشت' تحمل' رواداری

Tolerant *adj.* رودار' متحمل' برداشت کرنے والا

Tolerantly *adv.* بردباری یا رواداری سے

Tolerate (tol'ur-at) *v. t.* to allow or permit; treat with forbearance; put up with; endure; to allow religious freedom to. روا رکھنا' برداشت کرنا' گوارا کرلینا

Toleration (tol'ur-a-shun) *n.* act of tolerating; recognition of the right of private judgment in religion. تحمل' برداشت' رواداری' بردباری' مذہبی آزادی

Tolerative *adj.* سہنے والا' برداشت کرلینے کے قابل

Tolerator *n.* برداشت کرنے والا' بُردبار' متحمل

Toll (tol) *n.* a charges for permission to pass a barrier, &c; stroke of a bell. محصول' راہداری' گھنٹے کی آواز *We paid a ten rupee toll to cross the bridge.*

Tomato *n.* سُرخ پھل' ٹماٹر *Tomato juice is good to drink.*


TOMATO

Tomb (tomb) *n.* a grave in solemn use. گور' قبر' مرقد' مقبرہ' مزار شریف *Tombs are often built of marble or other hard stone.*

Tomboy *n.* شوخ اور چنچل لڑکی' ہڑدنگی' شرارتی

Tomboyish *adj.* شوخ' ہڑدنگی' شریر

Tomboyishness *n.* شوخی و شرارت' مکروفن' ہڑدنگاپن

Tombstone *n.* لوحِ مزار' کتبہ' سنگِ مزار' نشان لگانے والا' تعویذ

Tom cat (tom cat) *n.* a full grown male cat. بلاؤ' نر گربہ' بلا *Tomcats are often bigger and wilder than female cats.*

Tome (tom) *n.* a volume; large book. جلد' کتاب

Tomfool (tom'fool) *n.* a silly fellow. احمق' غبی' ناتراش

To-morrow (to-mor'o) *n.* the day after the present, adverbially. آئندہ' کل' فردا *Today is Monday. Tomorrow will be Tuesday.*

Tomtit (tom'tit) *n.* the titmouse; a small bird. پدڑی' پھدکی' ایک چھوٹا پرندہ

Ton (ton) *n.* a measure of weight equal to 20 hunderdweight or 2240 pounds avoirdupois. گیارا سو کیلو کا وزن' ٹن *We measure hay, steel, coal, etc., by the ton.*

Tone (ton) *n.* a note of definite pitch, quality or strength; sound as expressive of sentiment. رنگ' سُر' آواز' لہجہ *The picture has many tones of blue*

Tongs (tongz) *n. pl.* a metal instrument for gripping coals, heated metals, &c. چمٹا' دست پناہ *Mother used sugar tongs to pick up sugar cubes and drop them into her cup.*

Tongue (tung) *n.* the muscular movable organ in the mouth for taste, speech &c. speech;


TOOTH
TONGUE

language. جیسے‘زبان‘گفتار‘بولی *The Frenchman spoke in his native tongue. He spoke French.*

Tonic (to′nik) ❶ *adj.* tending to restore bodily tone; restoring health functions; bracing; relating to tones or sound. قوت بخش‘ آواز کے متعلق ❷ *n.* a medicine that gives tone to the system; the key-note in music. مقوی دوا‘ ٹانک *Sunshine and fresh air are a tonic.*

Tonight (to-night′) *n.* The night following this day. آج رات *We are going to a show tonight.*

Tonnage (tun′aj) *n.* the number of tons carried by a ship; a duty on ship estimated by their carrying capacity.
جہاز کی مخصوص اسباب‘ بحساب ٹن لے جانے کی اہلیت‘ اسباب کا محصول

Tonsil (ton′sil) *n.* one of the two oblong glands on either side of throat. گلے کی گلٹی ‘ گلے کا غدود

Tonsile (ton′sil) *adj.* that may be shorn.
کاٹے جانے کے لائق

Tonsure (ton′shoor) *n.* the act of clipping the hair; the round bare place on the heads of the Roman Catholic priest. مونڈن‘ بالوں کا صفایا

Too (too) *adv.* in addition to; moreover; as well; more; more than sufficient; very; likewise; also; besides. زیادہ‘ بہت‘ بھی‘ علاوہ ازیں *I should like to go, too.*

Tool (tool) *n.* any instrument to help or enable the hands; a person used to forward another's purpose. ٹول‘ اوزار‘ آلہ‘ دُوسرے کا غلام‘ آلہ کار *A carpenter's tools are used for building.*

Tooth (tooth) *n. pl.* teeth; a bony growth in the jaws for chewing; any projection resembling a tooth. دنداں‘ دانت‘ ٹوتھ *Baby opened her mouth to show her new tooth. She now has 6 teeth.*

Toothache (tooth′ak) *n.* a pain in the teeth. دانت کا درد *When food gets into a cavity or hole in a tooth, one may get toothache.*

Toothsome (tooth′sum) *adj.* pleasant to the taste; delicious; palatable. خوش ذائقہ‘ لذیذ ‘ مزیدار‘ مرغوب

Top (top) ❶ *n.* the highest part or summit of anything; a toy. چوٹی‘ بلندی‘ بلند ترین درجہ‘ لٹو *We walked up to the top of the hill.* ❷ *v. t.* to surmount; to rise to the top. سبقت لے جانا‘ اوپر چڑھنا

Topaz (to′paz) *n.* a mineral precious stone esp. yellow. پکھراج‘ زرد یاقوت ‘ ایک قیمتی پتھر

Top-dress *v. t.*
اوپر لگانا یا سطح کے اوپر بچھا دینا جیسے زمین پر کھاد بچھا دینا

Top-dressing *n.* لپائی‘ بچھائی‘ کھاد کی =

Tope *v. i. & t.* کثرت کے ساتھ الکحل مشروبات استعمال کرنا

Toper *n.* بلانوش‘ بکثرت شراب پینے والا

Topfull, Topful. لبالب‘ بھرا ہُوا‘ لبریز

Topic (top′ik) *n.* subject or theme of discourse; an external remedy. موضوع‘ مدّعا‘ لگانے کی دوا *The topic we were discussing was the Test Match. Anam didn't like cricket and tried to change the topic of conversation.*

Topical (top′ik-al) *adj.* pertaining to the current or local events; local. حالات حاضرہ یا مقامی واقعات کے متعلق

Topography (to-pag′ra-fi) *n.* local geography.
کسی شہر وغیرہ کا بیان ‘ مقامی جغرافیہ‘ مقام نگاری

Topology *n.* مقامیات‘ علم مقامات

Toponym *n.* مقامی نام‘ علاقائی نام‘ تسمیہ مقام


Toponymy *n.* تسمیہ مقامات‘ مقامات کے ناموں کا مطالعہ

Topper *n.* جو اول آئے یا دوسروں پر فوقیت لے جائے‘ برتر و اعلیٰ شے

Topple (top′l) *v. i.* to fall or cause to fall; to be unsteady as if about to fall. ڈگمگا کر گرنا ‘ چت کر دینا *The tower of bricks toppled over because it was too heavy at the top.*

Topsail (top′sal) *n.* sail extended on the topmast.
اوپر کا بادبان

Torch (torch) *n.* a light made of combustible matter; light of knowledge. فلیتہ‘ مشعل‘ قندیل‘ علم‘ ٹارچ *The man carried a torch.*



TORCH

Torment (tor′ment) ❶ *n.* misery; anguish; severe bodily suffering. عقوبت‘ تکلیف‘ اذیت‘ عذاب *The boy's feeling of guilt filled him with torment.* ❷ *v. t.* to torture; اذیت دینا‘ دق کرنا‘ تکلیف دینا *The dog torments the cat. He chases her, steals her food, and jumps at her.*

Tormentor, tormenter *n.* اذیت رساں‘ موذی‘ اذیت دینے والا

Tormina *n. p.* gripes. سول کا درد‘ درد قولنج

Tornado (tor-na′-do) *n.* a violent tropical storm; hurricane. طوفان‘ آندھی‘ جھکڑ‘ بگولہ

Torpedo (tor-pe′do) *n.* a submarine apparatus for blowing up ships; a fish discharging electric shocks when touched. جہاز کو تباہ کرنے کی کل‘ آبدوز کشتی‘



TORPEDO

ایک قسم کی مچھلی جسے چھونے سے بجلی کی طرح جھٹکا لگے‘ تارپیڈو
Torpedoes are used to blow up ships.

Torpid (tor-pid) *adj.* having lost the power of motion and feeling; benumbed; dull; sluggish; apathetic. سن‘ بے حس و حرکت‘ کاہل ‘ بے عمل‘ سُست

Torpidity (tor-pid′i-ti) *n.* numbness; insensibility; suspended animation; inactivity. بے حسی‘ مجہولی‘ سستی

Torpor (tor′por) *n.* numbness; sluggishness

apathy. بے حسی' بے حرکتی ' مجہولی' سستی' خوابیدگی

Torrefy (tor′e-fi) *v. t.* to parch; to roast; to dry by fire; to scorch. آگ سے' خشک کرنا' جلانا' بھوننا' تپانا ' بریاں کرنا

Torrent (tor′ent) *n.* a violent rushing stream. تیز دھارا' برساتی نالہ ' سیلاب *It was raining in torrents.*

Torrid (tor′id) *adj.* burning; intensely hot; parched or parching. نہایت گرم ' حار

Torridity, Torridness *n.* گرمی' حدت' سوزندگی' تپش' سخت گرمی


Torridly *adv.* حدت کے ساتھ

Torrid Zone *n.* منطقہ حارہ *The jungles of Africa lie in the Torrid Zone.*

Torsion (tor′-shun) *n.* act of twisting. اینٹھنا' کسنا ' مروڑ

Tort (tort) *n.* a legal term for any wrong to person or property. حق تلفی' نقصان ' ہرجہ

Tortoise (tor′toiz) *n.* an animal covered with a horny shell. کچھوا' سنگ پشت



TORTOISE

Torture (tor′tur) *n.* an extreme pain; anguish. اذیت' صعوبت' تکلیف' عذاب *The victims of the fire suffered torture from their burns.*

Tortutuos (tor′tu′us) *adj.* twisted; winding; roundabout; crooked; deceitful. پیچدار' گمراہ کج' ٹیڑھا

Toss (tos) *v. t.* to throw up with violence; to fling; to agitate: to roll and tumble. اچھالنا' پھینکنا' ہلچل مچانا' ڈانوا ڈول ہونا *Azhar tossed the ball to Anam.*

Total (to′tal) ❶ *adj.* whole; complete; absolute. جملہ' مجموعہ' تمام ' کل ❷ *n.* the sum of small items. میزان *If you add 4 + 5 + 2, the total is 11.*

Totality (to-tal′i-ti) *n.* the whole sum; aggregate. میزان' جملہ ' کل تعداد' کلیت

Totter (tot-ur) *v. i.* to snake; to be unsteady; vacillate. لغزش کھانا' ڈگمگانا' چکرانا *A person who has been ill a long time often totters when he tries to walk.*

